جلد: ۱۱ - شمارہ: ۳ - ۴
جولائی - دسمبر ۲۰۲۴

ISSN: 2394-5567
S.No. 27

دبیر

UGC Care Listed

هرگز نمیرد آنکه دلش زنده شد به عشق

مدیر
احمد نوید یاسر ازلان حیدر

DABEER July - December 2024 S.No. 27

ISSN: 2394-5567
S.No. 27

Vol: 11, Issue: 3-4
July - Dec 2024

DABEER

UGC Care Listed

هرگز نمیرد آنکه دلش زنده شد به عشق

Editor:
Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

ISSN:- 2394-5567 (UGC Care Listed) S.No. 27

بخواندم یکی مرد هندی دبیر سخن گوی و گوینده و یادگیر (فردوسیؒ)

دبیر

(بین الاقوامی پئیر ریویوڈ ریفیر یڈ سہ ماہی ادبی و تحقیقی جریدہ)

شمارہ:۔۳۔ ۴ جلد:۔۱۱

جولائی۔دسمبر ۲۰۲۴ء

☆ایڈیٹر☆

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

Mob. no. 09410478973

☆مراسلت کا پتہ☆

دبیر حسن میموریل لائبریری

۱۲۔چودھری محلّہ (جنوبی)، کاکوری، لکھنؤ۔۲۲۶۱۰۱

dabeerpersian@rediffmail.com

website: www.dabeerpersian.co.in

☆ریویو کمیٹی☆

پروفیسر آذرمی دخت صفوی، علی گڑھ

پروفیسر شریف حسین قاسمی، دہلی

پروفیسر مسعود انور علوی کاکوروی، علی گڑھ

پروفیسر عمر کمال الدین کاکوروی، لکھنؤ

پروفیسر طاہرہ وحید عباسی، بھوپال

پروفیسر مظہر آصف، نئی دہلی

☆مجلس ادارت☆

پروفیسر سید حسن عباس، شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

پروفیسر سید محمد اسد علی خورشید، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

پروفیسر علیم اشرف خان، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

پروفیسر سید محمد اصغر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات اردو ثقافت، مانو، حیدر آباد

ڈاکٹر محمد عقیل، شعبہ فارسی، دانشگاہ ھندوی، بنارس

ڈاکٹر محمد احتشام الدین، مرکز تحقیقات فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر افتخار احمد، شعبۂ فارسی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدر آباد

ڈاکٹر محمد قمر عالم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر انجمن بانو صدیقی، شعبہ فارسی، کرامت کالج لکھنؤ

☆معاون مدیر☆

ڈاکٹر محمد توصیف خان کاکر

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر عاطفہ جمال

پی ایچ ڈی، شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

فہرست مندرجات

	عنوان	مقالہ نگار	صفحہ
١	اداریہ	ازلان حیدر	4
٢	علم دوست: نواب بیگم شاہجہاں	پروفیسر طاہرہ عباسی	5
٣	مبارکپور کا ادبی و تاریخی پس منظر	پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی	10
٤	جدید فارسی شاعری کا نقیب: نیما شوشیج	ڈاکٹر زہرہ فاروقی	16
٥	اکیسویں صدی میں رباعیات دارا شکوہ کی معنویت......	ڈاکٹر نیلوفر حفیظ	22
٦	سیمین دانشور کے افسانوں کا اجمالی جائزہ	ڈاکٹر محمد قیصر	37
٧	حزین لاہیجی: شعر اور عشق	ڈاکٹر قمر حیدر	45
٨	ذکر کے روحانی فائدے	ڈاکٹر رحمت اللہ	54
٩	شیرازہ میں مولانا رومی پر چھپے مقالات پر ایک جائزہ	ڈاکٹر واحد احمد شیخ	61
١٠	علامہ شبلی کی پرواز فکر: دارالمصنفین اور معارف	ڈاکٹر سعد الدین	66
١١	میلی ہروی: احوال و آثار	ڈاکٹر محمد مبارک حسین	72
١٢	میر حسین دوست سنبھلی: احوال و آثار	ادیبا خانم	82
١٣	محمود الحسن بہارکوٹی کی ادبی خدمات: ایک جائزہ	ٹیپو سلطان	89
١٤	ابوطالب کلیم کاشانی بحیثیت قصیدہ نگار	محمد عارف	93
	شخصیات		
١٥	ڈاکٹر عبدالوحید	پروفیسر رضوان اللہ آروی	98
	دکنیات		
١٦	دکن میں ملفوظ نویسی کی روایت	ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں	107
١٧	فتوح السلاطین: ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم ماخذ	ڈاکٹر سید تصور مہدی	117
١٨	دکن کے عادل شاہی عہد حکومت میں فارسی نثری......	ڈاکٹر جاوید اختر اثری	123
	چشم بینش		
١٩	مشائخ چشتیہ کا ایک اہم تذکرہ ''اقتباس الانوار''......	ڈاکٹر احتشام الدین	129
٢٠	تصفیہ شرح تسویہ کا تجزیاتی مطالعہ	سید انوار صفی	141

اداریہ

دبیر کا ۲۷واں شمارہ (جولائی۔دسمبر۲۰۲۴ء) تیار ہوکر آپ قارئین کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے، ہمیشہ کی طرح جو کہ جریدہ کا خاصہ ہے مختلف موضوعات پر مقالات شامل شمارہ ہیں اردو میں تقریباً ۲۰ مقالات ہیں جس میں کلاسیکی فارسی ادب، ہندوستانی فارسی ادب اور جدید فارسی ادب کے ساتھ ساتھ دکنیات کے گوشہ میں اس مرتبہ ۳ مقالات شامل کئے ہیں۔اس کے علاوہ گوشۂ شخصیات اور چشم بینش بھی منفرد و بہترین ہیں۔انگریزی میں مقالات کی بڑھتی تعداد کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس شمارہ میں تقریباً ۲۲ مقالات کو شامل کیا گیا جو کہ فارسی ادب، تاریخ اور دیگر موضوعات پر لکھے گئے ہیں۔۲۰۲۴ء کے اس شمارہ کی تکمیلی روداد کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سال نہ کہ صرف فارسی ادب کے بلکہ اس جریدہ کے شروعاتی دنوں سے ہی منسلک دو اساتذہ کا ریٹارمنٹ ہوا اور ان کے شعبوں نے اپنے دیرینہ ساتھی کو خوشی خوشی وداع کے لئے مجلس الوداعیہ کا انعقاد بھی کیا ان اساتذہ میں لکھنؤ یونیورسٹی سے پروفیسر عمر کمال الدین اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے پروفیسر سید محمد اصغر ہیں۔

پروفیسر عمر کمال الدین کا تعلق اودھ کے مشہور قصبہ کاکوری سے ہے، لکھنؤ یونیورسٹی سے تعلیم کی تکمیل کے بعد انہوں نے اپنی ملازمت کی شروعات رضا کالج، رامپور سے کی اس کے بعد شعبہ فارسی بنارس ہندو یونیورسٹی میں تقرر ہوا اور بعد ازاں شعبہ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی میں بحیثیت پروفیسر تقرر ہوا جہاں سے وہ ریٹائر ہوئے۔تقریباً ۱۰۰ سے زائد مقالات ملک و بیرون ملک کے ادبی و تحقیقی مجلوں میں شائع ہوئے سیکڑوں نیشنل و انٹرنیشنل سیمینارس اور کانفرینسز میں شرکت کی و مقالات پڑھے اور ۵ تصانیف بھی شائع کرواکر منظر عام پر پیش کیں، جن میں خانوادۂ کاظمیہ کی ادبی خدمات اور لمعات تصوف بہت مشہور ہیں۔

پروفیسر سید محمد اصغر کا تعلق شیراز ہند جونپور کے نواب خاندان سے ہے انہوں نے تعلیم و تربیت علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں پائی اور یہیں ان کا شعبہ فارسی میں تقرر ہوا اس کے بعد عہدوں میں اضافات کے ساتھ ساتھ بحیثیت پروفیسر سبکدوش ہوائے۔ پروفیسر اصغر نے اپنی ملازمت کے دوران کئی سیمینارس میں شرکت کرکے تحقیقی مقالات پیش کئے ساتھ ہی ساتھ ملک و بیرون ملک کے ادبی و تحقیقی جریدوں میں ان کے مقالات شائع ہوئے انہوں نے اس دوران تقریباً ۴ تصانیف شائع کیں جن میں دیوان آرزو (تدوین) اور مثنوی گوئی بعہد اورنگزیب کافی اہمیت کی حامل ہیں۔ان اساتذہ کی تمام تفصیلات و خصائل کا ذکر اس مختصر سے اداریہ میں ممکن نہیں البتہ ان کی علمی ادبی و تحقیقی کاوشوں کا محض اعتراف ہے اور امید ہے ایسے لوگ خالی نہیں بیٹھتے اور آگے بھی اپنے علمی کام جاری رکھیں گے۔

ازلان حیدر

پروفیسر طاہرہ عباسی

علم دوست: نواب بیگم شاہجہاں

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ مدھیہ پردیش کی ریاست بھوپال اپنی گنگا جمنی تہذیب وتمدن، ہرے بھرے پہاڑوں کے دلکش مناظر، اپنی زرخیزی وشادابی کے ساتھ ساتھ صاف وشفاف پانی سے لبریز تالاتوں وندیوں، وجھرنوں سے ہمیشہ دل کش رہی ہے جس کی وجہ سے بلاتفریق مذہب وملّت ہزاروں کی تعداد میں لوگ یہاں سیر وسیاحت کیلئے آتے ہیں۔ ریاست بھوپال کی ان صفات کے برطرف اگر یہاں کی بیگمات اوران کے دورحکومت کے تناظر میں اس کا تجزیہ کیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ تمام بیگمات الگ الگ جوہروفن کے میدان میں مختلف اوصاف حمیدہ کی مالک تھیں۔ ان سب کے پیش نظر بیگم شاہ جہاں کی شخصیت کا ذکر کیا جائے تو واضح طور پر اس بات کی تصدیق ہوتی ہے۔

شاہ جہاں بیگم ریاست بھوپال کی وہ بیگم ہیں جنھوں نے اپنی آنکھ اسلام نگر میں کھولی اور اسلامی تہذیب وتمدن، تعلیم وتربیت اور اسلام کے زیر سایہ اپنی رعایا نیز اپنی ریاست کی نشو ونما کو پروان چڑھایا۔ بیگم شاہ جہاں کی سماجی وعلمی خدمات کا اگر جائزہ لیا جائے تو دفتر کے دفتر لکھے جا سکتے ہیں۔ ان کی تربیت آغوش مادر سے ہی اس طرح ہوئی کہ اسلامی دائرہ میں رہ کر انھوں نے اپنی زندگی کو بیش قیمتی زیورات سے آراستہ کیا۔ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ اعمال نیک خصائل، نیک فطرت، اخلاق محسنہ، صلہ رحمی، فیاضی، ہمدردی، بلند حوصلگی ان کی ذات میں بدرجہ اتم موجود تھیں۔ فیاضی کا عالم یہ تھا کہ رعایا میں معمولی شخص بھی احساس کمتری ومحرومی سے دوچار نہ تھا۔ آپکے دور حکومت میں تین مرتبہ قحط پڑا لیکن آپ کی حکمت عملی و دوراندیشی سے رعایا کو کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

بیگم شاہ جہاں نے اپنی رعایا کی ذھن سازی وکردار سازی کیلئے علماء، صوفی، اولیاء اور خطباء کے ساتھ ساتھ تعلیمی ادارے قائم کئے اپنے پدر شفیق کے نام منسوب کرتے ہوئے مدرسہ جہانگیریہ کا قیام کیا۔ صحت عامہ کیلئے شفاء خانہ کھلوایا اور سب سے اہم کام جو تاریخ میں سنہرے حرفوں سے لکھے جانے والا ہے ''تاج المساجد'' کی سنگ بنیاد ہے۔ حالانکہ ان کی زندگی میں اسکی تعمیر مکمل نہیں ہو پائی۔ لیکن بھوپال کے مشہور ومعروف فرزند مولانا عمران خان ندوی رحمتہ اللہ علیہ نے اسکی تعمیر کا بیڑہ اٹھایا اور پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔ یہ مسجد شہر بھوپال کی آن بان ہے لاکھوں لوگ یہاں آتے رہتے ہیں اور فیض اٹھاتے ہیں۔

مذکورہ بالا خصوصیات وحالات زندگی کو مختصراً بیان کرنے کے بعد راقمہ ان کی علمی وادبی زندگی پر روشنی ڈالنا چاھتی ہے۔

ILM DOST NAWAB BEGUM SHAHJAHAN (Pg.No. 5 TO 9)

DR. TAHIRA ABBASI, HEAD & PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, BARKATULLAH UNIVERSITY, BHOPAL (M.P.)

نواب شاہ جہاں بیگم ایک ذی علم خاتون تھیں اپنی علمی عقل وفراست کی بناء پر علم وادب کی ترقی وترویج کیلئے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ کئ کتابیں تصنیف کیں، تاج الاقبال جو تین جلدوں پر مشتمل ہے۔ تہذیب نسواں، تربیت النسان، قاطع جدری، خزینۃ اللغات جو سات زبانوں (اردو، عربی، فارسی، ترکی، سنسکرت، ہندی اور انگریزی) میں ہے دنیائے علم وادب کا ایک بیش بہا سرمایہ ہے ان کے علاوہ آپ ایک صاحب دیوان شاعرہ تھیں تاجور اور شیریں تخلص کرتی تھیں۔ ان کے دو دیوان ''تاج الکلام'' اور ''دیوان شیریں'' ہیں جو شائع ہو چکے تھے اور ایک اہم مثنوی ''صدق البیان'' کے نام سے لکھی۔ اردو کی یہ مثنوی مختلف موضوعات پر قلم بند کی گئ ہے اور مثنوی لکھنے کا جو انداز روایتی ہے اس کو برقرار رکھتے ہوئے اس کا آغاز بھی حمد وثنائے الٰہی سے کیا ہے

لکھوں پہلے حمد خدائے جہاں
وہ ہے مالک الملک شاہ شہاں
کروں اس کی توحید کا کچھ بیاں
اگرچہ وہ ہے قاصر قلم تاز باں

نواب شاہ جہاں بیگم کا دور علم وادب کا زریں دور کہا جاتا ہے ان کی شاعری بہت عام فہم تھی زبان میں شائستگی، سادگی، روانی اور تسلسل ہے۔ نیز یاس وحسرت کے پہلو بھی جا بجا نظر آتے ہیں۔ بطور مثال یہ شعر ملاحظہ کیجئے

سرخ رو ہونے کے قابل کیا حنا تھی میں نہ تھا۔ آپکے قدموں کے نیچے اسکو جا تھی میں نہ تھا

کیوں نہ اس حسرت سے میرا شیشۂ دل چور ہو
باغ تھا ساقی تھا سبزہ تھا ہوا تی میں نہ تھا

ان اشعار کے پڑھنے سے ان کی یاس وحسرت اور اپنے محبوب سے درپردہ جو شکوہ ہے وہ بھی اپنے جذبات کو بیان کرنے کا ایک نادر نمونہ ہے۔ شاہجہاں بیگم نے اپنی شاعری میں اپنے محبوب پر جو طنز کیا ہے وہ انداز بھی بہت دلفریب ہے

پڑھی جب فاتحہ تو پڑھتے پڑھتے ہنس دیا گویا
گرائی آپ نے بجلی جب آئے میرے مدفن پر
ہمارا دل دکھانا کچھ ہنسی یا کھیل سمجھے ہو
سمجھ پکڑو جواں ہو اب نہ جاؤ تم لڑکپن پر
ہماری آنکھ سے گرتے نہیں یہ اشک کے قطرے
نچھاور کرتے ہیں موتی تمھارے روئے روشن پر

بیگم شاہ جہاں کی شاعری میں عشق حقیقی کا عنصر پایا جاتا ہے اپنے احساسات وجذبات کو انھوں نے الفاظ کے خوبصورت پیکر میں ڈھال دیا ہے انداز بیان اتنا دلکش ہے کہ انسان اپنے وجود سے بے خبر ہو جائے اور مدھوشی وجد کی کیفیت طاری ہو جائے۔

صورت تمھاری آئینۂ دل پہ ہے عیاں
پردے میں تم نے منھ کو چھپایا تو کیا ہوا
ساقی میخانہ ہوگی گر نگاہِ مست یار
مۓ کا پینا اہل تقویٰ کو روا ہو جائیگا
روشنی مہر کی ذرہ سے بھی کم ہو جاتی
خیر گذری کہ ترے رخ کے مقابل نہ ہوا

اسی ضمن میں ان کے یہ اشعار بھی ملاحظہ کیجئے

خالق ہو خدائے سحر و شام ہمارا
مشہور اسی نے یہ کیا نام ھمارا
بے تابی دل ان کے بھی دل میں تو اثر کر
مدت سے یہی تجھ سے ہے پیغام ہمارا
دنیا میں بڑا شور ہے شکر شکنی کا
شیریں جو تخلّص میں ہو نام ہمارا

شاہجہاں بیگم ایک جذباتی خاتون تھیں۔ ایثار، خلوص، محبت ان کی ذاتی خصوصیات تھیں یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں اپنے محبوب سے فرقت و جدائی، انتظار یار، محبوب کی بے مہری کی جھلک نظر آتی ہے جس کو انھوں نے کچھ اس طرح پیش کیا ہے

کیا کہوں الفت نے مجھ سے کیا کیا
دل کو شعلہ آنکھوں کو دریا کیا
آنکھیں کھلی ہیں دید کی حسرت میں اب تلک
مڑ کر تو دیکھو کشتۂ شمشیر کیطرف

نواب شاہ جہاں بیگم کی شاعری میں ھندی، سنسکرت اور دیگر زبانوں کے الفاظ کی بھی بہت آمیزش ہے اور بہت انوکھے واچھوتے رنگ میں ان کا استعمال کیا ہے

سکھی کالی بدریا گھر آئی
یوں چلت پروائی
اَموا کی ڈالی پپیہا بولے
کوئل سبد سنائے
گرج گرج برست ہے مورے آنگن

بجلی چمکی من بھائے

انھوں نے اپنے اشعار میں تشبیہ،استعارے اور محاوروں کا بہت برجستگی سے استعمال کیا ہے

پیچ جو اس زلف کا یاد آ گیا
سانپ میرے سینہ پہ لہرا گیا
دن کو خورشید اسے کہتے ہیں شب کو مہتاب
مہر رخشاں گہے گاھے مہہ تا باں ہے وہ رُخ
مجھ سے تعریف نہیں ہوتی اسکی شیریں
چشم بددُور عجب قدرت یزداں ہے رخ

نواب شاہ جہاں بیگم کی فارسی شاعری کا انداز بیان بھی بہت دلفریب ہے فارسی کے ساتھ ساتھ انھوں نے عربی الفاظ کا استعمال بھی بڑے اچھوتے پیرایہ میں کیا ہے۔ بطور مثال اس شعر کو ملاحظہ کیجئے

از کـــرم هـــائـے الـهـیٰ درمیــان چـنـد ســال
عـلـم ودیـن و نـحـو و صرف و هـنـدسـه آمـو ختم

یعنی اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کی بناء پر میں نے چندسال میں ھی علم دین،نحو وصرف (عربی گرامر) وھندسہ سب کچھ سیکھ لیا۔

ان کو صرف شاعری میں ہی کمال حاصل نہ تھا بلکہ نثر نگاری میں بھی مہارت حاصل تھی جیسا کہ وہ خود بیان کرتی ہیں

نـظـم و نثــر بــر کــمــالاتـم گـواه عــادل اسـت
مـنـت ایـز درا کــه گـنـج شـائـسـگـاں انـدوختم

نظم ونثر میں مجھے کمال حاصل ہے جس پر مصنف لوگوں کی گواھی موجود ہے۔اللہ تعالیٰ کا احسان وشکر ہے کہ میں نے قیمتی خزانہ حاصل کرلیا۔

علم وادب کی شیدائی جو سراپا علم تھیں اور اسکی روشنی سے اپنی زندگی کو سنوار رکھا تھا اپنے اشعار میں بیان کرتی ہیں

تــاچــراغ عــقــل درفــانـوس دل افــروختـم
عـجـب و نـخـوت جـمـلـه اسباب جـهـالـت سو ختم

یعنی جب تک عقل و دانش کا چراغ دل کے فانوس میں روشن رہتا ہے اس وقت تک اس کی برکت سے بغض و حسد،تعجب کے ساتھ جہالت کے تمام اسباب کو جلا کر راکھ کر دیتا ہے۔ یعنی عقل و دانش رکھنے والے ہر طرح کی کثافت و برائیوں سے دور رہتے ہیں۔

نواب شاہ جہاں بیگم کی امتیازی خصوصیات نے ان کے کلام اور اردو شعر و ادب کو جلا بخشی اور اہل ادب کیلئے بہت

سودمند ثابت ہوئی۔ انھوں نے اپنی ریاست کی عوام کیلئے بہ حیثیت نواب سماجی، تعلیمی، تعمیری و معاشی خدمات کیلئے بہت ہی معقول انتظام کئے۔ اسی لئے ڈاکٹر سلیم حامد رضوی نے نواب شاہ جہاں بیگم کے عہد حکومت کو بھوپال کی تاریخ میں ''عہد زریں'' اور ''بغداد الھند'' کے نام سے یاد کیا ہے۔ نواب شاہ جہاں بیگم شیریںؔ جنھوں نے تقریباً نصف صدی تک حکمرانی کا کا انجام دیا وہ ایک قابل قدر تاریخ ساز غربا پرور و علم وفضل کی علمبر دار شاعرہ تھیں۔ جیسا کہ وہ خود کہتی ہیں

کبھی ہندو ہے کبھی ہے وہ مسلماں شیریں
روز اس بت کو نئی شان سے ہم دیکھتے ہیں

نواب شاہ جہاں بیگم کی صلاحیتوں اور علم وادب کی دلدادہ شخصیت کو ان کے شریک حیات نواب صدیق حسن خان نے اور رخشندہ و تابندہ کر دیا۔

آخر الذکر علامہ ڈاکٹر اقبال کے اس شعر کو بیگم صاحبہ کی نظر کرتی ہوں

موتی سمجھ کر شان کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے میرے عرق انفعال کے

☆☆☆

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی

مبارکپور کا ادبی و تاریخی پس منظر

اعظم گڑھ شیراز ہند دیار مشرق کا ایک مردم خیز ضلع ہے جسکے بیشتر قریہ و قصبات علم و فن سے مالا مال ہیں جن میں ماہل، بندول، جیراجپور، چریا کوٹ، کوریا پار، نظام آباد، قاضی کی سرائے، قابل ذکر ہیں، انہیں قصبات میں ایک مشہور نام مبارکپور کا بھی ہے جہاں بے شمار علمی شخصیات پیدا ہوئی ہیں۔

مبارکپور، ضلع اعظم گڑھ کا ایک قدیم مشہور معروف، مردم خیز اور صنعتی قصبہ ہے، یہ ضلع اعظم گڑھ سے مشرق میں ۱۵ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اس وقت اس کی آبادی تقریباً ۱۳۵۰۰۰ (ایک لاکھ پینتیس ہزار) ہے جسمیں مسلم آبادی قریب ۸۰ فیصد ہے اس کا رقبہ ۹ مربع کلومیٹر ہے۔

یہاں اسلام کب پھیلا؟ مسلمانوں کا عمل دخل کب سے شروع ہوا؟ اس کا نام مبارکپور کیوں پڑا؟ اس ضمن میں بیان کیا جاتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی (متوفی ۴۲۱ھ ۱۰۳۰ء) کے ہمراہ ہندوستان میں جو فوج آئی تھی اس میں سید مسعود سالار غازی بھی تھے، غازی موصوف نے کچھ لشکر لیکر مشرقی اتر پردیش کا رخ کیا وہ خود تو بہرائچ چلے گئے اور انکے کچھ سپاہی اعظم گڑھ کی طرف چلے آئے، ان سپاہیوں میں ملک شدنی نام کے ایک سپاہی بھی تھے، وہ اپنے چند ہمراہیوں کے ساتھ مبارکپور میں وارد ہوئے، اس وقت اس آبادی کا نام 'قاسم آباد' تھا، قاضی اطہر مبارکپوری ''تذکرہ علمائے مبارکپور'' کے صفحہ ۶۲ پر رقمطراز ہیں کہ:۔

> ''ہماری تحقیق میں ملک شدنیؒ یہاں کے قدیم ترین بزرگوں میں سے ہیں، جو پانچویں صدی میں مسعود سالار غازیؒ نے زمانہ میں بسلسلہ جہاد شہید ہوئے، آپ کا مزار مبارکپور کے شمال مشرق میں چند فرلانگ پر سریاں نامی بستی سے متصل شمال میں ایک پر فضا باغ میں تالاب کے پاس واقع ہے اور اسی سے متصل مغرب میں ملک شدنی موضع آباد ہے۔''

ملک شدنی کے مزار کے علاوہ مبارکپور کے اطراف میں کئی مزارات ایسے ہیں جنکے بارے میں ظن غالب ہے کہ مسعود سالار غازی کے ہمراہیوں کے ہیں، چنانچہ قصبہ کے جنوب میں سمودی تالاب پر ایک قبر ہے ''جونو غازی پیر'' کے نام سے مشہور ہے قصبہ کے مشرق میں ایک انہادر نام کی بستی ہے۔ اسمیں دو مزارات ہیں ایک کو سیکھندی شہید اور دوسرے کو امرٹے شہید کہتے ہیں جو اصل میں شیخ ہندی شہید اور عمر شہید ہیں۔ قصبہ کے جنوب میں ایک مزار ہے جسے ''شہید بابا'' کے نام

MUBARAKPUR KA ADABI WA TAREEKHI PAS MANZAR (Pg.No. 10 TO 15)
DR. SHAHID NAUKHEZ AZMI, PROFESSOR
CENTRE FOR URDU CULTURE STUDIES, MANUU, HYDERABAD, TELANGANA

سے جانا جاتا ہے۔ اعظم گڑھ اور مبارکپور کے بیچ موضع محبت پور اور موضعہ روضہ محلیا میں بھی کئی گنج شہیداں ہیں۔ اس کے علاوہ کئی شہیدواڑے ہیں مگر انکی تاریخ بالکل مجہول ہے۔ اسی زمانے سے اس قصبہ میں مسلمانوں کی تعداد دن بدن بڑھتی گئی۔ اور جلد ہی یہ قصبہ مسلم اکثریت کی آبادی والا قصبہ بن گیا۔

یہ قصبہ عہد غزنوی سے عہد ہمایوں تک زوال وانحطاط سے کافی دوچار ہونے کے بعد سلطان محمد نصیر الدین ہمایوں کے زمانہ میں از سر نو حضرت راجہ سید مبارک شاہ قصبہ مانک پور ضلع پرتاب گڑھ (متوفی ۲ شوال ۹۶۵ھ) سے اسکی موجودہ آبادی کی بنیاد پڑی۔ آپکا سلسلہ نسب یہ ہے۔ حضرت راجہ سید مبارک بن راجہ سید احمد بن راجہ سید نور بن راجہ سید حامد شاہ بن راجہ عز الدین بن شہاب الدین ثانی بن حسام الدین بن شہاب الدین بن زین الدین بن امام محمد باقر بن امام جعفر صادقؒ۔ چونکہ راجہ سید مبارک شاہ اس کے بانی ہیں اس لئے یہ قصبہ آپ ہی کے نام منسوب ہو کر مبارکپور کے نام سے مشہور ہوا۔

آپ سے منسوب قصبہ میں ایک مسجد راجہ مبارک شاہ ہے۔ راجہ صاحب کا قیام اسی مسجد سے متصل تھا، یہ ایک طویل وعریض مسجد ہے، بلاشبہ یہ مسجد اہل مبارکپور کے دلوں کی دھڑکن ہے، ماضی قریب میں یہ قصبہ کی واحد جامع مسجد تھی، لیکن آبادی میں اضافہ کے سبب دوسری جامع مسجد ناگزیر ہوگئی۔ لہٰذا اب کئی جامع مسجدیں بن گئی ہیں۔ پھر بھی اہل مبارکپور کا ہر فرد اس پر دل وجان سے قربان ہے۔ عطا مبارکپوری ''بہار رحمت'' کے صفحہ ۳۲ لکھتے ہیں کہ:-

عظمت قصبہ مبارکپور کی روشن دلیل
جامع مسجد ہے مبارك شاہ کی بے قال و قیل
پختگی و رفعت و وسعت کی شہہ کار جمیل
مشرقی یورپ میں جو رکھتی نہیں اپنا مثیل
بو الحامد اشرفی نے رکھی بنیاد جدید
ہے اسی بنیاد کی تعمیر نوروشن دلیل
رونق این مسجد جامع ازین گرد و فزون
آیت قرآن کہ مکتوب است در آن بر فصیل
ہر کہ شرکت کرد در تعمیر بالخصوص
بالیقین گویم کہ آن یابد ز حق اجر بفر سیل
بہر این مسجد سلطان خون دلہا ریختند
لائق صد آفرین اہل مبارکپور اند ۲؎

عہد ماضی میں اس قصبہ پر غزنوی سلاطین سے مغل سلاطین تک نیز نوابان اودھ کا عمل دخل رہا ہے، جس کا ثبوت یہ ہے کہ قصبہ اور قصبہ کے قرب وجوار کی بہت سی قومیں، مواضع، عمارتیں اور تالاب ان بادشاہوں یا ان صوبہ داروں کے نام سے منسوب ہیں۔ مغل شہنشاہ عالمگیر کی بنوائی ہوئی گجھڑا میں ۱۰۹۹ھ کی ایک شاندار مسجد ہے۔ ۱۲۰۹ھ میں نواب شجاع الدولہ نے

ایک امام باڑہ بنوایا جواب ''مکان'' کے نام مشہور ہے، نیز قصبہ و اطراف قصبہ میں بہت سے امام باڑے اور روضے مسلم سلاطین کی نشانیاں ہیں۔ ۱۰، نومبر ۱۸۰۱ء مطابق ۲، رجب ۱۲۱۶ھ میں یہ قصبہ برطانیہ حکومت کے زیر نگیں ہو گیا۔ یہ تھا مبارکپور کا مختصر تاریخی پس منظر۔

معاشی اور اقتصادی اعتبار سے قصبہ کافی ترقی پذیر ہے، یہاں کی خاص صنعت پارچہ بافی ہے، بیڈروم پر مختلف قسم کے نہایت عمدہ کپڑے خاص کر ریشمی ساڑیاں تیار کی جاتی ہیں۔ جو بنارسی ساڑی کے نام سے مشہور ہیں یہاں کی تیار شدہ ساڑیاں پورے ہندوستان اور بیرون ہند بھیجی جاتی ہیں، یہ یہاں کا بہت قدیم پیشہ ہے، عہد تغلق میں جبکہ کٹرا مانکپور مرکز تھا، اس زمانے میں کٹرا مانکپور اور اسکے ماتحت علاقوں کے بارے میں مشہور مغربی سیاح ابن بطوطہ لکھتا ہے کہ

''ان علاقوں میں نہایت عمدہ قسم کے کپڑے تیار کئے جاتے ہیں اور یہاں سے اٹھارہ دن کی مسافت پر دہلی بھیجے جاتے ہیں۔'' (بحوالہ ''تذکرہ علمائے مبارک پور صفحہ ۱۷)

سلطان محمد بن تغلق کے دور میں صرف شاہی کارخانوں میں ۴ ہزار پارچہ باف، ریشمی اور دوسرے اقسام کے کپڑے تیار کرتے تھے، اس کے سوا سو سال بعد راجہ سید مبارک شاہ کٹرا مانکپور سے تشریف لائے اور یہاں کے بعض خاندان کو یہاں لاکر بسایا ان لوگوں نے پارچہ بافی شروع کر دی۔ حاصل کلام یہ ہیکہ مبارکپور کے وجود کے ساتھ ساتھ یہاں پارچہ بافی کا بھی وجود ہوا۔ اس صنعت میں بلا امتیاز مذہب و ملت سب لوگ شامل ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ ہندو مسلمان ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، مبارکپور ہندو مسلم کے میل ملاپ کا ایک سنگم ہے، اور ساتھ ہی ساتھ ہر شخص انتہائی خوش و خرم نظر آتا ہے۔

یہ قصبہ اپنی معاشی اور اقتصادی ترقی کے ساتھ علم و فضل، سیاست و حکمت اور شعر و ادب کے میدان میں بھی انفرادی حیثیت کا حاصل ہے، یہ امر متفق علیہ ہے کہ مسلمان روزی روٹی کے ساتھ ہمیشہ تعلیم کی طرف بھی دھیان دیتے ہیں کیونکہ بانی اسلام حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ طلب العلم فریضۃ علی و مسلمہ۔ اور بیشک مسلمان کا مصداق نظر آتا ہے۔ مولانا ابوالحسنات ندوی ''ہندوستان کی قدیم اسلامی درسگاہیں'' میں صفحہ ۱ پر رقمطراز ہیں کہ:۔

''وہ جس وقت عرب سے نکلے تھے ان کے ایک ہاتھ میں فتح و نصرت کی تلوار اور دوسرے میں علم و فن کا چراغ تھا، جو ملک ان کے زیر نگیں آیا وہاں انہوں نے فضل و کمال کی بزم چراغاں برپا کر دی۔ وہ عرب کی سرزمین سے نکلے اور دنیا کے جنوب و شمال شرق و مغرب میں پھیل گئے۔ ان کا پھیلنا ساری دنیا کیلئے مبارک تھا۔ جہاں پہنچے وہاں کے زمین و آسمان کو بدل دیا، اندلس کی زین میں تہذیب و تدن کی روشنی پھیلائی کہ مغرب کا ظلمت کدہ روشن ہوا، مصر، طرابلس، الجزائر، مراکش، اور قیروان کے افریقی وحشیوں کو تعلیم دے کر فضل و کمال کی معراج پر پہنچا دیا، ایران کو مشرق میں علوم و فنون کا سرچشمہ بنا دیا۔ اندلس کا اسلامی تمدن، ایران میں شیراز و بغداد کی اسلامی تعلیم گاہیں آج

تک انکی قومی تاریخ کے زریں کارنامے ہیں اور ابدالاباد رہیں گے۔''۴۶

قصبہ مبارکپور تعلیم کے میدان میں ہمیشہ آگے رہا ہے، شروع شروع میں یہاں گھروں پر ہی تعلیم کا عام رواج تھا پھر مسجدوں میں تعلیم کا رواج ہوا، بعدہٗ مستقل طور پر مدرسوں کا وجود ہوا، اس وقت قصبہ میں حسب ذیل مدارس چل رہے ہیں:۔

۱۔ **مدرسہ باب العلم**:۔عہد شجاع الدولہ میں ۱۲۰۹ھ میں رمضان علی شاہ نے ایک امام باڑہ بنایا جو بعد میں مکان کے نام سے مشہور ہوا۔اس میں بہت بڑا مدرسہ تھا، جسمیں باہر کے کئی مدرس تھے مثلاً مولوی نثار علی سرائے میری، مولوی نشان اور میر معظم حسین ۔ یہی امام باڑہ ۱۸۱۳ء کی جنگ میں مسلمانوں کا قلعہ بند تھا، یہ تینوں حضرات جنگ میں داد و شجاعت دیتے ہوئے کوچ کر گئے، یہی امام باڑہ والا مدرسہ آج تک باب العلم کے نام سے جاری ہے ۔ یہاں دور دراز کے طلبہ آتے ہیں یہ مدرسہ شیعہ جماعت کے زیر تصرف چل رہا ہے۔

۲۔ **مدرسہ دار التعلیم**:۔۱۳۱۳ھ بمطابق ۱۸۹۴ء میں قصبہ کے لوگوں نے مولانا عبدالرحمٰن صاحب محدث کی قیادت میں ایک مدرسہ قائم کیا وہی اسکے پہلے مدرس تھے، مگر کچھ دنوں بعد حنفی اور غیر مقلد کا اختلاف پیدا ہو گیا، اور حنفی لوگ اس سے علیحدہ ہو گئے، یہ مدرسہ آج بھی اچھی حالت میں چل رہا ہے اور اہل حدیث مکتب خیال کا ترجمان ہے۔

۳۔ **مدرسہ احیاء العلوم**:۔۱۳۱۷ھ بمطابق ۱۸۹۹ء میں احناف نے ایک مدرسہ مصباح العلوم کے نام سے جاری کیا، جس کے مدرس اول مولانا محمد محمود صاحب (متوفی ۱۳۷۰ھ) اور مدرس دوم مولانا محمد صدیق صاحب گھوسوی تھے۔مگر کچھ دنوں بعد دیوبندی اور غیر دیوبندوی کا اختلاف پڑا اور مولانا محمد صدیق صاحب مدرسہ کو پرانی بستی میں لے گئے اور اس مدرسہ کا نام مصباح العلوم ہی رکھا اور پرانے مدرسہ کا احیاء العلوم پڑا جو آج بھی اپنی جگہ پر دیوبندی نظریہ پر جاری ہے۔

۴۔ **دارالعلوم اشرفیہ مصباح العلوم مبارکپور**:۔احناف میں اختلاف کے بعد ۱۳۲۶ھ (۱۹۰۷ء) میں محلّہ پرانی بستی میں مصباح العلوم کا قیام عمل آیا، اور مولا محمد صدیق صاحب حسب سابق درس دینے لگے، شروع میں یہ ایک چھوٹا سا مکتب تھا، اس زمانہ میں شیخ المشائخ حضرت مولانا سید شاہ علی حسین اشرفی (اشرفی میاںؒ) کچھوچھ شریف اسکے سرپرست اور صدر الشریعہ حضرت مولانا امجد علی صاحب اسکے مربی تھے، مدرسین کی تقرری آپ ہی کیا کرتے تھے مذکورہ بالا اداروں کے علاوہ سریاں، رسولپور، نوادہ، املو، حسین آباد میں بہت ہی کامیابی کے ساتھ مدارس چل رہے ہیں اور بلاشبہ مبارکپور سے عربی و فارسی کا عظیم سرچشمہ پھوٹ رہا ہے، جس سے پورا عالم سیراب ہو رہا ہے۔

قدیم جدید تعلیم کے معاملہ میں یہ قصبہ راہ ترقی پر گامزن ہے، یہاں دینی اور عربی مدارس کے علاوہ انگریزی ادارے بھی چھوٹے بڑے اور قدیم و جدید خاصی تعداد موجود ہیں، لڑکوں کے ساتھ لڑکیوں کی تعلیم کا رواج عام ہو رہا ہے، اس مقصد کے تحت کئی نسواں ادارے قائم کئے گئے ہیں اور مزید کئی ادارے قائم ہو رہے ہیں، نسواں ادارے دو طرح کے ہیں جن میں کچھ دینی تعلیم کیلئے مختص ہیں اور کچھ علوم جدیدہ کیلئے مخصوص ہیں۔دور حاضر کی ضرورت کے مطابق متعدد پبلک اسکول بھی قائم ہوئے ہیں اور نسواں ڈگری کالج قائم ہو چکا ہے۔قاضی اطہر مبارکپوری اور مولانا ظفر حسن عینی کا تعلق بھی اسی مشہور قصبہ

سے ہے۔ یہ خطہ ہمیشہ سے علم وادب کا مرکز رہا ہے، یہاں کی مردم خیز زمین نے ایک سے بڑھ کر ایک دانشور، مفکر، مدبر ادیب اور شاعر پیدا کئے ہیں، یہاں کی خاک سے اٹھنے والے ذرۂ بے مقدار افق ادب پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکتے رہے ہیں، اس سرزمین پر جب علم وادب کے پرکیف جھونکے مست خرامی میں مسروف ہوتے ہیں تو انکے دوش پر پرواز کرتے ہوئے ذرہ شہرۂ آفاق پر جا پہنچتے ہیں اور اپنے پرتو فیض سے ایک عالم بسیط کو رخشندہ کرتے ہیں، ایک زمانہ تھا کہ یہ قصبہ عطاؔ، شفاؔ، غلام حسین خاکیؔ، حبیب اللہ حبیبؔ، علی حسن حسنؔ، افتخار احمد رہبرؔ، اور منشی سہد یورام کیفؔ، کا مسکن تھا۔ پھر اس کے بعد یہی قصبہ ارشاد احمد جوہرؔ، قاضی اطہرؔ، مولانا عبدالحمید ناظرؔ، نذیر احمد فرازؔ، ڈاکٹر محسن ادیبیؔ، مولانا عثمان ساحرؔ، قمرالزماں زماںؔ، منظور احمد منظورؔ، اور ظہیر احمد مضطرؔ کا وطن عزیز بنا۔ اسی سرزمین میں مولانا خلیل گوہرؔ، ایوب مبارک پوری، شرر مصباحی، حماد مبارکپوری محمد احمد کوثرؔ، حافظ محمد عمرؔ اور غلام مصطفیٰ ہاشمی نے اپنی سخن فہمیوں اور سخن سازیوں کا جادو بکھیرا، گویا مبارکپور عطاؔ، شفاؔ، اور خاکیؔ سے لیکر آج تک گہوارۂ شعر ادب بنا ہوا ہے۔

ماضی بعید میں منشی سہد یورام کیفؔ کا ''کیفیات کیف'' جب منظر ادبیات پر منکشف ہوا تو مبارک پور کے نیم ادبی ماحول میں ایک کیف پیدا ہو گیا، ایک سرور، ایک مستی کی فضا بن گئی، اور یہ کیفیت مبارکپور کے عوام وخواص، ادبی وغیر ادبی لوگوں کے رگ و پئے میں اس حد تک سرایت کر گئی کہ لوگ اسی میں گم ہوتے چلے گئے اور پھر دھیرے دھیرے ''کیفیات کیف'' کی کیفیت ماند پڑنے لگی تو نذیر احمد فرازؔ کے ذہن جدید میں یہ خیال آیا کہ کہیں یہ ادبی تحریک پیچھے نہ رہ جائے، پھر کیا تھا انہوں نے ادب شناس لوگوں کے دست ذوق میں ''حرارتیں'' تھما دی۔ ادب کی رگوں کے منجمد خون میں ایک حرارت پیدا ہوگئی، مبارکپور کے اہل ادب، ادب کی دکھتی ہوئی نبض پر انگشت مسیحا کا لمس محسوس کرنے لگے۔ مبارکپور کی مسموم اور سرد فضا میں ایک سکون بخش گرمی، ایک پرکیف حرارت نے لوگوں کو بڑی حد تک مائل بہ مشق سخن کر دیا۔ اس طرح شش جہاتی طور پر ایک ادبی فضا قائم ہوگئی، فراز صاحب نے ہمیں ''حرارتیں'' دے کر ایک عظیم کارنامہ انجام دیا ہے۔

شررؔ مصباحی نے مبارکپور کے متعدد شعراء کی تخلیق کائنات کو بڑی جاں فشانی سے یکجا کر کے ''نمود سحر'' کے نام سے شائع کیا۔ یہ ان کا احسان ہے کہ انہوں نے زبان اردو کے ادبی سرمائے میں ایک بیش بہا شے کا اضافہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے قصبہ مبارکپور کے ادبی شاہکاروں کی ایک شناخت قائم کر دی۔

مولانا خلیل گوہرؔ کا نام قابل ذکر ہے، ان کی ذات لائق تحسین و مبارکپور باد ہے کہ انہوں نے اپنی نعتیہ شاعری کو ''سامان آخرت'' کی شکل میں شائع کر کے اپنے اور اپنے متعلقین بلکہ جتنے لوگ حضور انور ﷺ کی ذات اقدس سے عقیدت رکھنے والے ہیں، سبھی کے لئے آخرت کا سامان فراہم کر دیا اور انشاء اللہ گوہرؔ صاحب کو ''سامان آخرت'' کے صدقے حیات جاودانی نصیب ہوگی اور ہمیشہ یاد کئے جائیں گے۔ مولانا قمرالزماں اعظمی جن کی شخصیت خود میں ایک تصنیف کی مانند ہے ان پر کچھ لکھنے کے لئے ابواب درکار ہیں لہٰذا اس مختصر مقالہ میں انکا ذکر نہیں کیا جا سکا۔

اس طرح مجموعی اعتبار سے دیکھا جائے تو مبارک پور کا ادبی کینوس مزید وسیع ہو رہا ہے، اب مسلہ ہے مبارکپور کے ادبی سرمائے کے تحفظ اور شناخت اسی بنیاد پر ہو سکتا ہے کہ اب تک جو انتخابات کلام اور کتابچے شائع ہوئے ہیں ان کو

دوباری شائع کیا جائے اوراس کے علاوہ مبارکپور کے جوشاعروادیب گمنانی کی تاریکیوں میں بھٹک رہے ہیں،جن کی تخلیقات بے دست بردہ زمانہ کے ہاتھ برباد ہوگئی ہیں،جنکی آوازیں دنیا کی ہنگامہ آرائیوں میں گم ہوگئی ہیں،ان گم شدہ ہستیوں پرادبی فیچر قائم کئے جائیں،انکی ادبی خدمات کومنظرعام پرلایا جائے،انکے ادبی فنی ثقافتی اورلسانی کارناموں کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کرائی جائے تاکہ مبارکپور کے ادبی سرمائے کاعملی طورپرتحفظ ہوسکےاورعوام تک انکی پہنچ کوآسان بنایا جاسکےاس سلسلہ میں تمام شعراء،ادباء،مصنفین ،اوردیگرلوگوں کی مخلصانہ تعاون کی ضرورت ہےتاکہ یہ تمام کوششیں کامیابی کی منزلوں سے ہمکنارہوسکیں۔

☆☆☆

ڈاکٹر زہرہ خاتون

جدید فارسی شاعری کا نقیب: نیما یوشیج

نیما یوشیج جدید فارسی شاعری کے سالار کارواں ہیں۔انہوں نے فارسی کی روایتی اور کلاسکی شاعری سے گریز کا رخ اختیار کیا تو ہمعصروں اور تازہ واردان بساط شعروادب کو اپنی طرف مائل کرلیا وہ ان کے گرد اکٹھا ہوتے گئے اور فارسی شاعری میں تازہ کاری کا کارواں نئی سمتوں کی طرف رواں دواں ہوا۔

دراصل ماضی سے گریز کی جولہر یورپ کے صنعتی اور سیاسی انقلابات کے جلو میں اٹھی تھی،معاشی اور معاشرتی زندگی میں سرایت کرتی ہوئی دنیائے ادب میں راہ پا گئی پھر وسائل ابلاغ کے فروغ اور نو آبادیاتی طاقتوں کے عمال،تجار اور دانشوروں کی بکثرت آمدورفت بہ الفاظ دیگر عوام کی ہر سطح پر ارتباط کے نتیجے میں پھیلتی بڑھتی چلی گئی۔اگر ہندوستان میں انگریزی زبان وادب کے وسیلے سے اس کا اثر ونفوز ہوا تو ایران میں نیما یوشیج نے فرانسیی ادب سے استفادہ کیا جو نہایت مالا مال تھا اور سارے یورپ پر سایہ فگن تھا۔

نیما نے گذشتہ صدی کے اواخر میں طبرستان کے ایک چھوٹے سے گاؤں ''یوش'' میں آنکھ کھولی اور اسی مناسبت سے اپنے نام کے ساتھ یوشیج لگانا پسند کیا۔اصلی نام علی تھا اور ان کا تعلق اسفندیاری قبیلے سے تھا،رضیہ اکبر کے مطابق:

> نیما کے آباواجداد کا تعلق رستم کی سرزمین مازندران سے تھا جو اپنی سرسبزی اور شادابی کے لئے مشہور ہے۔نیما کا بچپن اسی سرسبز وشاداب کھلی فضاء میں گذرا۔۔علی اسفندیاری وہیں ایک کسان گھرانے میں ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوا۔اس کا باپ ابراہیم نوری بہت ماہر تیرانداز اور شہسوار تھا۔موسیقی سے بھی دلچسپی رکھتا تھا۔ستار بجانا اور شکار کھیلنا اس کا محبوب مشغلہ تھا اپنے بڑے لڑکے علی کو اس نے خود تیراندازی اور شہسواری کی تربیت دی تھی۔علی کی ماں کا تعلق طوبیٰ کے ایک علمی ادبی گھرانے سے تھا وہ بہت باذوق، بے حد نرم مزاج،شریف خاتون تھیں۔حافظ شیرازی اور نظامی گنجوی ان کے محبوب شاعر تھے۔علی کو بچپن میں حافظ کی غزلیں گا گا کر سلاتیں اور نظامی کی ھفت پیکر کی کہانیاں سنایا کرتی تھیں۔انہیں سینکڑوں لوک کہانیاں بھی یاد تھیں۔ا

نیما کا بچپن گاؤں میں ہی گذرا۔کوہساروں پر رہنے والوں کی سادہ بودو باش ان کا مزاج بن گئی۔ابتدائی زندگی قدرتی مناظر اور خوبصورت چراگاہوں کے سیر سپاٹے میں گذری تو اس سے لگاؤ ہونا فطری بات تھی۔اسی اثناء میں مکتب و

JADEED FARSI SHAYERI KA NAQEEB: NIMA YUSHIJ (Pg.No. 16 TO 21)
DR. ZOHRA KHATOON, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI

مدرسہ میں ابتدائی تعلیم ہوئی جسے آگے چل کر انہوں نے تہران میں جاری رکھا لیکن اس کے بعد مسیحی اسکول ''سن لوئی'' میں داخل ہوئے تو فرانسیسی زبان سے ان کی شناسائی ہوئی جو وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس کے ادب تک رسائی میں بدل گئی۔

نیما کا حساس ذہن اگر ایک طرف فارسی کی کلاسیکی شاعری کی عظیم الشان روایات کا امین تھا تو دوسری طرف قدرتی مناظر کی صناعیوں اور سحر کاریوں سے بھی اپنے دامن ہوش و گوش کو بقدر استطاعت بھرے ہوئے تھا لیکن کسی درد کی ماری ہوئی کرب کی مہمیز اور دوسری طرف نئے نشاط انگیز اثرات کی یورش نے نیما کو اپنی گرفت میں لے لیا پھر تخلیقات کا وہ چشمہ رواں ہوا جس کی امواج میں نئی ترنگ اور نیا آہنگ تھا لیکن فارسی کی شعری روایات کے کناروں نے اس کو اس طرح اپنی گرفت میں لے رکھا تھا کہ اس کو بے راہ ہونے سے روکا اور اس منزل و مقصد کی طرف روا رکھا جس کے لئے اس کی روح مضطرب تھی۔ چنانچہ نیما یوشج کی شاعری قدیم و جدید کا ایک ایسا حسین گلدستہ بن گئی جس نے سخن شناسوں کو اپنا گرویدہ بنالیا۔ نیما نے فارسی کی شعری روایات سے بغاوت نہیں کی تھی بلکہ کوئی نئی ڈگر نکالنے کے لئے بعض بندشوں سے گریزاں تھا۔

موجودہ صدی کے نصف اول میں ابھرنے والی نسل جس گھٹن میں مبتلا تھی وہ عالم گیر تھی۔ نیما جیسا حساس انسان اس سے کس طرح بچ سکتا تھا۔غرض یہ کہ نیما نے ابتداً اپنی شاعری کو روایات کی حدوں میں پابند رکھا، اور عروضی پابندیوں کے ساتھ طویل نظمیں دنیائے ادب کو عطا کیں۔مثال کے طور پر ان کی نظم ''افسانہ'' جو پانچ پانچ مصرعوں پر مشتمل ۱۲۸ بندوں کی نظم ہے۔ایک بند ملاحظہ ہو:

ای دل مــــن، دل مــــن، دل مــــن
بیـــنـــوا، مـــضـــطـــراء قـــابـــل مـــن
بـــا هـــمـــه خـوبـی و قـدر و دعـوی
از تـــو آخـــر چـــه شـد حـاصـل مـن
جز سرشکی به رخساره ی غم

''نظم افسانہ'' کے متعلق یحییٰ آرین پور لکھتے ہیں:

''افسانہ شعری است غنائی و عاشقانہ غزل است بہ شیوۂ نوین وسیلہ درطرز ادائی
احساسات عاشقانہ تغیر دادہ است'' ۲

لیکن جب نیما نے اس سے انحراف کا راستہ اختیار کیا تو صاف صاف کہہ دیا کہ عروض سے قطعی گریزاں کا مقصد نہیں ، وہ صرف عروضی اجزاء کی تعداد کی پابندی سے گلوخلاصی چاہتے ہیں اور ان اجزاء کی کمی بیشی اور قوافی کی نوعیت و کیفیت میں تنوع کے ذریعہ فارسی شاعری میں تازہ کاری ان کا نصب ہے۔

نیما کی پہلی مثنوی 'قصہ رنگ پریدہ' ۱۹۲۰ء میں منصۂ شہود پر آئی جو مولوی معنوی کے رنگ میں ڈوبی ہوئی اور درد درون کی عکاس ہے۔لیکن اسی وقت شاعر کو ناکامی اور مایوسی کا احساس ہوتا ہے اور اس کے لہجے میں تبدیلی کے آثار نظر آتے ہیں:

عشق با من گفت: از جا خیز هان

خلق را از درد بدبختی رهان

خواستم تا رهنمایم خلق را

تا ز ناکامی رهانم خلق ر ا

۱۹۲۲ء میں نیما کی دوسری نظم 'ای شب' منظر عام پر آئی جو اپنے طرز ہیئت اور لہجہ کے اعتبار سے ایک شاہکار تخلیق ہے۔اس کے بعد افسانہ، مجلس، خانوادۂ سرباز اور دوسری نظمیں شائع ہوئیں۔فکری تغیر نے شعری نظام میں تغیرات و تجربات کو راہ دی تو نظموں کے نئے نئے پیکر اور نئی نئی ہئیتیں جلوہ گر ہوئیں، مثال کے طور پر ان کی نظم 'ای آدم ھا' کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

آی آدم ها که بر ساحل نشسته شاد و خندانید!

يك نفر در آب دارد می سپارد جان

يك نفر دارد كه دست و پای دائم می زند

روی این دریای تند و تیره و سنگین که می دانید

آن زمان که مست هستید از خیال دست یابیدن به دشمن

آن زمان که پیش خود بیهوده پندارید

که گرفتستید دست ناتوانی را

تا توانایی بهتر را پدید آرید

آن زمان که تنگ می بندید

بر کمرهاتان کمربند

در چه هنگامی بگویم من؟

يك نفر در آب دارد می کند بیهوده جان ، قربان

نیما کی یہی تمام تخلیقات تھیں جن کی بناء پر 'پدر شعر نو' کے عنوان سے منسوب ہوئے۔[۳] شعر آزاد کے رنگ میں چند اشعار ملاحظہ ہوں:

می تراود مهتاب

می درخشد شبتاب .

نیست یکدم شکند خواب به چشم کس و لیك

غم این خفته ی چند

خواب در چشم ترم می شکند

نگران با من استاده سحر

صبح می خواهد از من

کز مبارك دم او، آورم این قوم به جان باخته را بلکه خبر

در جگر لیکن خاری

از ره این سفرم می شکند٤

اس نظم میں زبان اور شاعری کی ندرت کے ساتھ ساتھ نیما نے ایک نئی فکر پیش کی ہے اور آج کے دور میں انسانیت کے مسائل پر توجہ دلانے کی کوشش کی ہے۔ چنانچہ شاعر علامتی انداز میں ان لوگوں کی جانب اشارہ کرتا چلا جاتا ہے جو غفلت کی دنیا میں ہیں اور نیند کی کیفیت سے دوچار ہیں۔ وہ اپنی نظم کو پھول کی ایک نازک شاخ کے طور پر دیکھتا ہے جس کی وہ عمر بھر دیکھ ریکھ کرتا رہا ہے لیکن کوئی اس پھول کی جانب متوجہ نہیں ہوتا وہ صبح کے مبارک لمحوں کا ذکر کرنا چاہتا ہے، لوگوں کے دروں پہ دستک دے کر انہیں جگانا چاہتا ہے کہ یہی بیداری کے لئے درست وقت ہے وہ چاند کی روشنی کی جانب سب کو متوجہ کرنا چاہتا ہے اور روشن رات کے نظاروں کی دعوت دینا چاہتا ہے لیکن افسوس کہ لوگ گہری نیند میں ہیں اور شاعر اپنے آپ کو حد درجہ تنہا اور خستہ و شکستہ محسوس کر رہا ہے۔

۱۹۳۷ء میں نیما نے ایک اور نظم ققنوس کی شروعات کی جو قافیہ کی قید و بند سے آزاد تھی:

قُقنوس، مرغ خوشخوان، آوازه ی جهان

آواره مانده از وزش بادهای سرد

بر شاخ خیزران

بنشسته است فرد .

بر گرد او به هر سر شاخی پرندگان .

او ناله های گمشده ترکیب می کند

از رشته های پاره ی صدها صدای دور

در ابرهای مثل خطی تیره روی کوه

دیوار یك بنای خیالی

می سازد

اس بارے میں ڈاکٹر جعفر یاحقی فرماتے ہیں:

”درین شعر دو ویژگی دیگر دیده می شود ۔هر دو ی این ویژگی ها به

عنوا ن نقطه عطف نهایی برای مقاومت شعر کلاسیك در برابر مدرنیته

تلقی می شوند۔قافیه علاوه برناهمسانی مصراع ها و وزن ها باید به شعر

حدی باشد کہ به بیت آزاد برسد به همین دلیل شعر آزاد نیمائی که
مدتی پیش در جستجو ی آن بود ۔تنها ویژگی شعر کلاسیك بود که در
شعر مدرن وجود داشت۔" ۵ ؎

ان اشعار کے توسط سے نیما نے مصرعوں میں عدم برابری، اوزان میں ھجا تفاوت، قافیہ کے درمیان بھی غیر متعین فاصلے گویا کہ آزاد قوافی کے ضمن میں آجائے، اس طرح کی نئی جدتیں پیدا کرنے کی کوشش کی ہے چنانچہ اس قسم کی نظمیں نیما کے شعر آزاد کی فہرست میں شامل کی جا سکتی ہیں۔

جعفر یاحقی ایک جگہ لکھتے ہیں:

"نیما نے ققنوس کے اشعار میں اپنی سرگذشت اور فارسی اشعار سے لگاؤ کو تمثیلی قالب میں بیان کیا ہے۔ یہ اشعار نیما نے اپنی زندگی کے سخت دنوں میں لکھے ہیں۔اس دوران جب کہ نیما دنیا والوں کے ساتھ امید اور آرزو کو چھوڑ کر معلّمی کے پیشہ سے وابستہ تھے۔"

۶ ؎

نیما کے آثار شعر مانلی، افسانہ و رباعیات، برگزیدہ اشعار، ماخ اولا، شعر من، شہر شب شہر صبح، قلم انداز، فریادھای دیگر و عنکبوت رنگ، آب درخوابگہ مورچہ گان، نمونہ ھای از شعر نیما، مانلی و خانہ سر یویلی، حکایات و خانوادۂ سرباز، افسانہ، مجموعہ آثار نیما، برگذیدہ آثار نیما اور شعر قصہ رنگ پریدہ وغیرہ اہم ہیں۔ پہلی نظم ان کی 'قصہ رنگ پریدہ' تھی جسے انہوں نے ابتدائی دور کے اشعار کی حیثیت سے متعارف کرایا۔ دسمبر ۱۹۳۴ء میں نیما نے جب 'نظم افسانہ' لکھی تو اس کے اشعار کا کچھ حصہ اس وقت کے موقر جرائد میں شائع بھی کروایا اور شاعر افسانہ کے عنوان سے معروف ہوئے۔

نیما کی تحریریں کئی حصوں میں منقسم ہیں جن کا الگ الگ تجزیہ کیا جا سکتا ہے یعنی ایک حصہ وہ جس میں ان کی نظمیں ہیں، دوسرا حصہ وہ جن میں ان کے بے شمار مضامین ہیں جو اس دور کے مختلف مجلّات میں شائع ہوئے۔ تیسرا حصہ نیما کے خطوط کا مجموعہ ہے جو انہوں نے اپنے عہد کی معتبر شخصیات ہم خیال دوستوں اور اپنے استاد "نظام وفا" کے نام لکھے تھے۔ ان میں سے بعض خطوط میں سماجی حالات پر تنقید بھی کی گئی ہے اور بعض میں اپنے عہد کی شاعری کا تجزیہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں جس نے ہم عصر شعراء کے لئے نئی راہیں کھولیں۔

گذشتہ صدی کے نصف النہار سے گذرتے ہی نیما کا مہر نیم روز غروب ہوگیا۔ ۱۹۶۰ء میں رحلت ہوئی اگر اس کی تابندگی کو کچھ مہلت نصیب ہوتی تو شاید فارسی کی دنیائے شاعری کچھ اور جلوہ سامانیوں سے متصف ہوتی۔

منابع و ماخذ:

۱۔جدید فارسی ادب کے پچاس سال: ڈاکٹر رضیہ اکبر۔ص،۲۴۶

۲۔از صبا تا نیما: یحیٰ آرین پور۔ص،۱۳۵

۳۔سبک شناسی شعر: دکتر سیروش شمیسا۔ص،۳۴۳

۴۔ایضاً۔ص،۳۴۷

۵:چن سبوی تشنہ: دکتر جعفر یاحقی۔ص،۵۴

۶۔معاصر فارسی ادب کے آبشار: ترجمہ جویبار لحظہ ھا: دکتر جعفر یاحقی (مترجم ڈاکٹر محمد افروز عالم) ص،۵۴

۷۔ادبیات معاصر: دکتر اسماعیل حاکمی۔ص،۵۸

۸۔جدید فارسی شاعری: دکتر منیب الرحمٰن

۹۔جدید فارسی شاعری: پروفیسر شریف حسین قاسمی

۱۰۔بیسویں صدی کے معروف فارسی شعراء: پروفیسر محمد اقبال

☆☆☆

ڈاکٹر نیلوفر حفیظ

اکیسویں صدی میں رباعیات دارا شکوہ کی معنویت واہمیت

رباعی ابتدائی دور سے ہی فارسی شاعری کی مقبول ترین اصناف میں سے ایک رہی ہے۔تاریخ کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس شعری صنف کی ایجاد کا سہرا ایرانی شاعروں کے سر رکھا جاتا رہا ہے۔محض چار مصرعوں پر مشتمل اس مختصر لیکن جامع شعری صنف کو دوسری اصناف سے وزن کی بنیاد پر الگ کیا جاتا ہے فارسی کے عالموں نے ابتدائی دور میں اسے دو بیتی اور ترانہ وغیرہ ناموں سے بھی موسوم کیا تھا اور صنف ترانہ کو تو فارسی شاعری میں خوب رواج بھی حاصل ہوا تھا اس صنف کا نام ترانہ اس لیے بھی مشہور ہے کہ ترانہ سرود و نغمہ کو بھی کہا جاتا ہے اور ایران کے خواص وعوام ابتدائی زمانے سے ہی سرود و موسیقی کے بڑے دلدادہ اور شیدائی رہے تھے اور اسی کے پیش نظر ایرانی ماہرین موسیقی ،صنف رباعی کو بڑے خوبصورت ودلچسپ انداز، دلکش اور موثر راگوں میں پیش کیا کرتے تھا جو اہل دل کے لیے وجد میں آنے کا سبب ہوتا تھا۔گزرتے ہوئے وقت کے ساتھ رباعی کے اس فن کو مسلسل شہرت اور مقبولیت حاصل ہونے لگی اور اب رباعی صوفیا کرام کی سماع کی محفلوں کے علاوہ بادشاہوں، وزیروں اور امراء وغیرہ کے درباروں اور خلقت کدوں وغیرہ میں بھی گائی جانے لگی اور اس طرح شاعری کی اس مختصر صنف کو بتدریج شہرت ،مقبولیت اور پیشرفت حاصل ہوتی چلی گئی۔ فارسی زبان وادب کے بہت سے محققین اور ناقدین کا ماننا ہے کہ فن رباعی کا موجد ایران کا مشہور ومعروف شاعر رودکی سمرقندی ہے تاریخ کی کتابوں میں مذکور ہے کہ سامانی بادشاہ کا بیٹا ایک دن گوٹیاں کھیل رہا تھا اور انھیں ایک گڑھے میں ڈال رہا تھا اس کے پاس موجود ساری گوٹیاں تو گڑھے میں چلی گئیں لیکن ایک گوٹی گڑھے کے کنارے پر کچھ دیر تک رکی رہی جس کی وجہ سے بچہ مایوس ہونے لگا لیکن پھر وہ گوٹی بھی اچانک ڈرامائی انداز میں لڑھکتے ہوئے گڑھے میں جا گری جسے دیکھ کر لڑکے نے خوشی اور شادمانی سے چلاتے ہوئے کہا:

غلطاں غلطاں همی رود تالب گور

رودکی سمرقندی نے جب بچے کا یہ خوبصورت اور متاثر کن انداز بیان سنا تو اس کو بہت پسند آیا اور اس نے اسی بحر میں چار مصرعے کہہ ڈالے اور درباری شاعروں نے اسے خوب پسند کیا اور انھوں نے بھی رودکی کا تتبع کیا اور اس طرح رباعی کی صنف وجود میں آئی جبکہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ بادشاہ کو شہزادے کا یہ انداز بیان بہت پسند آیا اور اس نے درباری شعراء کو اسی بحر میں شعر کہنے کا حکم دیا اور آہستہ آہستہ یہ صنف مقبول ہوتی چلی گئی یعنی فن رباعی کی یہ صنف بادشاہ اور درباریوں کی باقاعدہ کوششوں کے سبب وجود میں آئی۔لیکن اس کے بالکل برعکس بعض محققین کا کہنا ہے کہ رباعی کی صنف رودکی سمرقندی سے قبل بھی ایران میں موجود رہی تھی اور اس اعتبار سے وہ عبدالشکور بلخی کو پہلا رباعی گو شاعر قرار دیتے ہیں جبکہ کچھ دانشوروں

IKKISWIN SADI MEIN RUBAIYAAT DARA SHIKOH KI MANWIYAT...... (Pg.No. 22 TO 36)
DR. NILOFER HAFEEZ, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF ARABIC & PERSIAN, ALLAHABAD UNIVERSITY, PRAYAGRAJ (U.P.)

کے نزدیک بایزید بسطامی پہلے رباعی گوشاعر ہیں، بہر حال یہ فیصلہ کرنا بہت ہی مشکل بلکہ دشوار ہے کہ اس مختصر لیکن دل کش صنف کے ایجاد کا سہرا با قاعدہ طور کس کے سر کی زینت بنایا جائے، البتہ یہ بات پورے وثوق ویقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ رودکی سمرقندی نے رباعی کے فن کو نہ صرف حسن واستحکام بخشا بلکہ اس کی ہیئت، ساخت اور اوزان وغیرہ کے اصول مرتب کرنے کے سلسلے میں بھی اس نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ بہر حال یہ ایک طول وطویل بحث ہے لہٰذا اس سے قطع نظر کرتے ہوئے یہاں مغل شہزادہ داراشکوہ کی فارسی رباعیات کے متعلق گفتگو کرنا مقصود ہے داراشکوہ ہندوستان کے تیموری بادشاہوں کی تاریخ کا ایک ایسا شہزادہ ہے جس کی متنازع شخصیت ابتدائی زمانے سے لے کر عصر حاضر تک بحث کا موضوع بنی رہی ہے کچھ مفکرین نے اس کو نیک خصلت، معصوم اور فرشتہ صفت مانا ہے تو اس کے بالکل برعکس کچھ کے نزدیک وہ ایک زندیق، کافر اور ملحد کی حیثیت رکھتا ہے جس کی ذات نے ہمیشہ لوگوں کو ذہنی وروحانی طور پر نقصان پہنچایا ہے، بہر حال داراشکوہ کی شخصیت اور ذاتی زندگی سے متعلق کسی قسم کی رائے زنی کرنا میرے مقالے کے موضوع سے خارج ہے لہٰذا میں اپنے اصل مقصد کی طرف رجوع کرتی ہوں مغل بادشاہوں اور شہزادوں کو جو چیز دنیا کے تمام حکمراں طبقہ سے ممیّز وممتاز کرتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ لوگ بیک وقت صاحب سیف اور صاحب قلم تھے یعنی ایک طرف یہ بادشاہ اور شہزادے شجاعت وجوانمردی میں یگانہ عصر تھے تو وہیں دوسری طرف علم وفضل میں بھی یکتائے روزگار تھے، اور رزم وبزم دونوں مملکتوں پر یکساں طور پر حکمرانی کرتے تھے ہندوستان کی طول وطویل مغل تاریخ میں کوئی ایسا حکمراں یا شہزادہ ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتا ہے جس کا ہاتھ تیغ وقلم سے آشنا رہا ہو۔ مغل شہزادوں میں اپنے قلم کے ذریعے، ہر خاص وعام کو فیض پہنچانے والوں کی فہرست میں داراشکوہ کا نام سب سے پہلے شامل کیا جاتا ہے جو اپنے علمی لیاقت اور ذہانت کی بنا پر ہمیشہ صوفیوں، عارفوں، جوگیوں اور پنڈتوں کا منظور نظر رہا ہے، کہتے ہیں کہ داراشکوہ ایک صوفی منش انسان تھا اور وہ اپنے عہد میں ایک عظیم الشان شہزادے سے زیادہ ایک بڑا عالم وفاضل تصور کیا جاتا تھا داراشکوہ کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے ہندو مذہبی فکر اور اسلامک توحید کے دھاروں کو نہ صرف تلاش کرنے کی کوشش کی بلکہ انھیں آپس میں منسلک ومربوط کرنے پر بھی خصوصی توجہ صرف کی تھی۔

داراشکوہ کی زندگی کا سب سے اہم مقصد ہندوستان کی دوسب سے بڑی قوموں یعنی ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان مذہبی ہم آہنگی ورواداری اور آپسی یگانگت ومحبت کو فروغ دینا تھا اس شہزادے نے اسلامی تعلیمات کے ساتھ ساتھ ویدوں اور اپنیشدوں وغیرہ کا بھی بڑی گہرائی اور گیرائی کے ساتھ مطالعہ کیا تھا جس کے سبب وہ مادیت سے زیادہ روحانیت کی جانب راغب ہوتا چلا گیا تھا حالانکہ داراشکوہ مغل حکمرانوں میں تنہا نہیں تھا جو مادی دنیا سے زیادہ روحانی دنیا میں دلچسپی رکھتا ہو بس فرق صرف یہ تھا کہ اس شہزادے کو زندگی کے روحانی پہلوؤں کے ساتھ رغبت حد سے زیادہ بڑھی ہوئی تھی اور یہ اسی بے پناہ رغبت، ریاضت اور محنت کا نتیجہ تھا کہ اس نے ''مجمع البحرین''، ''سفینۃ الاولیاء''، ''سکینۃ الاولیاء''، ''رسالہ حق نما''، ''مکالمہ بابالال وداراشکوہ''، ''طریقۃ الحقیقت'' اور ''حسنات العارفین'' وغیرہ جیسی شہرہ آفاق کتابیں تصنیف کرکے روحانیت کی دنیا میں وہ مقام پیدا کیا جو اس کے معاصرین میں صرف چند بزرگ صوفیا کے حصے میں ہی آسکا ہے، داراشکوہ کی ان کتابوں کی اہمیت وافادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ گزرتے وقت کے ساتھ ان کتابوں کی مقبولیت اور شہرت

مسلسل افزوں ہوتی چلی جارہی ہے منثور آثار کے علاوہ فارسی زبان میں داراشکوہ کی شاعری کا ایک دیوان بھی موجود ہے جو دارا کے مذہبی افکار وعقائد کا آئینہ دار ہے یوں تو دارا نے شاعری کے میدان میں بھی کئی اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے بالخصوص فارسی غزل گو شاعر کی حیثیت سے داراشکوہ کو خاصی مقبولیت اور شہرت حاصل ہے حالانکہ بعض دانشوروں نے دارا کی شاعری کو تخیل ونکتہ آفرینی سے عاری قرار دیا ہے اور ادبی وفنی اعتبار سے بھی اس کے کلام کو کسی بلند مقام پر فائض نہیں کیا ہے، احمد نبی حادی داراشکوہ کی شاعری کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہتے ہیں:

> ''حقیقت یہ ہے کہ اس کی شاعری شاعرانہ جذبات اور لطافت زبان کے اعتبار سے بالکل بے جان ہے، یہ ہی وجہ ہے کہ اسے ہم عصر نیز متاخر شعرا کی صف میں کوئی جگہ نہیں مل سکی۔ اس کے دور میں لوگ عرفی ،نظیری، طالب آملی ،کلیم کاشانی ،قدسی ،فیضی وغیرہ کے تغزل وآھنگ کے دلدادہ تھے اور ان ممتاز شعرا کا رنگ لوگوں کے ذہنوں کے بے انتہا متاثر کیے ہوئے تھا، مغل شہزادوں اور شہزادیوں کی شاعری کا موضوع بھی، جیسا کہ متعدد تذکروں میں مندرج ان کے منتشر اشعار سے معلوم ہوتا ہے، انھیں شعرا جیسا تھا، غیر دل چسپ اسلوب کی وجہ سے داراشکوہ کی شاعری کو قبول عام حاصل نہ ہوسکا''[۱]

مذکورہ بالا آرا کو صد فیصد درست قرار نہیں دیا جاسکتا ہے زبان وبیان کے اعتبار سے بھلے ہی دارا کو ایران کے بڑے شاعروں کی صف میں نمایاں مقام اور بلندترین مقام نہ دیا جاسکتا ہو، لیکن یہاں اس بات کو بھی فراموش نہیں کیا جانا چاہیے کہ دارا نے شاعری کو ایک فن ک حیثیت سے اختیار نہیں کیا تھا بلکہ اپنے متصوفانہ اور عارفانہ احساسات کی ترجمانی کا ذریعہ بنایا تھا اور اس کا خطاب اپنے ملک وملت کے عام لوگوں سے تھا، لہٰذا اس کو زبان وبیان کی سادگی کو بروئے کار لانا اشد ضروری تھا تاکہ عوام وخواص تصوف کے دقیق اسرار ورموز کو بآسانی سمجھ سکیں یہ ہی سبب ہے کہ اس نے عرفی شیرازی، نظیری نیشاپوری، طالب آملی اور کلیم کاشانی وغیرہ جیسے شاعروں کا مشکل ومبہم طرز اختیار کرنے کے بجائے عام فہم انداز بیان اختیار کیا تاکہ اس کے پیغام سے زیادہ سے زیادہ لوگ استفادہ کرسکیں لہٰذا داراشکوہ کی شاعری کے بے پناہ افادی اور پرارزش پہلوؤں کو یہ کہہ کر رد نہیں کیا جاسکتا ہے کہ دارا کی شاعری شاعرانہ جذبات اور لطافت بیان سے پوری طرح خالی ہے ہمیں اس کے کلام میں بے شمار ایسے جالب وجاذب نکات دیکھنے کو ملتے ہیں جو معاصرین شاعروں کے یہاں ڈھونڈنے سے بھی نہیں نظر آتے ہیں بالخصوص ایک صوفی رباعی گو شاعر کی حیثیت سے تو دارا کا مقام اپنے معاصرین کے درمیان خاصا بلند وبالا نظر آتا ہے۔ دارا بنیادی طور پر ایک آزاد منش اور صوفی صفت انسان تھا لہٰذا اس کی بیشتر رباعیات اس کی اسی فکر کی نمائندگی کرتی نظر آتی ہیں اس کی رباعیات میں ہمیں حکمت ومعرفت، عشق ومحبت، اخلاق وکردار اور ذہنی وروحانی آسودگی کا بھرپور سامان ملتا ہے۔ دارا کی رباعیات میں جو وارفتگی، جذباتیت، صداقت، حقیقت اور عقیدت کی چاشنی پائی جاتی ہے وہ نایاب نہیں تو کمیاب ضرور ہے بلکہ یہ کہنا زیادہ بہتر ہوگا کہ ان رباعیات کو فارسی رباعی گو شاعروں کی صف میں بآسانی ایک بلند مقام پر فائض کیا جاسکتا ہے پروفیسر عراق رضا زیدی نے داراشکوہ کی رباعیات کا فارسی زبان وادب کے اساتذہ رباعی گو شعراء سے موازنہ ومحاکمہ کرتے

ہوئے لکھا ہے:

’’فارسی شاعری میں دوسری اصناف کے ساتھ رباعیات کے ذریعے بھی اپنے افکار وخیالات کو عوام تک پہنچایا داراشکوہ کی رباعیات میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو روایت میں ابوسعید ابوالخیر، عمر خیام، سعدی شیرازی، عطار اور مولانا روم سے اس تک پہنچی تھیں‘‘ ۲

لیکن رباعیات دارا کے سلسلے میں بعض دانشوروں کی رائے پروفیسر عراق رضا زیدی سے قدرے مختلف بھی نظر آتی ہے ان دانشوروں نے داراشکوہ کے دیگر فارسی کلام ہی کی طرح اس کی رباعیات کو بھی غیر اہم اور شاعرانہ خوبیوں سے خالی قرار دیتے ہوئے بے حیثیت گردانا ہے اور ان رباعیات کی بے پناہ عصری اہمیت و معنویت سے یکسر لاتعلقی اختیار کرتے ہوئے غیر اہم قرار دیا ہے مثلاً وکرما جیت داراشکوہ کی ان رباعیات کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہتے ہیں:

’’اس کی اکثر رباعیاں متعدد صوفیانہ اقوال کی تشریح و توضیح کرتی ہیں، مختلف مذاہب کے مطمح نظر کو یکساں ثابت کرنے کی کوشش میں جو ذہنی انتشار پیدا ہوا ہے، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے فکر و نظر میں کوئی انفرادیت اور ارتباط قائم نہ رہ سکا ہے اور یہ ہی وجہ ہے کہ اس کی شاعری میں عام شاعرانہ خوبیوں سے عاری ہے‘‘ ۳

بہر حال است تمام بحث سے قطع نظر ہم داراشکوہ کی رباعیات میں موجود ان خصوصیات کو جانچنے کی کوشش کریں گے جن کے سبب یہ چند رباعیات آج بھی اہل علم کی توجہ کا مرکز و منبع بنی ہوئی ہیں اور گزرتے ہوئے وقت کے ساتھ ان کی عصری اہمیت و معنویت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، داراشکوہ کے مطبوعہ دیوان میں کل ۱۴۵ رباعیات ملتی ہیں جن میں سے زیادہ تر اس کے صوفیانہ عقاید اور عارفانہ خیالات کی ترجمانی کرتی نظر آتی ہیں جیسا کہ قبلاً بھی ذکر کیا جا چکا ہے کہ داراشکوہ نے شاعری کو ایک فن کی حیثیت سے اختیار نہیں کیا تھا بلکہ صرف اپنے دل کے سچے جذبات واحساسات کی ترجمانی کا ذریعہ بنایا تھا لہٰذا اس کے کلام میں شاعری میں فن کی گہرائی و گیرائی کی تلاش و جستجو صدا بہ صحرا ہی ثابت ہوگی البتہ اتنا دعویٰ ضرور کیا جا سکتا ہے کہ دارا کی ان رباعیوں کو ایران کے بڑے رباعی گو شعراء کے بالمقابل بآسانی رکھا جا سکتا ہے اور اگر عصر حاضر کے حبس زدہ اور پامال ہوتی ہوئی اخلاقی اقدار کے پس نظر میں یہ کہوں کہ یہ ذی قیمت رباعیات فارسی ادب کا گرانقدر سرمایہ ہیں تو مبالغہ نہ ورزیدہ باشم، داراشکوہ نے اساتذہ رباعی گو شاعروں کے طرز پر ہی رباعیاں کہی ہیں صنائع و بدائع کا استعمال، الفاظ کی دروبست، بیان کی عذوبت ولطافت، لہجے کی صداقت وحدت، مذھب کی عقیدت وشدت اور زبان کی سلاست وروانی غرض ہر وہ خوبی موجود ہے جو اس کو رباعی گو شاعروں کی فہرست میں ایک بلند مقام ومرتبہ عطا کرتی ہے بقول عادل اسیر لکھنوی:

’’داراشکوہ کی رباعیاں فارسی ادب کا گراں بہا سرمایہ ہیں۔ ان پر بھی دوسرے رباعی گو شعرا کی طرح ہی کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ان رباعیوں میں روایتی شاعری کے تمام لوازمات صنایع، بدایع، محاوروں کا استعمال، آسان الفاظ کا انتخاب موجود ہیں، مضامین بھی وہ ہی ہیں جو حافظ وسعدی کا طرۂ امتیاز ہیں‘‘ ۴

داراشکوہ کی فارسی رباعیات میں تصوف وعرفان کے ان سارے موضوعات کا احاطہ ملتا ہے جو فارسی زبان وادب کی شاعری کی صوفیانہ شاعری کا طرۂ امتیاز سمجھے جاتے رہے ہیں۔ داراشکوہ نے ان رباعیات میں وحدۃ الوجود، تقویٰ وتوکل، فنا، تسلیم ورضا، صبر وقناعت خشوع وخضوع، حقیقت وصداقت، باہمی یکرنگی ویگانگت، فقر وغنا اور بے ثباتی وناپائداری دنیا وغیرہ جیسے دہ ھا مضامین کو نظم کیا ہے اور حق تو یہ ہے کہ ہر مضمون کا حق ادا کرنے کی اپنی پوری کوشش کی ہے اور بڑی حد تک کامیابی بھی حاصل کی ہے۔

داراشکوہ کی رباعیات کی سب سے بڑی اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ وحدۃ الوجود کے نظریہ کا ماننے والا ہے جیسا کہ ہم جانتے ہیں وحدۃ الوجود کا نظریہ تقریباً تمام ہی صوفی شاعروں کے یہاں موجود رہا ہے اور ان صوفیوں نے بڑے لطیف اور دل کش پیرایہ میں اس کو بیان کیا ہے اور داراشکوہ کی غزلیات ہی کی طرح ان کی رباعیات میں بھی بہت سی ایسی رباعیات ملتی ہیں جو ان کے اس نظریہ کی بھرپور ترجمانی کرتی ہیں ذیل میں اس نظریہ سے متعلق داراشکوہ کی کچھ رباعیات پیش کی جارہی ہیں جو وحدۃ الوجود کے نظریہ کی حمائت کرنے والوں کے لیے خصوصی غور وفکر کی طالب قرار دی جاسکتی ہیں:

هـر ذره نـدیـدیـم ز خـورشید سوا هـر قـطـره آب هسـت ، عیـن دریـا

حق را چه نام کس تواند خواندن هر اسم که هست، هست ز اسمای خدا

ترجمہ ومفہوم: اس کائنات کا کوئی بھی ذرہ میں نے اس خورشید کے جوہر سے مختلف نہیں پایا، پانی کی ہر بوند عین دریا ہے پروردگار عالم کو کسی بھی نام سے پکارلو ہر وہ شے جو اس کائنات میں ہم کو نظر آتی ہے وہ درحقیقت اللہ ہی کے ناموں میں سے ہے یعنی اس کائنات کا ذرہ ذرہ اللہ کی ذات کا مظہر ہے بھلے ہی اس کا نام کچھ بھی ہو لیکن حقیقت صرف ایک ہے اور وہ ہے اللہ کی ذات واحد اس کے علاوہ اس دنیا میں کسی چیز کی کوئی اہمیت وحیثیت نہیں ہے۔

داراشکوہ مختلف الفاظ میں توحید کی حقیقت کو بیان کرتا ہے اور قارئین کو بار بار یہ باور کرانے کی کوشش کرتا ہے کہ اس پوری کائنات میں خدا کے علاوہ کچھ اور موجود نہیں ہے لیکن اپنی ناسمجھی اور کم علمی کے سبب ہم اس ذات واحد کی معرفت وحقیقت کو سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تاعمر سرگرداں اور پریشان رہتے ہیں اور من وتو کے جال میں پھنس کر حقیقت کو یکسر نظرانداز کردیتے ہیں اس خیال کی ترجمانی کرتی ہوئی دارا کی مندرجہ ذیل رباعی ملاحظہ کیجئے:

تـوحیـد بـگـویـم ار فهـمـی یـارا مـوجـود نبـوده هیـچ غیـر خـدا

این هـا کـه تـو بینی وهمی دانی غیر در ذات هـمـه یك است در نـام جـدا

ترجمہ ومفہوم: اے عزیز اگر تو سمجھنا چاہے، تو میں تجھ کو سمجھاتا ہوں کہ توحید کیا ہے اس پوری دنیا میں سوائے خدا کے کچھ اور موجود نہیں ہے اور تو جن کو غیر از خدا سمجھتا ہے وہ درحقیقت ایک ہی ذات کے مختلف نام ہیں۔

داراشکوہ ان لوگوں کی سمجھ پر بھی شدید حیرت کرتا ہے جو ''ہمہ اوست'' کے احساس سے عاری ہیں اور اس کائنات میں موجود چیزوں کی حقیقت کو دیکھتے ہیں لیکن ان کو ماننے کے بجائے ان سے انکار کرنے کی کوشش کرتے ہیں اگر یہ لوگ معرفت الٰہی کو پالینے کی ذراسی بھی کوشش کریں تو ان کی ہمہ دنیاوی امراض کا خاتمہ ہوجائے گا اور وہ لوگ فارغ البال اور پر

مسرت زندگی گزار سکیں گے لہٰذا کہتا ہے:

آنکس که درین جهان نگوید همه اوست یـا مغـز نـدانـد کـه بـود عین پوسـت

چـون مـرد یـقیـن شود بر او وحدت ذات پـس مـرگ بـرای دفـع غفلت نیکوست

ترجمہ ومفہوم: اس جہاں میں وہ شخص جو کہ همه اوست کو نہیں مانتا ہے یا "همه اوست" نہیں کہتا ہے وہ شائد اس راز سے واقف نہیں ہے کہ مغز سے ہی پوست ہوتا ہے یعنی درحقیقت مغز ہی پوست ہے اور اگر تجھ کو اس ذات واحد پر یقین ہو جائے تو اے عزیز اس موت میں تیری غفلت کی بیماری کا پورا علاج موجود ہے یعنی ہمہ اوست نظریہ کا قائل شخص بظاہر اگر خسارے اور نقصان میں بھی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے بلکہ یہ نقصان اور خسارہ ہی تو ہے جو عین اس کی کامیابی اور کامرانی کا ضامن ہے۔

داراشکوہ کے مجموعہ رباعیات سب سے زیادہ رباعیات مذکورہ بالا موضوع پر ہی نظر آتی ہیں وہ بار بار خالق کائنات کی وحدانیت کو بیان کرتا ہے اور سیر نہیں ہوتا، وہ چاہتا ہے کہ جس طرح اس نے اس معرفت الٰہی کے راز کو پالیا ہے ٹھیک اسی طرح دوسرے لوگ جو اپنی لاعلمی کے سبب جاننے کے اہل نہیں ہو پاتے وہ بھی اس کو سمجھنے کی کوشش کریں لیکن افسوس کہ ان کوتاہ بینوں کا اس طرف کوئی دھیان نہیں ہے اور ستم بالائے ستم تو یہ ہے کہ لوگوں کو اپنی اس بدبختی اور خسارے کا کوئی احساس بھی نہیں ہے لہٰذا دارا اس باریک اور بے حد اہم نکتہ کو ایک اور مثال کے ذریعے اس طرح پیش کرتا ہے کہ پڑھنے اور سننے والا متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا ہے:

جـز حـق نـه بـود چـرا تو دانـی مشکل گـفـتـم هـمـه حق است ونه گفتم باطل

صـد مـوج اگـر بـر وی دریـا بـاشـد در وحـدت بـحـر ، هیـچ گـردد حـایل

ترجمہ ومفہوم: اس دنیا میں سوائے حق کے اور کچھ نہیں ہے یہ بات تیری سمجھ سے کیوں دور ہے، میں نے جو کچھ بھی کہا ہے وہ حقیقت ہے باطل نہیں ہے اگرچہ سمندر میں سینکڑوں موجیں ابھرتی ہیں لیکن اس کے باوجود بھی وہ دریا کی وحدت کے راستے میں حائل نہیں ہو سکتی ہیں یعنی سمندر میں صدہا موجوں کی موجودگی باوجود بھی ان موجوں کی کوئی بنیادی حیثیت نہیں ہے ٹھیک اسی طرح اس کائنات میں موجود ذرہ ذرہ اسی ذات واحد کا عکس اور پرتو ہے لیکن انسان اپنی کوتاہ بینی کے سبب اس کا مشاہدہ نہیں کر پاتا اور اس کو ذات واحد سے جدا تصور کر لیتا ہے۔

داراشکوہ کے کلام میں توحید سے متعلق جو دلکش و جالب اور عقیدت مندانہ و والہانہ گفتگو ملتی ہے وہ معدود چند صوفی شاعروں کے یہاں ہی دیکھنے کو ملتی ہے حالانکہ وحدت و توحید کے نغمے ہر صوفی شاعر نے گائے ہیں لیکن جو شدت اور حدت ہمیں داراشکوہ کی رباعیات میں نظر آتی ہے وہ یقیناً اسی کا وصف خاص ہے اور جب وہ اپنی بات کو بار بار کہنے کے باوجود نا اہلوں اور کم علموں سمجھانے میں کامیاب نہیں ہو پاتا ہے، تو خود کو خود ہی سمجھانے کی کوشش کرتا ہے کہ توحید کی سعادت ہر کس و ناکس کو حاصل نہیں ہو سکتی ہے اس نعمت کو صرف وہ ہی خوش قسمت حاصل کر سکتا ہے جو ریاضت و محنت سے اس نعمت کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے:

تـوحیـد شـنـاخـت هـر کـه را حـالی نیست در راه طـلـب هـمـت او عـالـی نیسـت

خوش آن که میان خویش حق را به شناخت او در همه جاست هیچ جا خالی نیست

ترجمہ ومفہوم: وہ دل جس میں حق کو پالینے کی جستجو نہیں ہے،اور طلب کے راستے میں وہ کم ہمت ہے یعنی اگر وہ معرفت حق کی تلاش میں جدوجہد نہیں کرتا ہے تو اس کو ایک اعلیٰ انسانوں کے زمرہ میں نہیں رکھا جا سکتا ہے،خوش قسمت وہ ہے جو اپنے آپ میں حقیقت وصداقت کی شناخت کر لیتا ہے کیونکہ حق سے تو کوئی بھی جگہ خالی نہیں ہے بس تھوڑی سی قلبی بینائی اور دردمند دل کی ضرورت ہے۔

داراشکوہ بار بار مختلف طریقوں سے اس نکتہ کو بیان کرتا ہے تا کہ لوگوں کے دل میں یہ احساس جاگزیں ہو جائے کہ اس کائنات میں نظر آنے والی ہر چیز خالق کائنات کے ہونے کا پتہ دیتی ہے لہذا انسان کو دنیاوی خواہشات کا غلام ہو کر اس کی حقیقت سے چشم پوشی اختیار کرنے کی کوشش نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس دنیا میں کامیابی اور پرسکون زندگی جینے کا راز اسی حق کے راز کو پالینے میں پوشیدہ ہے لہذا کہتا ہے:

او در نظر است رو بهر چیز کنی کوری تو چرا به خویش تجویز کنی

حق گفت چو "اینما تولوا" باتو باید که نظر بسوی خود نیز کنی

ترجمہ ومفہوم: اس کائنات میں موجود ہر چیز اپنے خالق کے ہونے کا پتہ دیتی ہے لیکن افسوس کہ تو نے اپنے لیے خود ہی اندھیروں کا انتخاب کیا ہے چونکہ حق نے تجھ سے کہا ہے''اینما تولوا'' تو ایک نظر ذرا خود پر بھی نظر ڈالنے کی کوشش تو کر۔اس رباعی میں داراشکوہ نے مندرجہ ذیل آیت کی طرف اشارہ کیا ہے

''وللہ المشرق والمغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللہ،ان اللہ واسع علیم'' (یعنی اور مشرق ومغرب سب اللہ کا ہی ہے،تو تم جس طرف رخ کرو،سو وہیں اللہ کا چہرہ ہے، بے شک اللہ وسعت والا،سب کچھ جاننے والا ہے)

مذکورہ بالا خیال کو داراشکوہ اپنی ایک اور رباعی میں اور بھی زیادہ شدت اور حدت کے ساتھ بیان کرتا ہے اور کہتا ہے کہ جس طرح سنگ کے سینے میں شرارے ہوتے ہیں لیکن وہ پتھر ان شراروں کی اصل اہمیت وقیمت سے پوری طرح لاعلم ہوتا ہے ٹھیک اسی طرح ہر دل میں پروردگار عالم موجود ہے لیکن انسان اپنی ناواقفیت،عدم توجہی بلکہ بلکہ تسہل پسندی وذہنی آلائش کی بنا پر اس سے لاعلم اور انجان رہتا ہے:

فی انفسکم به گفت آن جان جهان این حرف عیان است نه محتاج بیان

در خویش بجویند که او عین شماست آتش به میان سنگ باشد پنهان

ترجمہ: فی انفسکم (کیا تم نہیں دیکھتے)اس نے بالکل صاف طور پر فرما دیا ہے اور یہ حروف کسی اور بیان کے محتاج نہیں ہیں تو اس ذات واحد کو کہیں اور نہیں بلکہ اپنی ذات کے اندر ہی تلاش کر کیونکہ وہ تیرے اندر اسی طرح موجود ہے جس طرح کہ کسی سنگ میں شرارے پوشیدہ ہوتے ہیں بس نظر نہیں آتے ہیں جس کے سبب انسان اس کائنات کی سب سے بڑی حقیقت سے بیگانہ بنا رہتا ہے:

داراشکوہ اس دنیا میں سربلندی اور ایمانداری کے ساتھ زندگی گزارنے کی ترغیب وتلقین کرتا ہے وہ دنیا میں ہونے

والی ھمہ برائیوں اورخرابیوں کا ذمہ دارانسانی خواہشات کو مانتا ہے اورحق وانسان کے درمیان سب سے بڑا پردہ انسان کے دل میں ہردم موجزن رہنے والی آرزوؤں اورتمناؤں کو ہی سمجھتا ہے جوانسان کواس جہاں میں ایک پل بھی سکون نہیں لینے دیتی اورنہ ہی اس کوحق کی طرف مائل ومتوجہ ہونے دیتی ہیں جبکہ سچ تو یہ ہے کہ اگراحساس دوئی اور بے یقینی کی کیفیت کودل سے ختم کردیاجائے اور ہرفکراور پریشانی کا مداوارضائے الٰہی کے ذریعے کیا جائے جیسا کہ اپنے پیغام میں کہتا ہے:

بر مسند وحدت چو نشینی شاهی وهم از دل وجان خویشتن کن راهی

بگذر تو از ترس مردن وبیماری در آب حیات کی بہ میرد ماهی؟

ترجمہ ومفہوم: تو وحدت کی مسند کا بادشاہ ہوجائے گا بس شرط یہ ہے کہ وہم و بے یقینی کو اپنے دل سے باہر بھیج دے،تو موت اور بیماری سے خوف زدہ مت ہو بھلا آب حیات میں ماہی (مچھلی) کب مرتی ہے؟

داراشکوہ کوتعجب ہوتا ہے کہ لوگوں تلاش حق کے لیے ساری عمرعبادت وریاضت میں گزار دیتے ہیں لیکن ان کو اپنا مقصد حاصل نہیں ہو پاتا ہے کیونکہ وہ عبادت وریاضت تو کرتے ہیں لیکن انھیں اس بات کا اندازہ نہیں ہوتا کہ وہ جس چیز کو پوری دنیا میں تلاش کررہے ہیں وہ حقیقتاً ان کے اپنے دل کے اندر ہی کسی گوشہ میں پوشیدہ ہے لیکن افسوس کہ انسانی ذہن کی وہاں تک رسائی نہیں ہو پارہی ہے لہٰذا کہتا ہے:

تسبیح بہ من عجب در آمد بہ زبان گفتا کہ مرا چرا کنی سر گردان

گر دل بہ عوض همی گردانی تو دانی کہ برای چیست خلق انسان

ترجمہ ومفہوم: تسبیح نے ایک دن بہت ہی حیرانی کے ساتھ اپنی زبان کھولی،اور پوچھا تو مجھے کیوں سرگرداں کرتا ہے یعنی تجھے کیا حاجت ہے جو مجھے لحہ بہ لحہ گھماتا رہتا ہے جبکہ حقیقت تو یہ ہے کہ تو اپنے دل میں جھانک کر دکھ سکے تو تجھ کو پتہ چلے کہ خالق کائنات نے تجھے یعنی انسان کو کیوں اس دنیا میں تخلیق کیا ہے یعنی ایک انسان کی حیثیت سے تیرا مقام بہت بلند ہے بس تجھے لازم ہے کہ تو اپنے تخلیق کیے جانے کے مقصد کو سمجھے اور پھراس کے مطابق اپنی زندگی گزارے۔

اس عظیم مفکر کو بخوبی احساس ہے کہ اس دنیا میں صرف ظاہری عبادت اور دکھاوے کی ریاضت سے کبھی کچھ حاصل نہیں ہوسکتا ہے لہٰذا وہ بار بار ایسے عارفوں،صوفیوں،عابدوں اورواعظوں کی مذمت کرتا ہے جن کا ہرعمل ظاہری ہوتا ہے اور حقیقت سے ان کا کوئی لینا دینا نہیں ہوتا ہے دارا کا کہنا ہے کہ ایسی عبادتیں جو میں خشوع وخضوع عاری ہوں ان سے کوئی نفع حاصل نہیں کیا جاسکتا ہے اپنے اس خیال کو دارا نے کس قدر موثر،سادہ اوردل کش انداز میں پیش کیا ہے اس کا اندازہ اس کی مندرجہ ذیل رباعی سے بآسانی کیا جاسکتا ہے:

با حق نہ رسی تو از نماز بسیار از بهر خدا خودی خود را بردار

حق تورا بگیر وجملہ اشغال گزار مشغولی تو شرك بود آخر کار

ترجمہ ومفہوم: بہت زیادہ نمازیں پڑھنے سے مرادعبادتیں کرنے سے تجھے حق کا دیدار نصیب نہیں ہوسکتا اگر تو خدا کو پانے کا خواہش مند ہے تو اپنی خودی اورانانیت کا چولا اتار کر ایک طرف رکھ دے اور پھر ماسوائے حق کے تو تمام چیزوں سے اپنا تعلق

قطع کرلے تا کہ تیرا کوئی بھی شغل شرک نہ ہو یعنی جب تک دوئی کا احساس تیرے دل میں جا گزین ہے تیری عبادتیں تجھ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی لیکن جس دن انسان دنیاوی لوازمات سے کنارہ کشی اختیار کرلے گا اس کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہو جائے گی۔

دارا شکوہ کی رباعیات میں عشق کا موضوع اپنی تمام تر حشر سامانیوں کے ساتھ موجود ہے جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ عشق کا موضوع ہمیشہ ہی فارسی شاعری میں موجود رہا ہے اور صوفی شعراء کا تو یہ محبوب ترین موضوع رہا ہے دارا شکوہ کے یہاں بھی عشق کا جذبہ صوفی شاعروں کی طرح بڑی خوبصورتی اور سلیقے کے ساتھ پیش کیا گیا ہے دارا کے نزدیک مسلک عشق سب سے جدا ہے بظاہر تو اس راہ میں بڑی پریشانیاں اور مشکلات ہیں لیکن ان مصائب و مشکلات میں بھی یک گونہ لذت پائی جاتی ہے جس کے سامنے دنیا کا ہر عیش پھیکا اور بیکار ہے لیکن عشق کی اس لذت کو چکھنے کے لیے ہمیں حقیقی عشق اختیار کرنا پڑے گا جو بڑے بڑے اولیائے کرام کا خاصہ رہا ہے بظاہر عشق کا راستہ اختیار کرنے والا خسارے اور نقصان میں نظر آتا ہے لیکن در حقیقت وہ ہی اس دنیا کا کامیاب ترین انسان ہوتا ہے ملاحظہ کیجئے دارا کی مندرجہ ذیل رباعی:

در عشق هر آن که می خورد خون جگر — یا آن نه خسپند ز سر شام وسحر
بر قول کسی مبین بر افعال نگر — تقلید دگر باشد و تحقیق دگر

ترجمہ و مفہوم: وہ جو کہ راہ عشق میں اپنے جگر کا خون پیتا ہے یہاں تک کہ وہ شام و سحر سو بھی نہیں سکتا ہے عاشقوں کا قول نہیں بلکہ ان کا عمل دیکھنا چاہیے کیونکہ تقلید سے زیادہ بہتر تحقیق ہے لہٰذا انسان کو ظاہری حالات سے کسی کا اندازہ لگانے کی کوشش نہیں کرنا چاہیے مصائب و مسائل سے چشم پوشی اختیار کرنے والا کبھی کامیاب عاشق نہیں بن سکتا ہے اور نہ ہی ایک عام فہم انسان ایک عاشق صادق کی درست حقیقت اور کیفیت کا اندازہ لگا سکتا ہے۔

خوش دار همیشه ای برادر جان را — در خانه معرفت نشان مهمان را
اندر ره عشق هر چه پیشت آید — بر دیده وسر قبول می کن آن را

ترجمہ و مفہوم: اپنے آپ کو خوش دیکھنا چاہتا ہے یعنی اپنی روح کی خوشیاں چاہتا ہے تو تجھے اپنا سر پیش کرنا پڑے گا یعنی مشکلوں اور مصیبتوں کا سامنا خندہ پیشانی اور شکر گزاری کے ساتھ کرنا پڑے گا تیرے لیے لازم ہے کہ اپنے مہمان مراد عشق کو اپنی معرفت کا گھر پیش کر اور عشق کے راستے میں تجھ پر جو بھی حالات گزرتے ہیں یا جو کچھ بھی پیش آتا ہے اس کو مسکراتے ہوئے قبول کر کیونکہ یہ ہی ایک عاشق صادق کا وطیرہ یہ ہی ہوتا ہے کہ وہ ہر حال میں راضی بہ رضا رہے۔

دارا شکوہ عشق کی نیرنگیوں سے خوب اچھی طرح واقف ہے وہ اس حقیقت کو بہت اچھی طرح جانتا ہے کہ عشق حقیقی کے سچے جذبات کا ادراک و احساس لا وسعت ہے یہ ہر لمحہ عاشق کو نئی لذتوں اور مسرتوں سے ہمکنار کرتا ہے لیکن اس سے صرف وہ ہی انسان لطف اندوز ہو سکتا ہے جو عشق کے اس اس بحر بیکراں میں شناوری کرنے کا ہنر جانتا ہو کیونکہ ظاہری آنکھ رکھنے والے دوں ہمت لوگوں کو تو اس میں سوائے نقصان کے کچھ اور نظر نہیں آتا ہے چنانچہ کہتا ہے:

جز دفتر عشق کس سبق می خواند — بی دوست کسی خبر دگر می داند

بـی حـوصـلـه گـویـنـد مـرا نـا دان   از دیـدن یـار حـوصـلـه مـی مـانـد

ترجمہ ومفہوم: اس دنیا میں جومکتب عشق میں داخل ہو جاتا ہے وہ انسان ہمیشہ محبوب کی باتوں میں مست ومگن ہوکر اس دنیا کی تمام چیزوں سے بےخبر بلکہ بے نیاز ہو جاتا ہے مجھے کم ظاہر بین لوگ نادان اور احمق سمجھتے ہیں اور یہ برا بھی نہیں ہے کیونکہ معشوق کے دیدار کے بعد پھر ہوش وحواس باقی ہی کہاں رہ جاتا ہے۔

دارا اک عاشق صادق کے دل پر گزرنے والی ہر کیفیت سے بخوبی آگاہ ہے اس کے نزدیک دولت عشق کا نزول ہر دل پر نہیں ہوسکتا ہے یہ صرف قسمت والوں ہی کو میسر ہوتی ہے اور جس کو یہ دولت حاصل ہو جاتی ہے وہ دنیا کی بھیڑ میں ایک ایسا مقام حاصل کر لیتا ہے جو لافانی ہوتا ہے اور موت بھی اس کو فنا نہیں کر سکتی ایک عاشق انسان ہمیشہ شیر کی طرح ہوتا ہے روبا مزاجی تو کم ہمت لوگوں کا شیوہ رہا ہے۔

هـر دم بـرسـد بـه عــاشـقـان ذوق جدید   خـود مـجـتـهـد انـد نـــه ز اهــل تـقـلـیـد

شیـران نـه خـورنـد جـز شکـار خـود را   روبـــاه خـورد فـتـــادئـــه لـحـم قـدیـم

ترجمہ ومفہوم: عاشقوں کو ہر لحظہ ہر گھڑی ایک نیا ذوق نظر آتا ہے وہ مجتہد ہوتے ہیں اہل تقلید میں سے نہیں ہیں یہ جانباز لوگ شیر کی طرح صرف اپنا کیا ہوا شکار کھاتے ہیں لیکن روباہ ہمیشہ بچا ہوا کھاتی ہے، یعنی روباہ اپنی تمام تر مکاری اور چالاکی کے باوجود بھی شیر کا مقام ومرتبہ حاصل نہیں کر سکتی ہے لہٰذا شیر بنو، روباہ یعنی لومڑی نہیں۔

داراشکوہ نے دنیا کی ناپائداری کے موضوع کو بھی اپنی رباعیات میں بیان کیا ہے حالانکہ دنیا کی بے وفائی اور ناداری کو مضمون کو بہت سے صوفی شاعروں نے بیان کیا ہے لیکن دارا جب اپنے سادہ اور سلیس فطری انداز میں اس فرسودہ اور کہنہ مضمون کو پیش کرتا ہے تو اس میں یک گونہ تازگی اور شگفتگی محسوس ہونے لگتی ہے اس کی مندرجہ ذیل رباعی ملاحظہ کیجئے جس میں وہ انسان کو احساس برتری اور تکبر سے دور رہنے کی تلقین کچھ اس طرح کرتا ہے

آنـکـس کـه هـزار عالم از رنگ بقاست   رنگ مـن وتـو کـجـا خـرد روی نـداشـت

ایـن رنگ هـمــه هـوس بـبـایـد پنداشت   او بـی رنگ اسـت، رنگ او بـایـد داشـت

ترجمہ ومفہوم: اس کائنات میں بقا کا رنگ صرف پروردگار عالم کا ہے اور اس کے سامنے ہر رنگ بے حیثیت ہے تو پھر تیرا رنگ اس کے سامنے کیا چلے گا تو جس پر تکبر کر رہا ہے اور اترا رہا ہے، وہ صرف تیری ضد اور ہوا ہوس ہے جبکہ رنگ اسی (خالق کائنات) بے رنگ کا ہے جو باقی رہ جانے والا ہے۔

داراشکوہ اس دنیا اور یہاں کے لوازمات کو ایک بارگراں سے تشبیہ دیتا ہے انسان کے شانوں پر جتنا زیادہ دنیاوی لوازمات کا بوجھ ہوگا اس کے لیے معرفت حق کا راستہ چلنے میں اتنی ہی زیادہ پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا لہٰذا ایک کامیاب وکامران زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے کہ انسان اپنے آپ کو اس دنیاوی ساز وسامان سے بے نیاز رکھے تاکہ سفر حق آسانی کے ساتھ طے کیا جا سکے۔

هـر چـنـد کـه بیـش خواهـش زر بـاشد   جـمـعـیـت خـاطـر تـو کـم تـر بـاشـد

این بار گراں چرا بہ سر برداری درد سر کس موافق سر باشد

ترجمہ ومفہوم: تو جتنی زیادہ دولت دنیا کی خواہش رکھے گا اس میں الجھ کر تیرا دتنا ہی بے سکون اور پریشان ہوتا چلا جائے گا تعجب ہے اس بات پر کہ تو یہ بارگراں (دنیاوی خواہشات کا بوجھ) اپنے سر پر اٹھائے رہتا ہے یہ سب تیرے لیے مناسب اور بہتر نہیں ہے۔

داراشکوہ نے اپنی زیادہ تر زندگی مسلمان صوفیوں اور ھندو جوگیوں کے ساتھ بسر کی اور ان کے مشرب کو قریب سے سمجھنے کی کوشش کی تا کہ زندگی کی اصل حقیقت تک رسائی حاصل کر سکے اور دقیق مطالعے اور طویل محاسبے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ انسانیت ہی سب سے بڑا مذہب ہے اور ہر صوفی سب سے پہلے انسانیت کی بات کرتا ہے اور وہ لوگ جو انسانیت کی بات کرنے والے آزاد فطرت لوگوں کو کسی مسلک و مشرب میں مقید کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں کیونکہ اگر یہ آزاد فطرت لوگ خود کو خانوں میں تقسیم کر لیں گے تو کبھی بھی انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے کام نہیں کر سکیں گے، دارا کا یہ ہی وہ پیغام ہے جس کی ضرورت آج انسانیت کی بقا کے لیے بے حد ضروری ہے اور صرف اسی پیغام پر عمل کر کے آج ہم بارود کے ڈھیر پر بیٹھی ہوئی اس دنیا اور اس میں سسکتی ہوئی انسانیت کو بچا سکتے ہیں لہٰذا وہ کہتا ہے:

گفتی تو کہ صوفیان ندارند مذہب لیک از مذہب برسیدہ اند تا مطلب

صوفی تو بدان کہ بستہ مذہب نیست کردی غلطی عظیم ای بد مشرب

ترجمہ ومفہوم: صوفی مشرب انسان کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہے انسان کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے مذہب سے اوپر اٹھنا پڑتا ہے صوفیوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہے یہ صرف تجھ بد مشرب کی ہی غلطی ہے۔

داراشکوہ کی منثور تخلیقات ہی کی طرح اس کی رباعیات میں بھی مذہبی رواداری کی بات بار بار دہرائی گئی ہے۔ دارا مذہب کی بنیاد پر روا رکھی جانے والی ذاتی منافرت اور آپسی تنگ نظر کو ختم کرنے کا شدید خواہش مند تھا اور اس کا اظہار اس کی رباعیات میں بھی بار بار کیا گیا ہے جن کی اہمیت آج بھی اسی طرح قائم ہے وہ اپنے اس پیغام کو عام کرتے ہوئے کچھ اس طرح نغمہ سرا ہوتا ہے:

نبود بہ جہاں نکوتر از مشرب ہیچ باید کہ ترا بود جز او مطلب ہیچ

توحید گزین وصلح کل پیش بگیر بگذار تعصب کہ بود مذہب ہیچ

ترجمہ ومفہوم: مشرب ھیچ، کے سوا دنیا میں کچھ اور موجود ہی نہیں ہے تجھ کو بھی چاہیے کہ اس کے سوا کسی اور کے متعلق کر نا ھیچ ہے توحید کے راستے پر چلو اور صلح کل کو اپنے پیش نظر رکھ تعصب کو ایک طرف رکھ دو کہ مذہب ہیچ ہوتا ہے۔

مندرجہ ذیل رباعی میں دارا نے وصل اور فصل کی فرق کو سمجھانے کی کوشش کی ہے اور اس حقیقت کو ایک مچھلی کی مثال دے کر سمجھایا ہے کہ جب تک مچھلی سمندر کے اندر ہے اس کو پانی کی قدر و قیمت اور ارزش وافادیت کا اندازہ نہیں ہے وہ اس حقیقت سے یکسر انجان ہے کہ وصل کیا ہے لیکن اگر اس مچھلی کو پانی سے جدا کر دیا جائے تب حقیقت اس پر آشکار ہوگی اور وہ وصل و فصل کے فرق کو سمجھنے کی اہل ہو سکے گی لہٰذا ایک انسان بھی اس مچھلی ہی کی طرح ہے جس کو حقیقت کا اندازہ ہی نہیں ہے

کہ وہ درحقیقت ذات حق کا ہی حصہ ہے تحقیق کی کمی کے سبب وہ اس کو آشنائی حاصل نہیں کر پاتا ہے۔

هرگز نبود ترا بہ دلدار توفصل　　تحقیق بدان کہ خود توئی خود را اصل

از آب اگر جدا شود فهمد آب　　ماهی بہ میان آب کی داند وصل

ترجمہ ومفہوم: اے عزیز تو اپنے یار سے جدا نہیں ہے تو جستجو سے سمجھنے کی کوشش کر کہ تیری حقیقت کیا ہے جب تک مچھلی پانی میں ہے اس کو وصل کا پتہ نہیں ہوتا لیکن جب اس کو پانی سے الگ کیا جائے تو وہ پانی کی صداقت تک رسائی حاصل کر سکتی ہے۔

جیسا کہ پہلے ہی ذکر کیا جا چکا ہے کہ داراشکوہ کی بیشتر رباعیات پر صوفیانہ رنگ غالب ہے لیکن اس نے تصوف کے دقیق اور مبہم نکات بیان کرنے سے زیادہ اخلاق سازی اور کردار سازی کا درس دیا ہے، اس کو اس حقیقت کا پوری طرح ادراک تھا کہ اخلاق کی درستگی ہی درحقیقت تصوف کی پہلی سیڑھی ہے یہ ہی وجہ ہے کہ دارا نے زندگی کے اخلاقی پہلوؤں پر پوری تندہی کے ساتھ خامہ فرسائی کی ہے اور انسان کی زندگی سے جڑی ہوئے اخلاقی باتوں کو اس نے بڑی خوبصورتی اور دلکشی کے ساتھ پیش کیا ہے، دارا کی اخلاقی رباعیات میں معنویت اور اظہار کی قوت نے ایسی سرورکن اور فکر انگیز کیفیت پیدا کر دی ہے کہ پڑھنے والا عبرت حاصل کیے بغیر نہیں رہ سکتا اور اس کا ہر اخلاقی نکتہ ''از دل خیزد بر دل ریزد'' کا مصداق نظر آتا ہے یعنی اس کی کہی ہوئی ہر بات سیدھے دل میں اتر کر اثر انداز ہوتی ہوئی محسوس ہوتی ہے ہے دارا کی مندرجہ ذیل رباعی ملاحظہ کیجیے جس میں وہ ایک بہت ہی اہم اور دقیق اخلاقی نکتہ کو اتنی چابکدستی اور سلاست کے ساتھ پیش کرتا ہے کہ قاری اس سے بے نیاز نہیں گزر سکتا انسان کو خود کو سمجھنا اور پہچاننا بے حد ضروری ہے یہ کائنات درحقیقت انسان کے دل کا ہی آئینہ ہے جس میں اس کو وہ ہی عکس نظر آتا ہے جیسا کہ وہ خود ہوتا ہے:

اگر نیك خودی تو نیك دانی همه را　　ور خود تو بدی یقین بدانی همه را

جز صورت تو نیست غیری پیدا　　مرآت وجود خویش دانی همه را

ترجمہ ومفہوم: اگر تو نیک ہے تو پھر تجھے سب ہی نیک نظر آئیں گے اور اگر تو خود بد یعنی برائیاں اپنے دل میں سموئے ہوئے ہے تو تجھ کو اپنے ہمہ طرف برائی اور خرابی کے سوا کچھ اور نہیں نظر آئے گا جس طرح کہ ایک آئینہ میں انسان کا کو اپنا ہی چہرہ نظر آتا ہے اور اس کے سوا اور کوئی صورت نہیں ابھرتی ہے دل بھی ایک آئینہ کی مانند ہے لہٰذا اس کو دنیا کی ہوا ہوس سے پاک رکھنا چاہیے تا کہ اس دل کے آئینہ میں اپنے مالک حقیقی کی صداقت اور حقیقت آشکار ہو سکے۔

تاریخ کی کتابوں کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ داراشکوہ کو ابتدائی جوانی سے ہی بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اس کی ذات بے ضرر، اس ظالم سیاست کا شکار ہو کر رہ گئی ورنہ آج ہندوستان کی تصویر دوسری ہوتی مگر افسوس کہ اس شہزادۂ بزرگ کی صوفیانہ طبیعت کے مقام حیرت کو نظر انداز کر دینے والے اپنی اپنی خودغرضیوں میں مبتلا رہے اور اس کے سچے افکار کی حقیقت وصداقت کو پوری طرح سے نظر انداز کر دیا اس قومی یک جہتی کا علم بردار کو اگر کچھ وقت اور ملا ہوتا تو لوگ آج اس کی پرستش کر رہے ہوتے اس شہزادے کم نصیب کو کافر اور ملحد قرار دینے والوں نے اس حقیقت کو سمجھا ہی نہیں کہ وہ اپنے اوپر اعتراض وایراد کرنے والوں کے متعلق خود بھی کہتا ہے کہ شائد ان سہل پسند طبیعت کے لوگوں نے میرے افکار واحساسات کی

حقیقی روح کو سمجھنے کی سنجیدہ کوشش ہی نہیں کی ہے:

در مدح بشر نہ شد زبانم گویا جانم چو نہ بود غیر حق را جویا

آن جوش مباد، آن زبان دان ما کو جز سوی او بود بسوی پویا

ترجمہ ومفہوم: میں بشر کی مدح وستائش میں کبھی اپنی زبان نہیں کھولی۔ میں نے سوائے حق کے کبھی کسی اور چیز کی تلاش کرنے کی کوشش نہیں کی۔ مجھ میں نہ تو وہ زبان دانی ہے اور نہ ہی وہ جوش وخروش ہے کہ اس کا حق ادا ہو سکے البتہ مجھے اتنا معلوم ہے کہ میں نے نے سوائے اس کے کبھی کچھ تلاش نہیں کیا ہے۔

داراشکوہ نے اپنے افکار واحساسات کی اشاعت میں کبھی مصلحت پسندی سے کام نہیں لیا اور دل آزاری کرنے والوں کی پرواہ کبھی نہیں کی کیونکہ وہ اس حقیقت سے پوری طرح باخبر تھا کہ یہ کم فہم لوگ حقیقت ومعرفت سے پوری طرح نابلد ہیں اور انھیں سوائے دل آزاری اور ستم رسانی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا ہے ان کے محدود ذہن کچھ بھی بڑا سوچنے سمجھنے کے لائق ہیں ہی نہیں لہذا طنز وطعن کسنے والوں کو جواب دیتے ہوئے دارا کہتا ہے کہ لوگوں کی جانب سے کی جانے والی تضحیک وتمسخر سے اس پر کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کیونکہ میں اب ان ساری چیزوں سے اوپر آچکا ہوں میرے لیے کوئی پستی وبلندی کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے:

کافر گفتی تو از پی آزارم این حرف ترا راست همی پندارم

پستی وبلندی همه شد هموارم من مذهب هفتاد ودو ملت دارم

ترجمہ ومفہوم: مجھے تکلیف پہچانے کے لیے لوگ مجھے کافر کے لقب سے نوازتے ہیں میں لوگوں کی ان باتوں کو درست قرار دیتا ہوں کیونکہ میرے لیے پستی اور بلندی کے مابین کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ میں ہفتاد ودو ملت کے مذہب پر یقین رکھتا ہوں:

داراشکوہ زہد ریائی کا سخت مخالف تھا اور اس کا اظہار اس نے اپنی رباعیات میں قدم قدم پر کیا ہے ان کی مندرجہ ذیل رباعی دیکھئے جس میں عارف کے بارے میں بات کرتا ہے اور طنزیہ لہجہ اختیار کرتا ہے کہ ایک عارف تو وہ ہے جسے خدا کی معرفت کا سب سے زیادہ علم ہونا چاہیے لیکن افسوس کہ وہ اپنی خودسری اور خوش فہمی کے سبب حقیقت سے بہت دور ہو گیا ہے اور اس طرح کہ اس کو اس بات کا احساس بھی نہیں ہے اور وہ اپنی خامیوں مراد اپنی دکھاوے کی عبادت وریاضت سے کتنا نقصان اٹھا رہا ہے۔

عارف به بیان وحدتش می نابست هر چند کراست غافل ودر خواب است

داند که نه فهمد این سخن را هر گز این مسله فهم در جهاں کمیابست

ترجمہ ومفہوم: عارف کی گفتگو میں وحدت کی شراب موجود ہوتی ہے لیکن سچ تو یہ ہے کہ یہ عارف پوری طرح غافل ہے اور مسلسل خواب گراں میں محوخواب ہے لیکن افسوس کا مقام ہے کہ واقف ہے کہ یہ باتیں ہرگز نہیں سمجھے گا کیونکہ اس راز کے جاننے والے بہت ہی کم یاب ہیں

جبکہ حقیقت تو یہ ہے کہ عارف تو وہ ہے جو انسان کی پوری شخصیت کو بدل دینے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ ناممکن کو بھی ممکن کر دینے

کی خصوصیت اپنی ذات میں رکھتا ہے

عــارف دل و جــان تــو مـزیـن ســازد　　　خـاری کــه کـنـد بـجـاش گلشن سازد

کــامــل هــمــه را از نـقـص بیـرون آرد　　　یك شـمـع هـزار شـمـع روشـن ســازد

ترجمہ ومفہوم: عارف تو وہ ہوتا ہے جو دل کو مزین کر دیتا ہے جہاں خار ہوتے ہیں وہاں گلشن کر دیتا ہے یہ وہ شخصیت ہے جس کے ذریعے یہ دل کے ہر نقص کو دور کر دیتے ہیں بالکل ایسے ہی جیسے ایک شمع سے ہزار شمعیں روشن کر سکتی ہے۔

عظمت انسانی: دارا کی رباعیوں میں ہمیں احساس انسانیت اور احترام آدمیت کا احساس جس شدت سے ملتا ہے وہ اس کے معاصرین کے کلام میں بہت ہی کم نظر آتا ہے۔ اس دنیا کے کوتاہ بین اور کم ہمت انسان پر اس کی عظمت کا راز منکشف کرنے کے لیے دارا نے جو پیرایہ بیان اختیار کیا ہے وہ نہایت اعلیٰ ہے جس کی مدد سے ہمیں فکر کی بلند پروازی، فطری عظمت، بلند عزائم اور مقصدیت کا سبق ملتا ہے۔

چیـزی کــه فـلـك بـرای آن گردان است　　　چیـزی کــه فـلك وصف آن حیران است

چیـزی کـه زمیـن چو فرش گشته بهرش　　　آن چیــز بـــه پیـــش حـضـرت انســان

ترجمہ ومفہوم: جس چیز کے لیے یہ فلک بھی سرگرداں ہے۔ وہ شے جس کی خصوصیات کو دیکھ کر فرشتے بھی حیران ہیں جس کے لیے یہ ساری زمین فرش بنی ہوئی ہے اللہ کے نزدیک وہ شے درحقیقت انسان ہی ہے۔

اس کائنات کی ہر شے انسان کی عظمت کی شاہد ہے مگر افسوس کہ انسان بذات خود اپنی حقیقت اور عظمت سے واقف نہیں ہے اور وہ اپنے تخلیق کیے جانے کے مقصد کو نہیں سمجھتا ہے دارا کا ماننا ہے کہ انسان کو اس دنیا میں صرف عبادت کے لیے پیدا نہیں کیا گیا ہے بلکہ اعلیٰ مقاصد کو پورا کرنے کے لیے یہاں لایا گیا ہے لیکن افسوس کہ خود ہمیں اس حقیقت کا احساس نہیں ہے اور یہ ہی سبب ہے کہ انسان تمام تر دنیاوی راحتوں اور لذتوں کے پریشان اور سرگرداں ہے وہ اپنی حیات کے باریک نکات کو سمجھنے کا اہل ہی نہیں ہو پا رہا ہے لہٰذا دارا کہتا ہے

مختصر یہ کہا جا سکتا ہے کہ داراشکوہ کی رباعیات کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ عظیم اور انسانی اقدار کا علم بردار شہزادہ اپنی رباعیات کے ذریعے ان روایات کو از سر نو زندہ کرتا ہے جو آج کی دنیا کی نئی چمک دمک میں ہم کہیں فراموش کرتے چلے جا رہے ہیں دارا عالم انسانیت بالخصوص اپنے ہم وطنوں کو ذہنی اور مادی کشمکش اور مذہبی منافرت اور انتشار سے نجات دلانے کی پرزور حمایت کرتا ہے، داراشکوہ کا انداز بیا اور زبان اس قدر سادہ، سلیس اور رواں ہے کہ ایک عام فہم اور معمولی پڑھا لکھا عام انسان بھی سمجھ سکتا ہے دارا کا زبان کی باریکیوں اور نزاکتوں پر عبور حاصل کیے بغیر، زبان و بیان میں ایسی دلفریبی اور رعنائی ممکن نہیں ہے اس مفکر عظیم نے حق پرستی، خدا ترسی اور ذہنی آسودگی حاصل کرنے کی جو تعلیم دی اور اللہ سے بندوں کو قریب کرنے کے جن طریقوں سے عوام کو باخبر کیا وہ یقیناً قابل ستائش ہے، داراشکوہ نے اپنی ان رباعیات کے ذریعے صلح کل اور امن عالم کا آفاقی پیغام دیا ہے اور ہندوستانی سماج کے تانے بانے کو مستحکم کرنے والے صوفیائے کرام اور

مشائخ عظام کے سرمدی پیغام کو اپنے الفاظ وانداز میں سماج کے ہر طبقے تک پہنچانیکی کامیاب کوشش کی ہے اس کی یہ رباعیات انسان کی خوشحالی وراحت، اس کی دنیاوی واخروی کامیابی، باہمی رواداری ویکجہتی اور سماجی یک جہتی وہم آہنگی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہیں جن کو صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔

ماخذ ومنابع:

۱۔ دیوان داراشکوہ، داراشکوہ بتصحیح احمد نبی حادی، طابع دین محمدی پریس، ۱۹۶۹، صفحہ نمبرک۔

۲۔ رباعیات داراشکوہ، سلطان محمد داراشکوہ، مترجم عادل اسیر دہلوی، مطبع انیس آفسیٹ پریس، نئی دہلی، ۲۰۱۱، صفحہ نمبر ۱۱۔

۳۔ بحوالہ دیوان داراشکوہ، محمد داراشکوہ بتصحیح احمد نبی حادی، طابع دین محمدی پریس، ۱۹۶۹، صفحہ نمبرک۔

۴۔ رباعیات داراشکوہ، سلطان محمد داراشکوہ، مترجم عادل اسیر دہلوی، مطبع انیس آفسیٹ پریس، نئی دہلی، ۲۰۱۱، صفحہ نمبر ۱۷۔

☆☆☆

ڈاکٹر محمد قیصر

سیمین دانشور کے افسانوں کا اجمالی جائزہ

سیمین دانشور ایک اہم اور معروف ایرانی مصنفہ ہیں، جو بیسویں صدی کی فکشن نگاری میں اپنی منفرد شناخت رکھتی ہیں۔ان کی تحریریں جدید ایرانی ادب میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں، اور انہوں نے اپنے فسانوں کے ذریعے نسوانی تجربات، سماجی مسائل، اور انسانی نفسیات کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی تحریروں میں تنوع اور رنگارنگی کا امتزاج قابل تحسین ہے۔

سیمین دانشور ۱۹۲۱ء میں شیراز میں پیدا ہوئیں۔شیراز ابتداء سے ہی فارسی شعر و ادب کا گہوارہ رہا ہے۔ان کی پرورش و پرداخت نہایت ہی علمی اور ادبی گھرانے میں ہوئی۔انہوں نے اپنے ادبی کیریئر کا آغاز تقریباً ۱۹۴۰ء کی دہائی میں کیا، جب ایران میں ادبی تحریکیں زور پکڑ رہی تھیں۔ ہر طرف ایران میں جدیدیت، ترقی پسند اور نسوانی تحریکیں ابھرتی ہوئی نظر آ رہی تھیں۔اگرچہ ایران کی ثقافت میں صدیوں سے جاری سماجی روایات اور مذہبی عقائد نے ادب پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔لیکن انہوں نے اپنی تصنیفات میں ان روایات کا سامنا کیا ہے اور کم و بیش ان روایات کو چیلنج کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

سیمین دانشور کے افسانے اکثر خواتین کے تجربات، ان کی جدوجہد، اور ان کے حقوق کے گرد گھومتے نظر آتے ہیں۔ان کی تحریروں میں عورت کی خودی، معاشرتی دباؤ، اور روایتی تصورات کے خلاف لڑائی کا ذکر ملتا ہے۔ان کے افسانے سماجی انصاف، طبقاتی فرق، اور سیاسی دباؤ جیسے موضوعات کے آئینہ دار ہیں۔ وہ ایرانی سماج کی تضادات اور تبدیلیوں کا بصیرت سے تجزیہ کرتی ہیں۔سیمین کے افسانوں میں انسانی نفسیات کے گہرے نقوش ظاہر ہوتے ہیں۔ان کے افسانوں میں کرداروں کے اندرونی تنازعات اور احساسات کی گہرائی موجود ہے۔ان کی نثر کا انداز سادہ مگر موثر ہے، جو قاری کو کہانی کی طرف کھینچتا نظر آتا ہے۔انہوں نے علامتوں، تشبیہوں کے ساتھ ساتھ خوبصورت زبان کا استعمال بھی کیا ہے، جو کہانی کو زندگی بخشنے میں مدد کرتے ہیں۔ان کے کردار عموماً پیچیدہ ہوتے ہیں، جو انسانی تجربات و احساسات کی عکاسی کرتے ہیں۔سیمین دانشور کی افسانہ نگاری نہ صرف ایرانی ادب میں ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے بلکہ وہ عالمی ادب میں بھی اپنی شناخت بنا چکی ہیں۔ان کی کہانیاں نسوانی تجربات، سماجی تبدیلیوں اور انسانی نفسیات کی عکاسی کرتی ہیں۔

”همین است که اهل علم مایوس و نومیدند، همین است که از ماده و
کلیهٔ نتایج مادی صرف نظر کرده بمعنا چسپیده اند. همین است که

SEEMIN DANISHWAR KE AFSANO KA IJMALI JAYEZA (Pg.No. 37 TO 44)
DR. MOHD. QAISER, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

این تئوری را ماخذ و ملاك قرار داده میگویند: علم باید بخاطر علم باشد، صنعت باید بخاطر صنعت انجام گیرد، نه برای حظ مادی و نه برای راه و رسم زندگی"۔۱

سیمین دانشور فارسی ادب کی پہلی خاتون افسانہ نگار ہیں۔ان کا پہلا افسانوی مجموعہ " آتش خاموش"۱۹۴۸ء میں شائع ہوا، جو کسی ایرانی خاتون کا پہلا افسانوی مجموعہ تھا۔اس کے بعد ۱۹۶۱ء میں ان کا دوسرا مجموعہ "شہری چون بہشت "اور ۱۹۸۰ء میں تیسرا مجموعہ "بہ کی سلام کنم" منظر عام پر آیا۔۱۹۹۷ء میں ان کا آخری افسانوی مجموعہ "از پرندہای مہاجر پرس" شائع ہوا۔سیمین دانشور کا مشہور ناول "سووشون"۱۹۶۹ء میں شائع ہوا، جس نے انہیں بین الاقوامی شہرت بخشی۔ان کے دیگر ناول "جزیرہ سرگردانی"۱۹۹۳ء میں اور "ساربان سرگردان"۲۰۰۱ء میں شائع ہوئے۔انہوں نے کئی اہم مغربی ادبی تخلیقات کا بھی فارسی میں ترجمہ کیا، جن میں "انتون چخوف" کی کہانیاں شامل ہیں، جنہیں "دشمنان" کے نام سے پیش کیا گیا۔ان کی ادبی خدمات نے نہ صرف فارسی ادب کو نئی جہت دی، بلکہ خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں کو بھی نمایاں کیا۔وہ ایک ایرانی خاتون ہیں جو حکومت کے ظلم وستم، مشرق ومغرب کے استحصال اور زبان وادب کے میدان میں مردوں کی بالادستی اور فوج میں والد کی وراثت کی محدودیت سے غمگین رہتے ہوئے بھی، کبھی مایوس نہیں ہوئیں۔

"من اولین زن ایرانی هستم که مجموعه ای از داستانهای کوتاه چاپ کرده است۔۔۔ هرچند عکس العمل مردم بهترین پاداش من بود تا مدتی بیشتر منتقدان مرا نادیده می گرفتند و رسانه ها که بدون اجازه حکومت آب نمی خوردند به آثار من توجه نداشتند، اما هنوز فکر می کنم که بهترین و آخرین داور مردم اند" ۲۔ص

جب ہم سیمین دانشور کے افسانوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں ایرانی معاشرے کی زندگی کی جھلک ملتی ہے۔خاص طور پر انہوں نے اپنے افسانوں میں ایرانی خواتین کی صورتحال کے مختلف پہلوؤں کو بڑی مہارت سے پیش کیا ہے۔وہ اپنے ملک کی حالت زار اور عورتوں کے پر درد مسائل سے بخوبی آگاہ تھیں، یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ان اپنے افسانوں میں ان کے احساسات اور جذبات کی عکاسی کی ہے اور ان کے معاشی وسماجی مسائل کو اپنی تخلیقات کا موضوع بنایا۔ان کی تخلیقات میں اس دور کی تہذیب، روایات، اور رسم ورواج کی بھرپور عکاسی ملتی ہے۔سیمین دانشور نے اپنے ناولوں میں ماضی کو موجودہ دور کے سوالات کے جواب میں جدید انداز میں پیش کیا ہے۔ان کے ناولوں میں عہد حاضر کے لوگوں کی نفسیات کا گہرا تجزیہ موجود ہے، اور انہوں نے یہ واضح کیا ہے کہ لوگ اپنے مفادات کے خاطر دوسروں کو کس طرح تکلیف دیتے ہیں۔

سیمین دانشور کے افسانے حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں، اور ان میں چوری، بدکاری، شادی، بیماری، موت و حیات، خیانت، منافع خوری، جہالت، غربت، اور تنہائی جیسے موضوعات شامل ہیں۔ان کی تخلیقات ۱۳۳۰ تا ۱۳۶۰ شمسی (۱۹۹۲ تا ۱۹۸۲ء) کے دوران پیش آنے والے سماجی مسائل کا احاطہ کرتی ہیں، جن کا قاری بخوبی ادراک کرتا ہے۔سیمین

دانشور روایتی متوسط طبقے اور اشرافیہ کے طرز زندگی کی تصویر کشی میں مہارت رکھتی ہیں۔ان کی تخلیقات قارئین کو مختلف طبقات سے متعارف کراتی ہیں بالخصوص ان توجہ تنہا زندگی بسر کرنے والی بوڑھی عورتوں پر ہے جن کی ساری زندگی تلاش معاش میں صرف ہوگئی اور آخری لمحات تک غربت و افلاس اور دل شکنی دوچار رہیں۔ان کی تخلیقات کا مختصر تعارف کچھ یوں ہے

آتش خاموش

سیمین دانشور نے اپنا پہلا افسانوی مجموعہ "آتش خاموش" ۱۳۲۷ش (۱۹۴۸ء) میں تالیف کیا۔ یہ افسانہ ۱۶ داستانوں پر مشتمل ہے جن کے عنوانات اس طرح ہیں: 'اشکہا'؛ 'آتش خاموش'؛ 'یادداشت ھای یک خانم آلمانی'؛ 'کلید سل'؛ 'آن شب عروسی'؛ 'شب عیدی'؛ 'گذشتہ'؛ 'کلاغ کور'؛ 'سایہ'؛ 'مردھا عوض نمیشوند'؛ 'ناشناس'؛ 'عطریاس'؛ جامہ ارغوانی'؛ 'عشق استاد دانشگاہ'؛ 'عشق پیری' اور 'یخ فروش'۔ "آتش خاموش" کے متعلق سیمین یوں رقم طراز ہیں۔

> "۱۳۲۷ش انتشار 'آتش خاموش، شامل ۱٦ داستان کوتاه۔ بعضی از
> این داستانها قبلاً در روزنامهٔ کیهان مجلهٔ بانو، امید چاپ شده بو۔ .
> آتش خاموش اولین مجموعهٔ داستانی است که زنی ایرانی به چاپ
> رساند"۔۳

"آتش خاموش" میں سیمین دانشور امریکی مصنف او۔ ہنری سے متاثر نظر آتی ہیں۔اس مجموعے میں شامل ۱۶ افسانوں میں سے ۷ افسانوں میں او۔ ہنری کا اثر واضح طور پر جھلکتا ہے، یا یوں کہا جا سکتا ہے کہ یہ کہانیاں او۔ ہنری کی تخلیقات سے متاثر ہیں۔سیمین دانشور کو اپنی طالب علمی کے زمانے میں ہی او۔ ہنری کی تحریروں سے واقفیت ہوگئی تھی، اور اسی وجہ سے وہ بنیادی موضوعات جیسے زندگی، موت، عشق و محبت، اور فداکاری پر غور کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔او۔ ہنری کے متعلق "جدال نقش با نقاش" کے مصنف یو لکھتے ہیں۔

> "مجموعه شانزده داستان کوتاه است که هفت داستان آخر کتاب به
> گفتهٔ خود نویسنده اقتباس از 'او۔ هنری' است یکی نیز اقتباس از یك
> داستان کوتاه انگلیسی"۔٤

"آتش خاموش" میں سیمین دانشور کی شخصیت استاد، ماں، اور لڑکی کی صورت میں ابھرتی ہے۔یہ کردار زمان و مکان اور طبقاتی قید سے آزاد ہیں۔اس مجموعے میں دانشور کی تخلیقی خصوصیات میں سب سے اہم پہلو معاشرتی حیثیت میں عورتوں کا مقام ہے۔فن کے اعتبار سے، اس دور میں ادیب کی "من" یعنی خودی کا کردار بھی نمایاں ہے، جس کی وجہ سے بعض اوقات شخصیتوں کی "من" پس منظر میں چلی جاتی ہے۔یہ مسئلہ کبھی کبھا ان کی کمزوری کا باعث بن جاتا ہے۔

> "اواخر تعطیل تابستان یکی از عصر های ماه شهریور، دوست من
> [م---] تمام رفقا را در خانه خود بجای دعوت کرده بود۔ منهم از
> مدعوین بودم و بنا شد باتفاق خانم [د---] در آن مهمانی دوستانه

حاضر شوم۔ بعد سه ربع ساعت انتظار، خانم [د۔۔۔] در خانۂ ما را کوبید و منکه بانتظار او دقیقه شماری میکردم بشتاب در را برویش گشودم، ولی بر جای خود خشکم زد وقتی دیدم۔۔۔ دوستان خود را مثل [هدی لامار] ساخته، چین بر چین، بوکله بر بوکله، خلاصه زلف آشفته، لب خونین کرده، مژه چسبانیده بمن سلام گفت۔۔۔۔منکه هرگز تصور چنین فاجعه یی را نمیکردم بلرزه افتادم، بزانو درآمدم و دامن اشك را رها کردم و بالتماس و بزاری زار گفتم: چرا خود را کشت؟ مگر چه شده بود"؟۵

بعد کے مجموعے "شہری چون بہشت" میں ان کا انداز زیادہ پختہ اور عوامی زبان کے قریب نظر آتا ہے، جہاں جملے مختصر اور واضح ہیں۔ ان کے کئی افسانوں میں اب بھی "من" کا احساس موجود ہے، لیکن اس مجموعے کی آخری کہانی "صورت خانہ" میں وہ اس دور کی خود پرستی سے آزاد نظر آتی ہیں۔ ان کا دوسرا فکری پہلو، جو اس وقت ابھرا ہے، وہ زمانے کی حقیقت کا ادراک ہے۔ آل احمد اور ساعدی کی طرح وہ یہ محسوس کرتی ہیں کہ قارئین کو ہمیشہ وقت کے گزرنے کی خبر دینا ضروری ہے، چاہے وہ دن ہوں، ہفتے ہوں، یا مہینے۔ ان افسانوں میں سیمین دانشور انسانی جذبات، معاشرتی مسائل، اور زندگی کی پیچیدگیوں کو پیش کرتی ہیں، اور ان کی منفرد انداز کی عکاسی کرتے ہیں۔

شہری چون بہشت:

افسانوی مجموعہ "شہری چون بہشت" کا پہلا اڈیشن ۱۳۴۰ش (۱۹۶۱ء) میں اور دوسرا اڈیشن ۱۳۵۲ش میں منظر عام پر آیا۔ یہ مجموعہ ۱۰ مختصر داستانوں پر منحصر ہے۔ ان کے عنوانات اس طرح ہیں: 'شہری چون بہشت'؛ 'عید ایرانیھا'؛ 'سرگذشت کوچہ'؛ 'بی بی شہر بانو'؛ 'زایمان'؛ 'مدل'؛ 'یک زن با مردھا'؛ 'در بازار وکیل'؛ 'مردی کہ برنگشت' اور صورتخانہ۔ اس مجموعہ میں ایرانی معاشرے میں خواتین کی زندگی کے حالات کو بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس تخلیق میں سیمین دانشور عورتوں کی مختلف خصوصیات کی طرف اشارہ نہیں کرتی، بلکہ وہ یک طرفہ نقطہ نظر اختیار کرتی ہیں، اور کسی حتمی رائے قائم کرنے سے گریز کرتی ہیں۔ انہوں نے عورتوں اور ان کی زندگیوں کو اپنے مشاہدے کے مطابق پیش کیا ہے۔

افسانہ "شہری چون بہشت" میں سیمین دانشور کا اسلوب بڑی حد تک ترقی یافتہ نظر آتا ہے۔ یہاں وہ عوامی زبان کے قریب آ گئی ہیں، جو کہ "آتش خاموش" میں استعمال ہونے والی زبان سے مختلف ہے۔ اس میں انہوں نے مختصر، سادہ اور واضح جملے استعمال کیے ہیں، اور حقیقت کی عکاسی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی ابتدائی سوچ بعض کہانیوں میں اب بھی موجود ہے، لیکن آخری کہانی میں وہ اپنی نثر کو بے ربطی سے آزاد کرنے میں کامیاب ہوتی نظر آتی ہیں۔ اس مرحلے پر ان کی سوچ زمانے کے تصور کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔

"پاهاموحنا بستن۔ خنك شدم۔ با نورالصبا سوار درشکه شدیم۔ مردا با

کلاپوسی۔ سر چاپ فتح الایا له۔خیار تازه برام کند۔خنك، خنك، خنك۔ چقدر دل و اندرون آدم خنك۔۔۔جامو تر و تمیز کرد۔ گفت میره حموم۔ رفته حموم۔۔۔بچۂ خودم چونه مو می بنده۔۔۔من می ترسیدم چونشو ببندم۔دهنش دیگه کج کج کج شده بود۔ سیاھا کوھا رو ساختن۔ زیر کوھا یه شهر یه مث بهشت میریم دیگه۔آب خنك خنك خنك۔۔۔"۔٦

آل احمد اور سعیدی کی طرح، وہ قارئین کو وقت کے گزرنے کی اہمیت کو محسوس کراتی ہیں، جیسا کہ افسانہ "تصادف" میں شوہر اور بیوی کے درمیان کار کی خریداری پر ہونے والے مناقشہ کی طوالت کو بیان کیا گیا ہے۔

"شہری چون بہشت" میں سیمین دانشور نے اپنے قلم کی سای طاقت ایرانی سماج میں خواتین کے حالات کو پیش کرنے پر صرف کر دیا ہے۔ وہ عورتوں کے عام کردار پر زیادہ انحصار کرنے کے بجائے ایک غیر جانبدارانہ نقطہ نظر اختیار کرتی ہیں اور ان کے بارے میں کوئی قطعی رائے قائم کرنے سے گریز کرتی ہیں۔ ان کے کردار خود اپنے حالات اور جذبات کو بیان کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

سیمین دانشور اس بات میں بھی کامیاب ہیں کہ اپنے کرداروں کے لیے فرضی اور حقیقی دنیا کی تخلیق کریں۔ "بی بی شہر بانو" میں، وہ اپنے کردار کی حقیقی زندگی کی عکاسی کرتی ہیں، جو اس زندگی کے برعکس ہے جس کی انہوں نے خواہش کی تھی۔ شاہ کے کردار اور لڑکیوں کے ساتھ اس کے خفیہ عشق کو نہایت لطیف مگر دور رس انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ ایک لڑکی کی جہالت اور سوسائٹی میں اس کی حیثیت کی تصویر کشی کرتے ہوئے، سیمین دانشور اپنی تمام سابقہ کہانیوں کو پیچھے چھوڑتی نظر آتی ہیں۔

"و جوانك مریم را بغل زد و به یك چشم بهم زدن او را آن طرف نهر زیر درخت نخل بزرگی گذاشت۔ اما خودش نا پدید شد۔ بوی خوشش به تن مریم مانده بود۔ بوی تربت می داد۔ زیر بغل مریم آنجا که جوانك دست گذاشته بود مور مور می کرد۔ مریم حالی به حالی می شد۔ ماشاء الله۔ چه جوان خوش قد و قواره ای بود۔ چه شانه های پهنی داشت و پشت لبش سبز سبز بود"۔۷

جب "شہری چون بہشت" شائع ہوا اس وقت سیمین دانشور اپنے شوہر جلال آل احمد کے زیر سایہ تھیں، جو تہران کی ادبی سوسائٹی میں ایک ابھرتی ہوئی شخصیت تھے۔ حسن عابدینی اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: سیمین دانشور نے اپنے دوسرے مجموعہ افسانہ 'شہری چون بہشت' (۱۳۴۰ش) میں کودکانہ نقطہ نظر سے کہانیاں لکھی ہیں۔ شہری چون بہشت کی کہانی کو روایتی خاندان کا ایک بچہ بیان کرتا ہے۔ اس کہانی میں دانشور نے حقیقت اور خواب کو باہم مربوط اور ہم کچے آہنگ کر کے ایک خوبصورت تخلیق پیش کی ہے۔ دورہ سیاہ کی رویائی ذہنیت جس کا سرچشمہ زندگی میں شکست ہے راوی داستان کی مایوسی اور

ڈپریشن سے ہم آہنگی کا اظہار کرتی ہے۔

سیمین دانشور نے اپنے افسانوی مجموعہ "شہری چون بہشت" میں غریب اور پسماندہ طبقے کے لوگوں کے لیے اپنے بچپن کے وعدے کو نبھانے کی کوشش کی ہے۔انہوں نے کئی پہلوؤں سے ایران میں فکشن نویسی کے مخصوص اصولوں کی پیروی کی ہے، جو سماجی تنقید سے وابستہ ہیں۔اس مجموعے کی کہانیاں کردار سازی اور اسلوب بیان کا بہترین نمونہ ہیں، جو انہوں نے بعد میں اپنے ناول "سووشون" میں بھی پیش کیا ہے۔مثال کے طور پر، وہ اپنی کہانیوں کو مقامی رسم و رواج سے مزین کرتی ہیں، جس میں کچھ دیگر افسانہ نگار بھی شامل ہیں۔مزید برآں، وہ خواتین کے مسائل اور ان کی اندازِ فکر پر اپنی کہانیوں میں بڑی اہمیت کے ساتھ روشنی ڈالتی ہیں۔یہ کہانیاں نہایت دلچسپ پیرایہ اور جذباتی انداز میں بیان کی گئی ہیں، جو حساسیت سے بھرپور ہیں۔

به کی سلام کنم؟:

۱۳۵۹ش (۱۹۸۰ء) میں انہوں نے "بہ کی سلام کنم" کے عنوان سے ایک مجموعہ پیش کیا جس کے عنوانات اس طرح ہیں:'تیلہ شکستۃ'؛'تصدف'؛'بہ کی سلام کنم؟'؛'چشم خفتۃ'؛'مار و مرد'؛'انیس'؛'درد ھمہ جا ھست'؛'یک سر و یک بالین'؛'کیدالخائنین' اور 'سوترا' جس کے ذریعے انہوں نے خود کو ایک ماہر فکشن نگار کی حیثیت سے متعارف کرایا۔اس مجموعے میں سیمین دانشور اپنی پچھلی خصوصیات کو مزید وسعت دیتی ہیں، اور کرداروں اور موضوعات کے انتخاب میں ان کا تنوع ایرانی سماج کی کثیر جہتی نوعیت کے بارے میں ان کی گہری آگاہی کو واضح کرتا ہے۔وہ مختلف سماجی طبقوں کی پسندیدہ گفتگو، طرز زندگی، امنگوں، خیالات اور ذہنیت کو اپنی تحریروں میں اجاگر کرتی ہیں۔ان کے ہمہ جہتی کردار اپنے وقت اور مقام کی عکاسی کرتے ہیں، جو ایرانی ثقافت کے متنوع پہلوؤں کو پیش کرتے ہیں۔ان کی تحریریں بالخصوص سماج کی حقیقی تصویر پیش کرتے ہو نظر آتی ہیں۔سیمین دانشور کے افسانے خواب و خیال کے بجائے حقیقت کو بیان کرتے ہیں۔انہوں نے اپنی کہانیوں میں، بچوں کی چوری، زنا کاری، مکاری، شادی، بچوں کی پیدائش، بیماری، موت، غداری، منافع خوری، جہالت، غفلت، غربت، اور تنہائی جیسے اہم مسائل کو موضوع بنایا ہے، جو ۱۹۶۰ء سے ۱۹۷۰ء کی دہائی کے دوران منظر عام پر آئے۔ یہ مسائل قارئین پر فوری اثر ڈالنے کی خصوصیت رکھتے ہیں۔

> شیر تمام شده بود، نه شیر شیشه بود و نه شیر پاکتی و نه شیر معمولی۔ خراب بشوی تهران،روی ناکسها و نا مردها و اخته ها خراب نشوی، با آن زمستانهای سخت و سرد و تابستانهای گرم خشك، نه رود خانه ای، نه دار و درختی، نه جوی آبی۔ به قول خانم مدیر مثل یك لکه جوهر روی کاغذ آب خشك کن پهن شده۔ همه جا دویده، مثل خرچنگ به اطراف دست انداخته، ای شهر خرچنگ قورباغه ای خراب بشوی"۔۸

ازپرندہ های مہاجر بپرس

یہ افسانوی مجموعہ ''از پرندہ ھای مہاجر بپرس'' ۱۳۷۶ش (۱۹۹۷ء) میں شایع ہوا۔ اس مجموعہ میں کل ۱۷ کہانیاں شامل ہیں جن کے نام: 'از پرندہ ھای مہاجر بپرس' یہ ایک عورت کی کہانی ہے جو اپنی شناخت اور آزادی کی تلاش میں ہے؛ 'بوی پیراھن' یہ محبت اور جدائی کی داستان ہے؛ 'عروسک ھای من' یہ ایک عورت کی کہانی ہے جو اپنی زندگی کے معنی اور مقصد کی تلاش میں ہے؛ 'گیسوھای بلورین' یہ ایک عورت کی کہانی ہے جو آزادی اور خودمختاری کی تلاش میں ہے؛ 'خانہ ای برای یک تنہا' یہ اس عورت کی داستان ہے جو گھر اور خاندان کی تلاش میں ہے؛ 'شبی در مہمان خانہ یہ اس عورت کی کہانی ہے جو گیسٹ ہاوس میں رہتی ہے؛ 'دختر دایی جان' یہ داستان خاندانی تعلقات پر مبنی ہے؛ 'مرغابی ھای وحشی یہ ایک عورت داستان ہے جو آزادی اور خودامختاری کی خواہاں ہے؛ 'خاطرہ ای برای بعد از مرگ' یہ داستان ایک عورت کی یادوں کی عکاسی ہے؛ 'مردی در آئینہ اس شخص کی کہانی ہے جو اپنی شناخت تلاش کر رہا ہے؛ 'زنان در بہشت' یہ معاشرے میں خواتین کی داستان؛ 'دختران آفتاب' ان لڑکیوں کی داستان ہے جو آزادی اور خودمختاری کی تلاش میں ہیں؛ 'شب ھای بی ستارہ' اس عورت کی کہانی ہے جو اپنی زندگی کے معنی اور مقصد کی تلاش میں ہے؛ 'بدرود، ای پاییز' یہ جدائی پر مبنی داستان ہے؛ 'عیدانہ ھای من' یہ داستان ایک عورت کی یادوں روداد ہے؛ 'خاطرہ ای از یک روز' یہ بھی ایک عورت کے یادوں پر مبنی ہے؛ اور 'مردی کہ بہ دنبال خورشیدی رفت' یہ ایک ایسے شخص داستان ہے جو امید اور مستقبل کا متلاشی ہے۔

اس مجموعے کی کہانیوں میں سیمین دانشور کی خصوصی زبان اور ادبی اسلوب کا کرتے ہوئے کرداروں کے جذبات اور خیالات کو بیان کیا گیا ہے اور ایرانی معاشرے میں سماجی اور ثقافتی مسائل کو تلاش کیا گیا ہے۔ ایرانی معاشرے میں خواتین کے لئے صنفی کردار اور سماجی پابندیوں پر تنقید ہے۔ زندگی کے نفسیاتی اور فلسفیانہ مسائل کی چھان بین کرتا ہے۔ اپنی زبان اور اسلوب سے وہ کرداروں کے احساسات اور خیالات کو بیان کرتا ہے۔ سیمین دانشور کی کہانیوں کا مجموعہ ''از پرندہ ھای مہاجر پرس'' ایک شاندار ادبی تصنیف ہے جو ایرانی معاشرے میں سماجی اور ثقافتی مسائل کا اپنی زبان اور انداز سے جائزہ لیتی ہیں۔

> معلم هندسه سر کلاس می گفت: دو خط موازی بهم نمی رسند مگر خدا بخواهد۔ گفتم خدا به اضافه بینهایت است و در خط موازی بینهایت دور بهم می رسند۔ خانم هندسه گفت: آفرین۔ افزودم: گرد بودن کرۂ زمین هم کمك می کند۔۔۔فرمولش رانوشتم: خدا مساویست با به اضافۂ بینهایت (= +) و شیطان مساویست با منهای بینهایت (= −) خانم هندسه هم آمد پای تخته۔ آه کشید: تنها یکی است کی یگانگی بر او اوفتد و بدو نامزد شود“۔۹

الغرض سیمیں دانشور جدید فارسی ادب کی خواتین فکشن نگاروں میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔ انھوں نے فکشن کے میدان میں اس وقت قدم رکھا جب ایران میں یہ بات معمول کے خلاف سمجھی جاتی تھی کہ کوئی خاتون افسانہ یا ناول لکھ کر

چھپوائے۔ وہ پہلی ایرانی خاتون تھیں جنھوں نے خواتین کے لیے فکشن کے میدان کی راہ ہموار کی۔ یہ ان کی بلند فکر اور دوراندیش نگاہوں کا ہی نتیجہ تھا کہ اپنے سماج میں عورتوں کی حالت زار کو بھانپنے اور سمجھنے میں ذرا بھی تاخیر نہ کرتے ہوئے فکشن نگاری کو اپنا آلہ کار بنا کر عورتوں کے سماجی، سیاسی، اقتصادی، تعلیمی اور نفسیاتی حقوق دلوانے کے لیے میدان عمل میں اتر پڑیں۔افسانوں کے علاوہ ان کا ناول 'سووشون' بھی ان کی اصلاحی کاوشوں کا ایک بہترین ماحصل ہے اور ایک ایسا ادبی شاہکار ہے جس میں ایک طرف فنی رعایت اور ادبی حسن وکمال کی جلوہ نمائی پائی جاتی ہے تو دوسری جانب ایسے حساس ترین سماجی اور سیاسی پہلوؤں اور مسائل کو پیش کیا گیا ہے کہ قاری نہ صرف فنی وادبی رعنائیوں سے لطف اندوز ہوتا ہے بلکہ سماج کی مخفی حقیقتوں اور پوشیدہ سچائیوں سے بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ روبرو ہوتا ہے۔ یہ غیر معمولی فنی اور اصلاحی امتزاج 'سیمین دانشور' کو ایک جامع ترین فن کار کی حیثیت عطا کرتا ہے۔

منابع:

۱۔سیمین دانشور، آتش خاموش، کتابفروشی وچاپخانہ علی اکبر علمی، ارد بہشت ماہ ۱۳۲۷ش، ص۱۰

۲۔ایضاً

۳۔ھوشنگ گلشیری، جدال نقش با نقاش در آثار سیمین دانشور، انتشارات نیلوفر، ۱۳۷۶ش، ص ۱۵۵

۴۔ھوشنگ گلشیری، جدال نقش با نقاش در آثار سیمین دانشور، انتشارات نیلوفر، ۱۳۷۶ش، ص۱۶

۵۔سیمین دانشور، آتش خاموش، کتابفروشی وچاپخانہ علی اکبر علمی، ارد بہشت ماہ ۱۳۲۷ش، ص ۵۵۔۵۶

۶۔سیمین دانشور، شہری چون بہشت، شوکت سہامی انتشارات خوارزمی تہران، ۱۳۶۱ش، ص ۲۹

۷۔سیمین دانشور، شہری چون بہشت، شوکت سہامی انتشارات خوارزمی تہران، ۱۳۶۱ش، ص ۱۷

۸۔سیمین دانشور، بہ سلام کنم؟، شوکت سہامی انتشارات خوارزمی تہران، ۱۳۸۰ش، ص ۷۶۔۷۷

۹۔سیمین دانشور، از پرندہ ھای مہاجر بپرس، نشر کانون باھمکاری نشر نو تہران، ۱۳۷۶ش، ص ۱۱۱۔۱۱۲

☆☆☆

ڈاکٹر قمر حیدر

حزین لاہیجی؛ شعر اور عشق

ہندوستان اسلامی عہد میں علم و حکمت، شعر و شعور اور فکر و نظر کا ایسا گہوارہ تھا جس تک رسائی کا خواب قرون وسطی کے ایران میں بسنے والے ہر اہل علم اور صاحب ذوق شاعر نے دیکھا۔ بہت سے شعراء، علماء اور افاضل ہجرت کر کے اس سرزمین پہ وارد ہوئے اور اپنی علمی صلاحیت و امتیازی ہنر سے اپنا انمٹ نقش ہمیشہ کے لئے صفحۂ تاریخ پہ مرتسم کر دیا۔ تاریخ کا حافظہ اگر چہ نہایت قوی ہے لیکن اسے صرف وہ نام یاد رہ جاتے ہیں جو اپنے معاصرین میں ہر لحاظ اور ہر نوعیت سے منفرد ہوتے ہیں۔ امیر خسرو سے فیضی اور فیضی سے بیدل تک کا سفر تاریخ نے بہت سنبھال کر طے کیا ہے۔ ہجرت کا کرب جھیلنے والے بہت سے شاعر آج پردۂ گمنامی میں ہیں۔ تاریخ صرف عرفی و نظیری جیسے عبقریوں کو یاد رکھتی ہے۔ اس مہجری دور کی آخری یادگار شخصیت جو اپنے فنی کمالات، علمی تغلب اور فکری جاہ و حشم کے سبب نہ صرف نام آور ہوئی بلکہ اپنی وفات کے بعد کے دور تک فکری بحث و نقد کا ایک سلسلہ قائم کیا، وہ علی حزین لاہیجی کی شخصیت ہے۔

شیخ حزین کا مکمل نام محمد علی بن ابی طالب بن عبداللہ بن علی بن عطاء اللہ بن اسماعیل بن اسحٰق بن نورالدین بن محمد بن شہاب الدین علی بن علی بن یعقوب بن عبدالواحد بن شمس الدین محمد بن احمد بن احمد بن محمد بن جمال الدین علی بن شیخ تاج الدین ابراہیم بن روشن امیر بن بابل بن شیخ پندار الکردی سنجان ہے۔ شعر میں ''حزین'' تخلص کرتے تھے جو شیخ خلیل اللہ طالقانی نے انہیں دیا تھا۔

(Shaik Mohammad Ali Hazin: By Sarfaraz Khan Khatak P 3-5)

شیخ علی حزین، ایران کے مشہور علماء اور افاضل روزگار خانوادے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ۲۷/ ربیع الثانی ۱۱۰۳ھ اصفہان میں پیدا ہوئے۔ چوں کہ والد بزرگوار اہل علم تھے لہذا انہوں نے ملا شاہ محمد شیرازی کے پاس لے جا کر حزین کی رسم بسم اللہ ادا کرائی۔ (سفرنامۂ حزین، صفحہ ۷) علمی ماحول نے ان کے بہت جلد علم دوستی کی جوت جگا دی۔ تحصیل میں شغف ان کی زندگی کا محبوب مشغلہ بن چکا تھا۔ کم عمری ہی میں انہوں نے مروجہ علوم اور متداولہ فنون میں دست رسی پیدا کر لی۔ خود ان کے والد بزرگوار نے انہیں شرح تجرید، زبدۃ الاصول، تشریح الافلاک اور علم ہیئت کی کتابیں پڑھائیں۔ حزین نے اپنے تذکرۃ المعاصرین میں اپنے اساتذہ منجملہ ملا محمد شیرازی، مولانا ملک حسین قاری اصفہانی، شیخ خلیل اللہ طالقانی، شیخ بہاء الدین گیلانی، شیخ ابراہیم، میرزا کمال الدین حسینی فسائی، مولانا حاجی محمد طاہر، حکیم محمد مسیحائی، آخوند مسیحائی، شیخ عنایت اللہ گیلانی، امیر سید حسن طالقانی، مولانا لطف اللہ شیرازی، مولانا محمد باقر اور اپنے پدر عزیز شیخ ابو طالب کا تذکرہ لکھا ہے۔

HAZEEN LAHIJI: SHER AUR ISHQ (Pg.No. 45 TO 53)
DR. QAMAR HAIDER, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, JAWAHAR LAL NEHRU UNIVERSITY, NEW DELHI

حزین نے اپنے بیشتر اساتذہ کے کلام بھی نقل کئے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ جس ماحول کے تربیت یافتہ تھے وہ صرف علمی امتیازات سے لبریز نہ تھا بلکہ ادبی اور شعری رجحان سے بھی سرشار تھا۔ایسی صورت حال میں اپنے والد کی سختی کے باوجود، شعرگوئی کی طرف ان کا التفات وتمائل بے وجہ نہیں۔حزین خود لکھتے ہیں:

"چون طبیعت موزون بود از شعر لذتی عظیم می یافتم و به گفتن میل می شد و مدتی مخفی بود۔ چون استاد مطلع شد مرا از آن منع نمودی و والد مرحوم نیز مبالغه در ترک آن داشتی و مرا صرف طبیعت یکباره از آن ممکن نبود۔ چیزی که وارد خاطر می شد، می نوشتم و پنهان می داشتم"

(تاریخ وسفرنامۂ حزین، صفحہ۱۵۲)

استاد کی ممانعت اور والد گرامی کی سخت نکیر، حزین کے تمائل شعری پہ غالب نہ آسکی چنانچہ وہ دل میں خطور کرنے والے احساسات کوشعری زبان دیتے رہے البتہ حفظ مراتب کے خوف سے اس ذوق کا اعلانیہ اقرارنہیں کیا۔مگران کے اساتذہ میں ایک استاذ شیخ خلیل اللہ طالقانی کوان کے شعری مذاق کا علم ہو چکا تھا وہ ان کی ہمت افزائی کرتے تھے۔لیکن ایک دن ایسا واقعہ رونپذیر ہوگیا جس کے بعدان کے والدگرامی نے بھی نہ صرف حوصلہ افزائی کی بلکہ اپنا قلم دان تک انہیں تفویض کردیا۔حزین نے مذکورہ واقعہ کو یوں نقل کیا ہے۔

"روزی در منزل والد علامه، مجمعی از مستعدان منعقد بود مرا هم در آن مجلس طلبیدند واز هر جا سخنان درمیان بود یکی از حاضران، این بیت ملا محتشم کاشی را برخواند:

ای قامت بلند قدان در کمند تو
رعنائی آفریدۂ قد بلند تو

و بعضی از حضار، تحسین بلیغ نموده، والد مرحوم فرمود که دیوان ملا محتشم به نظر من در آمده ، شاعری به آن استاد است اما کلامش بی نمك است و آن مقدار از حلاوت که تدارك بی نمکی کند، ندارد و با آن که نمك در سخن شاید که گلو سوز تر باشد از حلاوت، چنان که از همین مطلع بلند او، این معنی مستنبط تواند شددیگر تنها مصرع آخر، درست افتاده، مصرع اوّل به طبع مانوس نمی شود۔ چه قامت را در کمند افتاده گفتن یا سلیقۂ راست نیست اگر لفظ قامت نبودی و گفتی ای که بلند قدان درکمند تواند۔ این کلام پسندیده بودی۔ حاضران

تصدیق نمودند۔ پس متوجه من شده فرمود، می دانم که از شاعری هنوز باز نیآمده ای۔ اگر توانی در این غزل بیتی گفت، بگو، همان لحظه مرا مطلعی به خاطر رسید و چون نظر ایشان باز به من افتاد، دریافتند که چیزی به خاطرم رسیده فرمود که اگر گفتی بخوان و حجاب مکن۔ این مطلع برخواندم:

صید از حرم کشد خم جعد بلند تو
فریاد از تطاول مشکین کمند تو

حاضر ان از جا در آمدند و آفرین ها گفتند تا ایشان در تحسین بودند، مرابیت دیگر به خاطر رسیده بر خواندم:

شد رشك طور ز آمدنت کوی عاشقان
بنشین که باد خردهٔ جانها پسند تو

(مصدر سابق، صفحہ ۱۵۷)

حضار حزین کی فکری پرواز سے متحیر رہ گئے۔ تحسین کی گئی خود ان کے والد نے بھی بہت تعریف کی انہوں نے غزل مکمل کی۔ یہ وہ برجستگی اور اقتدار تھا جو آغاز امر ہی میں انہیں حاصل ہو گیا تھا۔ سن شعور تک سیر جہاں کا عزم کیا۔ احباب کے ساتھ شیراز گئے۔ وہاں سے بیضا، بیضا سے اردکان پھر وہاں سے شیراز اور شیراز سے خسا گئے۔ یہیں پہ شیخ سلام اللہ شورستانی سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات حزین کے زندگی میں بہت اثر انداز رہی۔ اس کے بعد طبیعت میں عرفان وتصوف کی طرف رجحان پیدا ہوا۔ حزین وہاں سے کازرون اور کازرون سے شورستان وشہر خرم، داراب اور لار گئے۔ بندر عباس سے ایک جہاز کے ذریعہ سفر حج کا ارادہ کیا لیکن خرابی موسم کے سبب یہ سفر ممکن نہیں ہو سکا (سفرنامۂ حزین، صفحہ ۳۲)

بہر حال کسی طرح عمان اور مسقط پہنچے، بحرین ہوتے ہوئے واپس شیراز لوٹ گئے البتہ بعد میں انہوں نے حج کے فریضہ کو مکمل کیا۔

حزین ۱۱۴۲ھ ہجری کو ہندوستان کے صوبۂ سندھ میں ٹھٹھ پہنچے۔ یہ سفر دیگر فارسی شعراء کی طرح اگرچہ کسی جاہ طلبی کی خاطر نہ تھا۔ بلکہ ایران میں موجود سیاسی ہلچل نے ترک وطن اور عزم سفر پہ مجبور کیا تھا۔ حزین لاہور میں تھے جب انہیں نادر شاہ درانی کے حملے کی خبر ملی۔ جب وہ دہلی پہنچے تو وہاں پہ بھی محمد شاہ کی پست ہمتی اور اسکے وزرا کی غفلت کے سبب، نادر شاہ نے حملہ کر دیا تھا۔ اس دوران، حزین اپنے دوست اور تذکرۂ ریاض الشعراء کے مولف والہ داغستانی کے یہاں مقیم تھے۔ بقول والہ:

"حضرت شیخ لا بد به دهلی تشریف آورده در کلبهٔ این ذرهٔ ناچیز مخفی ماند و کوکب اقبال شاهی از شاه جهان آباد مراجعت به ایران نمود"

(ریاض الشعراء، صفحہ ۱۰۵)

حزین ہندوستان کیوں آئے؟ اس کے اسباب وعلل کیا تھے؟ اس سلسلے میں محققین نے بہت سے تاریخی مسائل و حقائق پیش کئے ہیں لیکن ان میں سب سے اہم وجہ مہاجرت، یکسوئی کی تلاش تھی جو انہیں ہندوستان لائی تھی۔ اور شاید یہی وجہ تھی کہ وہ دہلی میں کسی سے ملنے میں دلچسپی نہیں رکھتے تھے۔ حالانکہ دہلی کے حکمراں طبقے کے افراد نہایت احترام وخضوع سے ملاقات کرتے تھے۔ یہ یکسوئی، گوشہ نشینی اور عزت پسندی تھی کہ انہوں نے محمد شاہ سے ملنے والی وزارت کو ٹھکرا دیا تھا۔ منشی غلام حسین خان طباطبائی نے لکھا ہے:

> "محمد شاه به وساطت عمدة الملك و دیگر مقربان دولت خواه پیغام داده مسئالت نمود که حزین متعهد امضاء امور وزارت گشته رونق افزای سلطنت او شود امّا چون سر فرود آوردند به دنیا نیك و عار آن نقاوهٔ اخیار بود، راضی نشد"

(سیر المتاخرین، صفحہ ۶۱۹)

دہلی کے بعد ایک بار پھر سفر مقدر ٹھہرا اور حزین نے ایک بار پھر سے سفر حج کا آغاز کیا۔ اس سلسلے میں حزین نے عظیم آباد میں قیام کیا۔ اس کے بعد بنارس چلے گئے۔ اور یہیں پہ مستقل قیام کیا۔ پروفیسر شمیم اختر نے تاریخ بنارس تصنیف سید مظہر حسن کے حوالے سے لکھا ہے کہ

> ''مشہور یہ ہے کہ حزین نے خواب میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ حزین کو فرما رہے ہیں کہ تم یہیں رہ جاؤ۔ حزین مسلکا تو شیعہ تھے ہی انہوں نے حضرت امام حسین کے اس فرمان کا خود کو پابند قرار دے دیا۔ چنانچہ ایران سے ان کے کسی دوست نے ان کے وطن واپس ہونے کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب میں لکھا:

از بنارس نروم معبد عام است اینجا — هر برهمن پسر لچهمن و رام است اینجا

(شیخ علی حزین: حیات وکارنامے، صفحہ ۱۶۴)

وہ تقریباً ۳۴ سال ہندوستان میں قیام پذیر رہے اور چار تیموری بادشاہوں کا دور اقتدار دیکھا محمد شاہ کے زمانۂ سلطنت میں وارد ہوئے تھے۔ اس کے بعد احمد شاہ، عالمگیر دوم اور جلال الدین شاہ عالم کے غلغلۂ اقتدار کا تجربہ کیا۔ حزین چونکہ خمول پسند تھے لہٰذا وہ بنارس میں ہی مقیم رہے اور ۱۱؍ جمادی الاول ۱۱۸۰ ہجری کی شب میں حزین نے داعی اجل کو لبیک کہا (مصدر سابق: صفحہ ۱۸۴)

حزین لاہجی اور شاعری

ملا جامی کو عمومی طور پہ ''خاتم الشعراء'' کہا جاتا ہے۔ خاص طور پر مشہور محقق اور ناقد ای۔ جی براؤن نے لکھا ہے کہ جامی

کے بعد ایران میں کوئی عالی رتبہ شاعر پیدا نہیں ہوا۔(اے لٹریری ہسٹری آف پرشیا، ج۴،ص ۲۶)

جامی کو اگر خاتم الشعراء اس معنی میں سمجھا جائے کہ وہ قدیم شاعری کا آخری تاجدار ہے تو کوئی مضائقہ نہیں لیکن اگر خاتم الشعراء کا عمومی اور حقیقی معنی مراد لیا جائے اور کہا جائے کہ جامی پہ شعری روایت کا خاتمہ ہوتا ہے۔ تو یہ بات سخت نا معقول اور غیر منطقی محسوس ہوتی ہے۔ کیونکہ صفوی عہد اور اس کے اواخر میں شاعری کے کئی صاحب اسلوب اور ممتاز شعراء نظر آتے ہیں۔ کیا عرفی شیرازی، نظیری نیشاپوری، ظہوری ترشیزی، کلیم وقدسی، سلیم و طالب آملی اور صائب تبریزی جیسے قد آور شعراء کی موجودگی میں ''جامی'' کو ''خاتم الشعراء'' قرار دیا جا سکتا ہے؟ یہ نہایت غیر عادلانہ فیصلہ اور کم نظری کا ثبوت ہوگا۔

یہ سچ ہے کہ صفوی عہد حکومت نے بعض مصالح کی بنیاد پہ شعر و مدح کی بے لگامی اور منھ روزی پہ پابندی عائد کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ

''من راضی نیستم که شعراء به مدح وثنای من، زبان بیآلایند۔

قصائد در مدح شاه ولایت پناه وائمه معصومین علیهم السلام بگویند''

اس حکم کا تاثر قائم ہوا۔ شعراء نے بے راہ مضامین کو سمیٹا اور دینی موضوعات اور مناقب و مراثی کی طرف متوجہ ہوئے لیکن شاہی حمایت کی عدم موجودگی میں غزلیہ آہنگ اپنے پورے جوش کے ساتھ شعراء کے کلام میں نظر آتا ہے۔ غزل کبھی بھی دربار کی محتاج نہ تھی۔ اسے کسی بیساکھی کی ضرورت نہیں رہی اس قالب نے احساسات کو اظہار کی زبان دی ہے۔ صفوی دور حکومت میں بھی یہ روایت پوری تر و تازگی کے ساتھ قائم تھی۔ محتشم کاشانی آج اگر چہ اپنے اکلوتے مرثیے کی بنا پہ موضوع گفتگو ہے لیکن اس کے پرواز تخیل، ندرت سخن کی امتیازانہ اپج اور ہنر مندانہ صلاحیت کو اس کے غزلیاتی ذخیرے ہی میں محسوس کیا جا سکتا ہے۔ صفوی سلطنت کا بانی شاہ اسماعیل خود شاعر تھا خطاؔ تخلص تھا۔ حزین نے ''تذکرۃ المعاصرین'' میں سو سے زائد شعراء کا ذکر لکھا ہے جن کا کلام شعری روایت میں اضافے کی حیثیت رکھتا ہے۔

ہم نے اوپر لکھا ہے کہ حزین کی تربیت ایک علمی ماحول میں ہوئی اور خود انہی کی تصریح کے بموجب آغاز شعور سے ہی ادبی ذوق اور شعری رجحانات کے حامل تھے۔ طبیعت جب فطری طور پہ شعر پسند ہوتی ہے تو شاعر کے کلام میں روانی، شستگی، صفا اور آمد شعر کی فراوانی آ ہی جاتی ہے۔ سوز و گداز بھی ایک ایسی صفت ہے جو تجربۂ طویل اور مرۃ العمر کی ریاضت کے بعد ملتی ہے۔ حزین کی شاعری ان تمام اوصاف کی حامل ہے۔ حزین کے کلام کی ان خصوصیات کی طرف خود انہوں نے توجہ دلائی ہے۔ مولانا حبیب الرحمٰن شیروانی نے اس طرح اردو ترجمانی کی ہے۔

''شاعری کے خیالی مضامین نے حقیقت کا جامہ پہنا۔ ایک زیبا شمائل پر فریفتہ ہو گئے۔ آشفتگی نے قلب و دماغ میں ایک ہنگامہ برپا کر دیا۔ رقیبوں کی کثرت نے پریشانی کو بڑھا دیا۔ ایک روز دوستوں کے ساتھ ایک باغ میں گئے۔ مولانا علی کو ہساری نے کہ اور کمالات کے ساتھ خوش آوازی و نغمہ سرائی میں ماہر روزگار تھے آدھی رات کو ساز درست کر کے یہ شعر گانا شروع کیا۔

امشب بیاتا در چمن سازیم پُر پیمانه را تو شمع و گل را داغ کن من بلبل و پروانه را

آسانی سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ یہ شعر سن کر ایک سوختہ جاں پر کیا گزری ہوگی۔حزیں نے لکھا ہے کہ میرا یہ حال تھا کہ ہزار کالبد خاکی کو سلطان روح نے خالی کر دیا۔صبح تک یہی ترانہ تھا۔تھوڑی دیر چپ ہو جاتے اور پھر یہی شعر گاتے'' (حالات حزین مع انتخاب کلام،صفحہ ۱۵)

حزیں ایک قادرالکلام شاعر کی حیثیت سے معروف ہیں۔شعر کی انواع و اقسام از جملہ قصائد،مثنویات،قطعات، رباعیات،تراکیب بند،ترجیعات اور تواریخ پہ مکمل دستگاہ تھی۔لیکن غزل،ان کی پہچان ہے۔اظہار احساسات کی حدّت، لہجے کا گداز پن اور بیان عشق کی نیرنگیاں ان کی غزلوں کا خاص موضوع رہا ہے۔قصیدہ اور دیگر اصناف میں حزین لاہیجی کی کم قدرتی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مولانا حبیب الرحمٰن شیروانی کہتے ہیں:

''حزیں کے کلام میں ہر قسم کا کلام وافر ہے۔ بآسانی کہا جا سکتا ہے کہ سوائے غزل کے اور کوئی کلام ایسا نہیں جس کی بنیاد پر شیخ کا پایۂ شاعری بلند مانا جائے۔قصیدہ اور مثنوی میں نہ متقدین کا زور کلام ہے نہ متاخرین کی سحر آفرینی و دل آویزی''

(حالات حزیں،صفحہ ۳۴)

بہر حال حزیں،عشق کی مکمل تجسیم تھے۔مضامین میں سوز اور گداز کی کیفیت ہے۔وہ خود کہتے ہیں کہ میرا خمیر،عشق سے گوندھا گیا ہے۔جب آدم کا جسد،خاک کے ذروں سے تیار ہو رہا تھا اس دن شاعر کا خمیر،عشق و محبت تھا۔

در آن روزی که کردند آبیاری خاك آدم را نمك پروردۂ شور محبت شد خمیر من

عشق،عرفانی ادب کا کلیدی اور مرکزی نکتۂ ارتکاز ہے۔حزیں کے نزدیک عشق،دیو مالائی اور عرفانی راز کا انوکھا اظہار یہ ہے۔داغ عشق اس دار فانی میں حاصل کیا ہوا سرمایہ نہیں ہے بلکہ یہ وہ لازوال بضاعت ہے جو انسان اپنی ولادت کے وقت اپنے ہمراہ لاتا ہے۔

به تمهت بو الهوس بر خویش می بندد،نمی داند که داغ عشق باشد برجگر چون لاله مادر زا

حزیں نے اپنی غزلیاتی شاعری میں عشق کی ہر جہت کو سمیٹنے کی کوشش کی ہے۔وہ درحقیقت مکتب عشق کے نمائندہ شاعر ہیں۔عشق کے جملہ لواحق جنون و اشتیاق کو حقیقی نقطۂ خلق تک رسائی کا ذریعہ سمجھتے ہیں اس راہ عشق میں عقل کی فتنہ سامانیوں سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں۔عشق حقیقی ہی اس کائنات عالم کی واحد صداقت ہے۔انسان کی تخلیق کا مقصد اسی واجب الوجود صداقت کی جستجو میں پنہاں ہے۔

امی نام تو زینت زبان ها حمد تو طراز داستان ها
مقصد توئی از سلوك عالم شوق تو دلیل کاروان ها
بگشای نقاب تا برآیند از قالب جسم تیره جان ها
خاموش حزین که بر نتابد افسانه عشق را زبان ها

عشق حقیقی حزیں کی شاعری کا جوہری جزء ہے۔عشق مجازی کو غیر معتبر شمار کرتے ہیں۔بھلا وہ عاشق جو صادق ہے

اسے مجازی عشق سے کیا نسبت۔ عشق، شہد ہوس کے ذائقہ سے ملول خاطر ہوتا ہے:

عاشق نشود شیفتۂ عشق مجازی　　از شهد هوس ذائقه عشق نفور است

اگر تلاش حقیقت اور جستجوئے وجوب میں عشق کی منزل، مجاز سے تجاوز نہ کرے تو اہل عرفان کی نگاہ میں وہ عشق نا قابل اعتبار اور ہوس کا آئینہ دار تصور کیا جاتا ہے۔ مائدہ عشق کی لذت سے وہی آشنائی رکھتا ہے جس نے اپنے نفس کو رام کر لیا ہو۔

از نـالـۀ عـاشـق چـه اثـر بوالهوسی را　　آری خبر از درد کسی نیست کسی را

هـر خیـره سـری چاشـنی درد نـدانـد　　از مـائـده عشـق چـه قسمت مگسی را

فارسی شعری تہذیب میں واردات قلب کا بیانیہ اور جذبات نگاری کا ایک اہم مقام ہے۔ عشق کی منزل میں آرزوئے وصال اور کرب ہجر وہ مقامات ہیں جو ایک سچے عاشق کی راہ میں آتے ہیں۔ حزیں نے بھی اپنی شاعری میں خواہش وصال اور درد فراق کو خاص اسلوب میں برتا ہے۔

اگـر بـه دامـن وصـل تـو دست مـانرسد　　کشیـده ایـم در آغـوش، آرزوی تـرا

جب عاشق کو راحت وصال کے لمحے میسر نہیں آتے تو خواہش قرب کو ہی حرز جاں بنا لیتے ہیں۔ حزیں نے اس مضمون کو نہایت فنی مہارت اور ہنری چابکدستی سے پیش کیا ہے کہ اگر تیرے ''دامن وصل'' تک ہمارے ہاتھ نہیں پہنچ سکتے تو ہم تیری آرزو کو ہی اپنی باہوں میں بھر لیتے ہیں۔ اس مذکورہ شعر میں جگہ پانے والے کئی ایسے لفظ ہیں جو خاص مناسبت سے استعمال ہوئے ہیں۔ دامن وصال اور آغوش آرزو کے باہمی تناسب نے پامال مضمون کو خاص رنگ دے دیا ہے۔

وصال کی آرزو، عاشق کو تلاش پہ مہمیز کرتی ہے۔ وادی عشق میں طلب ایک اہم مقام ہے۔ اعطّار نے اپنی مثنوی میں طلب کو عشق کے منازل کا اہم ترین رکن شمار کیا ہے۔ جب انسان کے دل میں طلب کا جذبہ آتا ہے۔ تو منزل مقصود کی تلاش میں وہ کئی صحراؤں کی خاک چھانتا ہے۔ وہ ہر ایک شئے سے اپنے مقصود کا راستہ پوچھتا ہے۔ اسے ہر چیز میں مقصود و مطلوب کا روشن چہرہ نظر آتا ہے۔ اس پس منظر میں حزیں کی مندرجہ ذیل غزل ملاحظہ ہو:

شـایـد کـه دهـد آگهی از بوی تو مـارا　　دیشـب سـر ره تـنگ گـرفتیم صبـا را

دیـریست کـه از دوری خـاك سر کوی　　در دیـده و دل ریـختـه ام خـار جفـا را

ایـن نـغـمه به لب بی خبر از خویش فتادم　　کـز خـاك رهـت غـالیـه ای بود صبا را

چـون بـاز بـه خـوش آمـدم از عالم مستی　　گـفتـم کـه بـگـو آن صـنـم هـوش ربـا را

گر دوری ات آتش به جهان زد دل گرمم　　بیـداد گـرا، دل شـکـنـا، طرفـه نـگـارا

سوز و شب و آسوده بود روز خوشا شمع　　قـد احـرقـنـی فـی هـجـرك لیـلا و نهـارا

مپسـنـد سیـه روز و پـریشـان دل جمعی　　یـکبـاره مـکـش از کف مـا زلف دوتـا را

الـقـصـه مـرا بی تـو دگر تاب نماند ست　　لـن اقـدر فـی هـجـرك صبـرا و قـرارا

عشق کے ایک مرحلہ کا نام ''درد'' ہے۔اس کا آغاز، درمیان اور انجام صرف اور صرف درد ہے۔ یہ درد بھی ایسا توانا اور مستحکم درد ہے جس کی تاب کوئی نہ لا سکے۔اس سلسلے میں عرفاء اور صوفیاء نے بہت سے مطالب ومفاہیم پیش کئے ہیں۔حزیں نے بھی ان مطالب کی طرف توجہ منعطف کی ہے۔وہ محض عشق کو ہی نہیں بلکہ ''حدیث عشق'' کو بھی آتشناک کہتے ہیں۔

حدیث عشق آتشناک می باشد مپرس از من تو نازک، دل نداری تاب آہ سینہ تابش را

درد عشق کو جھیلنا اور اس کو جرعہ جرعہ پینا ہی عشق کا پہلا امتحان ہے۔ جو اس سے خوفزدہ ہو جاتا ہے۔وہ دریائے عشق کو پار کر ہی نہیں سکتا۔حزیں اس درد سے نالا کناں ضرور ہیں لیکن وہ اس نعمت کے حصول کو فخریہ انداز میں پیش کرتے ہیں۔گویا ایک عاشق صادق ہے جسے اپنی سخت جانی پہ فخر ہے۔

ھزار نشتر الماس در جگر داریم سزد کہ عشق بنازد بہ سخت جانی ما

کنار و جیب دو عالم بہ دست چاك افتاد اگر ز پردہ برآید غم نھانی ما

غم اسیری خود می خوریم کآزادست ز طوق فاختگان سروِ بوستانی ما

انہیں درد آمیزیوں کی وجہ سے بہت سے عارف شعراء نے بھی عشق کو مشکل سمجھا ہے۔خود حافظ نے راہ عشق کو مشکلات کی وادی کہا ہے: کہ عشق آسان نمود اوّل ولی افتاد مشکل ہا

حزیں،عشق کو مشکلات اور درد وغم کا آمیزہ نہیں مانتے بلکہ ان کا ماننا ہے کہ عشق حلال مشکلات ہے انسان اپنی زندگی کی صعوبتوں، تکلیفوں اور مصیبتوں کو عشق کے ذریعہ ہی تحمل کر سکتا ہے۔عشق ہی زندگی جینا سکھلاتا ہے۔وہ کہتے ہیں:

محبت گر نبودی زندگانی مشکل افتادی

غم عشق تو آسان می کند دشواری ما را

پھر دوسری جگہ کہتے ہیں۔

شر مندۂ عشقیم کہ بی چارہ و تدبیر آسان کند آن کار کہ دشوار برآید

حزیں اس عشق کے احسان مند ہیں جس نے بغیر کسی تدبیر اور چارۂ کار کے زندگی کی دشواریوں کو آسان کر دیا۔ یہ وہ مرحلہ ہے جہاں، عاشق کو درد کی شدت کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔اسی فلسفۂ عشق کی تعبیر غالب دہلوی نے یوں کی ہے:

رنج کا خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے غم مشکلیں اتنی پڑی مجھ پر کہ آساں ہو گئیں

حزیں بھی اسی رنج عشق کے خوگر ہیں۔یہی وہ مقام ہے جہاں عشق میں بیداد،مہربانیاں نظر آتی ہیں اور بے توجہی و عدم التفات بھی دل پہ گراں نہیں گزرتا بلکہ تصور جاناں میں خوشگواری کا ہی احساس ہوتا ہے۔

تاعشق تو دلر باست مارا بیداد تو جانفزا است ما را

حزیں اپنی شاعری میں عاشق کو ایک ایسے مجذوب دیوانہ کی شکل میں پیش کرتے ہیں جسے درد میں احساس تلطف ہوتا ہے۔اس کے اندر فراق کے ایام میں غصہ کے بجائے دلآویزیاں اور جوش وخروش نظر آتا ہے۔وہ پروانہ وار خود کو شمع پہ نچھاور کرنا اپنا فریضہ سمجھتا ہے۔

شوریده دلی دارم دیوانه چنین باید — کز خون بشود خالی پیمانه چنین باید

عمریست که می گردم بر گرد سر شمعی — می سوزم و می سازم پروانه چنین باید

خون از مژه می آرم ای ابر تماشا کن — چشمی که شود گریان مستانه چنین باید

غلتیده دلم در خون پیش صف مژگانی — گر کشته شوی باری مردانه چنین باید

من دانم و دل کز تو در عشق چها دیدم — جانم به فدایت باد جانانه چنین باید

کتابیات:

۱- دیوان حزین، بہ تصحیح ذبیح اللہ صاحبکار، نشر سایہ، تہران، ۱۳۷۸ش

۲- کلیات حزین، شیخ محمد علی حزیں، مطبع اخبار اودھ کان پور، ۱۸۹۳ء

۳- تاریخ وسفرنامۂ حزین، بہ تصحیح علی دوانی، انتشارات مرکز استاد انقلاب اسلامی، ۱۳۷۵ ش

۴- ریاض الشعراء، والہ داغستانی، انتشارات اساطیر، تہران، ۱۳۸۴ ش

۵- سیر المتاخرین، منشی غلام حسین طباطبائی، نول کشور پریس، ۱۳۸۲ھ

۶- شیخ علی حزیں: حیات وکارنامے، پروفیسر شمیم اختر، ناردن آفسیٹ پریس، لکھنؤ، ۲۰۰۳ء

۷- حالات حزین مع انتخاب کلام، حبیب الرحمٰن شیروانی، مطبع مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، ۱۹۳۰ء

8- Shaikh Ali Hazin: By Sarfaraz Khan Khatak

9- A Literary History of Persia, E.G. Browne, Cambridge, 1959

☆☆☆

ڈاکٹر رحمت اللہ

ذکر کے روحانی فائدے

ذکر عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معانی یاد کرنا، یاد تازہ کرنا، کسی شئے کو بار بار ذہن میں لانا، کسی چیز کو دہرانا اور دل و زبان سے یاد کرنا ہیں۔ ذکر الٰہی یادِ الٰہی سے عبارت ہے ذکر الٰہی کا مفہوم یہ ہے کہ بندہ ہر وقت اور ہر حالت مس اٹھتے بیٹھتے اور لیٹتے اپنے معبود حقیقی کو یاد رکھے اور اس کی یاد سے کبھی غافل نہ ہو۔

صوفیہ کی اصطلاح میں ذکر اللہ کی حمد و ثنا خاص طور پر سانس لیتے ہوئے جسم کو ایک انداز سے حرکت دیتے ہوئے معینہ کلمات کو معینہ طریقے کے ساتھ بار بار بآ زواز بلند یا دل میں دہرانے کا نام ہے۔(۱)

موجودہ دور اہلِ ایمان کے لیے آزمائشوں اور فتنوں سے بھرا ہوا ہے۔ ہر طرف بے سکونی، پریشانی اور تاریکی کا منظر ہے۔ لوگ گھروں، بازاروں اور سڑکوں پر مضطرب نظر آتے ہیں۔ ہر شخص کے دل میں اک سوال ہے: "آگے کیا ہوگا؟" ہم دیکھتے ہیں کہ مختلف طبقے اپنے اپنے انداز میں مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ منصفانہ انتخابات ہی کامیابی کی کنجی ہے، تو کوئی کرپٹ حکمرانوں کو مسئلے کی جڑ قرار دیتا ہے۔ کوئی جاگیرداروں، سرمایہ داروں اور افسر شاہی کو موردِ الزام ٹھہراتا ہے، اور کوئی جمہوریت کے نعرے بلند کرتا ہے۔ میڈیا بھی دن رات مسائل پر بحث و مباحثہ کرتا ہے، لیکن کوئی ایسا حل نظر نہیں آتا جو دلوں کو سکون دے اور قوموں کو بحران سے نکال سکے۔ قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے کہ انسانی قلب کا سکون و آرام اللہ کی یاد میں ہے، پروردگار عالم کے ذکر سے اضطرار کو قرار ملتا ہے، بے سکونی کا احساس ختم ہوتا ہے، ظلمتوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ہم بیماریوں کا ذکر تو کرتے ہیں، مگر اس کے علاج کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ ہم لفظی اور زبانی کلامی باتوں پر تو یقین رکھتے ہیں، مگر قرآن و حدیث کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے سے کتراتے ہیں۔ اللہ رب کریم ارشاد فرماتے ہیں:

> ''بھلا وہ کون ہے کہ جب کوئی بے قرار اُسے پکارتا ہے تو وہ اس کی دعا قبول کرتا ہے اور تکلیف دور کر دیتا ہے اور جو تمہیں زمین کا خلیفہ بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ نہیں! بلکہ تم بہت کم نصیحت قبول کرتے ہو۔'' (۲)

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں: ''لوگوں کی بھی عجیب حالت ہے، چاہتے یہ ہیں کہ کرنا تو کچھ پڑے نہیں اور کام سب ہو جائیں۔ بعض شب و روز اس انتظار میں رہتے ہیں کہ فلاں کام سے فارغ ہو جائیں، فلاں مقدمے سے نمٹ لیں، فلاں کی شادی سے فارغ ہو جائیں، تب خدا کی یاد میں لگیں۔ چوں کہ ایسی فراغت میسر نہیں ہوتی، اس لیے

ZIKR KE ROOHANI FAYEDE (Pg.No. 54 TO 60)
DR. RAHMATULLAH, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF ISLAMIC STUDIES, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

ایسا شخص کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا،محروم ہی رہتا ہے اور ایک دن موت آ کر کام تمام کر دیتی ہے۔یاس اور حسرت کی حالت میں خسران کی گٹھری سر پر رکھے ہوئے اس عالم سے رخصت ہوجاتا ہے۔کام کرنے کی صورت تو یہی ہے کہ اس آلودگی کی حالت میں خدا کی طرف متوجہ ہو جاؤ،اس کی برکت سے فراغ بھی میسر ہوجائے گا۔اور دنیا میں رہتے ہوئے کہاں فراغ؟ یہ نفس و شیطان کا ایک بڑا زبردست کید (دھوکا) ہے۔لوگ (حق تعالیٰ تک) رسائی کی تمنا تو کرتے ہیں،مگر معلوم بھی ہے کہ رسائی کے لیے کچھ شرائط بھی ہیں،جن میں پہلی شرط یہ ہے کہ تم برے ہو یا بھلے،اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ، پھر رحمتِ حق تم کو از خود جذب کرے گی۔ذرا کام میں تو لگ کر دیکھو،(حق تعالیٰ) تمہاری اس ٹوٹی پھوٹی ہوئی متاع کو کیسے قبول فرماتے ہیں''۔(۳)

انسان کی روحانی زندگی کی بقاء واصلاح کے لئے صحت عقیدہ اور صحت عمل کی اصلاح نہایت ضروری ہے۔انسان ان دونوں چیزوں کی اصلاح میں درماندہ و عاجز ہے،کیونکہ بُرے کاموں سے بچنا اور نیک کام کرنا اللہ تعالیٰ کی نصرت وہدایت کے بغیر نہیں ہوسکتا،اس لئے شریعت نے ''تعوّذ'' اور ''بسم اللہ'' کی تعلیم دی ہے اور ہمہ وقت اللہ تعالیٰ سے تعلق قائم رکھنے کے لئے ادعیہ واذکار کا ایک مستقل نظام قائم کیا جو روحانی ترقی کا نہایت موثر اور اہم ذریعہ ہے۔اسلامی عبادات کا مرکز ومحور ''ذکر اللہ'' ہے،اسلام کے ارکانِ خمسہ میں سے اہم رکن نماز ہے،قرآن نے اس کی غرض وغایت ان الفاظ میں بیان کی ہے:''وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ''(۴)۔یعنی میری یاد کے لئے نماز پڑھا کرو۔

اقامتِ صلوٰۃ کا مقصد یادِ الٰہی کو دل میں تازہ رکھنا ہے۔اسی طرح اسلام کا اہم رکن حج ہے،اُس کا آغاز ہی تکبیر وتہلیل اور تسبیح وتحمید سے ہوتا ہے۔طواف وعمرہ اذکار وادعیہ پر مشتمل ہے۔حج کا اہم رکن قیام عرفات ہے،اس میں سارا زور اذکار وادعیہ پر دیا گیا ہے،اس کے لئے میدان عرفات میں نماز میں تقدم وتاخر کیا گیا ہے،جس سے اسلام میں اس کی اہمیت ظاہر و باہر ہے۔

اسلام میں اذکار وادعیہ کے نظام کو نہایت بلند مقام حاصل ہے۔کتبِ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جن الفاظ سے دعائیں اور اذکار حدیث کی کتابوں میں منقول ہیں وہ سب الہامی اور توقیفی ہیں۔ان الفاظ سے مانگنا اجر وثواب کا موجب اور بارگاہ الٰہی میں سب سے زیادہ محبوب ومقبول ہے۔علامہ جلال الدین سیوطیؒ (۱۴۴۵۔۱۵۰۵) نے ''تدریب الراوی'' میں تصریح کی ہے کہ دعائیں توقیفی (الہامی) ہیں۔الفاظ الاذکار توقیفیۃ'(۵) اذکار اور دعاؤں کے الفاظ الہامی ہیں (یعنی انہی الفاظ میں انہیں پڑھنا چاہئے)

ذکر کے بھی درجات ہیں،جس درجہ کا ذکر ہوتا ہے،اُسی درجہ کا اطمنان ہوتا ہے،ذکر کی خاصیت ہی اطمنان قلبی ہے۔جو ذکر اللہ سے جُڑتا اور استوار ہوتا ہے،اُس کا ہر لمحہ عبادت میں گزرتا اور وہ ہر حال میں خوش رہتا ہے۔یہ اسلام کا ایسا نظریہ حیات ہے،جس کی مثال عالم کے مذاہب میں ملنی مشکل ہے۔اس نظام کی یہی سب سے بڑی خوبی ہے کہ بندہ کی زبان ہمہ وقت ذکر اللہ سے تر رہتی،دل اللہ کی یاد سے آباد اور قناعت وغنا کی دولت سے ہمیشہ سرشار رہتا ہے۔سخت سے سخت گھڑی اور کٹھن سے کٹھن منزل پر جزع وفزع،گھبراہٹ اور بے چینی نہیں ہوتی،اس کا سکون واطمنان برقرار رہتا ہے،اس لئے کہ اس کا دل اور زبان یادِ الٰہی سے معمور ہے۔اذکار وادعیہ کا اسلامی نظام اس نوع کی زندگی بناتا اور سنوارتا ہے کہ ہر لمحہ اور ہر آن

عبادت میں گزرتا اور وہ اطمنانِ قلب کی لذت سے لطف اندوز ہوتا رہتا ہے۔

نظامِ اذکار وادعیہ کے مقاصد:

نظامِ اذکار وادعیہ کی غایت یہ ہے کہ ''اللہ کا ذکر'' اللہ کی یاد اٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے، چلتے پھرتے دل ودماغ میں ایسی رچ بس جائے کہ اس کی کوئی حرکت اللہ کی یاد سے خالی نہ ہو۔ وہ کام کرے گا ''بسم اللہ'' پڑھ کر کرے گا، ہر نعمت پر اس کا شکر ادا کرے گا، ہر کوتاہی اور قصور پر اس کے آگے معافی مانگے گا، حاجت کے وقت اس کے حضور میں ہاتھ پسارے گا، ہر مشکل میں اس کو پکارے گا، ہر مصیبت میں ''اِنّ للہ'' کہے گا، کبریائی وعظمت کے موقعہ پر بے ساختہ اس کے منہ سے ''اللہ اکبر'' نکلے گا، ہر معاملہ میں اس کے آگے ہاتھ پھیلائے گا، کوئی بُری بات کان میں پڑے گی وہ ''معاذ اللہ'' اور ''نعوذ باللہ'' کہے گا، ہر نامناسب بات پر ''لاحول ولاقوۃ اِلّا باللہ'' کے الفاظ اس کی زبان پر جاری ہو جائیں گے، اٹھتے بیٹھتے ہر کام اور ہر بات پر ''الحمد اللہ''، ''سبحان اللہ''، ''ماشاء اللہ''، ''اِن شآء اللہ'' جیسے بابرکات کلمات اس کی زبان سے ادا ہوتے رہیں گے۔ یہ اللہ سے اس کی محبت وتعلق کا نہایت بین ثبوت ہوگا۔ ''ذکر اللہ'' کرنے والوں کی شان یہ ہے کہ دنیا کے معالات اور تجارت میں لگے ہوئے ہیں، پھر بھی دل اُن کے کہیں اور ہی اَٹکے ہوتے ہیں، نہ ان سے فرائض کی ادائیگی میں غفلت ہوتی ہے اور نہ وہ ادائے حقوق میں سستی کرتے ہیں۔ ان کی زبان ''بارک اللہ''، ''یرحمک اللہ''، ''یغفر اللہ''، ''رحمۃ اللہ''، ''واللہ، باللہ، اِلا باللہ'' اور اردو میں ''اللہ کی رحمت ہو''، ''اللہ ہدایت دے''، ''اللہ برکت دے''، ''اللہ صحت دے''، ''اللہ رکھے''، ''اللہ عافیت دے''، ''اللہ خیریت سے پہنچائے''، ''اللہ توفیق دے''، ''اللہ خیر کرے''، ''اللہ بخشے''، ''اللہ رحم کرے''، ''اللہ معاف کرے''، ''اللہ کی پناہ'' وغیرہ جملوں سے تر رہتی ہے۔

صوفیاء کے اورادواذکار:

صوفیاءُ کا طریقہ سلوک، اوراورادواذکار اور اشغال واعمال کا دستور العمل جو اصلاحِ اعمال واحوال کا کامیاب تجرباتی طریقہ کار ہے، اس نظام کا ایک حصّہ ہے، چنانچہ شاہ عبدالعزیز دہلویؒ آیت کریمہ: ''وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ'' (۶)۔ ''اور آپ اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو''۔ کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

ترجمہ:۔ ''یعنی آپ اپنے پروردگار کا نام ہمیشہ یاد کرتے رہیں، ہر وقت اور ہر کام میں اور ہر عبادت کے ساتھ خواہ اس کے اثناء میں ہو، اور خواہ اس کے اول وآخر میں، خواہ زبان سے ہو، خواہ لطفہ قلب سے اور خواہ روح سے اور خواہ سری ہو، خواہ خفی اور خواہ اخفیٰ، اور خواہ نفس سے ہو، خواہ دن میں ہو، خواہ رات میں، ذکر لسانی سراً ہو یا جہراً، اور چاہے پوشیدہ ہو، اور پروردگار کا نام خواہ اسمِ ذات ہو یا اسمِ اشارہ ہو، یا اسماء حُسنیٰ میں سے کسی ایک نام سے ہو، جو نام سالک کی ذات اور اس کے حال اور وقت کے زیادہ مناسب ہو، پھر اسمِ ذات یا کلمہ طیبب کے ضمن میں نفی واثبات کے ساتھ، خواہ ''سبحان اللہ''، ''الحمد اللہ''، ''اللہ اکبر'' اور ''لاحول ولاقوۃ اِلا باللہ'' کے ساتھ اور دوسرے مسنون اذکار کے ساتھ ہو، اور خواہ کیفیت ذکر یک ضربی ہو خواہ دوضربی، یا اس سے بھی زیادہ، خواہ حبسِ نفس کے ساتھ ہو یا حبسِ دم کے بغیر، برزخ کے بغیر ہو یا برزخ کے ساتھ، خواہ سہ رکنی ہو یا ہفت رکنی، خواہ شرائطِ عشرہ کے ساتھ ہو (یعنی شد، مد، تحت، فوق، محاربہ، مراقبہ، محاسبہ، مواعظ، تعظیم اور حرمت) یا ان شرائط

وغیرہ کے بغیر دوسری خصوصیات کے ساتھ ہو جو ماہرینِ اہلِ طریقت کی وضع واستنباط کی ہوئی ہیں(۷)۔قرآن کہتا ہے:''اگر تمہیں خود علم نہیں ہے تو نصیحت کا علم رکھنے والوں سے پوچھ لو۔''(۸)

شاہ عبدالعزیز مُحدّث دہلویؒ ایسے دس کلماتِ اذکار کے متعلق تفسیر''فتح العزیز'' میں رقمطراز ہیں:

''درایں جا باید دانست کہ اذکارِ عشرہ کہ تسبیح وتحمیدو تکبیروتھلیل وتوحیدوحوقل وحسبلہ وبسملہ واستعانت وتبارك است، ودر ھر شریعت صیغ مختلفہ آنھا رائج ومعمول است''۔

ترجمہ:۔''یہاں اس حقیقت کو سمجھ لینا چاہئے کہ اذکارِعشرہ (۱)''سبحان اللہ'' کہنا (۲)''الحمد اللہ'' کہنا (۳)''اللہ اکبر'' کہنا (۴)کلمہ''لا الٰہ الا اللہ'' پڑھنا (۵)''وحدہ لاشریک لہٗ'' کہنا(۶)''لاحول ولاقوۃ الا باللہ'' کہنا(۷)''حسبنا اللہ'' کہنا(۸)''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کہنا(۹)اللہ تعالیٰ سے استعانت مانگنا(۱۰)برکت مانگنا، مذکورہ بالا دس کلمات ہر شریعت میں مختلف الفاظ اور صیغوں کے ساتھ رائج اور قابلِ عمل ہیں''۔

علامہ حافظ ابن قیم الجوزی(۱۲۹۲۔۱۳۵۰) نے اپنی کتاب''الوابل الصیب من الکلم الطیب'' میں ذکر کے ۷۳ فوائد وثمرات کا ذکر کیا ہے ان میں سے کچھ میں متعدد فوائد شامل ہیں۔اس صورت میں ان کی اصل تعداد ایک سو سے زیادہ ہے، جن میں کچھ کا تذکرہ کیا جارہا ہے۔(۹)

ذکر پر اطمنانِ قلب کا الٰہی وعدہ:

اس دور میں جہاں ہر طرف سامانِ عیش وطرب کی فراوانی ہے، خوش دلی وخوش حالی کا سامان بکثرت موجود اور بآسانی دستیاب ہے، زندگی کے ہر مدان میں ترقی کی راہیں کشادہ ہیں، پھر بھی دنیا میں ہر جگہ معاشرہ گھٹن کا شکار ہے، اور اطمنا نِ قلب کی دولت کا کہیں سے سراغ نہیں ہے، اس کے حصول کے لئے اجتماعی اور انفرادی جو بھی کوشش ممکن ہے برابر جاری ہے، لیکن تمام کوششیں رائگاں وبرباد جاتی ہیں۔اس کی بنیادی وجہ اسلام کے نظامِ اذکار وادعیہ سے بے رغبتی، غفلت ودوری ہے۔دنیا میں غفلت ودوری کا یہ پردہ ہی وہ پردہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت وفرمانبرداری اور یادِ الٰہی سے دور رکھتا ہے، دین حق قبول کرنے، دعوتِ حق کو سننے سے مانع ہے، اور آخرت میں انسان کو جہنم کا ایندھن بناتا ہے۔قرآن کہتا ہے:

''اَلَّذِیۡنَ کَانَتۡ اَعۡیُنُہُمۡ فِیۡ غِطَآءٍ عَنۡ ذِکۡرِیۡ وَ کَانُوۡا لَا یَسۡتَطِیۡعُوۡنَ سَمۡعًا''۔(۱۰)

ترجمہ:۔'': جن کی آنکھوں پر (دنیا میں) میرے ذکر کی طرف سے پردہ پڑا ہوا تھا، اور جو سُننے کی صلاحیت نہیں رکھتے تھے''۔

معلوم ہوا کہ اللہ کی یاد ہی وہ بنیاد ہے جس سے بندے کا رشتہ اللہ سے جڑتا اور قائم رہتا ہے، قرآن کہتا ہے:

''اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ تَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُہُمۡ بِذِکۡرِ اللّٰہِ ؕ اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ'' (۱۱)

ترجمہ:۔''یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے ہیں، اور جن کے دِل اللہ کے ذکر سے اطمنان حاصل کرتے ہیں یاد رکھو کہ صرف اللہ کا ذکر ہی وہ چیز ہے جس سے دلوں کو اطمنان حاصل ہوتا ہے''۔

ذکر سے اللہ کی قربت کا وعدہ:

ذکر ایک ایسی عبادت ہے جو بندے کو اللہ کی قربت عطا کرتی ہے۔قرآن وحدیث میں ذکر کی بے پناہ فضیلت اور اس کے ذریعے اللہ کی قربت حاصل کرنے کے کئی پہلو بیان کئے گئے ہیں۔اللہ کی قربت کا مطلب یہ ہے کہ بندہ اللہ کی رحمت، محبت، اور مدد کو اپنی زندگی میں محسوس کرے، اور اس کے دل میں اللہ کی عظمت ومحبت جاگزیں ہو۔قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے:

"وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ"(۱۲)

"جب میرے بندے میرے بارے میں پوچھیں، تو کہہ دیں کہ میں قریب ہوں۔ میں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔" یہ آیت ذکر کرنے والے بندے کے لئے اللہ کی قربت کی گواہی دیتی ہے۔اسی طرح حدیث میں ہے کہ اللہ ذکر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"اللہ فرماتا ہے: میں، اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوں، اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے، تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ اگر وہ مجھے دل میں یاد کرے، تو میں بھی اسے دل میں یاد کرتا ہوں، اور اگر وہ مجھے کسی مجلس میں یاد کرے، تو میں اسے اس سے بہتر مجلس میں یاد کرتا ہوں۔"(۱۳)

گناہوں کی معافی اور نیکیوں بڑھتی ہیں:

ذکرِ الٰہی گناہوں کی معافی اور نیکیوں کے بڑھنے کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔قرآن وحدیث میں ذکر کے ذریعے گناہوں کی بخشش اور نیکیوں کے انعامات کا کئی بار ذکر ہوا ہے۔ ذکر انسان کے دل کو گناہوں سے پاک کرتا ہے اور اس کی روح کو اللہ کے قریب کر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ذکر کو بندے کے گناہوں کی معافی کا ایک مؤثر راستہ قرار دیا ہے۔ارشاد الٰہی ہے

"وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللَّهَ يَجِدِ اللَّهَ غَفُورًا رَحِيمًا"(۱۴)

"جو کوئی برا کام کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے، پھر اللہ سے بخشش مانگے تو وہ اللہ کو بہت معاف کرنے والا، نہایت مہربان پائے گا۔"

استغفار اور ذکر گناہوں کے بوجھ کو ہلکا کر دیتا ہے اور اللہ کی رحمت کو حاصل کرتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص 'سبحان اللہ وبحمدہ' کو دن میں ۱۰۰ مرتبہ کہتا ہے، اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں، چاہے وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔"(۱۵) یہ حدیث واضح کرتی ہے کہ ذکر چھوٹے گناہوں کو دھو دیتا ہے اور بندے کے اعمال کو پاک کر دیتا ہے۔اللہ کا ذکر نہ صرف گناہوں کو مٹاتا ہے بلکہ انسان کی نیکیوں میں بھی اضافہ کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے:

فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ"(۱۶) جو کوئی ذرے برابر بھی نیکی کرے گا، وہ اسے دیکھ لے گا۔

ذکر کے چھوٹے سے چھوٹے کلمات بھی انسان ک نیکیوں کے خزانے میں اضافہ کرتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"اللہ کے نزدیک سب سے محبوب الفاظ یہ ہیں: 'سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الہ الا اللہ، اللہ اکبر۔' ان الفاظ کو زبان سے ادا کرنے میں مشقت نہیں اور یہ نیکیوں کو کئی گنا بڑھا دیتے ہیں۔"

شیطان سے حفاظت:

شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:

"اِنَّ الشَّیْطَانَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا" (۱۷) بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے، تم بھی اسے اپنا دشمن سمجھو۔"

شیطان کا کام انسان کو گمراہ کرنا، اسے برائیوں کی طرف مائل کرنا، اور اللہ کے راستے سے ہٹانا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے انسان کو شیطان سے حفاظت کے لئے کئی راستے بتائے ہیں، جن میں سب سے اہم اللہ کا ذکر (ذکر الٰہی) ہے۔ اللہ کی یاد انسان کے لیے ایک ڈھال کا کام کرتی ہے جو شیطان کے وسوسوں اور حملوں سے بچاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ" (۱۸) "بے شک جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں، جب انہیں شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ پہنچتا ہے تو وہ اللہ کو یاد کرتے ہیں، اور فوراً انہیں بصیرت حاصل ہو جاتی ہے۔" اس آیت سے واضح ہے کہ اللہ کا ذکر انسان کو شیطان کے اثرات سے آزاد کر دیتا ہے۔ حدیث مبارکہ: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "جب انسان اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان اس سے دور بھاگ جاتا ہے۔" شیطان انسان کے دل میں وسوسے ڈالتا ہے تاکہ وہ غلط فیصلہ کرے یا گناہوں کی طرف مائل ہو جائے۔ ذکر ان وسوسوں کو ختم کر دیتا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے:

"وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ" (۱۹)

"اگر شیطان کی طرف سے تمہیں کوئی وسوسہ پہنچے تو اللہ کی پناہ مانگو، بے شک وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔"

آخرت میں کامیابی:

ذکرِ الٰہی انسان کی آخرت میں کامیابی کا ایک بنیادی ذریعہ ہے۔ قرآن و حدیث میں، ذکر کے فضائل اور اس کے ذریعے آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کے بارے میں بے شمار ارشادات موجود ہیں۔ ذکر نہ صرف دنیا میں انسان کے دل کو سکون اور روح کو تقویت بخشتا ہے بلکہ آخرت میں اس کے درجات بلند کرنے، جنت میں داخلے، اور اللہ کی رضا کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔

آخرت کی کامیابی کا مطلب اللہ کی رضا کا حصول اور جنت میں داخلہ ہے۔ ذکر کے ذریعے بندہ اللہ کی رضا حاصل کر سکتا ہے کیونکہ ذکر اللہ کی محبت کو پیدا کرتا ہے اور گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"وَالذّٰکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذّٰکِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰہُ لَھُمْ مَّغْفِرَۃً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا" (۲۰) "جو مرد اور عورتیں اللہ کا کثرت سے ذکر کرتے ہیں، اللہ نے ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔" یہ آیت واضح کرتی ہے کہ ذکر کرنے والے جنت کے انعامات اور اللہ کی مغفرت کے مستحق ہیں۔

گناہوں سے معافی آخرت میں کامیابی کی پہلی شرط ہے، اور ذکر اس کا آسان ترین راستہ ہے۔ ذکر انسان کے اعمال نامے کو نیکیوں سے بھر دیتا ہے، جو قیامت کے دن کامیابی کا سبب بنیں گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے، میزان (ترازو) میں بھاری اور اللہ کو بہت محبوب ہیں: سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم۔ (۲۱)

قیامت کے دن اعمال کا وزن کیا جائے گا، اور ذکر میزان کو بھاری کر دے گا، جو جنت میں داخلے کا ذریعہ بنے گا۔ یہ ذکر آخرت میں بلند درجات اور جنت کے انعامات کا ذریعہ بنتا ہے۔ آخر میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ ذکر کے ذریعے انسان اللہ کی رحمت، سکون اور برکتوں سے مالا مال ہوتا ہے۔ یہ دل کو روشن کرتا ہے، روح کو پاکیزہ بناتا ہے، اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا ذریعہ بنتا ہے۔ ذکر کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ایک مؤمن کی اصل پہچان ہے۔

حوالاجات:

(۱) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، دانش گاہ پنجاب، لاہور، جلد ۱۰، ص ۲۲

(۲) سورۃ النمل: ۶۲

(۳) ملفوظات حکیم الامت: ۲، ۱۰۲

(۴) سورۃ طٰہٰ: ۱۴

(۵) امام جلال الدین سیوطی، تدریب الراوی، ص ۲۰۵

(۶) سورۃ المزمل: ۸

(۷) جواہر عزیزی اردو ترجمہ تفسیر عزیزی، جلد ۳، ص ۳۴۲

(۸) سورۃ الأنبیاء: ۷

(۹) ابن قیم الجوزی، الوابل الصیب من الکلم الطیب،، دار القلم۔ لاہور، ص ۲۴

(۱۰) سورۃ الکہف: ۱۰۱

(۱۱) سورۃ الرعد: ۸۲

(۱۲) سورۃ البقرہ: ۱۸۶

(۱۳) صحیح مسلم، باب فضل الذکر والدعاء والتقرب الی اللہ تعالیٰ، حدیث نمبر ۸۶۳۲

(۱۴) سورۃ النساء: ۱۱۰

(۱۵) صحیح بخاری، باب فضل التسبیح، حدیث نمبر ۶۴۰۵

(۱۶) سورۃ الزلزال: ۷

(۱۷) سورۃ الفاطر: ۶

(۱۸) سورۃ الاعراف: ۲۰۱

(۱۹) سورۃ الاعراف: ۲۰۰

(۲۰) سورۃ الاحزاب: ۳۵

(۲۱) صحیح بخاری، باب وضع الموازین القسط، حدیث نمبر ۷۵۶۳

☆☆☆

ڈاکٹر واحد احمد شیخ

شیرازہ میں مولانا رومی پر چھپے مقالات پر ایک جائزہ

جموں و کشمیر بالخصوص سرزمین کشمیر کا ایران کے ساتھ ایک ایسا رشتہ ہے کہ جس کی بنا پر اسے ایران صغیر کے نام سے مدتوں پکارا گیا اور آج بھی اہل علم وفنون اسے اس نام سے یاد کرتے ہیں۔ورود اسلام کے ساتھ ہی ساتھ فارسی کو رسمی اور سرکاری زبان تک کے درجات حاصل رہے۔اسی علمی تشنگی کا ازالہ کرنے کے لئے جموں و کشمیر کلچرل اکاڈمی نے سال ۱۹۵۸ء میں ادبی مجلّہ ''شیرازہ'' کے نام سے ایک فصلنامہ جاری کیا جو تا حال چھپتا آرہا ہے۔اس فصل نامہ میں کشمیر میں فارسی، عربی، کشمیری اور اردو ادبیات کے متعلق پُرمغز مقالات تحریر کئے جاتے ہیں۔یہاں یہ بات کہنا از حد ناگزیر ہے متذکرہ مجلّہ میں پروفیسر شمس الدین (مرحوم)، پروفیسر عبدالقادر سروری، پروفیسر، مرغوب بانہالی کے علاوہ متعدد اہل قلم کے مقالات وقتاً فوقتاً چھپتے رہتے ہیں۔وادی کے گوش و کنار سے اہل علم اپنی کاوشیں کلچرل اکاڈمی کو بھیجتے ہیں، جس سے یہ مجلّہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو کر علم کے متلاشی طلاب کی پیاس کو بجھا تا رہتا ہے۔یوں تو احوال و آثار مولانا رومی کے بارے میں بہت لکھا جا چکا ہے۔میں یہاں اختصاراً چند اہم نکات زیر تحریر لاتا ہوں۔

مولانا جلال الدین محمد بلخی رومی، مولانا، مولای روم، ملای رومی، پیر رومی کے القاب سے مشہور و معروف ہیں جو کہ ایران کے بہت بڑے صوفی متکلم اور مفکر مانے جاتے ہیں۔ان کی ایک مشہور و معروف مثنوی ''مثنوی معنوی'' جو کہ (۲۶۰۰۰) چھوبیس ہزار اشعار پر مشتمل ہے۔استاد بدیع الزمان فیروزانفر مرحوم نے مثنوی کی تعریف میں یوں لکھا ہے کہ'' خداداد فکر انسانی کے بلند ترین چند نمونوں میں سے ایک ہے۔اسکے علاوہ ''دیوان شمس تبریزی'' یا دیوان کبیر'' کے مجموعی اشعار (۶۰۰۰۰) ساٹھ ہزار کے لگ بھگ ہے۔راہ تصوف میں طریقہ ''مولویہ'' کی بنیاد رکھی۔مولانا کے پیر اور مرشد حضرت شمس الدین، صلاح الدین زرکوبی اور حسام الدین چلپی رہے ہیں جن سے راہ سلوک میں بہرہ ور ہوئے (۱)

علامہ اقبال کے کئی افکار ان ہی دریائے معارف کا مد ہیں۔آپ نے بیسویں اشعار میں رومی کو خراج تحسین پیش کیا اور اپنے آپ کو ان کا معنوی مرید اور شاگرد قرار دیا ہے۔مثنوی ''پس چہ باید کرد'' کا آغاز یوں کرتے ہیں۔

پیر رومی مرشد روشن ضمیر — کاروان عشق و مستی را امیر
منزلش برتر ز ماہ و آفتاب — خیمہ را از کہکشان ساز وطناب
نور قرآن درمیان سینہ اش — جام جم شرمندہ از آئینہ اش (۲)

رومی صوفی شعراء میں سنائی اور عطار سے متاثر ہیں۔چنانچہ انہوں نے مثنوی میں سنائی کو حکیم غزنوی کہہ کر پکارا ہے

SHEERAZAH MEIN MAULANA RUMI PER CHAPE MAQALAAT............ (Pg.No. 61 TO 65)

DR. WAHID AHMAD SHEIKH, ASSISTANT PROFESSOR
HEAD, DEPARTMENT OF PERSIAN, SOPOOR COLLEGE, JAMMU & KASHMIR

۔مولانا خود فرماتے ہیں۔

عـــطـــــار روح بــــود ســـنــــائـــــی دو چشـــم او

مــــا از پـــئـــی ســـنــــائـــــی و عـــطـــــار آمــدیــم

صوفی بزرگوں میں ذوالنون مصریؒ، سلطان ابراھیم ادھمؒ، بایزید بسطامیؒ، شبلی نعمانیؒ اور منصور حلاج رومی کے عزیز بزرگ تھے۔
(۳)

زیر تحریر مقالہ میں راقم شیرازہ کے چند مقالات کی روشنی میں جو مولانا روم پر کشمیری زبان میں لکھے گئے مقالات پر تحقیقی نکات لکھنے کی جسارت کروں گا۔ واضح رہے کہ تحقیقی وادبی مجلّہ ''شیرازہ'' کے ڈیڑھ سو سے زیادہ مجلّات کتابی شکل میں ملک کی مختلف دانشگاہوں میں کتب خانوں کی زینت بنے ہوئے ہیں اور اہل علم کے لئے نئی راہوں کے زیر ہیں۔

ا۔مولانا جلال الدین محمد بلخی رومی زندگی ھندی اوحال (مولانا جلال الدین محمد بلخی کے احوال زندگی)

''پروفیسر شمس الدین احمد کے نام سے کون واقف نہیں شمس الدین احمد نے کشمیر میں فارسی کی آبیاری میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑ دی۔ متعدد کتابوں کے مصنف پروفیسر موصوف نے فارسی کی قدیم تواریخ، فارسی شعراء، فارسی نثر نگاروں پر مقالات کے علاوہ متعدد کتابیں تحریر کی ہیں جن کا ذکر یہاں ممکن نہیں۔ البتہ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ وہ اعلیٰ درجے کے محقق اور دانشور مانے جاتے ہیں۔ زیر تحقیق مقالے کا آغاز انہوں نے کچھ یوں کیا ہے۔

مـولانـا جـلال الـدین محمد بلخی یمه مولانا رومی ناو نام وآر چُھ زاے

ربیع الاول ۶۰۴ھ منز بلخ شهرس منزیُس منگولن هند وتلیتھ ینه برونهه

خراسان شهرك اکھ آباد تہِ بستھ شهرس اوس ----

ترجمہ اردو: (مولانا جلال الدین محمد بلخی، مولانا رومی کی نام سے معروف، کا تولد ۶ ربیع الاول ۶۰۴ھ کو بلخ میں پیدا ہوئے جو منگولوں کے حملہ اور غارت گری سے پہلے ایک آباد شہر تھا۔ بلخ اب افغانستان کا حصہ ہے) (۴)

آگے مذکورہ تحقیقی مقالہ میں پروفیسر صاحب نے مولانا کی ابتدائی زندگی پر مفصل بحث کی ہے۔ انہوں نے مولانا کے اساتید محترم کے علاوہ اُن کی ازدواجی زندگی، علم وہنر اور بحر عرفان وتصوف کے متعدد مراحل ہر ایک پُرسوز بحث کی ہے۔ اسی مناسبت سے انہوں نے مسافرت مولانا کے بارے میں یوں تحریر کیا ہے۔

(مـولانـا جـامی چُـھ فـرمـاوان یُـد یم پَنن عیال تہِ مرید هیتھ دارالسلام

(بـغداد) شهرس منز ژاے تہِ لوکھ لگ ونان ز اما یه کوسہِ جماتھا چَھ تہِ

یِم کته پیٹھ آیه -- (۵)

ترجمہ اردو: (مولانا جامی فرماتے ہیں کہ جب مولانا اپنے مریدین اور اہل وعیال کے ہمراہ شہر بغداد میں داخل ہوئے تو لوگوں نے حضرت کے عالم میں ان کی آمد اور مسکن پر سوالات کئے۔ مولانا رومی کے والد بزرگوار کی مہاجرت اور قونیہ (روم) میں ان کی سکونت پذیر ہونے کے واقعے کو پروفیسر صاحب نے ایک دلکش کشمیری ترجمہ میں کیا ہے، ملاحظہ ہو۔

روم (موجودہ ترکی) کس صاحب اعتقاد سلجوقی پادشاہ علاء الدین
محمد قونیہ شہرس منز پنن عیال ھیتھ بسنہ یوان ، تمہ پتہٕ چھ تتی
روزنُك سنز کرآن ــــ(٦)

ترجمہ اردو: (روم (موجودہ ترکی) کے صاحب اعتقاد بادشاہ علاء الدین کیقباد کی فرمایش پر بہاء الدین محمد قونیہ کے شہر میں اپنے عزیز و اقارب کے ہمراہ تشریف لائے اور وہی پرسکونت اختیار کی۔ پروفیسر موصوف نے ایک محققانہ انداز میں حضرت جلال الدین رومی کے احوال وکوائف کو بیان کیا ہے۔رومی کے نزدیک انسانی زندگی کی کچھ خاص قدریں ہیں جو انسانی وجود کے مقدر کو ایک خاص طرح دینے کے حوالے سے کردار ادا کرنے کے علاوہ اسے تعین ذات اور اثبات نفس کی لذتوں سے آشنا کرآتی ہے۔حریت فکر، لایزالت ،خودی ،خودشناسی ،خداشناسی ،صلاحیت ،عمل قوت ارادی ،عشق ،ضبط نفس اور فقر کی لافانی دولت ہو کر اپنا مقام متعین کرنے کا اہل ہوتا ہے۔بعد از آن پروفیسر موصوف نے شمس تبریزی سے ان کی ملاقات کا واقعہ بیان کیا ہے۔جو کشمیری زبان دانوں کے لئے مولانا کی حیات پر ایک پُرمغز تحریر ہے وہ مولانا رومی اور شمس تبریز کے واقعے کو یوں بیان کرتے ہیں۔

”اکہٕ دوھہ چُھ مولانا رومی قاطرس کھستھ بڈ چشمہ سآن بآزر منز
پکان ز شمس الدین تبریزین پَرزنو نظر سیتی پنین مطلوب تہٕ چُھس
رکابس سیتھ پکان پکان ونان ز یہٕ علم پرنہٕ تلہٕ ونہٕ تومہ چُھ کیا امك
مطالب آخر ــــ(٧)

ترجمہ اردو: (ایک بار مولانا جلال الدین محمد بلخی سواری پر بازار میں بڑے جاہ وحشم سے سوار ہو کر جا رہے تھے کہ راستے میں حضرت شمس تبریزؒ سے آپکی ملاقات ہوئی انہوں نے برملا سوال کیا کہ علم کے کیا مطالب ہیں۔مولانا نے جواباً شریعت وسنت نبوی ﷺ کی پاسداری کیا مگر شمس تبریز نے اسے ظاہری اطوار سے جوڑا اور باطن کے بارے میں سوالات کئے جس کے بعد مولانا نے اُن کے حلقہ ارادت میں آنے کی خواہش ظاہر کی۔

ھزاران دُرج دُر دارد بناگوش ضمیر من
ازآن الفاظ وحی آساسی شکر بار شمس الدین
ز جسم و روحیا بگذرد ، حجاب عقل برھم در
دو سہ منزل ازآن سوتر ببین بازار شمس الدین

بعد از آن پروفیسر صاحب نے زبان و مقام واقعات کو بہترین کشمیری لہجہ دیگر ہر خاص و عام کے لئے باعث برکت گردانا ہے، علاوہ ازین انہوں نے مناقب العالمین اور اس جیسے متعدد تذکرہ نگاروں کے حوالے سے مولانا اور شمس الدین تبریز کی ملاقات اور اس مناسبت سے مختلف واقعات قلمبند کئے ہیں جو ان کی رومی شناسی کی دلیل ہیں آگے بڑھ کر مقالہ نگار نے شمس تبریزؒ کی جدائی ،قونیہ اور دمشق کے حالات و واقعات کا مفصل خاکہ کھینچا ہے۔بعد از آن مولانا اور صلاح الدین

زرکوب، مولانا رومی اور حسام الدین چلپیؒ، سلطان ولد کے علاوہ متعدد اشخاص مولانا کے روحانی فیوض پر بحث وتمہید کی ہے ۔

زھــی گــنــجــی پــدیــد آمــد زآن دُکـــان زرکـــوبـــی
زھـی صـورت زھـی مـعـنـی ، زھـی خوبی زھی خوبی(۸)

ایک حکایت ''غمِ عشق'' کے نام سے مولانا رومی نے لکھی ہے جس میں فرماتے ہیں ۔

عشـــق دم جبـــریـــلؑ، عشـــق دل مـــصـــطـــفـــی ﷺ
عشـــق خـــداکـــا رســول ﷺ ، عشـــق خـدا کـــا کــلام
عشـــق کـــی مستـــی ســے ھـــے پیکـــر گُـــل تـــابـــنـــاك
عشـــق ھـــے صبهـــاے خـــام ، عشـــق ھـــے کـــاس الـــکـــرام

'' عـاشـق لوکھ چھ آسان هردل عزیز تہِ ییلهِ معشوق سندیاد چکھ یوان
تـہِ دیـوانـگـی هندس عالمس منز چھ داخل سپدان ، اکھ عاشق مجنون
یُـس ریـگـستـانس منز چُھ لیلیٰ سند ناو بار بار لکھان تہِ کران یاد تازہ ۔
آکـہ شـخـصـن وونـس زِ امهِ سیتھ کیاہ گژھی ۔ مجنونن وونس ز لوکہ
زلان آسہ یَز سمجون ز یہِ گو مجازی عشقق جوش ، عشقِ حقیقی یعنی
عشقِ الهی تہِ عشق رسول ﷺ کوتاہ اعلیٰ تہٗ بالا آسہ ۔۔(۹)

یعنی عاشقوں کی ہرادا نرالی ہوتی ہے جب یادِ محبوب ستاتی ہے تو دیوانگی کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے اور بے خود ہوجاتا ہے۔مجنون تپتے صحرا میں بیٹھا انگلیوں سے ریت پر بار بار لیلیٰ کا نام لکھ رہا تھا۔کسی نے مجنون کی یہ ادا دیکھ کر کہا ارے دیوانے! یہ خط کس کے لئے لکھ رہے ہو۔مجنون نے آنسوں سے بھیگی ہوئی آنکھوں سے کہا لیلیٰ کی جدائی کا غم ستا رہا ہے۔اس لئے اس کا نام بار بار لکھ رہا ہوں۔اسطرح محبوب کا نام لکھنے سے دل قربت وغمزدہ کو تسلی دے رہا ہوں۔لیلیٰ کا عشق مجازی تو یہ اثر دکھا دیا تو مولیٰ کا عشق حقیقی کس قدر اعلیٰ وبالا ہوگا اس لئے ہمیں بھی اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی محبت میں اپنے قول وفعل کے ذریعے کردار ادا کرنا چاہے۔۔۔(۱۰)

پروفیسر شمس الدین (مرحوم) نے آگے فارسی عرفانی مثنویوں کا ذکر کیا ہے جن میں ''منطق الطیر ،الھی نامہ،سیر العباد، حدیقۃ الحقیقہ خاص توجہ کی حامل ہیں۔اس ضمن میں مولانا کی ''مثنوی معنوی'' کی موصوف نے خاصی توضیح دی ہے۔

علاوہ ازین مقالہ نگار نے اُن کی ''مجالس سبعہ'' نامی ایک نئی کتاب کا ذکر بھی کیا ہے جو استامبول کے کتب خانے میں قلمی شکل میں موجود ہے۔جس کو آغا سلیم کی اجازت سے زیورطبع سے آراستہ کیا ہے''فیہ مافیہ''،''مثنوی معنوی'' رباعیات مولانا اور مکاتیب مولانا پر بھی شمس الدین (مرحوم) نے جامع بحث کی ہے مجموعی اعتبار سے پروفیسر شمس الدین (مرحوم) ایک بلند پایہ محقق اور مولانا رومی شناس گذرے ہیں۔

۲۔حکایات مولانا رومی کا کشمیری ترجمہ: (حکایات مولانا رومی' مثنوی معنوی' وہ تعبیراتی مسائل جن کو مختلف محققین نے اپنے

اندازمیں بیان کیا ہے۔ یہ تمثیلی حکایات دراصل دریائے عرفان ہیں۔ جن کا کوئی بھی کنارہ نہیں۔ اس دریائے بیکران میں غلام نبی آتشؔ کشمیری نے غوطہ زن ہونے کی ایک بلیغ سعی کی ہے۔ انہوں نے ''شیرازہ'' میں قسط وار مولانا رومی کی حکایات کا کشمیری ترجمہ کیا ہے۔ شیرازہ، جلد (۳۸) کے شمارہ ۵،۴،۳، میں غلام نبی آتشؔ نے محمود غزنوی اور چوروں والی تمثیلی داستان کے علاوہ، تاجراور طوطی، عزرائیلؑ اور ایک شخص، پیرچنگی، قوم ہود، کی تباہی جیسی حکایات کا بلیغ ترجمہ کشمیری زبان میں کیا ہے، ترجمہ نگاری کا فن قدرے دشوار ہے مگر آتشؔ صاحب کے تراجم کو پڑھ کر رومی شناسی ہر دو یقین ہو جاتا ہے۔

اسطرح آتشؔ صاحب نے شیرازہ جلد (۳۹) کے شمارہ (۴،۵،۶) میں موصوف نے بیماراور طبیب، گھڑسوار اور تیرانداز، حضرت لقمانؑ، حضرت ذوالنون مصریؒ کے علاوہ اور بھی حکایات کا کشمیری ترجمہ زیر تحریر لایا ہے۔

شیرازہ جلد(۴۱) کے شمارہ۔ (۱،۲،۳) میں غلام نبی آتشؔ نے عبادت صحابی رسولﷺ، حضرت سلیمانؑ سے مچھر کے فریاد، ایاز و وزیر حاسد، کے علاوہ کم وبیش دس (۱۰) حکایات کا کشمیری ترجمہ کیا ہے، اسی طرح شرازہ جلد۔۴۴ کے شمارہ (۴) میں سلسلہ وار ترجمہ نگاری کا کام جاری رکھا ہے۔ مجنون اور اونٹنی، عزرائیلؑ و نمرود، خلیفہ بغداد اور لیلیٰ، توحید موسیٰؑ کے علاوہ بھی چند حکایات کا کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ ان تراجم کی خصوصیت یہ ہے کہ تمثیلی حکایات کو غلام نبی آتشؔ نے کشمیری زبان دانوں کے لئے آسان، سادہ و سہل عبارت میں ترجمہ کرنے کے علاوہ آخر پراس میں چھپے مضمون کو اپنے نظرئے سے اُبھارا ہے جو ایک قابل قدر تحقیق عرق ریزی اور ترجمہ دقیق کا کام ہے۔ جس سے تمام اہل زبان مستفید کے مستحق ہیں۔

مراجع وماخذ

۱۔ ایرانی ادب از ڈاکٹر ظہور الدین احمد، چاپ وجیھہ پرنترز راولپنڈی، ص۔۱۲۵ اور چکیدہ (نظم) از ڈاکٹر منظر امام، چاپ مظفر پور، بھار، ص۔۱۱۶

۲۔ پس چپ باید کرد از علامہ اقبال، چاپ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور (کراچی)، ص۔۳

۳۔ ایرانی ادب از ڈاکٹر ظہور الدین احمد، چاپ وجیھہ پرنترز راولپنڈی، ص۔۱۲۹

۴۔ شیرازہ، جلد۔۱، شمارہ۲۹، ص۔۸۔۵

۵۔ ایضاً، ص۔۹

۶۔ ایضاً، ص۔۱۰

۷۔ ایضاً، ص۔۱۴

۸۔ ایرانی ادب از ڈاکٹر ظہور الدین احمد، چاپ وجیھہ پرنترز راولپنڈی، ص۔۱۲۹، اور مختصر ترین تاریخ از ڈاکٹر ریاض الاسلام و ڈاکٹر صدیق شبلی، چاپ بسمہ کتاب گھر دھلی، ص۔۷۳

۹۔ شیرازہ، جلد۔۲، شمارہ۔۳۰، ص۔۱۰

۱۰۔ حکایات رومی از جلال الدین رومی (صوفی آصف محمود) چاپ اے۔ بی۔ سی پبلشنگ ھاوس سرینگر، ص۔۱۰۲

☆☆☆

ڈاکٹر سعدالدین

علامہ شبلی کی پروازِ فکر: دارالمصنفین اور معارف

ہندوستان کی تاریخ میں ۱۸۵۷ء مغلیہ سلطنت کے زوال اور برطانوی حکومت کے عروج کا سال تھا۔ یہ زمانہ ہمارے اجتماعی، سیاسی، سماجی، معاشی، تعلیمی اور ملی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اسی زمانہ میں تہذیب وتمدن، علوم و فنون، تعلیم و تربیت کے تحفظ کے لئے بہت سے ادبا، شعراء، محقق پیدا ہوئے۔ انہیں محققوں میں سے ایک نام شبلی کا بھی ہے۔ جن کی ولادت ۱۸۵۷ء کے اسی ہنگامہ خیز ماحول میں ہوئی۔

شبلی ۳ جون ۱۸۵۷ء میں ضلع اعظم گڑھ کے ایک چھوٹے سے گاؤں بندول میں پیدا ہوئے تھے۔ مولانا شبلی نے اپنے اس مولد کی تعریف میں تفریحاً یہ شعر کہے ہیں۔

فضل بندول اگر تو نہ شناسی آدمی نیستی تو نسناسی
نہ توان یافت ہیچ جایی چو او خرم و سبز و دلکشایی چو او
ہست از غایت فرخ بسرشت مرغزاری مگر زباغ بہشت(۱)

شبلی کے آبا واجداد راجپوت تھے اور راوت کہلاتے تھے۔ انکے کنبہ کے سب سے پہلے بزرگ شیوراج سنگھ نے تقریباً تین چارسو سال قبل اسلام قبول کیا تھا، جن کا تعلق راجپوت گھرانے سے تھا۔ شبلی کے والد شیخ حبیب اللہ کا شمار شہر کے بڑے رئیسوں میں ہوتا تھا۔ وہ ایک نامور وکیل ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے زمیندار بھی تھے۔ شیخ حبیب اللہ صاحب کے چار بیٹے تھے۔ مولانا شبلی، مہدی حسن، شیخ محمد اسحاق اور مولوی محمد جنید، چاروں بیٹوں میں شبلی سب سے بڑے تھے۔ شبلی نے چھ سال کی عمر میں لکھنا پڑھنا شروع کیا۔ قرآن پاک اور فارسی پڑھانے کے لئے استاد کے طور پر حکیم عبداللہ جیراجپوری کو ذمہ داری دی گئی۔ انہوں نے اس کام کو بخوبی انجام دیا۔ اس کے بعد شبلی مزید تعلیم کے لئے مدرسہ چشمۂ رحمت غازی پور چلے گئے۔ اس مدرسہ کے جید عالم مولانا محمد فاروق چریاکوٹی سے مولانا نے اپنی علمی صلاحیت میں گراں قدر اضافے کئے اس سلسلے میں سید سلیمان ندوی شبلی کا قول نقل کرتے ہیں۔

> ”میں نے معقولات کی تمام کتابیں مثلاً میر زاہد، ملا جلال مع میر زاہد حمد اللہ، شرح مطالعہ، صدرا شمس بازغہ انہیں سے پڑھیں۔ اور میری تمام تر کائنات انہیں کے افادات ہیں۔ فارسی کا مزاق بھی انہیں کا فیض ہے۔“(۲)

تعلیم سے فراغت کے بعد شبلی نے زمانے کے دستور کے مطابق مشاہیر فن سے فیض حاصل کرنے کے لئے مختلف

ALLAMA SHIBLI KI PARWAZE FIKR: DARULMUSANNEFIN AUR MAARIF (Pg.No. 66 TO 71)
DR. SADUDDEEN
PH.D., DEPARTMENT OF PERSIAN, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

مقامات کا سفر بھی کیا۔شبلی اسی دوران وکالت کا امتحان پاس کیا۔مولانا کو وکالت کے پیشہ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی ۔مگر والد کے کہنے پر اس کام کو انجام دیا۔کچھ عرصہ تک وکالت کے پیشے سے منسلک رہے چونکہ یہ پیشہ ان کے مزاج کے موافق نہیں تھا اس لئے اس سے بیزار ہو کر دست بردار ہو گئے ۔اس کے بعد علیگڑھ چلے آئے ۔اور یہاں ۱۸۸۳ء میں عربی کے استاد کی حیثیت سے مامور ہوئے۔

شبلی سر سید کی علمی بصیرت اور افکار و خیالات سے بے حد متاثر تھے۔علیگڑھ آنے کے بعد آپ کے علمی استعداد اور ذوق و شوق کو دیکھتے ہوئیں سر سید نے اپنی ذاتی لائبریری میں مطالعہ کی اجازت دے دی۔شبلی کی صلاحیت کی وجہ سے سر سید بعض اہم مسائل میں ان کی نظریاتی رائے کے قائل ہوتے تھے۔چونکہ شبلی نہایت ذہین تھے اس لئے ہر مسلہ میں اپنی منفرد رائے رکھتے تھے۔یہی وجہ تھی کہ سر سید شبلی سے بعض اہم مسائل میں رائے لیتے اور شبلی کے مشورہ کو عملی جامہ پہناتے تھے۔اگر چہ سیاسی مسائل میں اکثر و بیشتر نظریاتی اختلاف باہم پیدا ہو جاتے ،لیکن سر سید انکی نظریاتی اختلاف کو برا نہیں مانتے تھے۔اسی طرح درس و تدریس میں ماہ و سال گذرتے رہے کہ اچانک ۱۸۹۶ء میں برادر عزیز مہدی حسن کے اس جہان فانی سے رخصت ہونے کی خبر موصول ہوئی۔اس خبر کو سنتے ہی مولانا بھائی کی تدفین میں شرکت کے لئے اعظم گڑھ روانہ ہو گئے ۔تدفین و تکفین کے بعد کئی ماہ تک گھریلو مسائل میں دو چار رہے اور ۱۸۹۷ء میں دوبارہ علی گڑھ تشریف لائے لیکن بعض گھریلو ضروریات کے چلتے کالج میں طویل چھٹی کی درخواست دی جو نا منظور ہو گئی آخر کار ۱۸۹۸ء میں استعفیٰ دے کر علی گڑھ کو ہمیشہ کے لئے خیر باد کہہ دیا۔

۱۲ نومبر ۱۹۰۰ء میں والد کے وفات کے بعد بڑے بیٹے ہونے کی وجہ سے گھر کی ساری زمہ داری شبلی پر آن پڑی۔ملازمت کے لئے ۱۹۰۱ء میں حیدر آباد گئے ۔جہاں انکو سر رشتہ علوم و فنون کی نظامت کا عہدہ ملا۔اور یہاں انکو تصنیف و تالیف کے لئے وقت بھی ملا۔جس کا اندازہ انکی ان تصانیف سے ہوتا ہے جو انہوں نے حیدر آباد میں رہ کر لکھیں۔الغزالی،علم الکلام،سوانح مولانا روم،اور شعرالعجم کی کچھ جلدیں یہیں لکھی۔شبلی جہاں بھی رہے اپنے علمی و ادبی کارنامے انجام دیتے رہے اور اپنے طالب علموں کو بھی تحریر و تقریر کے لئے ابھارتے رہے اور اس بات کی کوشش کرتے کہ طلباء مضمون نویسی کے ذریعہ اپنی علمی استعداد میں اضافہ کرتے رہیں۔یہی وجہ ہے کہ جب حیدراباد سے سبکدوش ہو گئے اور ۱۹۰۵ء میں ندوہ کے معتمدی کی زمہ داری سنبھالی تو سب سے پہلے رسالہ ''الندوہ'' کو اپنی کاوشوں سے معیاری بنایا۔شبلی کا خیال تھا کہ اچھے قلم کار اسی وقت پیدا ہو سکتے ہیں جب تصنیف و تالیف کا کام تسلسل سے جاری رکھیں۔لکھنوء کے قیام کے زمانے میں شبلی قدیم تعمیری فکر کو انجام تک پہونچانے میں مشغول ہو گئے اس کے لئے ۱۹۱۰ء میں ندوہ کے ایک جلسے میں دارالمصنفین کے قیام کی تجویز پیش کی۔اس زمانے میں بھائی مولوی اسحاق کی وفات پر شبلی کو اعظم گڑھ آنا پڑا۔اور دارالمصنفین کا خیال جو انکے دل میں پہلے سے تھا۔اسے قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔افسوس کہ اس سے پہلے یہ کام عمل میں آتا خود مولانا شبلی ۱۸ نومبر ۱۹۱۴ء کو اس جہان کو الوداع کہہ گئے۔

دارالمصنفین کا قیام:

شبلی ایک ایسے عالم تھے جو بیک وقت درس وتدریس کے ساتھ قومیت کا جذبہ بھی رکھتے تھے اس کے لئے انہوں نے نہ صرف کالج اور مدرسہ کی بنیاد رکھی بلکہ ایک ایسے ادارے کا بھی خاکہ تیار کیا جس کے ذریعہ سے تصنیف وتالیف کا کام انجام دیا جائے۔مولانا کا کہنا تھا کہ فرھنگ وادب،علوم وفنون،اورقومی تاریخ کو اگر زندہ رکھنا ہے تو اس کے لئے ایک کتاب خانہ کا قیام عمل میں لانا چاہئے۔جس میں مذہبی علوم سے متعلق نادر اور بیش بہا اثار موجود ہوں جس میں مسلمانوں کے ذریعہ ایجاد کیا ہوا علوم وفنون کا سرمایہ ہو۔ ہرفن سے متعلق کتابیں بھی موجود ہوں۔انکی یہ فکر دارالمصنفین کے قیام کا ذریعہ بنا۔

مولانا شبلی نے دارالمصنفین کی تجویز سب سے پہلے ۱۹۱۰ء میں ندوہ کے ایک اجلاس میں پیش کی اور سید سلمان ندوی سے بھی اس تجویز کو پیش کرنے کی بات کہی۔اور سید سلمان ندوی نے ''ندوہ میں ایک عظیم الشان کتب خانہ کی ضرورت'' کے عنوان سے دارالمصنفین کی ضرورت اور افادیت کو واضح کیا۔اسی دوران علامہ شبلی اور ندوہ کے دوسرے اکابرین کے درمیان کچھ تلخیاں پیدا ہوگئیں۔اس صورت حال میں شبلی نے ۱۹۱۳ میں ندوہ سے استعفیٰ دے دیا اور وہاں کے ہر معاملات سے دست بردار ہوگئے۔لیکن شبلی کے دل میں دارالمصنفین کا خیال اس قدر پختہ ہوگیا کہ انہوں نے ۱۹۱۴ء میں ''الہلال'' کے ذریعہ ایک اہم تجویز پیش کیا۔

دارالمصنفین کے قیام کے سلسلہ میں سب سے بڑی پریشانی سامنے یہ آئی کہ اس کو کہاں قائم کیا جائے،کیوں کہ اس کے لئے جگہ کی درکار تھی۔اس سلسلہ میں مولانا حبیب الرحمٰن شیروانی سے رائے لی تو انہوں نے اپنے گاوں حبیب گنج کی بات کہی تو شبلی نے کہا۔

> ''آپ دارالمصنفین کو حبیب گنج لے جانا چاہتے ہیں،تو حضرت میں اعظم گڑھ کو کیوں
> نہ پیش کروں۔اعظم گڑھ میں اپنا باغ دو بنگلے پیش کرسکتا ہوں''(۳)

ابھی دارالمصنفین کے قیام کے سلسلہ میں صلاح ومشورہ چل ہی رہا تھا کہ اسی دوران مولانا کے چھوٹے بھائی مولوی محمد اسحاق کا اگست ۱۹۱۴ء میں انتقال ہوگیا اور شبلی اعظم گڑھ چلے آئے،یہاں انہیں سکون ملا اور اعظم گڑھ میں مستقل سکونت اختیار کرلی اور دارالمصنفین کو قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔دارالمصنفین کو قائم کرنے کی ساری ضروریات کو پورا کرنے کے بعد شبلی نے دارالمصنفین کا ایک تعلیمی خاکہ جیسے درجۂ تکمیل،درجۂ تصنیف،طریقۂ تعلیم،فن تصنیف تیار کیا۔

مولانا شبلی دارالمصنفین کی بنیاد رکھنے کی تیاری میں ابھی مشغول ہی تھے کہ اسی درمیان انکی صحت خراب ہوگئی۔اپنی صحت کا علاج کرایا لیکن صحت ٹھیک نہ ہو پائی،بالآخیر ۱۸ نومبر ۱۹۱۴ کو اس جہان کو داغ مفارقت دے گئے۔جس وقت شبلی کی وفات ہوئی اس وقت دارالمصنفین کا کل اثاثہ محض دو کچے کمرے اور کچھ کتابوں کی الماریوں پر منحصر تھا۔شبلی کے انتقال کے بعد انکے شاگردوں نے دارالمصنفین کے قیام کی ذمہ داری لی۔جس میں مولانا حمیدالدین فراہی،سید سلمان ندوی،مولانا عبدالسلام ندوی،مولانا مسعود علی ندوی وغیرہ شامل تھے۔

دارالمصنفین کو بنیادی جامہ پہنانے سے پہلے۔اس کی آمدنی کا بندوبست کرنا ضروری سمجھا گیا۔اس کام کو پورا کرنے کے لئے مولانا حمیدالدین فراہی نے حیدرآباد کا سفر کیا۔اور شبلی کا وظیفہ جو انھیں حیدرآباد سے ملتا تھا اسے دارالمصنفین

کے نام منتقل کرایا، اس کے بعد ۴ جولائی ۱۹۱۵ء کو باقاعدہ دارالمصنفین کے نام سے رجسٹری کرائی۔ اس طرح سے مئی ۱۹۱۵ء میں دارالمصنفین کا آغاز ہوا۔ اور سب سے پہلے دارالمصنفین سے شائع ہونے والی کتاب ''ارض القرآن اور مکاتیب شبلی'' تھی۔ شبلی کے تلامذہ کی کوشش اور خلوص کا یہ نتیجہ ہوا کہ دارالمصنفین کو نہ صرف ہندوستان بلکہ دیگر ممالک میں بھی شہرت حاصل ہوئی، اسی عہد میں دارالمصنفین کے اراکین کو یہ احساس ہوا کہ اس ادارے سے ایک معیاری رسالہ بھی شائع ہو جو کہ شبلی کا دیرینہ خواب تھا اس لئے باہمی مشاورت کے بعد معارف کے نام سے ایک ماہانہ ترجمان شائع ہونے لگا۔

معارف۔

مولانا شبلی کے بہت سے علمی کام جو ادھورے رہ گئے تھے۔ بعد میں ان کے شاگردوں نے انھیں پورا کیا۔ علامہ شبلی کے شاگردوں نے ایک جماعت ''اخوان الصفا'' کے نام سے بنائی جس کے ارکان یہ ہیں۔

مولانا حمید الدین فراہی: (صدر مجلس)

مولانا سید سلمان ندوی: (ناظم)

مولانا عبدالسلام ندوی: (رکن)

مولانا مسعود علی ندوی : (رکن)

اس جماعت نے مولانا شبلی کے وہ خواب جو انہوں نے دیکھے تھے اس کو آگے بڑھایا۔ دارالمصنفین کے قیام کے بعد شبلی کے شاگردوں کو یہ احساس ہوا کہ ایک ماہانہ رسالہ بھی نکالا جائے۔ آخر کار یہ طے پایا کہ معارف کے نام سے اس کا پہلا شمارہ شائع کیا جائے۔ جب دارالمصنفین کے اپنے پریس نے معارف پریس کے نام سے کام کرنا شروع کیا تو معارف کا پہلا شمارہ جولائی ۱۹۱۶ء میں منظر عام پر آیا۔ معارف کے مدیر اور دارالمصنفین کے ناظم سید سلیمان ندوی صاحب معارف کے اجراء سے متعلق فرماتے ہیں۔

> ''رسالہ کا پہلا نمبر ہم رمضان المبارک کے مقدس مہینے سے شروع کرتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے علوم و معارف کی سب سے پہلی کتاب اسی ماہ مقدس میں نازل ہوئی تھی۔ شہر رمضان الذی انزل فیہ القرآن۔'' (۴)

یہ رسالہ روز اول سے اب تک پابندی کے ساتھ ہر مہینہ شائع ہو رہا ہے۔ معارف کی اشاعت سے پہلے سرسید کے تہذیب الاخلاق سے لے کر خواجہ غلام الثقلین کے عصر جدید تک متعدد رسائل چھاپے جا چکے تھے۔ اور اب تک چھپ بھی رہے ہیں۔ لیکن معارف نے اپنی منزل مقصود سب سے الگ متعین کی۔

معارف کی اشاعت کی تاریخ کو ہم تین حصہ میں تقسیم کرتے ہیں معارف کا پہلا دور اس زمانے میں ختم ہوتا ہے جب سید سلمان ندوی صاحب اس کی ادارت سے دست کش ہوئے، دوسرا دور شاہ معین الدین احمد ندوی کی وفات پر اور تیسرا دور سید صباح الدین عبدالرحمٰن پر اختتام کو پہنچتا ہے۔

مولانا سید سلیمان ندوی کے دور ادارت میں معارف اپنے قائم کردہ معیار پر برقرار رہا۔ سید صاحب کے زمانہ

ادارت میں جن شاعروں کا کلام معارف میں شائع ہوا ان میں مولانا محمد علی جوہر، اکبرالہ آبادی، فانی بدایونی، علامہ اقبال ،فراق گورکھپوری، وغیرہ کے نام شامل ہیں۔مولانا سید صاحب کے پاکستان چلے جانے کے بعد شاہ معین الدین احمد ندوی صاحب معارف کے مدیر مقرر ہوئے۔شاہ صاحب ایڈیٹر کے ساتھ ساتھ دارالمصنفین کے ناظم بھی مقرر ہوئے۔شاہ صاحب کی وفات کے بعد مولانا عبد السلام ندوی صاحب کی نگرانی میں معارف نکلنا شروع ہوا۔ابھی اس صاحب قلم شخصیت کی نگرانی میں دو تین برس ہی معارف شائع ہوا تھا کی اسی درمیان مولانا عبدلسلام صاحب کا انقال ہوگیا۔تقریبا پانچ برس تک مولانا عبدالسلام صاحب نے دارالمصنفین کی خدمت کر پائے۔ان کے انتقال کے بعد سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب دارالمصنفین کے علمی اور عملی ناظم اور معارف کے ایڈیٹر بنے۔

کسی بھی اخبار یا رسالے میں مقالات کے علاوہ جو سب سے اہم چیز دیکھی جاتی اور جو سب سے زیادہ دلچسپ اور معنی خیز بناتی ہے وہ رسالے اور اخبار کا اداریہ ہوتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ معارف اپنے وقار کو برقرار رکھنے میں کامیاب ہے۔یہ رسالہ بعض حیثیتوں سے دوسرے رسالوں سے الگ ہے۔وقت کے ساتھ ساتھ ہر رسالے کے عنوانات اور ابواب میں کچھ نہ کچھ تبدیلی ضرور پائی جاتی ہے لیکن معارف کے چند مستقبل عنوانات ہیں،جن کو دارالمصنفین کے رفقاء اور مصنفین وقتا فوقتا موضوع بنا کر لکھتے رہتے ہیں۔جو عنوانات اپنے پہلی اشاعت سے لے کر آج تک برقرار ہے۔باب التقریظ والانتقادی، تلخیص وتبصرہ، اخبار علمیہ، آثار علمیہ وادبیہ، ادبیات مطبوعات جدید، جو آج بھی ان موضوع کے تحت رسالہ میں شائع ہوتا ہے۔

ا۔باب التقریظ والانتقادی۔

اس عنوان کے تحت کسی اہم کتاب پر تفصیلی نقد وتبصرہ ہوتا ہے اور کتابوں کے علاوہ اہم رسائل اور جرائد کے خاص نمبروں پر بھی تنقید وتبصرہ کیا جاتا ہے۔

۲۔تلخیص وتبصرہ۔

معارف میں اس عنوان کے تحت اردو فارسی عربی کے کسی ممتاز اہل قلم کے مضمون کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے۔اور کبھی کبھی اس عنوان کے تحت مختصر تبصرہ بھی ہوتا ہے۔

۳۔اخبار علمیہ۔

اس عنوان کے تحت دنیاں میں وقوع پذیر اہم ترین خبروں پر تبصرہ کیا جاتا ہے،

۴۔آثار علمیہ وادبیہ۔

اس موضوع کے تحت مشاہیر اور مصنفین کے وہ خطوط شائع کئے جاتے ہیں جو مزید معارف کو علمی، دینی اور ادبی مسائل سے متعلق لکھے جاتے ہیں۔

۵۔ادبیات۔

اس میں شاعروں کی شعری تخلیقات خواہ وہ غزل یا نظم کی شکل میں ہوں پیش کی جاتی ہے۔اور بہت سے ایسے شعراء

کا کلام ملتا ہے جو ادبی دنیاں میں اپنا ایک مقام رکھتے ہیں۔

۶۔مطبوعات جدیدہ۔

اس موضوع کے تحت اردو، عربی، فارسی میں شائع ہونے والی کتابوں پر تبصرہ کی شکل میں شائع کیا جاتا ہے۔معارف میں کتابوں کے اپر جو تبصرہ ہوتے ہیں وہ عموماً سادہ اور عمیق ہوتے ہیں۔جو اپنے توازن اور علمی طور پر ممتاز ہیں۔

ان مستقل موضوعات کے علاوہ معارف میں کبھی کبھی، باب الاستفار الجواب وآ ثار ادبیہ، کے عنوان کے تحت اول الذکر میں دینی ،علمی و ادبی سوالات کے بالتفصیل جواب اور آخرالاذکر میں مشاہیر ادب کے تحریروں کے نادر و نایاب نمونہ پیش کئے جاتے ہیں۔اس رسالہ نے علوم وفنون ملک وملت اور زبان ادب کی بیش بہا خدمت انجام دی ہے۔اس رسالہ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس عہد کے دوسرے رسالہ سے منفرد اور ممتاز ہے۔اس کے ظاہری اور معنوی مواد اور نظام اشاعت کی چند خوبیاں ایسی ہیں جو دوسرے رسالوں کی دسترس سے باہر ہیں اور یہی خصوصیت اسے ممتاز کرتی ہے۔

مختصر طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ معارف کا جس زمانے میں اجراء ہوا اس وقت یہ تنہا رسالہ تھا جس کی شہرت ومقبولیت کے باعث اس کے بعد معارف کی تقلید میں بے شمار رسالہ نکلے لیکن ان میں سے کوئی بھی رسالہ اسکی علمی حیثیت اور رتبہ تک نہیں پہنچ سکا۔

حواشی:

۱۔حیات شبلی ،مرتب مولانا سید سلیمان ندوی، مطبع معارف پریس، دارالمصنفین شبلی اکیڈمی، آعظم گڑھ، ۲۰۰۸ء،ص ۸۷

۲۔ایضاً ص ۹۱

۳۔مکاتیب شبلی، حصہ اول، دارالمصنفین شبلی اکیڈمی، آعظم گڑھ، ۱۹۶۶ء، ص ۱۱۵

۴۔معارف، شذرات، دارالمصنفین اعظم گڑھ، جولائی ۱۹۱۶ء ص ا

کتابیات:

۱۔مولانا سید سلیمان ندوی، حیات شبلی، دارالمصنفین شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ، ۲۰۰۸ء

۲۔ڈاکٹر شباب الدین، دارالمصنفین کی ادبی خدمات کا تعارف، شبلی نیشنل پوسٹ گریجویٹ کالج، اعظم گڑھ، ۲۰۰۸ء

۳۔ڈاکٹر شاہد نوخیز اعظمی، دبستان شبلی کی فارسی خدمات، الانصار پبلیکیشنس، حیدرآباد، ۲۰۱۰ء

۴۔ڈاکٹر شباب الدین، علامہ شبلی نعمانی، شبلی نیشنل کالج، اعظم گڑھ، ۲۰۰۸ء

۵۔سید صباح الدین عبدالرحمان، بزم رفتگاں، اعظم گڑھ، ۱۹۷۸ء

۶۔سید سلیمان ندوی، ارمغان سلیمان، کراچی، ۱۹۶۰ء

☆☆☆

ڈاکٹر محمد مبارک حسین

میلی ہروی: احوال وآثار

فارسی کا ہر طالب علم جانتا ہے کہ مغل دور خصوصاً عظیم الشان بادشاہ جلال الدین محمد اکبر کا دور فارسی زبان وادب کے لیے ایک سنہرا دور رہا ہے۔ اکبر کے عہد میں فارسی نثر ونظم دونوں نے ایسا عروج وکمال حاصل کیا جو نہ اس سے پہلے کبھی تھا اور نہ اس کے بعد ممکن ہوا۔ انتہائی اہم شاعر اور نثر نویس، مترجم اور تذکرہ نگار اور تاریخ نویس اکبر کے دور سے تعلق رکھتے ہیں ان میں سے بیشتر وہ ہیں جن کو ایسی شہرت حاصل ہوئی کہ ان کا نام مشہور زمانہ ہوا۔ ان کا ذکر ہر اہم تذکرے اور تاریخ میں موجود ہے اور ان کے احوال اور آثار سے متعلق تفصیلات سے ہم اچھی طرح واقف ہیں۔

ان معروف شخصیات کے علاوہ کچھ ایسے ادیب اور شاعر بھی اکبر کے دور سے وابستہ تھے جن کو وہ شہرت نہ مل سکی جس کا ان کا فن متقاضی تھا۔ خصوصاً کچھ شعراء اس دور میں ایسے ہیں جن کا شعر ہر لحاظ سے قابل توجہ ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ انھوں نے بھی 'سبک ہندی' جو اس دور کا طرّہ امتیاز ہے ان کو اپنے کلام میں برتا ہے۔ اس بات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے مقالہ حاضر میں خصوصی توجہ اس غیر معروف شاعر کی طرف کی گئی ہے جو ہر اعتبار سے کامل فن تھے لیکن ان کے احوال وآثار اور شعری صلاحیت پر کما حقہ توجہ نہیں ہوئی۔ موجودہ باب میں ایسے پانچ شعراء کو منتخب کیا گیا ہے۔ اور ان کے احوال وآثار اور کلام سے متعلق اطلاعات جو جگہ جگہ بکھری ہوئی تھیں ایک جگہ جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ ان پر کام کرنے والوں کو تحقیق اور نقد کے لیے ایک جگہ مواد فراہم ہو سکے۔ اس نقطہ کو مدّ نظر رکھ کر کافی کوشش اور تلاش کے بعد مختلف تذکروں اور معتبر کتب تاریخ سے اطلاعات جمع کی گئی ہیں اور ان کو ترتیب کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔ ان کے دستیاب کلام کا کچھ انتخاب بھی تذکروں کی مدد سے درج کیا گیا ہے۔ اس کے کلام کی روشنی میں ان کے سبک فکر اور طرز بیان پر ایک مختصر تنقیدی نظر بھی ڈالی گئی ہے۔

شعری تخلیق کے بارے میں مختلف نظریات پائے جاتے ہیں۔ جن میں عینی، جدلیاتی، نفسیاتی اور جمالیاتی مکاتب فکر قابل ذکر ہیں۔ عینی مکتب فکر کی رو سے شاعری کی باگ ڈور کسی روحانی ہستی کے ہاتھ میں ہوتی ہے جو اسے اپنے اظہار کے لیے استعمال کرتی ہے۔ جیسا کہ خواجہ حافظ شیرازی کا مندرجہ ذیل شعر:

در پسِ آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند
هر چہ استادِ ازل گفت همان می گویم

اسی نظریے کی تائید کرتا ہے۔ نفسیات والوں کے نقطۂ نظر سے انسان کی بنیادی فطرت ہی اس کی شخصیت کی تعمیر میں حصہ لیتی ہے اس مکتب فکر سے تعلق رکھنے والوں میں بھی بعض نے تو فن کو جنسی خواہش کی براہ راست سیرابی کا نعم البدل

MAILI HARVI: AHWAL-O-ASAAR (Pg.No. 72 TO 81)

DR. MOHD. MUBARAK HUSSAIN, INSTITUTE OF PERSIAN RESEARCH
ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH

قرار دیا ہے۔ بعض نے اسے ازالہ یا تلافی گردانا ہے اور بعض نے اس کا رشتہ لاشعور اور اس کی آرکی ٹائپس سے جوڑ دیا ہے۔ ان مفکرین میں فرائڈ، ریڈلر اور ینگ کے نام نمایاں ہیں۔ تیسرا مکتب فکر مادی جدلیات کے فلسفہ کی پیداوار ہے اس کے مطابق شعری تخلیق کشف یا الہام کا نتیجہ نہیں بلکہ معروضی دنیا اور اس کے مسائل سے وابستہ ہے۔ جمالیاتی مکتب فکر کا خیال ہے کہ تخلیق میں اظہار ہی سب کچھ ہے۔ حسن یا فن اظہار کی ہی ایک صورت ہے۔ غرض کہ تخلیقی عمل اور فن کی تعریف میں عینی، نفسیاتی، جمالیاتی اور جدلیاتی مکاتبِ فکر نے اپنے اپنے نظریات کا اظہار کیا ہے جن سے تخلیقی عمل اور فن کے شعوری عمل کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

ہندستان میں مغلوں کی آمد سے فارسی زبان نے ترقی کی منازل طے کیں اور فارسی شاعری کی شمع روشن رکھی اور عمدہ و معیاری ادبی تخلیقات وجود میں آئیں۔ وہ جس درجہ کے جنگجو اور فاتح تھے اسی درجے کے علم پرور، ادب نواز، شعر دوست اور بزم آرائی کے شایق تھے۔ ہندوستان کی تاریخ میں عہد اکبر کئی اعتبار سے نہایت اہم دور کہلاتا ہے خود اکبر جیسا کوئی دوسرا فرمانروا ہندوستان کی تایخ میں نظر نہیں آتا اپنی ذاتی صلاحیت کی بنا پر وہ سارے حکمرانوں میں ممتاز تھا۔ اکبر کی تخت نشینی کے بعد جب مغلیہ سلطنت کو استحکام نصیب ہوا تو علم وادب اور دیگر فنون کی ارتقا کی طرف متوجہ ہوئے شعراء اور ادباء اور فنکاروں کی ہمت افزائی کی گئی جس کے نتیجے میں ہندوستان علوم وفنون کا مرکز بن گیا۔ شہنشاہ اکبر کی فیاضیاں، زر پاشیاں اور علم دوستی کو سن کر اکناف واطراف سے شعراء، ادباء، فضلا ہندوستان میں وارد ہوئے۔ بادشاہ اکبر کی کم سوادی کے باوجود اس کی ادبی خدمات، فن کاروں اور شعراء ادباء کی تشویق و پذیرائی اور علم وفن کی ترویج و اشاعت میں اسکی دلچسپی اور سرگرمیاں اربابِ فضل وکمال کے لیے حیرت کا مقام ہے۔ اس عہد میں جہاں گراں قدر کتب تواریخ لکھی گئیں وہیں شعراء نے شاعری کے جوہر دکھائے۔ اس عہد میں جو تہذیبی ترقی ہوئی اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ایران میں قصیدہ اور غزل گوئی بہ زوال آیا جس کے نتیجے میں وہاں کے شعرا وادباء نے ہندوستان کا رخ کیا۔ شہنشاہ اکبر کی سخن شناسی، ادب پروری اور فیاضی کے باعث ہندوستان ایران کے فارسی شاعروں کا مرکز بن گیا تھا۔

ہمایون کے انتقال کے بعد جب اس کا بیٹا جلال الدین محمد اکبر تخت نشین ہوا تو اس نے بھی شعراء کی ہر طرف سے ہمت افزائی کی۔ اس کی فیاضیوں کی شہرت سن کر ایران سے بڑے بڑے مشہور شاعر کھینچے چلے آتے تھے ابوالفضل نے آئین اکبری میں دربار اکبری کے جن شعراء کی فہرست درج کی ہے ان میں میلی ہروی بھی ایک ہیں۔ ان شعراء کے اسمائے گرامی اس طرح ہیں:

فیضی، ثنائی مشہدی، حزنی اصفہانی، قاسم کاہی، غزالی مشہدی، عرفی شیرازی، میلی ہروی، جعفر بیگ قزوینی، خواجہ حسین مروی، حیاتی گیلانی، شکیبی اصفہانی، انیسی شاملو، نظیری نیشاپوری، درویش بجران، صرفی کشمیری، صبوحی چغتائی، شفقی بخاری، صالحی ہروی، مظہری کشمیری، محوی ہمدانی، صرفی ساوجی، قراری گیلانی، عتابی نجفی، ملا محمد صوفی مازندرانی، جدائی مرزی، وقوعی نیشاپوری، خسروی قائنی، شیخ رہائی، وفا سپاہانی، شیخ ساقی، رفیع کاشی، غیرتی شیرازی، یادگار حالتی، سنجر کاشی، جذبی، تشبیہی کاشی، اشکی قمی، اسیری رازی، فہمی رازی، قیدی شیرازی، پیروی ساوجی، کامی سبزواری، پیامی، سید محمد، قدسی کربلائی، حیدری

تبریزی، سامری، فریبی رئی شاپور تہرانی، فسونی شیرازی، نادری ترشیزی، نوعی حبوشانی، بابا طالب اصفہانی، سرمدی اصفہانی، وخیل اصفہانی، شیری، قاسم ارسلان مشہدی، غیور حصاری، قاسمی مازندرانی، رہی نیشاپوری۔ (آئین اکبری، ص ۱۶۸ تا ۱۸۱)

اکبر پہلا مغل بادشاہ تھا کہ جس نے ''ملک الشعرا'' کے عہدہ کا آغاز کیا اور درباری مؤرخ کا منصب قائم کیا۔ غزالی مشہدی ہندوستان کے مغل بادشاہوں کے دربار کا پہلا ملک الشعرا تھا جو ''جون 1567ء'' میں اکبر کے دربار میں باریاب ہونے کے کچھ ہی دنوں کے بعد اس منصب سے سرفراز ہوا۔ اس کے ابوالفیض فیضی اس عہدہ پر معمور ہوا۔ مشہور و معروف شعرا کے علاوہ اور بھی شعراء دربار اکبری سے وابستہ تھے جن کا تفصیلی ذکر نہیں ملتا۔ جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا، ان میں سے میلی ہروی کی ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیا جا رہا ہے:

میلی ہروی کا شمار اپنے زمانے کے ممتاز شعرا میں ہوتا تھا اس کا پورا نام مرزا قلی جرایری ہروی تھا۔

(ریاض العارفین، ص ۲۴۹)

شاہ طہماسپ کے زمانے میں ایک مدت تک مشہد مقدس میں سلطان ابراہیم میرزا جاہی کے دربار میں رہا۔ حسین ثنائی اور ولی دشت بیاضی کے معاصرین میں سے تھا۔ ثنائی اور اس کے درمیان معاصرانہ چشمکیں رہتی تھیں اور دونوں ایک دوسرے سے بغض و عناد رکھتے تھے جیسا کہ مجمع النفالیس میں درج ہے:

" معاصر حسین ثنائی و ولی دشت بیاضی است و درمیان او و ثنائی یك گونه نقاری بود"

(مجمع النفالیس، جلد سوم، ص ۱۴۹۸)

شاہان مغل کی علم پروری اور فیاضی کی شہرت سن کر میلی ہروی نے مشہد سے ہندوستان کا رخ کیا اور مغلوں کے امراء میں سے ایک نورنگ خان کے دربار سے وابستہ ہو گیا۔ ایک عرصہ تک نورنگ خان کی خدمت میں رہ کر ان کی مدح میں قصاید کہے لیکن بعد میں دونوں کے درمیان رنجش پیدا ہوئی جس سے نورنگ خان کے اشارے پر اس کو زہر دیدیا گیا اور مالوہ میں ہی اس کا انتقال ہو گیا چنانچہ بدایونی کہتے ہیں:

" بجهته بدگمانی فرموده نورنگ خاں چیزی در کاسهٔ او کردند تاازهم گذرانیدند ،وفات او درمالوه بود "

(منتخب التواریخ، جلد سوم، ص ۳۲۹)

لیکن علامہ شبلی اس خیال سے متفق نہیں ہیں اور لکھتے ہیں:

''مشہور ہے کہ اکبر کے دربار میں غزالی کا رنگ چھایا ہوا تھا ہوا غزالی نے حکمت عملی سے اس کو مغلوب کیا اس کا اس کو اس قدر صدمہ ہوا کہ اسی وقت تپ چڑھ آئی اور بالآخر بیمار رہ کر مر گیا''۔

(شعر العجم، جلد پنجم، ص ۵۹۔۵۸)

بزم تیموریہ میں طبقات اکبری کے حوالہ سے لکھا ہے:

''مرزا قلی میلی نورنگ خاں کی خدمت میں برسوں رہا،نورنگ خاں اس عالی شان دودمان (یعنی خاندان تیموری) کے امرا میں سے ہے مرزا قلی غزل اور قصیدہ کا ایک دیوان رکھتا ہے''۔

(بزم تیموریہ،جلداول،ص ۳۹۸)

بیشتر تذکرہ نگاروں نے ان کی خوش خلقی اور خوش مزاجی کی تعریف کی ہے۔تذکرہ شمع انجمن کے مؤلف کا بیان ہے کہ:

" میلی هروی و میرزا قلی از اتراك بود وجه حسن و خلق مستحسن داشت"۔

(تذکرہ شمع انجمن،نواب صدیق حسن خان)

میلی ہروی صاحب دیوان شاعر تھا۔مجمع النفائس کے مصنف نے معاصر رحیمی کے حوالے سے اسے خوش فکر اور تازہ خیال شاعر قرار دیا ہے۔(مجمع النفائس،جلدسوم،ص ۱۴۹۸)

بدایونی نے اسے صاحب طرز شاعر کہا ہے اور اس کی شعر گوئی کی صلاحیت اور سلیقے کی تعریف اس طرح کی ہے کہ اگر وہ اس زمانے میں زندہ ہوتے تو خام شعراء کا دل اس کے عمدہ اشعار پڑھ کر نا تجربہ کار شعراء کے سر سے شاعری کا جنون اتر جاتا اور متاخرین شعراء میں سے کوئی بھی اس کے اشعار کی برابری نہیں کر سکتا:

صاحب دیوان است وصاحب طرز سلیقۂ شعر آن چنان داشت که اگر تااین زمان زنده می ماند اکثری را ازین خامکاران دل از سودای شعر سرد می شد واز زمان وقوع هیچیکی رااز متاخران بااوسخن نیست"

(منتخب التواریخ،جلدسوم،ص ۳۲۹)

میلی ہروی کا امتیاز یہ ہے کہ وہ ایک ایسے شاعر تھے جنہیں صحیح معنوں میں قدیم تہذیبی اور تمدنی قدروں اور نئے طرز واسلوب کے درمیان کی سنہری کڑی کہا جا سکتا ہے۔بہ الفاظ دیگر ان کے کلام میں فارسی کی روایتی غزلیہ شاعری اور سبک ہندی کی خصوصیات کا امتزاج ہے۔میلی ہروی کا غزل سے خاص ربط تھا اس کے ناز و انداز،غمزہ وعشوہ اور شوخی و ادا کا مکمل ادراک انہیں حاصل تھا۔اچھا شعر،حسن خیال،حسن الفاظ اور حسن ادا کا مجموعہ ہوتا ہے۔جب میلی ہروی کی غزل کو ان کے معیار پر پرکھا جاتا ہے تو اس کے اندر یہ تمام خوبیاں پائی جاتی ہیں۔اس کا انداز فکر و خیال اور جذبہ واحساس،زبان و بیان اور منفرد لب ولہجہ خوانندہ کو اپنی جانب کھینچتا ہے۔وہ اس انداز سے غزل کہتا ہے کہ پڑھنے والا اس میں ایک نیا اثر اور ایک نئی تازگی محسوس کرتا ہے۔اس کی فکر اور اس فکر کا اظہار وابلاغ اور اس کا انداز بیان غزل کی جان ہے۔

غزل کا سب سے اہم موضوع عشق ہے۔شعراء نے ہر دور میں عشق اور اس کی مختلف کیفیات کی ترجمانی کی ہے۔ ہر ایک نے عاشق کی کیفیت،محبوب کے حسن کا تذکرہ اور عاشق و معشوق کے تعلقات اور معاملات عشق پر روشنی ڈالی ہے۔میلی ہروی کے غزلیات کا موضوع بھی کم وبیش یہی ہے۔ان عشقیہ کیفیات میں وہ آفاقیت ہے جو سعدی،حافظ،خسرو،عرفی،نظیری، طالب،کلیم اور غالب وغیرہ کے غزلیہ کلام میں نظر آتی ہے اور آج بھی وہ کیفیات تازہ معلوم ہوتی ہے۔میلی ہروی نے ان

عشقیہ کیفیات کو پیش کرکے اپنے ذاتی اور انفرادی جذبات واحساسات کی ترجمانی کی ہے۔اس کا انداز بیان اس قدر دلکش اور پُر تاثیر ہے کہ ان پر بیتی ہوئی کیفیات آج بھی ہمیں اپنی کیفیات محسوس ہوتی ہیں۔جن واقعات سے وہ دوچار ہوئے ہیں وہ واقعات ہمیں اپنے واقعات معلوم ہوتے ہیں۔اس طرح اس کے غزل کی نوعیت آفاقی ہوجاتی ہے۔

میلی ہروی کی غزل کے موضوعات میں حسن وعشق،ہجر ووصال،صبر واجبار،حسرت وناکامی،دردوغم،امید ورجا اور محبوب کا جوروستم اپنی انفرادی شان کے ساتھ ہر جگہ جلوہ گر ہے۔ذیل میں اس کی چند مثالیں پیش کی جارہی ہیں جس سے اس کی قادرالکلامی کا پتہ چلتا ہے۔مثلاً محبوب غافل ہوکر اپنے عاشق کے پاس پہنچتا ہے اور وفاداری کا دم بھرتا ہے لیکن وہ اپنے سر کو جھکا لیتا ہے اور حیا کا بہانہ بناتا ہے۔اس خیال کو میلی نے اس طرح بیان کیا ہے:

غافل بمن رسید و وفا را بهانه ساخت
افگند سر به پیش و حیا را بهانه ساخت
می خواست تا ز آمدن خود خجل شوم
بر خاست گرم و دادن جا را بهانه ساخت

(دیوان میلی ہروی،نسخہ خطی،حبیب گنج کلکشن،مولانا آزاد لائبریری،علیگڑھ،ورق ۷)

جب انسان کسی سے جذباتی تعلق رکھتا ہے تو لازمی طور پر دل اس کی تمنا کرنے لگتا ہے جب اس کی نظر محبوب کے دلفریب جذبوں پر پڑتی ہے تو اس کے دل میں بھی درد واشتیاق پیدا ہوتا ہے۔اس کا دل ہر وقت بیقرار رہتا ہے وہ عشق کا مارا ہوا ہے اور محبوب کے علاوہ اس کے اندر کسی دوسری چیز کی تمنا نہیں:

بیقرار ست دل اندر بدن کشتۂ عشق
دیگر از یار ندانم چه تمنا دارد

(دیوان میلی ہروی،نسخہ خطی،حبیب گنج کلکشن،مولانا آزاد لائبریری،علیگڑھ)

اوصاف وخصائل میں عاشق ومشعوق ایک دوسرے کے بالکل برعکس ہوتے ہیں نیاز،ذلت ورسوائی اور بیچارگی عاشق کا مقدر ہے جب کہ بے نیازی،جبّاری اور غرور معشوق کے نمایاں اوصاف ہیں۔میلی کی طرف فطرت محبت کوٹ کوٹ کر بھری ہے وہ محبوب سے عجز ونیازمندی کا اظہار کرتا ہے لیکن ان کے ساتھ محبوب کا انداز امیرانہ اور عامرانہ ہے۔محبوب اس کے ساتھ ناز وتمکنت سے پیش آتا ہے۔میلی نے اپنی حسرت وناکامی اور معشوق کے غرورِ بےجا اور بےالتفاتی کا ذکر،غیروں کے ساتھ لطف وکرم کو معشوق کا جوروستم قرار دیا ہے۔اس خیال کو اس طرح ادا کیا ہے:

تا غیر شود در پی آوارگی من
که غیر آید و پرسد نشان یار از من
بر خویش نهد تهمت غمخوارگی من
تا غیر شود در پی آوارگی من

(مجمع النفالیس، جلد سوم، ص ۱۵۰۶)

عشق میں ایک مقام ایسا آتا ہے جب عاشق اور معشوق ایک دوسرے کے بالکل آمنے سامنے ہوتے ہیں عاشق اس سے ربط اور اختلاط بڑھانا چاہتا ہے وہ محبوب کی ذات میں وابستہ ہوانا چاہتا ہے محبوب سے قربت حاصل کرنے کے لیے حسرت سے سلام پیش کرتا ہے لیکن معشوق کی کج ادائی کے سبب تمام جذبات سمٹ کر رہ جاتے ہیں۔ محبوب کی گالیوں کو ہی وہ سلام کا جواب سمجھتا ہے اور اسی میں وہ خوش ہے:

من دیوانہ ھنگام سلام از غایت حسرت
ز دشنام تو خرسندم کہ پندارم جواب است این
کمال ناامیدی ھا ببین کز وعدۂ مستی
خوشم با آنکہ می دانم کہ تاثیر شراب است این

(مجمع النفالیس، جلد سوم، ص ۱۵۰۷)

جب عاشق مبتلائے عشق ہوتا ہے تو وہ خوشی کو بھول جاتا ہے۔ محبوب کی طلب میں صحرا نوردی اور خاک نشینی اسے زیادہ مرغوب ہے اسے محبوب کی طلب اور جستجو ہوتی ہے۔ دنیا اور اہل دنیا سے اس کو کوئی غرض نہیں اپنی عزت اور وقار کو بھی وہ داؤ پر لگا دیتا ہے اور لوگوں کی نظروں میں وہ گر جاتا ہے۔ عشق کی جرم میں وہ بے اعتبار ہو جاتا ہے۔ اس خیال کو میلی نے اس طرح پیش کیا ہے:

بی اعتبار پیش تو خلقی بجرم عشق
بیچارہ میلی از ہمہ بی اعتبار تر

(دیوان میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ)

رقابت فارسی غزل کا جز ولاینفک ہے میلی کے کلام میں محبوب پر شبہ کا اظہار ملتا ہے اس کا محبوب اس قدر دلفریب ہے کہ جو بھی اسے دیکھتا ہے اس کا گرویدہ ہو جاتا ہے اسی طرح میلی نے اپنے محبوب کے حسن کی عظمت بھی ثابت کی ہے۔ محبوب بزم رقیب میں جلوہ افروز ہے اور اس سے اظہار محبت کر رہا ہے وہ رقیب کے ساتھ بزم میں گرم سخن ہے اور عاشق کو جلانے کی غرض سے ایک ایسے شخص کو قاصد بنا کر عاشق کے پاس پیغام بھیجتا ہے جسے عاشق کے گھر کا پتہ نہیں معلوم۔ اس خیال کو میلی نے بہت ہی اچھوتے انداز میں پیش کیا ہے:

با غیر نشینی و فرستی ز پئ ما
آن را کہ ندانند رہِ کاشانۂ مارا

(دیوان میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ)

وعدہ خلافی محبوب کی فطرت میں شامل ہے، عاشق وعدہ کے وفا ہونے کا منتظر ہے، وصال یار کی طلب میں اس کا دل تڑپتا ہے لیکن حسب وعدہ ایک مدت تک محبوب سے ملاقات نہیں ہوتی اور عاشق اپنا وعدہ بھول جاتا ہے اور عاشق کو معشوق

کا وعدہ یاد نہیں رہتا یہاں تک کہ پھر دوسرا وعدہ ہو جاتا ہے۔اس خیال کو میلی نے اس طرح پیش کیا ہے:

از خلاف وعدہ ام شد مضطرب در اضطراب
رفت از بادش کہ بام وعدہ دیگر دھد
بسکہ ھر دم بفریب از رہ دیگر گذری
ھیچکس بر سر راہِ تو دگر ننشیند
نہ آشنا و نہ بیگانہ نمی دانم
کہ اختلاط چنین را کسی چہ نام کند
امتحان نام نہد دل سمتی گر تو کنی
خویش را چند باین حیلہ شکیبا دارد
جان بعزمِ رحلت و من شاد زین معنی کہ دل
درد چندین سالۂ امید درمان یافتہ
در فراقت زان نمی میرم کہ ناید در دلت
کین ستم نا دیدہ روزی چند با ھجرم نساخت
منم از زخم دل آن نیم جان صیدی کہ بر حالش
ترحم میکند صیاد و بسمل میند زودش
با آنکہ بپرسیدن ما آمدہ مردیم
کآیا ز کہ پرسید رہِ خانۂ ما را

(دیوان میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن ،مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ)

میلی ہروی کے اشعار نہایت رنگین اور مضامین غایت درجہ متین ہیں حلاوت اور شستگی سے خالی نہیں ہیں غزل کے جتنے لوازم ہیں سب ان کے یہاں موجود ہیں ۔آئین اکبری اور منتخب التواریخ میں اس کے اشعار کی تعداد کافی ہیں ۔ چند اشعار نقل کیے جاتے ہیں جس سے اس کی شاعری کا اندازہ ہوتا ہے۔

دانستہ کہ مھر تو باجان نمی رود
کز خاك کشتکان گذری سرگراں ھنوز
ز دیدن تو دلم یافت لذتی کہ فلك
نعوذ باللہ اگر فکر انتقام کند
نہ آشنا ونہ بیگانہ نمی دانم
کہ احتیاط چنین را کسی چہ نام کند

بیقرار است دل اندر بدن کشتۂ عشق
دیگر از یار ندانم چہ تمنا دارد
امتحان نام نہد دل ستمی کز تو کشد
خویش را چند باین حیلہ شکیبا دارد
میرم و بر زندگانم رحم می آید کہ تو
خوبان بی دادھا داری کہ با ما کردہ
آزار خلق خواست کند چرخ لاجرم
بدخوئی ستمگر مارابھانہ ساخت

(منتخب التواریخ، جلد سوم، ص۳۲۹)

رباعی:

فارسی زبان میں مشہور رباعی گو شعراء میں جو نام سب سے پہلے ذہن میں ابھرتا ہے وہ سلجوقی دور کا شاعر عمر خیام ہے۔انھوں نے رباعی کو فلسفیانہ مزاج دیا پھر اس میں تصوف و اخلاق کو جگہ دی گئی۔ان کے علاوہ دیگر موضوعات مثلاً عاشقانہ مضامین، ذاتی حالات اور شکوہ شکایت بھی شامل کیے۔مغلوں کے عہد تک تقریباً یہی رنگ غالب رہا۔

عام طور پر شعراء جب زندگی کی کلفتوں سے دوچار ہوتے ہیں تو وہ خیام اور حافظ کی طرح شراب کے پیالے میں ڈوب کر اس تلخی کا سدّ باب کرنا چاہتے ہیں اور بعض اوقات دعوت عیش طرب دیتے ہوئے نظر آتے ہیں۔میلی ہروی نے رباعیات میں بھی طبع آزمائی کی اور ان شعراء کا اثر قبول کیا۔ان کی رباعیوں کا انداز زیادہ تر عاشقانہ ہے۔غزلوں کی طرح رباعیوں میں بھی انھوں نے جذبہ عشق کی ترجمانی کی ہے۔عشق کی شدت اور جاں نثاری کا جذبہ ان کے قلب کو گداز اور روح کو جلا بخشتے ہیں۔وہ محبوب کے خیال میں شرسار ہیں اور دنیا کے گرم و سرد سے بے نیاز۔انھیں خوشی ملے یا ان پر بلائیں نازل ہوں بلا تأمل اور بے کم و کاست قبول کرتے نظر آتے ہیں۔ایک رباعی میں اس نے عاشق صادق اور غیر تمند معشوق کا نقشہ کھینچا ہے اور عاشق صادق کی حالت پر رحم کی درخواست کی ہے:

خوبی تو حسنِ غیر پرور باشد
من عاشق و معشوق غیرت آور باشد
بینی بچنین حالم و رحمم بکنی
این رحم تو بیرحمی دیگر باشد

(کلیات میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ، ورق ۴۳)

اسی طرح ایک اور رباعی میں معشوق کے حسن و جمال بالخصوص جس نے عاشق کے دل کو زخمی کر دیا ہے اور عاشق درد میں مبتلاء ہے۔رنج و غم اور شکست خوردگی نے اس کے دل کو سیکڑوں ٹکڑے کر رہے ہیں۔اس خیال کو میلی نے اس طرح

بیان کیا ہے:

ابروی بلندت کہ کنند افتاد است
دل را ہمہ دردی و گزند افتاد است
اکنون دلم از شکستگی صد پارہ است
چون شیشہ کہ از طاق بلند افتاد است

(کلیات میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ، ورق ۴۳)

مختصر یہ کہ میلی ہروی دیگر شعرائے ایران کی طرح قدر شناس اور شعر دوست ممدوحین کا دل جیتنے کے لیے ہندوستان آیا۔ میلی ہروی کی تخلیقات اس کے اپنے احساس وشعور کی ترجمان ہیں، اس کی تڑپ خود اس کی اپنی ہے جس کی وجہ سے اس کی شاعری میں ایک متحرک عمل ہے۔

منابع:

منتخب التواریخ، ملا عبدالقادر بدایونی، مطبع نولکشور، لکھنو 1868ء

طبقات اکبری، نظام الدین احمد بخشی، مطبع نولکشور، 1875ء

تذکرہ شمع انجمن، نواب صدیق حسن خان،

ریاض الشعرا، علی قلی خان والہ داغستانی، مقدمہ، تصحیح وترتیب، پروفیسر شریف حسین قاسمی، کتابخانہ رضا، رامپور، یوپی، 2001ء

ریاض العارفین آفتاب، بتصحیح سید حسام الدین راشدی، مرکز تحقیقات ایران و پاکستان، 1982ء

مجمع الخواص، ۔تذکرہ مجمع النفائس، سراج الدین علی خان آرزو، بہ کوشش دکتر مہر نور محمد خان باہمکاری، دکتر زیب النساء علی خان، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، پاکستان، 2006ء

تذکرہ شعرای غنی، ۔نشتر عشق، آقا حسین قلی خان عظیم آبادی، مرتبہ سید شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی، 1968ء

شام غریباں، لچھمی نرائن شفیق، مرتبہ محمد اکبر الدین صدیقی، انجمن ترقی اردو و پاکستان، 1977ء

معراج الخیال، ۔نتائج الافکار، قدرت اللہ گوپاموی، چاپخانہ سلطانی، بمبئی، 1336 شمسی

جام جمشید نما، ۔مجمع الفصحاء، جلد دوم، رضا قلی خان ہدایت، بہ کوشش مظاہر مصفا، انتشارات امیر کبیر، تہران، 1382 شمسی

مرأۃ آفتاب نما، ۔تذکرہ شعرای فارسی، غلام ہمدانی مصحفی، مرتبہ ڈاکٹر اکبر حیدری کاشمیری، محمدی پبلیشرز نظیر آباد، لکھنو، 1980ء

آئین اکبری، ابوالفضل، مطبع نولکشور، لکھنو، 1869ء

سفینہ خوشگو، بندرابن داس، مرتبہ سید شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی، پٹنہ، 1959ء

فہرست مخطوطات عربی، فارسی و ہندوستانی در کتابخانہ شاہان اودھ،

بزم تیموریہ، سید صباح الدین عبدالرحمٰن، دارالمصنّفین، اعظم گڑھ، 2015ء

کلیات میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ

دیوان میلی ہروی، نسخہ خطی، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ۔

☆☆☆

ادیبا خانم

میر حسین دوست سنبھلی: احوال و آثار

سنبھل شہر تاریخی اہمیت کے علاوہ علمی اور ادبی لحاظ سے بھی نہایت اہم ہے، قدیم زمانے سے ہی یہ شہر علم و دانش اور شعر و ادب کا گہوارہ رہا ہے۔ مغلوں کے عہد میں بھی یہاں کے کئی علماء و ادباء فارسی زبان و ادب سے وابستہ ہوئے۔ اور درس و تدرس میں بھی مشغول رہے، اس شہر سے تقریباً ہر دور اور ہر عہد میں مختلف شخصیات ابھر کر آئیں ہیں، جن میں سے بعض تو ماہر عالم و فاضل، ممتاز مشائخ، شاعر اور ادیب ہوئے ہیں۔ مختصر یہ کہ ادب اور فن کے ہر شعبے میں ایسے افراد پیدا ہوئے جو ایک دوسرے سے برتر تھے اور اپنی تخلیقات اور تحریروں کے ذریعہ علم و ادب کے خزانے میں بیش بہا اضافے کیے، ان اہم ادبی شخصیات میں سے ایک تذکرۂ حسینی کے مولف "میر حسین دوست سنبھلی" ہیں(۱)۔ میر حسین دوست سنبھلی نے اپنی ادبی خدمات اور قابلیت کی وجہ سے فارسی زبان و ادب میں ایک اعلیٰ مقام حاصل پایا ہے۔ ان کا شمار اٹھارویں صدی عیسوی کے مشہور شاعروں اور ادیبوں میں ہوتا ہے، مگر بدقسمتی سے تاریخ کی کتابوں، تذکروں اور دیگر ذرائع میں میر حسین دوست کی حالاتِ زندگی کے بارے میں زیادہ تفصیلات نہیں ملتی ہیں(۲)۔

احوال میر حسین دوست سنبھلی

مختلف کتابوں اور منابع کے مطابق انکا اصل نام " میر حسین دوست " اور انکے والد کا نام "سید ابو طالب " ہے۔ تذکرہ نویسی فارسی در ہند و پاک کے مولف نے اس طرح لکھا ہے:

"اسم مولف این تذکرة میر حسین دوست و تخلص وی حسینی است
و اسم پدرش مولوی سید ابو طالب است و اصل وی از سنبھل......(۳)"

خود مولف نے اپنے تذکرے "تذکرۂ حسینی" کے دیباچے میں اس طرح بیان کیا ہے:

" اما بعد خاك راه نبی و علی مولف این اوراق میر حسین دوست
سنبھلی(٤) "

تذکرۂ گلشن سخن کے مولف نے اس کے والد کا نام میر علی لکھا ہے:

"اسمش میر حسین دوست ابن میر علی، موطن مراد آباد سنبھل۔۔۔"

لیکن میر حسین دوست نے خود اپنی تصنیفات اور تالیفات میں اپنے والد کا نام سید ابو طالب بتایا تھا۔ تمام تحقیقات کے بعد یہ ظاہر ہے کہ انکا نام میر حسین دوست تھا اور انکے والد کا نام سید ابو طالب تھا۔ انکی ولادت کی صحیح تاریخ

MEER HUSSAIN DOST SAMBHALI: AHWAL-O-ASAAR (Pg.No. 82 TO 88)
ADEEBA KHANAM, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

دستیاب نہیں ہے البتہ اندازے سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یا تو وہ بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کے دورِ حکومت کے آخر میں یا بادشاہ بہادر شاہ اوّل کے اوائل دور میں شہر سنبھل میں پیدا ہوئے، اور انکی نشو ونما بھی یہیں ہوئی۔

شہر سنبھل کا شمار روہل کھنڈ کے اہم تاریخی علاقوں میں ہوتا ہے، جو پورے چار سال اسکندر لودھی کے دور میں دارالحکومت رہا، اکبر بادشاہ کی حکومت کو مستحکم کرنے کے لیے ہیمو کو شکست دینے والا علی قلی خان شیبانی بھی سنبھل کا ہی تھا، جسکی وجہ سے سرکار کو شہر کا عہدہ حاصل ہوا۔ اس کے علاوہ مغل بادشاہ شاہجہاں کی ایک بیوی جن کا نام کاندھاری بیگم تھا، شہر سنبھل کے گورنر کی بیٹی تھیں۔ ابوالفضل، فیضی، اور ملا عبدالقادر بدایونی جیسی معروف شخصیتیں شاہ خاتم سنبھلی کے مدرسے سے تعلیم یافتہ ہوئیں۔ یہ شہر صرف تاریخی واقعات کے اعتبار سے ہی نہیں بلکہ علم وادب کے لیے بھی بہت اہم حیثیت رکھتا ہے(۵)۔

میر حسین دوست کا تعلق ایک علمی خانوادہ سے تھا، جس طرح خود مولف نے اپنی کتاب تشریح الحروف میں اپنے والد کے بارے میں لکھا ہے:

"۔۔۔مسوّد این اوراق میر حسین دوست سنبھلی ولد عارف کامل و فاضل بی مانند میر ابو طالب دانشمند طالب الله ثداه و جعل الجنته مثواه۔۔۔(٦)"

میر حسین دوست کے تحصیل علم اور ابتدائی زندگانی کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ملتی ہیں، لیکن تاریخ کی کتابوں، تذکروں اور ان کی خود اپنی تحریروں میں جو لکھا ہے وہ یہ ہے کہ بچپن سے ہی انکی طبیعت میں علم وادب حاصل کرنے کا شوق تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب سے حاصل کی اور اس کے علاوہ کئی معروف علماء اور فضلاء سے بھی کسب فیض کیا یہاں تک کہ وہ پورے ۹ سال کے بھی نہ ہوئے تھے کہ علم ودانش کے حصول کے لیے اور ایک بزرگ استاد کی تلاش کی جستجو میں اپنے مالوف ومحبوب وطن سنبھل کو ترک کر کے دہلی چلے گئے۔ وہاں ان کی ملاقات شیخ فضل اللہ سے ہوئی، جن کا شمار اپنے وقت کے معروف علماء وفضلاء میں ہوتا تھا(۷)۔

میر حسین دوست ان کے مقربینِ خاص میں شامل ہو گئے اور ایک عرصے تک ان کی خدمت میں رہے، انھوں نے خود اپنے تذکرے "تذکرۂ حسینی" کے دیباچے میں لکھا ہے کہ:

"چون عمر نوزده سالگی از وطن سعادت موطن به خدمت سراپا برکت فضائل و کمالات مخدومی شیخ فضل الله مدظله بر سبیل تحصیل علم به دارالخلافت نزهت نهاد شاه جهان آباد وارد گشت و عمری در اکتساب علوم ادبیه بگزرانید و به فیض مجالس فصحائی شیرین کلام و شعرائی بلاغت انتظام در فن شعر مهارتی بهم رسانید(۸)"

میر حسین کی شاعری اور سبک شعر گوئی

میر حسین دوست کو شاعری میں دسترس حاصل تھی، وہ صرف فارسی زبان وادب میں ہی نہیں بلکہ اردو زبان میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ بیشتر تذکرہ نگاروں نے ان کی شاعرانہ صلاحیتوں کا اعتراف کیا ہے، ایک شاعر کے ساتھ ساتھ وہ نثر نگار کی حیثیت سے بھی مشہور ہوئے، انھوں نے دونوں زبانوں میں شعر کہے ہیں، فارسی میں انھوں نے اپنا تخلص" حسینی" اختیار کیا اور بھاکا میں "ذاکر" تخلص اختیار کرتے تھے۔ جیسا کہ تذکرہ عشقی کے مولف نے ان کے بارے میں لکھا ہے:

"ذاکر تخلص موسوم به میر حسین از ساکنان مراد آباد بود......(۹)"

تذکرۂ گلشن سخن کے مولف نے اس طرح بیان کیا ہے:

"مرد ظریف و شعر فهم خوب و در صرف و نحو هم فی الجمله مهارت

داشت، به ندرت گاهی شعرمی گفت در زبان بهاکا از وست ے

جو چاہو سو کہو مختیار ہو عدو کو وے

حسین دوست کے دشمن کے تئیں یزید کہو(۱۰) ''

تذکرہ روز روشن کے مولف مظفر حسین نے اپنے تذکرے میں میر حسین سے متعلق زیادہ تفصیلات درج نہ کر کے چند سطروں میں اکتفا کیا ہے، وہ اس طرح لکھتا ہے:

"حسینی میر حسین از موزون طبعان سنبهل مرادآباد بود کتاب تشریح

الحروف و تذکرة حسینی ازوست"

میر حسین دہلی کے قیام کے دوران زیادہ سے زیادہ علمی اور ادبی محفلوں میں شرکت کیا کرتے تھے، اپنے ہم عصر شعراء کا کلام سنا کرتے تھے اور اپنا کلام ان کے سامنے پیش کیا کرتے تھے۔ اپنی شاعری کے بارے میں خود انہوں نے اپنے تذکرے "تذکرۂ حسینی" میں اس طرح لکھا تھا:

" خاك پای سخنوران آفاق میر حسین دوست حسینی مولف این اوراق

اگر چه اقوال و اشعار این ضعیف نحیف لیاقت آن ندارد که در سلك

لطیف پهلوانان عرصه نکته دانی و شهسواران مضمار معانی انسلاك

یابد، لیکن به پاس خاطر احباب این چند بیت می نگارد:

تا کہ تن زیب تو شد خلعت خوبی ایاد　　راست بر قامت من جامه محمودی شد

بسکه از شرم رخت رنگ بیرویش بشکشت　　چهرهٔ لاله به رنگ گل داو ودی شد"(۱۱)

میر حسین دوست نے دہلی کے قیام کے دوران فارسی زبان و ادب کے لیے قابل قدر خدمات انجام دیں اور پورے ذوق وشوق کے ساتھ علم و ھنر کے میدان میں نمودار ہوئے۔

۱۶۷۳ء میں انہوں نے بریلی کا رخ کیا اور کچھ مدت وہاں پر مقیم رہے، بریلی میں قیام کے دوران میر حسین نے اپنے علمی ذوق وشوق کو برقرار رکھنے کے لیے ادبی محفلوں میں شرکت کرنا شروع کر دیا اور اس دور کی بریلی کی تمام اہم

شخصیات کی صحبت اختیار کی، اور کچھ مدت میں دہلی کی طرح یہاں پر بھی ادبی حلقوں میں اپنے اشعار کہنے لگے۔ میر حسین دوست تاریخ گوئی کے فن میں بھی مہارت رکھتے اور اپنے ہم عصروں کی وفات پر چند قطعہ بھی نظم کئے اپنے دوست میر غلام نبی کی وفات پر ذیل کا قطعہ کہا تھا:

"آن کـــه بـــود مـــولـــداو بـــلـــگـــرام سیـــد عـــالـــی نســـب واســـطـــی
در فـــن هـــنـــدی و زبـــان عـــرب واقف اســـرار خـــفـــی و جـــلـــی
داشتـــه بـــر نـــغـــمـــه بـــه ساز تمـام دســـت نـــوازش چـــو فـــن فـــارســـی
همـــره صـــفـــدر بـــه پـــی جنگ رفـت تـــا کـــه بـــه میدان کـــنـد افـغـــان کشـی
از کف شـــمـــری کـــه بـدو افـغـان بـخـورد شهـــد شهـــادت چـــو حسیـــن عـــلـــی
ســـالِ شهـــادت دلِ حســـرت زده گـفـت"کـجـا آه غلام نبی"(۱۱۶۳ھ)(۱۲)

اگر میر حسین دوست سنبھلی کی طرز تحریر کی بات کی جائے تو اس کے بارے میں زیادہ اطلاعات نہیں ملتی ہیں سوائے ان کی تالیف کی ہوئی چند کتابوں کے جن میں سے بعض تو وجود میں ہی نہیں ہیں باقی جو بچی ہیں ان کے ذریعے حسینی کی طرز تحریر کی معلومات پیش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے(۱۳)۔

میر حسین دوست سنبھلی نثر میں سادہ اور عام فہم زبان کا استعمال کرتے تھے، ان کا طرز تحریر نہایت ہی سلیس تھا۔ان کی تحریر کی سب سے نمایاں خصوصیت پر اثر اور دلکش انداز ہے، زبان میں نہایت سادگی اور سلاست پائی جاتی ہے جو پڑھنے والے کو بغیر کسی رکاوٹ کے آگے پڑھنے میں مدد دیتی ہے، میر حسین دوست اکثر ایسے موضوعات کا انتخاب کرتے ہیں جو عام لوگوں کی زندگیوں سے قریب ہوں اور جن میں گہرائی اور احساس شامل ہو(۱۴)۔

حالانکہ ان کے دور میں دونوں قسم کی طرز نگارش کا معمول تھا لیکن زیادہ تر سلیس اور سادہ زبان کو ہی ترجیح دی جاتی تھی، کبھی کبھار شعراء اپنے کلام کو علمی جامعہ پہنانے کے لیے عربی اور فارسی الفاظ کو بھی شامل کر لیتے تھے۔ میر حسین دوست کی تحریروں میں تجزیہ اور مشاہدہ بہت عمدہ انداز میں ملتا ہے، انہوں نے اپنے خیالات کو نہایت خوبصورتی سے پیش کیا ہے، ان کی طرز نگارش میں زندگی کے مختلف پہلوؤں کا عمیق مطالعہ جھلکتا ہے، اور قارئین کو غور وفکر کرنے پر مجبور کرتی ہیں اور انہیں زندگی کی حقیقتوں کے قریب لاتی ہیں۔

یوں تو حسین سنبھلی کی طرز تحریر سادہ اور آسان تھی لیکن انہوں نے اپنی معروف کتاب " تشریح الحروف" میں سادہ اور آسان زبان کو ترک کر کے مشکل طرز کو اپنایا ہے۔اس کتاب کا گرامر اور عروض پر مبنی ہونے کی وجہ سے آسان زبان میں اسکا لکھے جانا بہت مشکل تھا۔دراصل اس فن سے ناواقفیت نے انہیں مشکل زبان استعمال کرنے پر مجبور کر دیا(۱۵)۔

ان کی ایک اور کتاب جس کا انہوں نے فارسی زبان میں ترجمہ کیا وہ "منظوم تیمور ہافتی" ہے، مگر افسوس کے وقت کے ساتھ وہ ضائع ہوگئی اور اب موجود نہیں ہے، لیکن ان کا سب سے بڑا کارنامہ جس سے انھیں عالمی شہرت کی اونچائیوں پر

پہنچایا وہ" تذکرۂ حسینی" ہے۔عموماً توحسینی نے اس تذکرے میں اپنی زبان سادہ اور سلیس رکھی ہے مگر بعض اوقات شاعر کے ذکر میں مشکل اور دقیق تراکیبیں شامل کرلیں ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تذکرۂ حسینی کی طرز نگارش جگہ جگہ مشکل اور پیچیدہ ہوگئی ہے۔

حسین سنبھلی کی طرز کی روانی اور عام فہمی مندرجہ بالہ اقتباس سے ظاہر ہے جو انہوں نےشیخ احمد غزالی کے تذکرے میں لکھا ہے:

"آھوی میر غزار صاحب کمال شیخ احمد غزالی قدسی سرّہ دات کرامت صفاتش از حر کہ اصفھان بودہ است و نسبت ارادت شیخ ابوبکر نساخ علیہ الرحمۃ درست نمودہ از جملہ کراماتش اینست کہ روز شخصی آمدہ احوال برادرش حجۃ الاسلام محمد غزالی پر سید رحمۃ اللہ علیہ فرمود کہ وی در خون است سائل وی راطلب کرد و مسجد دریافت از قوی شیخ احمد تعجب کرد قصہ بحجت الاسلام باز نمود او گفت راست گفتہ است کہ من در مسئلہ میتحاضہ فکر میکرد م القصہ در سال پانصدوھفت رحلت نمود و سر بلدہ طیبہ قزوین بر آسودہ(١٦)"

آثار میرحسین دوست سنبھلی

میرحسین دوست سنبھلی ایک معروف عالم،محقق اور ادیب تھے جنہوں نے اپنے علمی کارناموں سے فارسی زبان وادب میں نمایاں مقام حاصل کیا ہے،ان کا زمانہ تذکرہ نگاری،انشاءنگاری،لغت نویسی،علم عروض،بلاغت اور فارسی قواعد کے میدان میں ایک روشن دور تھا۔انہوں نے بھی اس دور کی روایت کے مطابق ایک تذکرہ" تذکرۂ حسینی" کے نام سے تالیف کیا۔علم بلاغت،عروض ومعما اور فارسی قواعد پر ایک کتاب" تشریح الحروف" لکھی،ان کی اس علمی کاوش نے انہیں فارسی ادب میں ایک ممتاز مقام دلایا۔اس کے علاوہ میرحسین کا ادبی کارنامہ "منظوم جنگ نامہ" یا" ظفرنامہ ھاتفی" ہے جسے انہوں نے مختصر کرکے" تیمورنامہ ہاتفی" کو نثر کی شکل میں پیش کیا۔ذیل میں ان کے اہم کاموں کا مختصر ذکر کیا گیا ہے(١٧)۔

تذکرۂ حسینی

میرحسین دوست سنبھلی کا یہ ایک اہم تذکرہ ہے جس کو انہوں نے اٹھارویں صدی ھجری میں یعنی ١١٦٣ھ میں تالیف کیا۔یہ تذکرۂ تقریباً ٥٦٤ شعراء،علماء،اولیاء،بادشاہوں اور صوفیوں کے احوال وآثار پر مشتمل ہے،جو شاعری بھی کیا کرتے تھے۔حسینی نے اپنے اس تذکرے کو حروف تہجی کی ترتیب سے مرتب کیا ہے،یعنی پہلے حروف کے لحاظ سے ان کا نام یا تخلص دیا ہے۔کتاب کا آغاز حضرت علی علیہ السلام کے ذکر سے ہوتا ہے،اور اسکا خاتمہ یوسیفی طبیب خراسانی کے ذکر پر ہوتا ہے۔تذکرے کے آغاز میں مولف نے حضرت علی علیہ السلام کے مناقب اور فضائل بیان کیے ہیں اور ان کے دیوان سے

ایک رباعی اور چند اشعار نقل کیے ہیں(۱۸)۔

مختصر تیمور نامہ ھاتفی

میر حسین کے ادبی کاموں میں سے ایک اور اہم تصنیف مختصر تیمور نامہ ہاتفی ہے، یہ میر حسین کا نثری کارنامہ ہے جسے انہوں نے ۱۲۰۳ھ/۸۹/۱۷ء میں نظم سے نثر میں منتقل کیا۔ جنگ نامہ ہاتفی یا ظفر نامہ ہاتفی عبداللہ جامی جو ہاتفی تخلص اختیار کرتے تھے، کا منظومہ ہے، جس میں انہوں نے نظامی گنجوی کے اسکندر نامہ سے اسکندر کے واقعات کو اپنی طرز تحریر میں نظم کیا تھا، میر حسین دوست نے اپنی زندگی کے آخری حصّے میں اس منظومے کو نثر میں تبدیل کر کے مختصر تیمور نامہ ہاتفی کا نام دیا۔

میر حسین کی اس معروف کتاب کا آغاز کچھ اس طرح سے ہوتا ہے......" ستائش شایان و نیایش نمایان مالك الملكی را............الخ(۱۹)"

تشریح الحروف

میر حسین دوست سنبھلی نے یہ کتاب ۱۱۷۳ھ میں مکمل کی اور اس کی تکمیل کی تاریخ کو " تشریح نادر اور بیاض نشاط" سے استخراج کیا۔

دستور زبان ایک اہم موضوع ہے،اور فارسی زبان میں اس پر بہت سی کتابیں بھی لکھی گئی ہیں۔لیکن تشریح الروف کی ایک خاص اہمیت ہے، کیونکہ اس کتاب میں مصنف نے نہ صرف دستور زبان کو بیان کیا ہے بلکہ اس ساتھ ساتھ لفظی اور معنوی صنائع،عروض و قافیہ اور معما سازی کے فن کو بھی شامل کیا ہے۔انہوں نے ان سب کی تشریح نہایت مختصر اور شیرین انداز میں کی ہے۔یہ کتاب ایک مقدمہ،مختلف فوائد و ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے(۲۰)۔

میر حسین دوست سنبھلی شہر سنبھل کے اولین تذکرہ نویس ہونے کے ساتھ ساتھ فارسی ادب کے معروف شاعر بھی ہیں جن کا شمار اٹھارویں صدی کے مشہور علماء و فضلاء میں ہوتا ہے۔ان کو اپنے زمانے میں افضل العلماء،مورخ بے عدیل اور ماہر علوم مخفی جلی جیسے مشہور خطاب حاصل تھے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ اتنی اہم شخصیت ہونے کے باوجود ان کی زندگی اور خدمات پر زیادہ تفصیلات نہیں ملتی ہیں اور نہ ہی ان کے کارناموں اور حالاتِ زندگی پر زیادہ کام ہوا ہے یہاں تک کہ خود انہوں نے اپنے تذکرے میں اپنے احوال بیان کرنے میں اختصار سے کام لیا ہے اور قدیم تذکروں سے بھی ان کے متعلق زیادہ معلومات فراہم نہیں ہوتی ہے(۲۱)۔

حواشی:

(۱) تشریح الحروف۔میر حسین دوست سنبھلی۔تحقیق و تدوین ڈاکٹر محمد قمر عالم۔مرکز تحقیقات فارسی۔مقدمہ ص ۹

(۲) ایضاً ص ۱۰

(۳) تذکرہ نویسی فارسی در ہندو پاک۔علی رضا نقوی۔ص ۳۱۶

(۴) دیباچہ تذکرہ حسینی۔مرتبہ عماد الدین قادری

(۵) تشریح الحروف۔ص۱۰

(۶) ایضاً ص۱۰

(۷) تذکرہ نویسی فارسی۔ص۳۱۷

(۸) دیباچہ تذکرہ حسینی۔ترجمہ وترتیب ڈاکٹر کشور جہاں زیدی

(۹) تشریح الحروف۔ص۱۵

(۱۰) تذکرہ گلشن سخن۔مردان علی خان مبتلا

(۱۱) دیباچہ تذکرہ حسینی

(۱۲) تشریح الحروف۔ص۱۷

(۱۳) تذکرہ نویسی فارسی۔ص۳۲۱

(۱۴) ایضاً۔ص۳۲۱

(۱۵) تشریح الحروف۔مقدمہ

(۱۶) تذکرہ حسینی۔ص۳۳

(۱۷) تشریح الحروف۔مقدمہ ص۱۸

(۱۸) ایضاً ص۱۸

(۱۹) ایضاً۔ص۱۹

(۲۰) ایضاً۔ص۲۰

(۲۱) تذکرہ حسینی۔دیباچہ

☆☆☆

ٹیپو سلطان

محمود الحسن بہارکوٹی (۱۹۰۷ء - ۱۹۷۱ء) کی ادبی خدمات: ایک جائزہ

تجسس انسان کی فطرت میں شامل ہے، یہ وہ جذبہ ہے جس نے تدریجی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ تحقیق، تجسس کی ترقی یافتہ شکل ہے۔ زندگی کے ہر شعبہ میں جو ترقیاں ہمیں نصیب ہوئی ہیں وہ سب تحقیق کی ہی بدولت ہے۔ تحقیق کے ذریعہ ہی ہم نے بہت سی خطرناک بیماریوں کا سدباب کیا ہے، اسی کے ذریعہ ہم نے سمندر کی گہرائیاں ناپی ہیں، اس کے ذریعہ آج ہم ستاروں کی دنیا میں قدم رکھ رہے ہیں۔ یہاں بات ہو رہی ہے ادبی تحقیق کی، تحقیق کی بدولت ہی ہم نے ادب کے بہترین جواہر پارے تلاش کئے، گمنام فنکاروں کو تلاش کیا ہے، ان کی تخلیقات کو منظر عام پر لائے ہیں۔ ان تحقیقات کے سبب ہم نے ادب کو اس کے شایان شان قدر و منزلت دی ہے۔ ادب میں تحقیق کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ ہندوستان کے مختلف تعلیمی اداروں میں بڑی تعداد میں تحقیقی مقالے مختلف موضوعات پر سپرد قلم کئے جا رہے ہیں۔ ان ہی مقالوں میرا مقالہ بھی شامل ہے۔ جس کا عنوان " محمود الحسن بہارکوٹی (۱۹۰۷ء - ۱۹۷۱ء) کی ادبی خدمات: ایک جائزہ ہے۔ محمود الحسن بہار، اردو ادب کی ایک اہم شخصیت تھے۔ جنھوں نے راجستھان کے تاریخی شہر اجمیر میں آکر شہرت و مقبولیت حاصل کی۔ بہار ۱۹۲۷ء میں بہ سلسلہ معاش اجمیر تشریف لائے اور مستقل طور پر یہیں بود و باش اختیار کی۔ ابھی تک وہ صرف شاعر تھے۔ جب انھیں اجمیر کا ادبی ماحول میسر آیا اور یہاں پر موجود مشاہیر سے ان کی ملاقاتیں ہوئیں تو وہ کھل کھیلے۔ ریلوے میں انھیں ملازمت مل گئی تھی، اس لئے معاش کی طرف سے اطمنان ہو جانے کے بعد وہ ادب کی جانب متوجہ ہوئے۔ انھوں نے افسانے تحریر کئے۔ خاکستر (۱۹۴۵ء) ان کے افسانوی مجموعے کا نام ہے۔ ذات و کائنات ان کا شعری مجموعہ ہے جو ان کے انتقال کے بعد ۱۹۷۷ء میں شائع ہوا۔ لیکن ان کے علاوہ ان کے بے شمار ادبی شہ پارے ہیں۔ جن میں غزلیں نظمیں، افسانے اور مضامین و مقالات شامل ہیں۔

بہار کے مختصر حالات:-

ان کا پورا نام محمود الحسن تھا۔ ادب میں بہارکوٹی کے نام سے مشہور ہیں۔ ۱۹۰۷ء میں کوٹ، ضلع فتحپور (یوپی) میں پیدا ہوئے۔ اسی نسبت سے اپنے آپ کو کوٹی لکھتے رہے۔ والد کا نام بدر الحسن خاں تھا۔ آپ کے آبا و اجداد کابل کے رہنے والے تھے۔ جو محمد غوری کے ساتھ ہندوستان آ گئے تھے۔ مغل بادشاہوں نے ان کی خدمات کے صلے میں ۲۱ گاؤں دئے تھے، کوٹ ان میں سے ایک تھا۔ کاشت کاری آپ کے بزرگوں کا پیشہ تھا۔ آپ کی ابتدائی تعلیم و تربیت کوٹ میں ہوئی۔ اس کے بعد فیروز پور (پنجاب) چلے گئے۔ وہاں ہائی اسکول کی تعلیم مکمل کی۔ مزید تعلیم کے لئے کالج میں داخلہ لے لیا۔ لیکن کالج کا

MAHMOOD-UL-HASAN BAHARKOTI KI ADABI KHIDMAT: EK JAIZA (Pg.No. 89 TO 92)
TIPU SULTAN, RESEARCH SCHOLAR
UNIVERSITY OF RAJASTHAN, JAIPUR, RAJASTHAN

ماحول انھیں پسند نہیں آیا۔ شعر وسخن کی جانب فطری طور پر راغب تھے۔ فیروز پور میں اسوقت علامہ عیش فیروز پوری موجود تھے، ان سے شاعری میں اصلاح لینے لگے۔ بہارکوٹی ان ادبی شخصیات سے ہیں جن کا ادبی سفر اجمیر کی سرزمین سے شروع ہوا۔ ان کے ہم عصروں میں رفیع اجمیری، قیسی رامپوری، الیاس رضوی، اثر جلیلی، عبیداللہ قدسی اور ابوالعرفان فضائی وغیرہ قابل ذکر حضرات ہیں۔ اجمیر میں بہار کو بہت اچھی اور مشہور شخصیات کی صحبت ملی۔ چونکہ اجمیر میں سیماب اکبر آبادی بھی اکثر آتے تھے اور قیسی رامپوری کے گھر پر ٹھہرا کرتے تھے۔ جہاں سیماب کے دیگر تلامذہ جمع ہوتے اور شعری مجلسیں منعقد ہوا کرتی تھی۔ میر احدی اجمیری، عبیداللہ قدس، فضائی، اور سیماب کے دوسرے تلامذہ بھی وہاں ہوا کرتے تھے۔ بہارکوٹی کو سیماب اکبر آبادی سے بھی فیضیاب ہونے کا پورا موقع ملا۔

بہارکوٹی ہمیشہ ایک عملی انسان رہے۔ ہمیشہ متحرک رہے۔ ملازمت کے علاوہ اپنا تمام وقت مطالعہ اور ادبی مصروفیات میں گزارا کرتے تھے۔ انھوں نے اجمیر میں جو اپنی ایک تنظیم بنائی تھی انجمن فروغ ادب'' اس کے تحت سرگرم عمل رہے۔ سال میں ایک بڑا مشاعرہ ضرور کراتے تھے۔ عام دنوں میں نشست اور دیگر ادبی محفلیں سجائی جاتی تھیں۔ مذہب کے پکے تھے، توکل پر رہا کرتے تھے، اپنی آمدنی بڑھانے کے لئے انھوں نے کبھی کوئی ایسا قدم نہیں اٹھایا جو شریعت کے خلاف ہو۔ انھوں نے کبھی اپنی شاعری کو معاش کا ذریعہ نہیں بنایا۔ ادبی نقطہ نظر سے ان کا یہ ماننا تھا کہ جو ادب ''ادب'' کے اصولوں پر پورا نہ اترے وہ ادب کہلانے کے قابل نہیں ہے۔ ادب میں عریانیت کے بھی سخت مخالف تھے۔ تقسیم ملک کے بعد بہار کراچی منتقل ہو گئے۔ اور وہیں پر ۱۹۷۱ء میں انتقال کیا۔

معنویت اور اہمیت:۔

بہارکوٹی ادب کی ایک اہم شخصیت ہیں لیکن افسوس ہے کہ ابھی تک ان پر کوئی تحقیقی کام نہیں کیا۔ اس موضوع کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے میں نے اس کا انتخاب کیا ہے۔ بہارکوٹی کی شاعری، افسانے اور تحقیقی وتنقیدی مضامین ادب کا اہم ترین سرمایہ ہے۔ جن کو منظر عام لانے کا ذمہ میں نے اپنے ناتواں کندھوں پر لیا ہے۔ ادبی دنیا بہارکوٹی کو ایک شاعر کی حیثیت سے جانتی ہے۔ لیکن وہ ایک اچھے نقاد اور بہترین افسانہ نگار بھی تھے۔ کئی زبانوں کے ادب پر بھی ان کی گہری نظر تھی۔ اگر یہاں ان کے تنقیدی مضامین میں سے چند کے نام پیش کئے جائیں تو مناسب ہوگا،

۱۔ جذبات بھاشا۔ عالمگیر، لاہور۔ عید قرباں نمبر ۱۹۳۴ء
۲۔ میر احدی اجمیری۔ عالمگیر، عید قرباں نمبر۔ لاہور۔۱۹۳۵ء)
۳۔ کیا اقبال کا پیغام کوئی نیا پیغام ہے: شاعر آگرہ۔ جنوری ۱۹۴۳ء
۴۔ ہمارا نصاب تعلیم۔ شاعر، آگرہ مئی ۱۹۴۳ء
۵۔ مسئلہ تقدیر اور مشاہیر عالم۔ شاعر، آگرہ۔ جون ۱۹۴۳ء
۶۔ ہندوستان صنعتی ملک تھا۔ شاعر، آگرہ۔ جولائی ۱۹۴۳ء
۷۔ پوسٹ آفس۔ شاعر، آگرہ نومبر ۱۹۴۳ء

۸۔ ہندی اور مسلمان۔شاعر،آگرہ۔جنوری ۱۹۴۴ء

۹۔ دورِ حاضر کی ایک ہندی شاعرہ۔شاعر،آگرہ مارچ ۱۹۴۴ء

۱۰۔ ہندی افسانہ نگاری۔شاعر،آگرہ۔جنوری۔۱۹۴۶ء

۱۱۔ نظارے کی جھلک۔شاعر،آگرہ۔جنوری فروری۔ ۱۹۴۵ء

۱۲۔ بے خود بدایونی۔شاعر،آگرہ۔جون ۱۹۴۲ء

۱۳۔ کیا دبیر و ناسخ فارسی نہ جانتے تھے۔زمانہ،کانپور۔جولائی ۱۹۴۵ء

۱۴۔ ترقی پسندی سے پہلے۔چمنستان،دہلی۔جون۔۱۹۴۵ء

۱۵۔ راجپوتانہ کا ایک شاعر۔چمنستان،دہلی۔فروری۔۱۹۴۵ء

۱۶۔ خریطہ۔چمنستان،دہلی۔اگست ۱۹۴۵ء

۱۷۔ حضرت شار بھٹی بارہ بنکوی۔چمنستان،دہلی۔فروری ۱۹۴۶ء

۱۸۔ پہلا بنگالی ناول نویس۔شاعر۔آگرہ۔اکتوبر ۱۹۴۴ء

۱۹۔ ثابت لکھنوی مرحوم۔شاعر۔آگرہ۔جولائی ۱۹۴۵ء

۲۰۔ بنگال کے بعض اچھے لکھنے والے۔شاعر۔آگرہ مئی ۱۹۴۶ء

مذکورہ مضامین کے عنوانات سے بہار کوٹی کی تحقیقی و تنقیدی بصیرت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

اسی طرح اگر غزل کی بات کریں تو ان کے یہاں اقبال جیسی شوکت اور فانی کا رنگ نظر آتا ہیں۔غزل کے یہ اشعار ملاحظہ فرمائیں،

نہ کچھ حقیقت کے پیرہن میں نہ کچھ لباس مجاز میں
کہ جس کو جذب تمام کہئے، نیاز میں ہے نہ ناز میں ہے
نیاز کیشی کا ادعا ہے تو پھر سراپا نیاز ہو جا
بہار اچھی نماز ہے یہ کہ ہوش سجدہ نماز میں ہے

☆☆☆

بڑی ہی دلکش و رنگیں ہے داستاں میری
چمن میں آنکھ، قفس میں کھلی زباں میری
چراغ بجھ گئے نیند آ گئی ستاروں کو
جب ان کے ذکر سے غافل ہوئی زباں میری
کہاں سے لاؤں نظر حسن رہ گزر کے لئے
مرا ہی حسن بہت ہے مری نظر کے کے لئے

اگر نظموں کی بات کریں تو بہار کوٹی نے بہترین نظمیں ہمیں دی ہیں۔ان کی نظمیوں میں وطن پرستی، انقلابی جذبات اور مزدور و کسان کا درد عام ہے۔۔سوز و ساز۔آج تک۔ایک مغربی سیاح سے۔شاعر کا گھر۔انقلاب عظیم۔محنت کا پھل وغیرہ ان کی بہترین نظمیں ہیں جو اہل ادب کی دسترس سے باہر ہیں۔ان کو سامنے لانا اور ان کی معنویت اور قدر و قیمت بتانے کے لئے ہیں میں نے اس موضوع کا انتخاب کیا ہے۔سوز و ساز، نظم سے ایک بند پیش کرتا ہوں:

ہر موج کے آغوش میں رقصاں ہے شرر دیکھ
داماں شب تار میں پنہاں ہے سحر دیکھ
کھا جائے نہ دھوکا کہیں تیری بھی نظر دیکھ
پابندی آداب تماشا سے گزر جا
آنکھیں ہیں تو ہر جلوہ پیدا سے گزر جا

بہار کوٹی کا ادبی سرمایہ:

ا۔بہار کوٹی کے ادبی سرمائے پر ایک نظر ڈالی جائے تو یہ صورت حال سامنے آتی ہے۔خاکستر (افسانوی مجموعہ (۱۹۴۵ء۔اس میں 19 افسانے شامل ہیں لیکن ان افسانوں کے علاوہ اور بھی افسانے ہیں جو مختلف رسائل میں شائع ہوئے ہیں۔

۲۔ذات و کائنات: شعری مجموعہ (۱۹۷۷ء) ہے۔یہ بہار کوٹی کا شعری مجموعہ ہے۔جو ان کے ان کے انتقال کے بعد شائع ہوا۔اس میں بڑی تعداد میں غزلیں اور نظمیں شامل ہیں لیکن اس مجموعہ کلام کے علاوہ بھی بہار کوٹی کے کلام کا بڑا حصہ اس دور کے رسائل کی زینت بنا رہا۔راقم الحروف نے اسے بھی نظر میں رکھنے کی کوشش کی۔اس طرح ہم بہار کوٹی کی ادبی خدمات کو بلا کسی شک و شبہ کے قومی سطح پر پیش کر سکتے ہیں۔

☆☆☆

محمد عارف

ابو طالب کلیم کاشانی بحیثیت قصیدہ نگار

ملک الشعراء ابو طالب کلیم کاشانی ہمدان میں پیدا ہوئے۔ کاشان میں زیادہ وقت گزارنے کی وجہ سے کاشانی مشہور ہوئے بچپن میں ہی تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے شیراز چلیے گے اور یہاں پر ہی درسی تعلیم کی تکمیل ہوئی۔ شروع سے ہی طبعیت شعر و شاعری کی طرف مائل تھی، رفتہ رفتہ کلام میں پختگی آ گی۔ 1073ھ مطابق 1401ء مغل بادشاہوں کی علم نوازی داد و تحسین سن کر پہلی مرتبہ جہانگیر کے دور حکومت میں ہندوستان میں وارد ہوئے یہاں پر ابو طالب آملی جو جہانگیر کے دربار کا ملک الشعراء تھا۔ ان سامنے اس کی شاعری کا چراغ روشن نہ ہو سکا کلیم کو کچھ اپنے ارادوں اور کچھ، وطن کی یاد نے بے قرار کیا چناچہ 1082ھ بمطابق 1681ء میں حسرتوں سے بھر دل لے کر اپنے وطن عزیز روانہ ہو گے۔ کلیم اکو ایک طرف وطن کی یاد ستا رہی تھی لیکن ہندوستان کو چھوڑنے کا بھی بہت دکھ تھا جس کا اظہار وہ اس غزل میں کچھ اسطرح سے کرتے ہیں:

زشوق ہند زان سان چشم حسرت بر قفا دارم
کہ روہم گر براہ آرم نمی بنیم مقابل را

ہندوستان میں ایرانی شاعروں کا انا تو شروع ہی سے تھا، مغلیہ سلطنت مین یہ کثیر التعداد ایرانی شعراء، وارد ہند ہوئے جس کی وجہ مغلیہ حکومت کی داد و تحسین اور صفویہ حکومت کی بے روحی رہی ،صفویہ حکومت کا رجحاں صرف مذہب ہی کی طرف تھا۔ ادبیات فارسی اس وجہ سے بے اعتنائی کا شکار رہی۔ خاص کر کے قصیدہ اور غزل کا کوئی پرساں حال نہ رہا، اس وجہ سے بھی شعراے نے ہندوستان کی راہ لے لی۔

کلیم دو سال کا عرصہ وطن میں گزارنے کے بعد ہندوستان میں واپس آ گے انتھک کوشش کرنے کہ بعد آخر شہزادہ خرم شاہجاں کے دربار میں رسائی حاصل ہوئی اور بادشاہ نے شاعرانہ عظمت کو دیکھتے ہوئے کلیم کو ملک الشعرا کے خطاب سے نوازا، جس کا فرض انھوں نے قصاید لکھ کر با خوبی نبھایا۔ ایک دفعہ کا واقعہ روم کے بادشاہ نے شاہجہان کو خط لکھ شاہجاہان کی وضاحت پوچھی اس کے جواب میں کلیم نے ایک قصیدہ لکھ کر بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا،

ہند و جہان ز دو عدے ہر چون یکے ست
شہ را بہ خطاب شاہ جہانی مبرھن است

کلیم شہاجہان کے ساتھ کشمیر میں چلا گیا، وہاں کے قدرتی مناظر، نشیب و فراز کو دیکھ کر وہ و مستقل سکونت اختیار کی

ABU TALIB KAEEM KASHANI BAHAISIYAT QASEEDA NIGAR (Pg.No. 93 TO 97)
MOHD. ARAF, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT PERSIAN, JAWAHARLAL NEHRU UNIVERSITY, NEW DELHI

آخرکا 1041ھ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لے اس دنیافانی کوخیر آباد کہ گے۔ان کی سال وفات کی تاریخ غنی کشمیری نے لکھی ہے؛جوان کے ہم عصرشاعر تھے:(طورمعنی بودروشن از کلیم)

کلیم نے تقریبا شاعری کے تمام اصناف سخن پرطبع آزمائی کی ہے۔قصیدہ، رباعی، قطعہ،مثنوی،غزل ان کے دیوان میں شامل ہیں۔ ان کی شاعری کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔انھوں نے اپنی شاعری کہ زریعہ اس دور کی خوب عکاسی کی رزم وبزم،نشیب وفراز،جشن فتح کی رنگ رلیاں ان کے کلام میں دیکھنے کوملتی ہیں،اس بات سے انکار ممکن نہیں کے قصیدہ نگاری کا براہ راست تعلق بادشاہوں،امیروں اوروزیروں سے ہی رہا،لیکن کلیم نے اپنے قصاید میں بیان حال پندو عبرت وغیرہ سے کام لیا ہے۔قصاید میں کلیم نے مبالغہ آرائی،حسن تعلیل،تشبیہ واستعارہ کوقلم سے خوب طاقت بخشی ہے۔ مبالغہ آرائی میں ظہیر فاریابی کی تقلید کی ہے،مثال کے طور ایک شعر پیش کرتا ہو

نثار محفل شاہ جہان نمودقضا
هر آن نشاط که دربزم گاہ امکان یافت
تیر اودرروی دشمن گفت پیغام اجل
شمع راهرچیزدردل هست آیدبر زبان

ان کے قصاید میں مضمون آفرینی کثرت سے ملتی ہے۔کلیم قصاید کی تمہید اصلی واقعات کے ساتھ شروع کرتا ہے۔ سردی وگرمی،رزم وبزم،پہاڑوں اور بیابان جنگلوں جسے مضامین ان کی تمہید میں شامل جو قاری کواپنی طرف متوجہ کرتے ہے:

سحاب آراست باغ و بوستان را فدای باغبان کن جان ومان را
همان آبی که گردازروی گلشست بدنیسان مست دارد بلبلان را
چنان گلبن گرانبارست از گل که بلبل ست بر خاك آشیان را
دگر بهار را چنان گلستان کرد که شوق سیر چمن سررور اخرمان کرد
چو دام دار تهمیدست ازخجلت ابر بزیر سبزه زمیں روی خوشیں پنهان کرد

اسی طرح کلیم نے اور بہت سارے قصاید ابر و بہار کی تعریف میں لکھ ہیں،کلیم کی زورطبع اور جدت آفرینی کا انداز ان اشعار سے لگایا جاسکتا ہے،اس میں کلیم نے اپنے ممدوح کے انتظام سلطنت کواس طرح سرائے ہے:

بعهدش آنچنان درخواب امن است که باید پاسبانے پاسبان را
بملکش راه زن مانندجاده بمنزل می رساند کاروان را
خون دل روبه کمی کرد ز سوزتپ هجر آن قدر نیست که یك ابله راآب دید
شراب کهنه می نوشم به بزم او چوبنشینم بمن تانوبت اید دخترز پیر می گردد
زان برق حسن کافت هر گوشه گیرد شد آتش درآشیانه عتقاگرفت است
یك رهبرم درین شب تاریك برنخورد چون آفتاب ست بدیوارمی کشم

کلیم کے کلام سے انداز ہوتا ہے جب بھی اس کی نظر قدرت کے مناظر پر پڑتی ہے، تو وہ ان مناظر کو اپنے تخلیلی انداز میں پیش کرتا ہے جیسے، وہ اندھیری راتوں میں گھبراتا اور اس کو نظر آتا ہے کہ ستاروں کہ چراغ میں روغن نہی رہا، حکما کہتے ہیں عالم کا آغاز و انجام معلوم نہی لیکن کلیم کی قوت تخیل سے عالم ایک پرانی کتاب بن کر نظر آتا ہے۔

مــــا ز آغـــــا ز و ز انـــــجـــــام جهـــــان بـــــخـبـــــريـــــم

اول و آخيـــــر ايـــــن كهـــــن كتـــــاب افتـــــاده اســـــت

1024ھ میں جب شہاجہان نے آگرہ میں تخت طاوس تیار کروایا جشن نوروز کے موقع پر اس کی رسم افتتاح ادا کی گی جہاں متعدد شعرا نے اس بزم میں قصاید پیش کر کے اپنی صلاحیت و ذہنیت کا ثبوت پیش کیا و ہیں پر کلیم نے بھی قصیدہ لکھ کر اپنی قادرالکلامی کا ثبوت پیش کیا ہے۔ان کے قصیدہ سے یہ صاف عیاں ہوتا ہے کہ کلیم نے کس قدر جدت مضمون آفرینی، حسن تعلیل، تشبیہ وغیرہ کو کتنے خوبصورت پرائے کے ساتھ شعروں میں پرویا ہے۔ مثال کے طور چند اشعار پیش کے جاتے ہیں:

خـجسته مـقـدمـه نـوروزه غـره شـوال — فشـانـده انـد گـل عيـش به سرمه وسال

بـه چشـم مـردم دارالـخلافـه عيدنويست — غبـارمـوكـب شـاه جهـان جهـان جلال

شـرف پـزيـردنـوروزه درچنيـن عيـدے — كـه بـادشـاه نشينـدبـه تخت استقلال

بـه وصف تـخت مرصع گـهرفشان گشتم — خـدانـصيب كند عمر خضروطول مقال

هـزارسيـلان يـاقـوت وصدبـدخشان لعل — بـرونـمـائيـگـرفـت اسـت تـانمودجمال

جب شہاجہان میں وادی کشمیر میں پہونچا کلیم نے جو استقبال میں جو قصیدہ لکھا اس کی تشبیب اور مدح پیش آپ کی نظر کرتا ہو:

اے بـــــخـــــت مـــــژده كـــــزافـــق كبـــــريـــــا رسيـــد

خـــــورشيـــــد رحـــــمتـــــى كـــــه بـهـــــر زره دارسيـــد

مدح میں کہتے ہیں:

شـــــكـــــر خـــــداكـــــه ديـــــده اميـــــد خـــــلـــــق را

ازگـــــرد راه شـــــاهـــــجهـــــان تـــــوتيـــــارسيـــد

جب بادشاہ روم نے شہاجہان سے لقب کی وضاحت پوچھی تو اس پریشان حالات میں یمینا الدولہ سے لقب کو بدلنے کے لے مشورہ کرنے والا تھا کہ کلیم نے اس کے جواب میں ایک قصیدہ لکھ کر پیش کیا، جس کا مطلع پیش ہے:

بـــــا ز از درعيـــــد مـــــجـــــلـــــس ايـــــام گـــــلشـــــن ســـــت

چشـــــم ظـــــرب چـــــوديـــــده پيـــــمـــــانـــــه روشـــــن ســـــت

عشـــــرت چـــــنـــــان رســـــالـــــت در گـــــلشـــــن مـــــراد

گلهائے عیش برسرم افزون زدامن ست

پھر لقب کی وضاحت کچھ اسطرح بیان کی ہے:

هند وجهان ز دو عدے هر چون یکے ست

شه را به خطاب شاه جهانی مبرهن است

اس جواب کی عوض میں بادشاہ نے کلیم کو خوش ہوکر روپے میں تلوایا علاوہ ازیں کلیم نے تخت طاؤس سے لے کر شاہی سیر وتفریح، شاہی شمشیر، شاہی قلمدان وغیرہ پر بھی اشعار کہے ہیں، ہندوستان میں برسات کے موقع پر کلیم نے قصیدہ کی تشبیہ بہت ہی زبردست انداز میں کی ہے:

همان آبے که گر دازروئے گل شست — بدنیا رهستددارد بلبلاں را

چنان گلشن گرانباراستاز گل — که بلبل بست بر خاك آشیاں را

به گلشن می کش و بر خورمخنداں — دهاغنچه پر زعفراں را

بروئے سبزه می غلطه بنفشه — عجب پسرے که می مالدچواں را

بهم آمزش گلهاچنان ست — که گلدسته نخواهدرسیمان را

بهار گلشن فردوس خواهی — درین موسم به هندوستان را

خوشاملکے که از یك آب شمشیر — گل ولاله دمد سنگ فساں را

قصاید میں کلیم کا انداز وہی جو حاجی محمد جاں قدسی کا ہے۔اس زمانے میں نظری نشاپوری، اور عرفی کی طرف پچیدہ اور مشکل بندیش صاف کردی مبالغہ اور حسن تعلیل کو وسعت دی۔لیکن اس سے قصاید کی پختگی کم ہوگی۔غزلیت کا رنگ غالب آ گیا مضمون آفرینی کی کلیم کہ قصاید میں بر مار ہے۔کلیم کے اکثر قصاید کی تمہید اصلی وقعات سے شروع ہوتی ہے۔لیکن خیالی مضموں آفرنیاں بیان کرکے ایک طلسم بنا دیتا ہے جس کا واقعیت سے کچھ واسطہ نہیں ہوتا۔کلیم نے جو مدحیہ قصاید، قطعات ،اور مثنویات لکھی ہیں، اس سے حصول معاش اور اظہار علمیت دونوں مقصود ہیں۔ان کے بعض قصاید نہایت ہی دل چسب اور اعلی درجہ کے ہیں، شاہجہان کا انعام وکرام خود اس کا شاہد ہے۔ظہیر فاریابی، انواری، اور امیر خسرو کا رنگ اکثر قصاید میں نمایاں ہوتا ہے۔امیر خسرو کی تقلید میں ایک قصیدہ بھی لکھ ہے۔ظہیر کی مبالغہ آرائی صاف نظر آتی ہے:

حوالہ جات:

۱۔ بزم تیموری، ج۲،ص۱۷۵،سید صباح الدین عبدالرحمان

۲ ادب نامہ ایران، ج، دوم، ص، ۵۵۶، ۶۵۶، مرزا مقبول بیگ بدخشانی

۳ شعرالعجم، ج۳،ص، ۹۸۱،شبلی نعمانی

۴ ایضا، ج۳،ص۲۹۱

۵ بزم تیموریا۔ج۔۲۔ص۳۸۱

۶ بزم تیموریا ج ۳ص۴۸۱

۷ خیات ابوطالب کلیم کاشانی،ص،۸۵۱،شریف النساء بیگم

کتابات:

۱ عبدالرحمان،،سید صباح الدین، بزم تیموری، ج ۲،مطبع معارف آعظم گڑھ

۲ بدخشانی،مرزا مقبول بیگ،ادب نامہ ایران، ج،۲، یونیورسٹی بک ایجنسی لاہور

۳ نعمانی،،شبلی، شعرالعجم ،ج،۳،مطبع معارف آعظم گڑھ

۴بیگم،،شریف النساء،خیات ابوطالب کلیم کاشانی،مطبع،ابراہمیہ کٹا منڈی حیدرآباد،۱۶۹۱

۵بیضائی، پرتو،دیوان ابوطالب کلیم کاشانی،کتاب فروشی خیام چاپخانہ،رشدیہ

☆☆☆

پروفیسر رضوان اللہ آروی

ڈاکٹر عبدالوحید

ڈاکٹر عبدالوحید صاحب میرے ہم وطن بھی تھے، ہم سن بھی اور ہم مزاج بھی۔ اور ان سب سے بڑھ کر وہ ہمارے استاد بھائی بھی تھے۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کے چند خصوصی تلامذہ میں وہ بھی شامل تھے اور یہ عبدالوحید صاحب کے لئے فخر ومباہات کی بات ہے کہ خود پروفیسر طلحہ صاحب نے عبدالوحید صاحب کی مرتبہ کتاب ''شبنم شاداب'' کی تقریظ میں انہیں اپنا 'لایق وفایق شاگرد' قرار دیتے ہوئے اُن کے اِس کام کی تحسین کی ہے۔ میری بھی خوش نصیبی کہ مجھے بھی جین کالج آرہ میں پروفیسر طلحہ صاحب کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کرنے کا شرف حاصل رہا ہے۔ لیکن ہم دونوں میں فرق یہ رہا کہ بی۔اے آنرز کرنے کے بعد میں نے آرہ کو خیر باد کہا اور فارسی میں ایم۔اے کرنے کے لئے پٹنہ یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا۔ اُس زمانے میں ڈاکٹر محمد صدیق صاحب یہاں کے صدر شعبۂ فارسی ہوا کرتے تھے۔ دوسری طرف عبدالوحید صاحب پروفیسر طلحہ صاحب کے دامن فیض سے وابستہ رہے اور انہی کی نگرانی میں خود ان کے والد محترم علامہ محمد قائم رضوی قتیل داناپوری کی شخصیت اور ان کی فارسی شاعری پر تحقیقی مقالہ لکھ کر فارسی میں پی ایچ ڈی کی سند سے سرفراز ہوئے۔ پٹنہ آنے کے بعد میرا اُن سے رابطہ تقریباً ختم ہوگیا۔ تاہم کسی نہ کسی ذریعہ سے ان کی علمی سرگرمیوں اور مختلف سیمیناروں میں ان کی شرکت کی خبریں مجھے ملتی رہیں۔ اس دوران کبھی آرہ میں ان سے ملاقات ہوتی تو فارسی دنیا کے بارے میں ان کی وسیع اطلاعات مجھے حیران کردیتی تھیں۔ کس صوبہ میں کس یونیورسٹی میں فارسی کے کتنے شعبے ہیں، وہاں کے صدر شعبہ اور دیگر اساتذہ کون ہیں، کس کی کیا علمی سرگرمیاں ہیں، کہاں کہاں کون سے سیمینار ہوچکے ہیں اور کون سیمینار ہونے والے ہیں، کس کا دعوت نامہ انہیں مل چکا ہے اور کس کا ملنے والا ہے، کس سیمینار کے مقالے کی تیاری مکمل ہے اور کس کی جاری ہے۔ ایک ایسے زمانے میں جب موبائل فون تھا اور نہ انٹرنیٹ، ان سب کے بارے میں اُن کا ہوم ورک حیران کن اور قابل داد تھا۔ اُس زمانے میں نئی دہلی میں ایران کلچر ہاؤس بھی بہت فعال تھا جہاں ہر سال نہایت اہتمام کے ساتھ ریفریشر کورس کا انعقاد ہوتا تھا اور اتنے ہی اہتمام کے ساتھ عبد الوحید صاحب ہر سال وہاں شرکت بھی فرماتے تھے۔ ایران کا یہ ان کا پہلا زینہ تھا۔ اس کے بعد تو انہوں نے ایران کا معرکہ بھی سر کیا اور وزارت فرہنگ وارشاد اسلامی کی دعوت پر ۱۹۹۴ء میں ایک ماہ کے لئے ایران تشریف لے گئے۔ ایران کلچر ہاؤس کے ریفریشر کورس میں مسلسل شرکت اور ایران کے سفر کے بعد وہ فارسی زبان وادب کے ساتھ ایرانیوں کے مزاج سے بھی آشنا ہوگئے تھے اور ان کے گفتہ ونا گفتہ عادات وخصائل کے بارے میں پوری جزئیات کے ساتھ نہایت بے تکلفی سے گفتگو فرماتے تھے۔ ملک کے مختلف حصوں میں ہونے والے سیمیناروں کی فہرست ترتیب دے کر وہ خود اپنا پروگرام یوں

DR. ABDUL WAHID (BIHAR KE FARSI ASATAZA SERIES-9) (Pg.No. 98 TO 106)

DR. RIZWANULLAH ARVI, PROFESSOR
PATNA, BIHAR

مرتب کرتے کہ ایک ہی سفر میں کئی سیمینار ان کی زد میں آجاتے اور مہینوں گھر واپسی کی نوبت نہیں آتی ۔

نہ منزلوں کو نہ ہم رہگزر کو دیکھتے ہیں　　عجب سفر ہے کہ بس ہم سفر کو دیکھتے ہیں

لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ مسلسل سفر میں رہنے اور لوگوں سے مسلسل اختلاط کے باوجود وہ فطرتاً کم آمیز اور خاموش طبع واقع ہوئے تھے۔ایک بار ایران کلچر ہاؤس کے ریفریشر کورس میں اِس فقیر کو بھی ان کی صحبت کا شرف حاصل ہوا ۔خاموشی سے کلاس کرتے،خاموشی سے کھانا کھاتے اور کتابوں کے ساتھ مختلف شخصیات کا مطالعہ بھی خاموشی سے کرتے۔کتابوں کے مطالعہ کے بارے میں تو مجھے نہیں معلوم لیکن شخصیات کا ان کا مطالعہ اتنا گہرا اور نتیجہ خیز ہوتا تھا کہ اپنے نپے تلے دو جملوں میں وہ ان کے ایسے 'اوصاف' کو بھی منکشف کر دیتے تھے جس کا علم خود ان شخصیات کے فرشتوں کو بھی نہیں ہوگا۔حالانکہ عبدالوحید صاحب کی خاموشی پُر اسرار نہیں تھی لیکن اس میں کچھ ایسی رمزیہ کیفیت ضرور تھی جس کو میں،ان کا ہم وطن ہونے کے باوجود،سمجھنے سے قاصر رہا۔۱۹۹۶ء میں فارسی کے لکچرر شپ کے انٹرویو میں ہم دونوں شریک ہوئے۔ان کا سلیکشن نہیں ہوا۔وہ خاموش رہے۔۲۰۰۳ء میں دوبارہ انٹرویو ہوا۔ان کا انتخاب ہو گیا۔تب بھی وہ خاموش رہے،گہرے سمندر کی طرح۔

نہ باہر کی خبر ہم کو نہ اندر کا پتہ ہم کو　　نہ جانے کتنے عرصہ تک ہمیں خاموش رہنا ہے

تقرری کے بعد ان کی پوسٹنگ مظفر پور کے ایک کالج میں ہوئی،جبکہ میں موتیہاری میں مامور تھا۔اس طرح ہم دونوں آرہ سے بھی جدا ہوئے اور ایک دوسرے سے بھی۔کئی ماہ وسال دبے پاؤں خاموشی سے گزر گئے۔کسی خاص موقع پر ہم دونوں آرہ میں ہوتے تو ملاقات ہوتی اور پرانی یادیں تازہ ہوتیں۔ پھر اپریل ۲۰۲۰ء میں ملازمت سے ان کی سبکدوشی کا دن بھی آ گیا۔سبکدوشی کے بعد وہ بیمار رہنے لگے۔ پہلے ان کی علالت اور پھر شدید علالت کی خبریں ملتی رہیں۔اور یہ تشویشناک خبر اُس دن حسرتناک مشاہدے میں بدل گئی جب میں نے اچانک پٹنہ میں انہیں ایک ہاسپٹل کے قریب اِس حال میں دیکھا کہ ایک شخص کا سہارا لے کر وہ بمشکل قدم بہ قدم چل پا رہے تھے۔میرا دل کٹ گیا۔میں نے اشارے سے سلام کیا اور خیریت دریافت کی۔کوئی جواب نہیں۔ہمیشہ کی طرح خاموش۔آنکھوں میں نمی اور لبوں پر حزن آمیز تبسم۔ ہلکے سے ہاتھ ہلایا اور رخصت ہو گئے۔ ہمیشہ کے لئے ۔

برسوں کی دوستی کا صلہ یہ ملا کہ وہ　　رخصت ہوا تو بس،یونہی رسماً ہلا کے ہاتھ

ڈاکٹر عبدالوحید ابن عبدالوہاب (مرحوم) ۵/اپریل ۱۹۵۵ء کو موضع پچھمن پور آرہ میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم کے حصول کے بعد آرہ ہی کے ایک ہائی اسکول سے ۱۹۷۱ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔پھر آرہ ہی کے ایک کالج سے ۱۹۷۴ء میں ہائر سکنڈری اور بھاگلپور یونیورسٹی سے ۱۹۷۹ء میں بی۔اے آنرز (فارسی) کرنے کے بعد انہوں نے ملگدھ یونیورسٹی گیا سے بالترتیب ۱۹۸۴ء اور ۱۹۸۶ء میں فارسی اور اردو میں ماسٹرز کیا۔بعدازاں ۱۹۹۶ء میں انہوں نے پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کی نگرانی میں ''شاہ قتیل داناپوری بحیثیت فارسی غزلگو'' کے موضوع پر تحقیقی مقالہ لکھ کر ویر کنور سنگھ یونیورسٹی آرہ سے فارسی میں پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔حالانکہ اس سے پہلے ۱۹۸۹ء میں ہی وہ یو جی سی کے تحت فارسی سبجیکٹ کے

ساتھ نیٹ کا امتحان پاس کر چکے تھے اور اس سے بھی پہلے ۱۹۸۳ء میں وہ بھاگلپور یونیورسٹی سے قانون (Law) کی ڈگری بھی حاصل کر چکے تھے۔

فارسی لکچرر کی حیثیت سے ڈاکٹر عبدالوحید صاحب کی باضابطہ تقرری بہار یونیورسٹی سروس کمیشن کی سفارش پر ۲۰۰۳ء میں عمل میں آئی اور بہار یونیورسٹی مظفر پور کے تحت للت نرائن ترہت (ایل۔این۔ٹی) کالج کے شعبۂ فارسی میں ان کی پوسٹنگ ہوئی۔لیکن اس سے پہلے وہ عارضی طور پر آرہ کے جین کالج میں فارسی درس تدریس کے فرائض انجام دے چکے تھے۔تقریباً ۱۷ر برسوں کی تدریسی ملازمت کے بعد اپریل ۲۰۲۰ء میں وہ ملازمت سے سبکدوش ہوئے جس کے بعد ہی ان کی علالت کا سلسلہ شروع ہو گیا جو بالآخر ۱۹ر دسمبر ۲۰۲۱ء کو ان کی وفات پر ختم ہوا۔ڈاکٹر عبدالوحید صاحب کی تخلیقات میں ان کے مقالات کے علاوہ نصابی نوعیت کی دو کتابیں دستیاب ہیں۔اختصار کے ساتھ ان کا تعارف پیش خدمت ہے۔

شبنم شاداب۔ اس کتاب کا شمار فارسی کی دیر آشنا کتابوں میں ہوتا ہے جس کی تفہیم اس کی مشکل اور مرصّع نثر کے سبب آسان نہیں ہے۔لیکن اس کے باوجود یہ کتاب تقریباً تمام دانشگاہوں کے نصاب میں شامل رہی ہے۔تاکہ طلبہ ہر قسم کی نثر کا نمونہ دیکھ سکیں اور اس سے آشنائی حاصل کر سکیں۔ چونکہ اس کتاب کی تفہیم ذرا مشکل ہے،اس لئے مختلف اوقات میں مختلف اساتذہ نے اپنے اپنے انداز واسلوب میں اس کتاب کے ترجمہ وتشریح کی کوشش کی ہے جس سے استفادہ کر کے فارسی کے طلبہ نے اس کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ایسی ہی مستحسن کاوشوں میں ڈاکٹر عبدالوحید صاحب کی یہ کاوش بھی ہے جس میں انہوں نے کتاب کے متن کے ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی بہت حد تک رواں اور قابل فہم انداز میں پیش کیا ہے۔اور ان کی اس پیشکش کو سراہنے والوں میں پروفیسر سید شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی، پروفیسر سید انوار احمد اور پروفیسر سید شاہ طلحہ رضوی برق جیسے اساتذہ اور نابغۂ روزگار شامل ہیں۔عطا کاکوی صاحب نے 'نمایاں ادبی خدمت' کے زیر عنوان اپنی تحریر میں فارسی میں مختلف ادوار میں مختلف نوعیت کی نثر نگاری کا پس منظر بیان کرتے ہوئے لکھا ہے "یہ کام مشکل ضرور تھا لیکن عبدالوحید صاحب نے فرہاد کی مانند کوہکنی کر کے 'شبنم شاداب' کے چشمۂ شیریں کو جاری کر کے اپنی اہلیت اور صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔متن کا اردو ترجمہ کر کے اور اس کے مضامین کی تلخیص کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ مرتب کیا ہے۔" (ص ۷) اسی طرح پروفیسر سید انوار احمد اور پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحبان نے بھی عبدالوحید صاحب کی اس کاوش کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور ان کے ترجمہ وتشریح کو طلبہ کے لئے مفید بتایا ہے۔

'عرض مرتب' کے تحت خود ڈاکٹر عبدالوحید صاحب نے اس قسم کی نصابی کتابوں کی عدم دستیابی کے سبب اساتذہ و طلبہ کو ہونے والی مشکلات کو بیان کیا ہے اور حکومت کی توجہ بھی مبذول کرائی ہے کہ اس قسم کی کتابوں کے ترجمہ وتشریح کے لئے باضابطہ ایک پروجیکٹ بنا کر ریسرچ اسکالرز کو بحال کیا جانا چاہئے جو ہماری ہند۔ایرانی تہذیب وثقافت کی بقا وتحفظ کے لئے بھی ضروری ہے۔'شبنم شاداب' کی ترتیب اور اس کے ترجمہ وتشریح کی صراحت کرتے ہوئے انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ان کی اِس کاوش سے نہ صرف ایم۔اے کے طلبہ کی ضرورتوں کی تکمیل ہوگی، بلکہ مقابلہ جاتی امتحانات میں شامل ہونے والے طلبہ کو بھی اس سے یکساں فائدہ ہوگا۔ بعد ازاں اپنے 'مقدمہ' میں ڈاکٹر عبدالوحید صاحب نے مختلف ادوار میں فارسی نظم ونثر

کے ارتقا کا جائزہ لیا ہے اور اس کی نوعیت کے ساتھ اس کے انداز واسلوب پر بھی روشنی ڈالی ہے۔تحول وتبدل کے اس ارتقائی سفر میں فارسی نثر نے جو کمال حاصل کیا،اس کا ایک نادر نمونہ ظہیر تفرشی کی کتاب 'شبنم شاداب' بھی ہے۔لیکن مرتب نے حیرت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے یہ بھی لکھا ہے کہ فارسی ادبیات کے کم وبیش تمام مؤرخین نے اسے نظر انداز کیا ہے اور اس کتاب پر کوئی توجہ نہیں دی ہے۔ان میں رضا زادہ شفق،علامہ شبلی نعمانی اور مہدی حسین ناصری جیسے ممتاز ناقدین بھی شامل ہیں جنہوں نے اس کتاب اور اس کے مصنف کو قابل اعتنا نہیں سمجھا۔اسی احساس کے تحت اور اس کتاب کو فارسی ادب کی تاریخ میں اس کا صحیح مقام دلانے کے جذبہ سے عبدالوحید صاحب نے اس بھاری پتھر کو چوم کر نہیں چھوڑا بلکہ اس کو اس کے صحیح مقام تک پہنچانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔اس کے بعد تقریباً ۴۰ صفحات میں مرتب نے ہر باب کا الگ الگ جائزہ لیا ہے اور شبنم شاداب کے انداز واسلوب،اس کی امتیازی خصوصیات اور اس کی تاریخی وفنی حیثیت کو اجاگر کرتے ہوئے ایران کی نسبت ہندوستان میں اس کی زیادہ مقبولیت کے اسباب پر بھی روشنی ڈالی ہے۔مرتب کا یہ مفصل تجزیہ اس کتاب کی تفہیم کے ساتھ اس کے تصنیفی پس منظر کو بھی نمایاں کرتا ہے۔آخر میں شبنم شاداب کے درج ذیل ابواب کا متن اور ان کا اردو ترجمہ پیش کیا گیا ہے:

حمد وثنا۔صفت حوض۔صفت فوارہ وحباب۔صفت باغ۔تلازم انعقاد محفل شادی۔تلازم دربار بہ اجلاس خسرو نو بہار بر سریر تختۂ گلزار۔ساقی نامہ۔

فارسی کی بیحد خوبصورت نثر کو انجوائے کرنے کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

وکلائے مرافعہ: 'شبنم شاداب' کی طرح یہ کتاب بھی ڈاکٹر عبدالوحید صاحب نے طلبہ کی نصابی ضرورتوں کے پیش نظر لکھا ہے اور ہر اُس پہلو کو بہ صراحت بیان کیا ہے جس پر اِس کتاب کے حوالے سے سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔مثلاً مصنف کے حالات زندگی،ایران میں ڈرامہ نگاری کا آغاز وارتقا اور فارسی ادب میں ایک ڈرامہ کی حیثیت سے وکلائے مرافعہ کا مقام وغیرہ۔اپنے 'مقدمہ' میں انہوں نے سب سے پہلے جدید فارسی نثر کی خصوصیات پر روشنی ڈالی ہے اور ایران کے کچھ اہم اور نمائندہ افسانہ نگاروں اور ناول نگاروں کے حوالے سے گفتگو کی ہے۔اسی ذیل میں فارسی ادب میں ڈرامہ نگاری کے ابتدا وارتقا سے بحث کرتے ہوئے جدید فارسی ادب میں ہونے والے لسانی تغیرات پر بھی نظر ڈالی ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے ایران کی کئی ڈرامہ کمپنیوں کا بھی ذکر کیا ہے جنہوں نے ایران میں ڈرامہ اسٹیج کر کے عوامی سطح پر اس کو مقبول بنایا۔ان میں 'کمیڈی ایران،خیابان لالہ زار،جامعہ باربد اور شہرستان ہنر پیشگی اہم اور قابل ذکر ہیں۔اسی ذیل میں انہوں نے ایران میں ریڈیائی ڈرامے،اوپیرا،تاریخی ڈرامے اور منظوم ڈرامے کی بھی مثالیں پیش کی ہیں۔اس کے بعد مصنف نے 'فارسی ڈرامہ کا فن' کے عنوان سے ایک اہم باب لکھا ہے جس میں ڈرامہ کے عناصر ترکیبی کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔یہ گویا ڈرامہ 'وکلائے مرافعہ' کے مفصل مطالعے کی تمہید ہے۔اس لئے کہ اس کے فوراً بعد مصنف نے ڈرامہ وکلائے مرافعہ کے حوالے سے اس کے مرکزی خیال،پلاٹ،افراد قصہ،کردار نگاری،مکالمہ نگاری اور اسلوب پر لکھنے کے بعد اپنے مطالعے کا ماحصل پیش کیا ہے اور اسی کے ساتھ اصل قصہ کا خلاصہ بھی بیان کیا ہے۔آخر میں کتاب کا متن اور اس کا اردو ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔مجموعی طور پر یہ کتاب 'وکلائے مرافعہ' کے ہر گوشہ وکنار کو منکشف کرتی ہے اور ایران میں ڈرامہ نگاری کی ابتدا وارتقا کی تفصیل کے

ساتھ فارسی ادب ونثر پر اس کے اثرات کو بھی اجاگر کرتی ہے۔

اشعار حافظ۔ مستقل کتابوں کے علاوہ اردو فارسی ادبیات کے حوالے سے عبدالوحید صاحب کے کئی مقالات بھی ان کی یادگار ہیں۔ان میں سے کچھ مختلف سیمیناروں میں پیش کئے گئے اور کچھ مختلف رسائل کی زینت بنے۔غنیمت ہے کہ انہوں نے انتقال سے پہلے ان مضامین کو یکجا کر کے کتابی صورت میں 'اشعار حافظ' کے نام سے شائع کر دیا۔اس کتاب کے مطالعہ کے بعد اس کی وجہ تسمیہ یہ سمجھ میں آتی ہے کہ اس کے آخری چند مضامین میں صنف غزل اور فارسی غزلگوئی کے ارتقا کے تناظر میں حافظ کی فارسی غزلگوئی کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے اور آخر میں حافظ کی دس غزلوں کا اردو ترجمہ بھی پیش کیا گیا ہے۔حافظ کے حوالے سے ان چند مضامین کو چھوڑ دیا جائے تو بقیہ سارے مضامین اردو ادب وتنقید کے حوالے سے لکھے گئے ہیں جس پر فارسی ادبیات ہی کی طرح عبدالوحید صاحب یکساں قدرت رکھتے تھے۔کتاب کے آغاز سے پہلے اپنے پیش لفظ میں انہوں نے اختصار کے ساتھ عہد بہ عہد غزل کے بدلتے ہوئے رجحانات ومیلانات اور سبک واسلوب کا جائزہ لیا ہے اور بحیثیت صنف اس کی ساخت پر بھی نظر ڈالی ہے۔اس کے بعد تخلیق وتنقید کے باہمی رشتوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے صراحت کے ساتھ فن تنقید کے اصول وضوابط پر روشنی ڈالی ہے اور ساتھ ہی ناقدین کی ذمہ داریوں اور ان کے حدود کا بھی تعین کیا ہے۔تنقید کی جامع تعریف کرتے ہوئے انہوں نے حسن وقبح دونوں کے بیان کو بہتر تنقید کی پہچان بتائی ہے اور اس سلسلے میں اردو کے دو اہم ناقدین الطاف حسین حالی اور کلیم الدین احمد کی مثالیں دی ہیں۔

کتاب کا پہلا مضمون 'شعر وشاعری' کے عنوان سے ہے جس میں ندرت خیال، جدت ومعنی آفرینی، موزونیت و تناسب اور جوش و جذبہ کو انہوں نے شاعری کی بنیاد قرار دیا ہے۔بعد ازاں فارسی شاعری کے مختلف رنگ کو چار ادوار متقدمین، متوسطین، مابعد اور متاخرین میں تقسیم کرتے ہوئے انہوں نے فارسی میں تین طرز پر خاصی تفصیل سے بحث کی ہے جس میں سبک خراسانی، سبک عراقی اور سبک ہندی شامل ہیں۔اختصار کے ساتھ یہ مضمون فارسی شاعری کے مختلف عہد کی مکمل نہیں تو ایک چھوٹی سی جھلک ضرور پیش کرتا ہے۔دوسرا مختصر مضمون 'تنقیدی براہین' کے عنوان سے ہے جس میں ایک متوازن تنقید کے معیار کا تعین کرتے ہوئے انہوں نے تنقید میں مختلف نظریات کے ساتھ ادبی انداز واسلوب کے استعمال پر زور دیا ہے۔تیسرا مضمون معروف ناقد کلیم الدین احمد کے حوالے سے ہے جس میں انہوں نے مغربی تنقید سے ان کی وسیع واقفیت کا اعتراف کرنے کے باوجود ان کے منفی تنقیدی رویہ پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔تاہم کلیم الدین احمد نے اپنی تنقید سے اردو تنقید کو جو وسعت عطا کی ہے اس کی اہمیت سے بھی انہوں نے انکار نہیں کیا ہے۔'اردو شاعری کا مزاج' ڈاکٹر وزیر آغا کی معروف تصنیف ہے جنہیں عبدالوحید صاحب نے تیسرے دور کے جدید ناقدین میں ایک اہم ناقد قرار دیا ہے۔اس پر ایک طویل مضمون نما تبصرہ اس کتاب میں شامل ہے۔اس کتاب کی روشنی میں ڈاکٹر وزیر آغا کے تنقیدی امتیازات سے بحث کرتے ہوئے انہوں نے ہندوستان کی تہذیبی قدروں کی روشنی میں اردو شاعری کے جائزے کو ڈاکٹر وزیر آغا کی انفرادیت بتایا ہے۔کیونکہ اس نہج سے کسی اور ناقد نے اردو شاعری کا جائزہ نہیں لیا ہے۔'عملی تنقید' کے عنوان سے شامل ایک اہم مضمون اس کتاب کی زینت ہے جس میں عبدالوحید صاحب نے عملی تنقید پر بحث سے پہلے غالب، میر اور اقبال وغیرہ کے یہاں غزل

کے مختلف رنگوں کی نشاندہی کی ہے اور پھر مخدوم کی وہ نظم پیش کی ہے جس پر عملی تنقید کر کے انہوں نے عملی تنقید کے اصولوں کا گویا اطلاق ثابت کیا ہے۔ موضوع، فن اور تکنیک کے حوالے سے عبدالوحید صاحب کی یہ عملی تنقید نہ صرف نظم کے معنی ومفہوم کو عیاں کرتی ہے بلکہ اردو کی پوری ترقی پسند شاعری پر بھی ان کی نگاہ کا پتہ دیتی ہے۔ اس کے علاوہ اس نظم کے تناظر میں انہوں نے مخدوم کی پوری شاعرانہ فکر کا بھی احاطہ کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

'صنف غزل اور اس کی اہمیت' شاید اس کتاب کا سب سے اہم مضمون ہے جس میں مصنف نے غزل کے لغوی معنی ومفاہیم کی روشنی میں غزل کی معنوی وسعت بیان کی ہے جس میں تہذیبی شناخت کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اور پھر اسی تہذیبی شناخت کے ذیل میں انہوں نے ایرانی تہذیب کا خاص طور پر ذکر کیا ہے جس کے نمونے غزل میں بکھرے پڑے ہیں۔ یہ وہ نقطۂ آغاز ہے جہاں سے انہوں نے فارسی غزل کے سفر کا جائزہ لیا ہے جس کی تکمیل اگلے مضمون میں ہوتی ہے، جس کا عنوان ہے۔ 'فارسی غزل کا ارتقا' دراصل یہ پچھلے مضمون ہی کی توسیع ہے۔ تقریباً ۵۰ رصفحات پر پھیلے ہوئے اس مضمون میں فارسی غزل کی پوری تاریخ سمٹ آئی ہے۔ اور اس پوری تاریخ میں فارسی کے نمائندہ شعرا کی شاعری کا جائزہ لیتے ہوئے حافظ شیرازی کے ذکر پر انہوں نے یہ مضمون ختم کیا ہے۔ اور ایسا لگتا ہے کہ حافظ کی شاعری پر یہ ان کی تمہید ہے جس کا تسلسل اگلے مضمون میں نظر آتا ہے جس کا عنوان ہے۔ 'حافظ: نام ونسب اور تعلیم'۔ جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے، اس مضمون میں انہوں نے تمام جزئیات اور تفصیلات کے ساتھ حافظ کی سوانح حیات بیان کی ہے۔ اس کے بعد 'حافظ کی فارسی غزل' کے زیر عنوان اپنے مضمون میں مصنف نے حافظ کی فارسی شاعری کے حوالے سے گویا پچھلے مضمون کے اجمال کی تفصیل بیان کی ہے اور فکری وفنی لحاظ سے حافظ کے شاعرانہ امتیازات پر روشنی ڈالی ہے۔ آخر میں حافظ کی دس غزلوں کا متن اردو ترجمہ کے ساتھ پیش کیا گیا ہے جس سے فارسی نظم کے اردو ترجمہ پر ان کی قدرت کا پتہ چلتا ہے۔ اس کتاب کے شروع میں حالانکہ اردو ادبیات کے تعلق سے چند مضامین ضرور ہیں لیکن بنیادی طور پر یہ کتاب فارسی غزل کے تناظر میں حافظ کی غزلگوئی کے امتیازات پر لکھی گئی ہے اور اس موضوع پر ربط اور تسلسل کے ساتھ الگ الگ عنوانات کے تحت مضامین قلمبند کئے گئے ہیں جس سے حافظ شناسی کے کئی نئے دریچے وا ہوئے ہیں۔

اردو فارسی ادبیات کے حوالے سے تین اہم مضامین اس کتاب میں شامل ہونے سے رہ گئے جس میں ایک اہم مقالہ 'فارسی نثر بیسویں صدی میں' کے عنوان سے انہوں نے لکھا ہے۔ یہ مقالہ انہوں نے ادارہ تحقیقات عربی وفارسی پٹنہ کے زیر اہتمام پٹنہ میں منعقد ہونے والے ایک سیمینار میں پیش کیا تھا جو بعد میں وہیں سے شائع ہونے والے مجموعۂ مقالات کی زینت بنا۔ اس مقالے میں بیسویں صدی میں فارسی نثر کا جائزہ لینے سے قبل پروفیسر عبدالوحید صاحب نے اُس دور میں ایران میں تیزی سے بدلتی ہوئی سیاسی ومعاشرتی صورتحال پر نظر ڈالی ہے جس نے فارسی شعر وادب کو بھی فکر وفن کی سطح پر متاثر کیا اور اسی تاثر کے نتیجہ میں فارسی نثر میں بھی ہیئت اور موضوع کے اعتبار سے انقلاب آفریں تبدیلیاں آئیں۔ اس میں دیگر زبانوں کے ادب کے فارسی تراجم کا بھی بڑا دخل رہا ہے جس کا ذکر تفصیل سے مقالہ نگار نے کیا ہے۔ انہوں نے اس دور کے ادب پر گفتگو کرتے ہوئے اس اہم نکتہ کی بھی گرہ کشائی کی ہے کہ چونکہ اُس دور کے ادیبوں کا مقصد عوام تک انہی کے جذبات کی

ترجمانی کے ساتھ پہنچتا تھا، اس لئے انہوں نے اسلوب کو سادہ و سلیس رکھا تا کہ اس کی ترسیل میں کوئی مسئلہ نہ ہو اور اس کی تفہیم میں کوئی دشواری بھی نہ ہو۔ اُس دور کے نثری ادب میں سیاسی رجحانات کو اہمیت اور اولیت دینے کا ذکر کرتے ہوئے نثر کی تین اہم اصناف افسانہ، ناول اور ڈرامہ کے حوالے سے گفتگو کی ہے اور اس سلسلہ میں محمد علی جمالزادہ، صادق ہدایت اور فتح علی آخوندزادہ کی تخلیقات کی روشنی میں اُس عہد کی ساجیات کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اسی ذیل میں مختلف زبانوں کے ادب کے فارسی تراجم کے سبب فارسی نثر میں لسانی سطح پر ہونے والی تبدیلیوں پر بھی انہوں نے نگاہ رکھی ہے اور انگریزی، فرانسیسی اور ترکی کے ایسے کئی الفاظ کی نشاندہی کی ہے جو فارسی نثر کا حصہ بن گئے تھے۔ یہاں تک کہ جملوں کی ساخت میں بھی انگریزی کی تقلید کی جانے لگی تھی۔ جدید فارسی نثر کے اسلوب کا یہ لسانی تجزیہ مقالہ نگار کے نقطۂ نظر کو منفرد بناتا ہے جس میں قدیم عربی الفاظ کا نئے معانی و مفاہیم میں استعمال بھی شامل ہے۔ فارسی شعر کی نسبت فارسی نثر کا موضوع عام دلچسپی کا موضوع نہیں رہا ہے۔ لیکن عبدالوحید صاحب نے نہ صرف اس کی طرف توجہ کی بلکہ فکر و فن دونوں اعتبار سے بیسویں صدی کی فارسی نثر کی کئی ایسی خصوصیات کی بھی نشاندہی کی ہے جس نے معنوی سطح پر اس میں توسیع کرنے کے ساتھ اس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بھی کیا ہے۔ یہ موضوع اپنے جامع تجزیہ اور تنقیدی بصیرت کے لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔

ڈاکٹر عبدالوحید صاحب فارسی ادب کے ساتھ اردو شعر و ادب کا بھی یکساں ذوق رکھتے تھے۔ خاص طور پر ترقی پسند تحریک کے بطن سے زائیدہ اردو ادب سے انہیں خصوصی دلچسپی تھی اور اسی لئے اس تحریک سے وابستہ شعراء ان کے مطالعات کا ایک اہم حصہ رہے ہیں جس میں ساحر لدھیانوی بھی شامل تھے جن کی نظم 'تاج محل' گویا ان کی ادبی شخصیت کی پہچان بن گئی ہے۔ عبدالوحید صاحب نے اس نظم کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے اپنے ایک مضمون بعنوان 'ساحر کی نظم تاج محل کا تجزیاتی مطالعہ' میں ساحر کے اشتراکی نظریات کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں معاشی عدم مساوات، بے انصافی اور طبقاتی فرق و امتیاز جیسے موضوعات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ تاہم عبدالوحید صاحب کے مطابق، ساحر نے اپنی شاعری کو پروپیگنڈہ نہیں بننے دیا اور ان کی رومانی نظمیں شاعرانہ حسن کے پیکر میں ڈھل کر عصری حسیت کی ترجمانی کرتی رہیں۔ کہنے کو تو یہ صرف ایک نظم کا تجزیاتی مطالعہ ہے، لیکن اس کے تناظر میں انہوں نے ساحر کی شعری کائنات کا مکمل منظرنامہ پیش کر دیا ہے۔ ساحر کی نظم 'تاج محل' طبقاتی فرق و امتیاز کے ان کے بنیادی نظریہ پر مبنی ہے جس میں انہوں نے ایک شہنشاہ کی تشہیر محبت کو ہدف ملامت بنایا ہے۔ جبکہ محبت ہونے کے باوجود عام لوگ اس کی نمائش سے تو کیا، بسا اوقات اس کے اظہار سے بھی محروم رہ جاتے ہیں۔ اسی ذیل میں عبدالوحید صاحب نے ساحر کے اُس جذبہ کو بھی دکھایا ہے جس کے تحت وہ غریبوں کی حالت زار پر ماتم کرتے ہیں اور ان کے استحصال پر اظہار افسوس بھی کرتے ہیں ؎

ان کے پیاروں کے مقابر رہے بے نام و نمود   آج تک ان پہ جلایا نہ کسی نے قندیل

نظم تاج محل کے فنی ارتقا پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے کہ یہ نظم رومانی انداز سے شروع ہوتی ہے لیکن رفتہ رفتہ اس میں انقلابی لہر پیدا ہو جاتی ہے اور اسی انقلابی جہت نے اس نظم کو انفرادیت بخشی ہے۔ اِس نظم کے جائزے سے اور اسی نظریہ کی حامل ساحر کی کچھ اور نظموں مثلاً 'نور جہاں کے مزار پر' اور 'پرچھائیاں' کے جائزے سے عبدالوحید صاحب نے ساحر کی

فکری وفنی جہات کو آئینہ بنا کر پیش کر دیا ہے۔

شیخ علی حزیں کی شخصیت اوران کی شاعری کے حوالے سے ڈاکٹر عبدالوحید صاحب کا ایک اوراہم مضمون اس مجموعہ میں شامل نہ ہوسکا جومجلّہ بیاض، دہلی میں ۲۰۱۰ء میں شائع ہوا تھا جب یہ رسالہ پروفیسر امیر حسن عابدی اور پروفیسر عبدالودود اظہر صاحبان کی مشترکہ ادارت میں انجمن فارسی کے زیر اہتمام وہاں سے شائع ہوتا تھا۔مقالے کے آغاز میں عبدالوحید صاحب نے مختصراً شیخ علی حزیں کی سوانح حیات پر روشنی ڈالی ہے اوراُن عوامل کا بھی جائزہ لیا ہے جس کے سبب حزیں کو ترک وطن کر کے ہندوستان آنے پر مجبور ہونا پڑا۔اوراس میں سب سے بڑا سبب صفوی حکومت کا زوال تھا جس سے حزیں کے قریبی روابط تھے۔ہندوستان آمد کے بعد حزیں کی علمی وادبی سرگرمیوں پرنظر ڈالتے ہوئے انہوں نے یہاں ان کی قدردانی کی تفصیلات بیان کی ہیں اوراُن ادبا وشعرا کی ایک طویل فہرست بھی دی ہے جنھوں نے حزیں سے اکتساب فیض کرنے کے بعد علم وادب کی دنیا میں اپنا نام روشن کیا۔ان میں غلام علی آزاد بلگرامی، مرزا محمد رفیع سودا، میرتقی میر اور والہ داغستانی وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔مقالے کا آخری حصہ حزیں کی شاعری کے تنقیدی وتجزیاتی مطالعہ پر مشتمل ہے جس میں عبدالوحید صاحب نے ان کے یہاں لطافت معنی، بار یکی خیال اورعرفانی فکر کی نشاندہی کی ہے اورفنی اعتبار سے ضرب الامثال و محاورات اورخوبصورت تشبیہات و استعارات کے برجستہ استعمال کی تحسین کی ہے۔موضوعاتی اعتبار سے عبدالوحید صاحب نے حزیں کے کلام میں تصوف کے رموز واسرار اورطریقت کے آداب ورسوم کی نہ صرف دریافت کی ہے بلکہ اُن کے اشعار سے اس کی مثالیں بھی پیش کی ہیں جس میں عشق حقیقی، ترک دنیا کی تعلیم، اسرارالٰہی، تواجد وتحیر اور حکمت ومعرفت کے موضوعات غالب نظر آتے ہیں۔حزیں کی شخصیت اوران کی شاعری کے بنیادی عناصر کی تفہیم میں یہ مختصر سا مضمون نہ صرف رہنمائی کرتا ہے بلکہ اس سے حزیں شناسی کے کچھ نئے دریچے بھی کھلتے نظر آتے ہیں۔

افسوس ہے کہ عبدالوحید صاحب کی مزید تخلیقات اور مقالات تلاش کے باوجود دستیاب نہ ہو سکے۔ایک اطلاع کے مطابق ان کی کئی چیزیں مظفر پور ہی میں کہیں رہ گئیں جن کا حصول اب مشکل ہی نہیں، ناممکن ہے۔ان کے انتقال کے سبب ان کا تحقیقی مقالہ (برائے پی ایچ ڈی) بھی تشنۂ طبع رہ گیا۔

منابع:

۱۔شبنم شاداب۔مصنف: ظہیر تفرشی۔مرتب وناشر: عبدالوحید۔اشاعت اول۔۱۹۹۴ء

۲۔وکلائے مرافعہ (مع مقدمہ وترجمہ) مصنف: مرزا جعفر قراجہ داغہ ای۔مقدمہ وترجمہ: ڈاکٹر عبدالوحید۔تقسیم کار: مینار پبلی کیشن۔خزانچی روڈ، پٹنہ۔سال اشاعت۔۲۰۰۸ء

۳۔رسالہ ساغرادب، مظفر پور۔مدیر اعزازی: ڈاکٹر سید آل ظفر۔جنوری تا مارچ۔۲۰۲۰ء

۴۔بیسویں صدی میں عربی و فارسی زبان وادب۔(سیمنار میں پڑھے گئے مقالات کا مجموعہ) مرتب: ڈاکٹر حسن رضا خاں۔ناشر: ادارہ تحقیقات عربی وفارسی، پٹنہ۔اشاعت۔۲۰۱۳ء

۵۔اشعار حافظ۔ڈاکٹر عبدالوحید۔ناشر: ارم پبلشنگ ہاؤس۔دریاپور، پٹنہ۔سال اشاعت۔۲۰۱۵ء

۶۔ مجلّہ بیاض، دہلی ۔مدیر: پروفیسر امیر حسن عابدی اور پروفیسر عبد الودود اظہر دہلوی۔ناشر: انجمن فارسی دہلی (ہند) ۲۰۱۰ میلادی
۷۔تذکار قتیل (علامہ قتیل دانا پوری کی حیات وشخصیت پر مشتمل مضامین) مرتبہ التفات امجدی۔ناشر۔دارالاشاعت خانقاہ امجدیہ سیوان بہار۔۲۰۲۱ء

☆☆☆

ڈاکٹر سیدہ عصمت جہاں

دکن میں ملفوظ نویسی کی روایت

دکن کی سرزمین ابتداء ہی سے اولیاء اللہ وصوفیاء اکرام کا مرکز ومسکن رہی ہے ۔سینکڑوں اولیاء اللہ نے اسکو اپنی رشد وہدایت ،تعلیمات وتوجہات کا محور بنایا ہے ۔ بے شمار بھٹکے ہوئے گم کردہ رہران کو صراط مستقیم پر گامزن کیا اور آنے والی نسلوں کے لیے اپنے بیش بہا آ ثار چھوڑ گئے ہیں جو آج بندگانِ خدا کے لیے سرمایہ ہدایت ہیں ۔ان میں ملفوظات کو خاص اہمیت حاصل ہے ۔ برصغیر میں صوفیاء کے ملفوظات کی جمع وتدوین کی ایک طویل تاریخ ہے ۔ملفوظات صوفیاء اپنے دور کے سماجی ، سیاسی ،تہذیبی وثقافتی ،علمی وادبی اور روحانی حالات کی عکاسی کرتے ہیں ۔ملفوظ کی جمع ملفوظات ،اصطلاح صوفیاء میں اولیاء اللہ کے فرمودات وارشادات کے مجموعہ کو ''ملفوظات'' کہا جاتا ہے جو عام طور پر کسی مرید ،معتقد اور ارادتمند کی جانب سے لکھے جاتے ہیں ۔ پروفیسر طلحہ برق رضوی ملفوظات کی ماہیت واہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں ۔

> ''ملفوظات دراصل صوفیائے کرام وعرفان عظام کے اقوال واذکار کی تحریری شکلیں ہیں ۔اللہ کے وہ نیک بندے جنہیں ہم صوفیہ کہتے ہیں ۔اس کرہ ارض پر اللہ تعالی کے ربانی مشن کی ترویج وتبلیغ زبانی و بیانی کے ساتھ لوح وقلم سے بھی کرتے ہیں ۔صوفیہ نے جو تعلیم اپنی خلوت وجلوت میں لوگوں کو دی ۔ کسی سامع نے اگر اسے یاد رکھا اور ضبط تحریری میں لایا تو وہی ''ملفوظ'' ہے ۔ وہ ایسے مجموعہ اقوال و فرمودات ہیں جو حاضرین مجلس وسامعین میں سے کسی نے اپنی یاداشت پر اعتبار کرتے ہوئے حتی الامکان بے کم وکاست اپنے الفاظ میں پیش کرنے کی کوشش کی ہو ۔ملفوظات مذہبی ،ادبی ،تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے بڑی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ۔ یہ ایسے پاکیزہ نفوس ،ستودہ صفات اور برگزیدہ شخصیتوں کے علمی وروحانی تجربات ، ملاحظات ومکاشفات کا بے لوث وبے ریا بیان اور معرفت حقیقت کی تعلیم ہوتے ہیں جن میں تجلیات آیات الٰہیہ اور انوار ارشاداتِ مصطفویہ کا ہی فیضان نظر آتا ہے ۔''

ملفوظ نویسی کی ابتداء کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عثمانِ ہارونی بغداد میں معتکف ہوئے انہوں نے اپنے مرید وشاگرد حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے فرمایا کہ میں کچھ دنوں کیلئے باہر نہیں نکلوں گا تم چاشت کے وقت آجایا کرو تاکہ میں جو کچھ بھی کہوں جا کر مریدوں اور فرزندوں سے کہہ دینا ۔چنانچہ حضرت معین الدین چشتی اپنے پیرو مرشد حضرت عثمان ہارونی کے ملفوظات ''انیس الارواح'' کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ:

DECCAN MEIN MALFOOZ NAWISI KI RAWAYAT (Pg.No. 107 TO 116)

DR. SYEDA ASMATH JAHAN , HEAD & ASSOCIATE PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN & CENTRAL ASIAN STUDIES, MANUU, HYDERABAD, (T.S.)

”یہ حکم سن کر میں روزانہ حضرت خواجہ کے یہاں مقام عزلت میں پہنچ جاتا اور جو کچھ ان کی زبان دربار سے سنتا قلمبند کر لیتا۔“

اس طرح ملفوظات جمع کرنے کا ایک رواج چل پڑا جو خاص طور پر سلسلہ چشت کے صوفیاء میں زیادہ رائج رہا ہے۔ چنانچہ ’انیس الارواح‘ حضرت خواجہ معین الدین چشتی ، ’دلیل العارفین‘ حضرت خواجہ قطب الدین بختار کاکی، ’فوائد السالکین‘ حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکر، ’راحت قلوب‘ حضرت نظام الدین اولیاء، ’فوئد الفواد‘ حضرت حسن سنجری، ’افضل الفوائد‘ امیر خسرو درر نظامی از حمید قلندر، قوام العقائد قوام الدین، خیر المجالس حمید قلندر، ’میر المجالس‘ مولانا حمید قلندر، ’مفتاح العاشقین‘ مولانا محبّ اللہ، ملفوظات حضرت منیری یحیٰ معدن المعانی، فوائد رکنی، فتح المعانی، خوان پر نعمت، لطائف المعانی، ’مونس الطالبین‘ شیخ پیر محمد الفوئد السعد یہ چاہ محمد مینا لکھنوی، رفیع العارفین، شیخ حسام الدین مانک پوری، ’تحفۃ المجالس‘ شیخ احمد بن عبداللہ مغربی، ثمرۃ الحیات شیخ برہان الدین شطاری وغیرہ

ملفوظات صوفیاء اپنے عہد کی تاریخی ، سیاسی ، سماجی، تہذیبی، علمی، ادبی اور روحانی حالات و واقعات کا بہترین مرقع اور نہایت اہم مستند و معتبر دستاویزات کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان ملفوظات کے مرتب چونکہ مریدین و معتقدین ہوا کرتے ہیں۔ لہذا غلط بیانی، دروغ گوئی یا مبالغہ آرائی کا گمان واحتمال نہ کے برابر ہوتا ہے۔

دکن میں اولیاء اللہ وصوفیاء کرام کی آمد کا سلسلہ ۱۲۹۴ء سے قبل شروع ہو چکا تھا۔ دولت آباد جو اس وقت دیوگیر کہلاتا تھا۔ حضرت منتخب الدین زرزری بخش جو ”دولہا“ کے نام سے بھی جانے جاتے تھے۔ اپنے پیرومرشد حضرت فرید الدین گنج شکر کے حکم سے دیوگیر (دولت آباد) تشریف لائے ان کے ہمراہ بارہ یا چودہ سو پالکی مریدین اور ان کے اہل خانہ بھی تھے یہاں انہوں نے دین اسلام کی تبلیغ کی اور دکن کو اسلام کا ایک بڑا مرکز بنا دیا۔

دکن میں ملفوظ نویسی کی تاریخ کا آغاز حضرت برہان الدین غریب سے ہوتا ہے۔ جو حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی کے جید خلفاء میں شمار ہوتے تھے اور آپ حضرت منتخب الدین زرزری بخش کے چھوٹے بھائی تھے۔ آپ کی ولادت ۶۵۴ھ میں شہر ہانسی (ہریانہ) میں ہوئی۔ ابتدائی شعور وتمیز سے فارغ ہونے کے بعد تحصیل علم کی جانب متوجہ ہوئے چنانچہ اس زمانہ میں حضرت نظام الدین اولیا محبوب الٰہی کے فیوض و برکات کے سرچشمہ دلی تشریف لائے اور حضرت نظام الدین اولیاء کی محبت میں رہ کر درجہ کمال کو پہونچے۔ مرشد نے خلافت سے نواز۔ سیر الاولیاء کے مطابق حضرت نظام الدین اولیاء کی وفات کے بعد آپ دہلی سے دولت آباد آئے۔ دکن کی ریاستوں میں دولت آباد ایک سر برآوردہ ریاست تھی۔ سلطان محمد تغلق شاہ نے ۷۳۳ھ میں دلی کے بجائے دولت آباد کو دارالسلطنت بنایا۔ اسی وقت سے دکن میں اسلامی سلطنت کی بنیاد قائم ہوئی اور اولیاء اللہ وصوفیاء کرام نے اس سرزمین کو اپنے رشد وہدایت کا مرکز بنالیا۔ حضرت برہان الدین غریب تقریباً خلد آباد (دولت آباد) میں ۲۸، ۲۹ برس رہ کر اپنے عادات واطوار، معاملات، عبادات وریاضات سے عوام وخواص کو اپنا گرویدہ بنالیا۔ بے شمار غیر مسلموں کو دائرہ اسلام میں داخل کیا۔ بے شمار بندگان خدا کو راہ مستقیم پر گامزن کیا۔ اور اسی سرزمین میں پیوند خاک ہوئے۔ مزار مبارک خلد آباد میں آج بھی مرجع خلائق ہے۔

حضرت برہان الدین غریب کے دوملفوظات ''نفائس الانفاس' مرتبہ خواجہ رکن الدین عماد دبیر کاشانی اور ''احسن الاقوال'' مرتبہ خواجہ حماد کاشانی کا پتہ چلتا ہے۔ مؤلف گلستان خلد آباد کے بموجب حضرت برہان الدین غریب کے ملفوظات حمید قلندر نے بھی ''اخبار الاخیار'' کے نام سے مرتب کئے تھے جس میں بیس مجلسوں کا حال لکھا ہے۔ حمید قلندر وہی ہیں جنہوں نے حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی کے ملفوظات ''خیر المجالس'' کے نام سے مرتب کیے تھے۔ ان کی یہ کتاب ''اخبار الاخیار' اب مفقود ہے۔

'نفائس الانفاس' حضرت برہان الدین غریب کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ جسے ان کے مرید خاص خواجہ رکن الدین کاشانی نے مرتب کیا ہے۔ یہ ملفوظ یکم رمضان المبارک ۷۳۲ھ سے شروع ہوکر حضرت خواجہ برہان الدین غریب کی وفات تک کے واقعات پر مشتمل ہے یہ کتاب 'فوائد الفواد' کی طرز پر لکھی گئی ہے۔ یہ کل 49 مجالس کے احوال واقوال پر محیط ہے۔ نفائس الانفاس شائع ہوچکی ہے۔ اس کا اردو ترجمہ ڈاکٹر شبیب انور علوی نے کیا ہے۔ جو 2012ء میں کتب خانہ انوریہ خانقاہ کاظمیہ قلندریہ کاکوری، لکھنو سے شائع ہوا ہے۔

نمونہ ملفوظات ملاحظہ ہو:

> ''دنیا سایہ کی مانند ہے جب آدمی سایہ کی طرف منہ کرتا ہے تو وہ آگے آگے چلتا ہے اور جب پیٹھ پھیرتا ہے تو پیچھے آتا ہے ایک اور موقع پر فرمایا کہ مجھ کو مشرق سے مغرب تک تمام عالم ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ہتھیلی مرغی کا انڈا ہے۔
>
> لوگوں کی راحت رسانی میں کوشاں رہیں۔ ایک درخت خود تو دھوپ میں کھڑا رہتا ہے لیکن دوسروں کو سایہ دیتا ہے۔ لکڑی خود جلتی ہے لیکن اوروں کو آرام پہنچاتی ہے۔ اسی طرح انسان خود تکلیف اٹھائے اور اپنی تکلیف کا خیال نہ کرے لیکن دوسرے کو فائدہ اور آرام پہنچائے۔
>
> دل ایک ظرف کی مانند ہے۔ جب تک ظروف خالی ہے ہوا سے پر رہتا ہے اور جب اس میں کوئی چیز رکھ دی جاتی ہے تو ہوا سے خالی ہو جاتا ہے۔ اسی طرح دل دنیا کی خواہش سے پر ہوتا ہے لیکن جب اس میں محبت بھر جاتی ہے تو خواہش نفسانی دور ہو جاتی ہے اور پھر اللہ کی محبت بھر جاتی ہے۔
>
> ایک سخی ہوتا ہے اور ایک بخیل۔ سخی وہ ہے جو مہمان کو دوست رکھتا ہے اور بخیل وہ ہے جو دولت کو مہمان رکھتا ہے۔
>
> اگر کوئی تمہارا عیب ظاہر کرے تو یہ دیکھو کہ تم میں وہ عیب ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو اس سے باز آجاؤ اور عیب ظاہر کرنے والے سے کہوں کہ تم نے مجھ پر کرم کیا کہ میرا عیب مجھ کو بتا دیا اور اگر تم میں یہ عیب نہیں ہے تو دعا کرو کہ الٰہی اس عیب ظاہر کرنے والے کو عیب جوئی سے بچائے اور مجھ کو بھی بد کلامی سے محفوظ رکھے۔
>
> خدا کو حاصل کرلو ساری چیزیں خود بخود حاصل ہو جائیں گی۔

انسان جب کمال کو پہنچتا ہے تو اس کی نظر اپنے عیوب پر زیادہ پڑتی ہے۔

خدا کی محبت کے لیے نفس کو پاک اور دل کو ماسوا اللہ کی محبت سے دور رکھنا ضروری ہے۔''

خواجہ رکن الدین کاشانی کی دیگر تصانیف میں رسالہ غریب، تفسیر رموز، اذکار المز کور، شمائل الاتقیاء وغیرہ شامل ہیں۔خواجہ رکن الدین عماد دبیر کاشانی نے اپنے پیر و مرشد خواجہ برہان الدین غریب کے حکم سے ''شمائل الاتقیاء'' لکھی جو تصوف کے موضوع پر ایک نہایت دقیع واہم تصنیف مانی جاتی ہے۔تصوف کا کوئی ایسا مسئلہ نہیں جو اس کتاب میں موجود نہ ہو لیکن مؤلف نے ان مسائل پر کوئی مرتب اور مدلل بحث نہیں کی ہے بلکہ ہر مسئلہ پر شروع میں اپنی رائے کا اظہار کر کے کلام پاک کی آیات، تفاسیر کی تشریحات، احادیث نبوی، صحابہ کرام، تابعین عظام، بزرگان علم طریقت و حقیقت کے اقوال اور مختلف ارباب تصانیف کی آراء نقل کر دی ہیں۔اس کا سبب خود بتایا ہے کہ

"اگر کسی رادرروایتی نزاع افتد و درمقدمه و کلمه شبه بر خاطر گزرد

در کتب و نسخ مز کورنظر فرماید تا به تحقیق و تیقن انجامد"۔

خواجہ برہان الدین غریب کا دوسرا مجموعہ ملفوظات ''احسن الاقول'' ہے۔جسے خواجہ رکن الدین عماد دبیر کاشانی کے بردار حقیقی خواجہ حماد کاشانی نے مرتب کیا ہے۔یہ ملفوظ انتیس (۲۹) ابواب مجالس پر مشتمل ہے۔اس میں دین و دنیا کی فلاح واصلاح کا ذخیرہ موجود ہے۔پیران طریقت سے ملاقات و زیارت کے اصول و آداب، مجالس اہل اللہ کے طریقے، حسن عقائد و معاملات کی روشیں، تزکیہ نفس و تہذیب اخلاق کے طریقے، کنایت و مہمات، وسعت رزق و قضاء حاجات، دینی و دنیوی اذکار و اعمال، مجالس سماع کے طریق و آداب سے معمور ہے۔آخر میں چند مکاشفات و بعد وفات کے کرامات کا مفصل حال موجود ہے۔خواجہ رکن الدین کاشانی لکھتے ہیں کہ:

''کتاب 'احسن الاقوال' پسندیدہ اہل سلوک و مشائخ زمانہ ہے اس لیے کہ حضرت شیخ

برہان الدین غریب کے اقوال کا خزانہ ہے۔''

حضرت زین الدین شیرازی، حضرت خواجہ برہان الدین غریب کے خلیفہ و جانشین تھے۔آپ کا اسم گرامی ''سید داؤد'' اور لقب ''زین الدین'' ہے۔خلد آباد میں آپ کو ''حقانی'' بھی کہا جاتا ہے کیونکہ آپ محمد بن تغلق کے دور حکومت میں قاضی شریعت کے عہدہ پر فائز تھے۔عام طور پر آپ ''بائیس خواجہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔چونکہ آپ کا سلسلہ نسب و طریق دونوں 22 واسطوں سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہیں اسی کی نسبت سے آپ کو ''بائیس خواجہ'' کہا جاتا ہے۔ حضرت زین الدین شیرازی ۷۰۱ھ ۱۳۰۱ء میں شہر شیراز (ایران) کے ایک مذہبی علمی و تجارتی گھرانے میں پیدا ہوئے۔کمسن ہی تھے کہ والدہ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔تربیت والد گرامی خواجہ سید حسین شیرازی زیر سایہ ہوئی۔ان کے دادا سید محمود شیرازی کا شمار شیراز کے بڑے عالموں میں ہوتا تھا۔علم و فضل کے ساتھ ان کا گھرانہ شیراز کے بڑے تجارتی گھرانوں میں شمار ہوتا تھا۔ چنانچہ آپ کے والد سید خواجہ حسن شیرازی اور چچا خواجہ سید عمر شیرازی علم و فضل میں ماہر ہونے کے علاوہ کامیاب تاجر تھے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد آپ نے قرآن، حدیث، فقہ اور دیگر علوم و فنون میں مکمل دستگاہ حاصل کر لی تھی۔نو عمری میں فریضہ حج ادا

کرنے کے بعد آپ دہلی تشریف لائے اور وہیں مستقل قیام پذیر ہوئے۔ قرآن مجید حفظ کیا اور کسب علوم کے لیے دہلی کے جید علماء سے رجوع ہوئے۔ سلطان محمد تغلق نے جب دولت آباد کو دارالسلطنت مقرر کیا آپ بھی دولت آباد (دکن) تشریف لائے۔ اور یہاں حضرت برہان الدین غریب کے حلقہ ارادت میں داخل ہو کر خرقہ خلافت وطریقت پایا اور لقب ''زین الدین'' سے بھی سرفراز ہوئے۔ دولت آباد میں ہر عام وخواص امراء وسلاطین حضرت سید زین الدین شیرازی کے حلقہ ارادت میں داخل تھے۔ ۷۷۱ھ میں آپ نے اس دار فانی کو الوداع کہا۔ آپ کا مزار خلد آباد میں مرجع خلائق ہے۔ آپ کے ملفوظات میں ''ہدایت القلوب'' مرتبہ خواجہ میر حسن مؤلف دہلوی کے علاوہ اور تین ملفوظات دلیل السالکین وہدایت العاشقین ،حبۃ القلوب من قال المحبوب اور حبۃ المحبت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ صاحب روضۃ الاولیاء نے بھی ان کتابوں کا ذکر کیا ہے لیکن ابھی تک یہ آثار اشاعت آشنا ہے۔ اور نہ ہی ان کے نسخہ خطی تک رسائی ممکن ہوئی ہے۔ البتہ ہدایت القلوب کے خطی نسخہ مختلف کتب خانوں میں موجود ہیں۔

چنانچہ سالار جنگ میوزیم لائبریری، حیدرآباد میں بھی اس کا ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔ ہدایت القلوب کا پروفیسر نثار احمد فاروقی نے اردو ترجمہ کیا تھا۔ جو ماہنامہ ''منادی'' دہلی میں قسط وار اگست ۱۹۹۴ تا ۱۹۹۹ تک اشاعت پذیر ہوا۔ ان کے انتقال کے بعد اسے کتابی شکل دی گئی جو 2013ء میں یونک پبلی کیشنز اورنگ آباد سے شائع ہوا۔

ہدایت القلوب کا پہلا ملفوظ مجلس کا ۱۷ رجب المرجب ۷۴۵ھ سے آغاز ہوتا ہے۔ ۷۷۰ھ میں یہ ملفوظ ہدایت القلوب اپنے اختتام کو پہنچتا ہے۔ یعنی تقریباً چوبیس سال کے عرصہ پر محیط یہ ملفوظ دکن کے ملفوظاتی ادب میں خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ ہدایت القلوب کے اردو ترجمہ کے دیباچہ سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت خواجہ میر حسن مؤلف دہلوی ہدایت القلوب تحریر فرمانے سے قبل اپنے پیرومرشد کی تین ملفوظاتی کتابیں مرتب کر چکے تھے۔ ان سے متعلق حضرت مؤلف دہلوی ''حبۃ المحب'' میں تحریر کرتے ہیں کہ اس سے قبل میں حضرت خواجہ زین الدینؒ کے بارے میں دو کتابیں تصنیف کر چکا ہوں پہلی کتاب حضرت کے ارشادات مبارکہ پر مشتمل ہے اس کا نام ''دلیل السالکین وہدایت العاشقین'' ہے۔

اس میں حضرت خواجہ (زین الدین شیرازی) کے خاندان عالی کے آداب وتہذیب اور روش وطریقت کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کی دوسری جلد ''حبۃ القلوب من مقال المحبوب'' نام سے موسوم ہے اور یہ دونوں کتابیں حضرت خواجہ کی نظر مبارکہ سے گذر کر شرف قبولیت حاصل کر چکی ہیں۔ اب خواجہؒ کے حکم خاص پر بتاریخ ۷ ماہ رجب المرجب ۷۵۵ھ سے ان فوائد کو تحریر کرنے کا آغاز کرتا ہوں اور جلد کا نام ''حبۃ المحبۃ وجنۃ المودۃ'' رکھتا ہوں (بحوالہ حبۃ المحبۃ)

حبۃ المحبۃ دوسو پانچ مجالس پر مشتمل ہے۔ ۷۵۵ھ تا حیات شیخ زین الدین شیرازی ۷۷۱ھ تک کے ملفوظات پر مشتمل ہے۔ مختلف تذکروں اور خود مؤلف کے بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت خواجہ زین الدین شیرازی کے چاروں ملفوظ خواجہ میر حسن مؤلف دہلوی مرید خاص حضرت زین الدین شیرازی کے مرتبہ ہیں۔

ہدایت القلوب کو سلسلہ چشتیہ کے ملفوظاتی ادب میں اہم مقام حاصل ہے۔ اس ملفوظ میں امور شریعت، اسرار طریقت وحقیقت، صوفیائے عظام کے احوال واقوال، حضرت سید زین الدین شیرازی اور ان کے پیرومرشد حضرت خواجہ

برہان الدین غریب کے علاوہ دیگر پیران چشتیہ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ان کے طریقہ تبلیغ، ارشاد و تلقین کو خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

نمونہ ملفوظات:

''فرمایا جو اپنی زبان کو قابو میں نہیں رکھتا اپنی سزا کو پہنچتا ہے۔ نیز فرمایا ایک ارادت بندے کی ہے دوسری ارادت حق تعالی کی ہے۔ جب تک حق تعالی اپنی صفت ارادت سے بندے کے دل پر تجلی نہ کرے بندے میں صفت ارادت ہرگز پیدا نہیں ہوسکتی۔ مرید کیلئے مناسب یہ ہے کہ اس کا ظاہر اپنی ارادت سے خالی اور باطن حق تعالی کی ارادت سے معمور ہے۔ جب ارادت حق اس پر روشن ہو جائے تو ارادت حق کا محمول ہو جاتا ہے پھر اردہ حق ہی اس کا ارادہ بن جاتا ہے۔ درویشوں کا کام، درویشوں کی نظر، درویشوں کی راہ یہ سب پوشیدہ ہوتی ہے۔ ظاہر کے حال پر فریفتہ نہ ہونا چاہئے اور کسی کا ظاہر خراب ہونے سے نفرت بھی نہ کرنی چاہئے۔ یار نیک (اچھا ساتھی) کار نیک (اچھا کام) سے بہتر ہے۔ یہ سب باتیں اس کی دلیل ہیں کہ محبت قائم کرنے کیلئے اپنی مرادوں (خواہشوں) کا ترک درکار ہے۔

جلیس کی (ہم نشین) کی تین قسمیں ہیں ایک وہ ہے جس سے تمہیں فائدہ پہنچے اسکو لازم پکڑلو۔ دوسرا وہ ہے جسے تم سے نفع پہنچے اس کو یہ میسر ہوا ہے تو وہ بھی اچھا ہے۔ تیسرا وہ ہے جس سے نہ تمہیں نفع پہنچے اور نہ تم سے اس کو کچھ فائدہ ہو۔ اسے چھوڑ دو۔''

حضرت زین الدین شیرازی کے ملفوظات ہدایت القلوب، دلیل السالکین، حبۃ القلوب من مقال المحبوب، حبۃ المحب وجنۃ المودۃ یہ ملفوظات نہ صرف صوفیانہ ادب کا بے بہا خزانہ ہیں بلکہ اپنے دور کے مذہبی، سماجی، سیاسی، معاشی و تاریخی واقعات کا سچا مرقع بھی ہیں۔

حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز حسینی، حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ خواجگان چشت میں خواجہ بندہ نواز گیسودراز کا ایک اپنا خاص مقام ہے۔ آپ کا نور ایمانی، فیض روحانی سے صرف جنوبی ہند ہی منور نہیں بلکہ سارے برصغیر میں اس کی گونج سنائی دیتی ہے۔ آپ کا اسم گرامی ''سید محمد'' بندہ نواز گیسودراز، شہباز بلند پرواز، خواجہ دکن، سلطان القلم وغیرہ آپ کے القاب ہیں۔ آپ کی ولادت 1320ء میں دہلی میں ہوئی۔ محمد بن تغلق کے ذریعہ تبدیلی دارالسلطنت کے نتیجہ میں تقریباً پانچ سال کے عمر میں اپنے والد گرامی سید محمد یوسف حسینی المعروف شاہ راجو قتال تخلص بہ راجہ کے ہمراہ دولت آباد تشریف لائے۔ پھر سولہ برس کی عمر میں اپنے بڑے بھائی سید چندن حسینی کے ہمراہ دہلی تشریف لائے حضرت پیر نصیر الدین چراغ دہلی کے حکم سے ریاضت اور مجاہدہ میں مشغول رہے پھر انیس برس کی عمر تک تحصیل علوم کے ساتھ عبادت و ریاضت اور مجاہدہ میں مشغول رہے۔ پھر اپنے پیرو مرشد شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کی وفات کے بعد دہلی سے مختلف مقامات پر کچھ عرصہ قیام کرتے ہوئے دکن تشریف لائے۔ گلبرگہ کو اپنے رشد و ہدایت کا مرکز بنایا اور تا عمر وہیں رہے۔ اس

وقت گلبرگہ بہمنی سلاطین کا دارالخلافہ تھا آپ کا قیام گلبرگہ میں تقریباً ۲۲ برس رہا۔اس عرصہ میں رشد وہدایت کے ساتھ تصنیف و تالیف کا عظیم الشان فریضہ بھی ادا کیا۔مختلف روایتوں کے مطابق آپ کی ۱۰۵ تصانیف بتائی جاتی ہیں۔جن میں قرآن مجید کی تفسیر،مختلف رسائل اورتصوف کی مشہور کتب کی شروح وحواشی کے علاوہ مکتوبات اور دیوان اشعار بھی شامل ہے۔آپ کے ملفوظات میں ''جوامع الکلم'' خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

لیکن مؤلف لمعات الاسرار (سوانح عمری حضرت خواجہ بندہ نواز گیسودراز) محمد عمر ابن حکیم احمد یحی لکھتے ہیں کہ حضرت بندہ نواز گیسودراز حسینیؒ کے ملفوظات بھی کثرت سے ہیں۔پہلے ملفوظ آپ کے ربیع الاول ۷۷۴ھ کی انیسویں تاریخ سے آپ کے خلیفہ شیخ علاء الدین قریشی گوالیاری نے ترتیب دینے شروع کئے اور پھر رجب المرجب ۸۰۲ھ کی اٹھارہ تاریخ سے آپ کے تربیت ونظریافتہ خاص محمد اکبر حسینی نے جمع کئے۔اول ملفوظات کا نام انوارالمجالس رکھا گیا اور دوسرے کا نام جوامع الکلم۔۔۔۔''

مؤلف لمعاۃ الاسرار کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ بندہ نواز حسینی کا ایک اور ملفوظ بھی ہے جس کا نام انوارالمجالس ہے اور جسے ان کے مرید وخلیفہ شیخ علاء الدین قریشی گوالیاری نے لکھا تھا یہ ملفوظ اب ناپید ہے تبصرۃ الخوارقات کے مطابق حضر ت بندہ نواز حسینیؒ کے جوامع الکلم کے علاوہ اور پانچ (۵) ملفوظات تھے جو اب ناپید ہیں۔جوامع الکلم کے متعدد نسخے ملتے ہیں اس ملفوظ کا اردو زبان میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے۔جسے پروفیسر معین الدین دردائی نے کیا ہے جو ۱۹۸۰ء میں دہلی سے شائع ہوا۔

یہ ملفوظ کا آغاز ۱۸ رجب المرجب ۸۰۲ ھجری سے ہوکر ۲۲ ربیع الثانی ۸۰۲ ھجری کو یہ اختتام کو پہنچی ہے۔یہ ملفوظ ۱۳۹ مجالس پر مشتمل ہے۔اس کے مرتب وجامع حضرت سید محمد اکبر حسینی فرزند کبیر وخلیفہ حضرت خواجہ بندہ نواز حسینی ہیں۔ان ملفوظات کی صحت کے بارے میں کوئی اختلاف کی گنجائش نہیں رہ جاتی کیونکہ اس کی تصحیح خود بندہ نواز گیسودراز حسینی نے کی تھی۔ جیسا کہ جامع ملفوظات جوامع الکلم سید محمد اکبر حسینی لکھتے ہیں کہ ان ملفوظات (جوامع الکلم) کو حضرت مخدوم جہانیان (سید محمد حسینی گیسودراز) نے حرفاً حرفاً اور سبقاً سبقاً نظر مبارک سے مشرف فرمایا ہے اور اگر کسی جگہ قضائے بشری سے کوئی سہو ہوگئی تھی تو ہر جز و پر صحت کا نشان لگا کر اس ضعیف پر کرم فرمایا ہے اور ایک موقع پر یہاں تک ارشاد فرمایا کہ صحت اور تحقیق وتدوین کے لحاظ سے یہ ملفوظات (جوامع الکلم) اتنے معتبر ہیں کہ گویا میں نے اپنے ملفوظات کو خود اپنے قلم سے لکھا ہے۔

جوامع الکلم میں پیر ومرشد،شیخ،معتقدین ومریدین کے باہم تعلقات سے متعلق بہت سی حکایات بیان کی گئی ہیں۔قرآنی آیات،احادیث،اقوال صوفیا اور اشعار کے ذریعہ شیخ کی طرف سے اپنے مریدین ومعتقدین کو تلقین وہدایت کی گئی ہے۔جوامع الکلم میں محبت،عشق،کرامات،اسرار الٰہی،سماع،وجد،بزرگان دین وصوفیا کرام کے حالات وحکایات، تصوف کے اسرار ورموز آداب ومراسم کا تفصیلی ذکر ملتا ہے۔عہد وسطی کے ہندوستان کی علمی،ادبی ومعاشرتی وروحانی تاریخ کو سمجھنے کے لیے جوامع الکلم ایک اہم ومعتبر دستاویز کا درجہ رکھتی ہے۔

نمونہ از ملفوظات:

''فقراء کا طریقہ ہے کہ وہ بات چیت کرنے کو بالکل پسند نہیں کرتے خاموشی کے عاشق ہوتے ہیں۔
مخلوق کی نظر عمل پر رہا کرتی ہے اور خالق کی نگاہ نیت پر لہذا آدمی کو چاہیئے کہ نیت بخیر رکھے۔ درستی نیت کے ساتھ ہی سارے معاملے درست ہوا کرتے ہیں۔
مرید کو جو خلافت پیر کی طرف سے حاصل ہوتی ہے وہ تین طرح پر ہے ایک الہامی ورحمانی وہ ہے کہ پیر کے دل میں الہام واقع ہو اور وہ مرید کو درجہ خلافت سے ممتاز فرمائے۔ دوسری ذاتی وصفاتی وہ ہے کہ پیر مرید کے صفات دلی ونیکوکاری کو دیکھ کر بغیر کسی ایماء واشارہ کے اپنی طرف سے خلافت عطا کرے۔ تیسری سبھی وعرضی وہ ہے کہ کوئی الہام ہو نہ شیخ کو خود ہی عطائے خلافت کا خیال آئے بلکہ عزیز واقاریب یا کسی دوسرے شیخ کی سعی وسفارش عارض ہونے کے سبب خلافت کے مرتبت سے سرفرازی حاصل ہو جائے۔ ان تینوں قسموں میں سب سے بہتر پہلی قسم ہے۔''

حضرت بندہ نواز گیسو دراز حسینی کے نبیرگان کے ملفوظات میں حضرت سید شاہ یداللہ حسینی کے ملفوظات محبت نامہ مرتبہ سید محمود فضل اللہ، حضرت سید شاہ من اللہ حسینی کے ملفوظات ''شوامل الجمل در شمائل الاکمل'' مرتبہ نا معلوم کے علاوہ حضرت سید شاہ یوسف حسینی المعروف شاہ راجو قتال کے ملفوظات ''زاد الموحدین'' مرتبہ حسین ابن حسن قابل ذکر ہیں۔ یہ تمام ملفوظات شائع ہو چکے ہیں۔

حضرت سید شاہ راجو قتال حسینی ۱۰۰۲ھ میں بیجاپور میں پیدا ہوئے اور وہیں سن شعور کو پہونچے ابتدائی تعلیم اپنے والد گرامی شاہ سفیر اللہ حسینی سے حاصل کی۔ شاہ راجوؒ ۱۵ ہجری میں بعمر 33 سال اپنے عم محترم حضرت سید شاہ اکبر محمد حسینی کے ہمراہ بعہد عبداللہ قطب شاہ حیدرآباد تشریف لائے اور تاحیات یہیں مقیم رہے اور موجودہ گنبد کی جگہ آپ کی خانقاہ تبلیغ و اشاعت دین کا مرکز ومحور بنی رہی اور آج بھی الحمد اللہ یہ سلسلہ جاری وساری ہے۔ چنانچہ آپ کی خانقاہ پر عامۃ المسلمین، امراء وزراء بادشاہوں کے علاوہ غیر مسلم بھی بڑی عقیدت سے حاضری دیتے اور فیوض و برکات سے سرفراز ہوتے ہیں۔ قطب شاہی سلطنت کا آخری فرمانبردار ابوالحسن تانا شاہ آپ کے حلقہ ارادت میں داخل تھا اور آپ سے بڑی محبت وعقیدت رکھتا تھا۔ آپ کے وصال کے بعد اس نے گنبد کی تعمیر کی۔ آپ کی بارگاہ حیدرآباد میں بڑی گنبد کے نام سے جانی جاتی ہے جو مصری گنج میں واقع ہے۔

حضرت شاہ راجو قتال حسینی صاحب تصنیف وتالیف تھے اور انہیں یہ صلاحیت اپنے اجداد سے ورثہ میں ملی تھی۔ چنانچہ فارسی زبان میں آپ نے کیمیائے ذات، رسالہ سوال وجواب، رسالہ طریق الموحدین۔ فارسی ودکنی شاعری کے علاوہ آپ نے دکنی زبان میں عورتوں کی تعلیم واصلاح کے لیے ایک طویل نظم ''سہاگن نامہ'' لکھی۔ اس میں معرفت حق کے اہم مسائل کو اپنی زبان میں اخلاق وکردار کی اصلاح اور تعلیم دینداری کے لیے نہایت دلکش پیرائے میں بیان کیا ہے۔

حضرت شاہ راجو قتال حسینیؒ: کے حکم وایماء پر حسین ابن حسین جو مرید خاص تھے نے ۱۳۴ مجالس پر مشتمل آپ کے ملفوظات کو مرتب کیا اور آپ کی حکم سے اس کا نام ''زاد الموحدین'' رکھا گیا۔ زاد الموحدین تصوف کے موضوع پر ایک نہایت

اہم کتاب مانی جاتی ہے کیونکہ اس میں تصوف کے مختلف موضوعات پر نہایت مدلل بحث کی گئی ہے ان موضوعات میں وحدت و کثرت، ذکر و ثنا، فنافی اللہ، فنافی الرسول، فنافی شیخ، فراق و وصال، خدا و خودی کی شناخت، مقصد عبادت، خود سپردگی و خود آگہی ،نماز دائمی، صبر، شکر، تسلیم و رضا وغیرہ اور دیگر اہم ترین مسائل و اصلاحات تصوف کی تشریحات عام فہم اور نہایت ہی دلنشین انداز میں بیان کی گئی ہیں۔ روزمرہ کے محاورے، ضرب الامثال، اشعار کا برمحل استعمال بھی ملتا ہے جو اس ملفوظات کے حسن کو دوبالا کر دیتا ہے۔ اس ملفوظ کے تا حال چار نسخہ دستیاب ہیں۔ ایوان اردو، سالار جنگ میوزیم، اورینٹل مینوسکرپٹ لائبریری حیدر آباد اور کتب خانہ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز حسینی گلبرگہ میں موجود ہیں۔ زاد الموحدین 6-2004 میں شاہ راجو اکیڈیمی حیدر آباد سے بہ معہ اردو ترجمہ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی، دو جلد میں بعنوان ''شان مقربین'' شائع ہوئی ہے۔

نمونہ ملفوظات:

''زہد کے تین حروف ہیں۔ ''ز'' سے اپنی زبان کو بے معنی بات چیت کیلئے بند کر دینا اور اللہ کے ذکر پر کھول دینا مراد ہے۔ 'ھ' سے مراد اپنی ہستی سے پاک ہوجانا اور نیتی پر ہمت باندھنا ہے۔ ''د'' سے دینا و دین کا پرہیز کرنا اور دوست کے راستہ میں جان و دل کی بازی لگا دینا مراد ہے۔

موحد وہ ہے کہ ایک ہی پر یقین کرے اور ملحد وہ ہے کہ ہر کسی کو خدا بولے۔ لہذا دونوں میں کچھ فرق ہے۔

بعض لوگ تعریف سے خوش ہوتے ہیں اور مذمت سے رنجیدہ ہوتے ہیں تو وہ لوگ اول و آخر سے ناواقف ہوتے ہیں انہیں نہ اول کی خبر ہوتی ہے اور نہ آخر کی کیونکہ وہ خود نمائی اور خود ستائی کیا کرتے ہیں اور بعض لوگ تعریف سے خوش ہوتے ہیں اور مذمت سے رنجیدہ نہیں ہوتے تو یہ لوگ اول سے ناواقف ہوتے ہیں اور آخر سے واقف تیرا نفس تو گویا لوہا ہے اسکو ریاضتوں تکالیف سے پاک کر کے آئینہ بنادے اور اس کا نام دل رکھ اس کے بعد اس آئینہ کے زنگ کو ذکر صیقل کے ذریعہ دور کر کے اس کا نام روح رکھ۔۔۔''

دکن میں ملفوظ نویسی کا آغاز حضرت برہان الدین غریبؒ کے ملفوظات نفائس الانفاس، احسن الاقوال سے ہوا تھا جو حضرت سید شاہ راجو حسینی قتال کی ''زاد الموحدین'' پر ختم ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ زاد الموحدین دکن میں لکھی جانی والی آخری ملفوظات میں سے ہیں۔ لیکن قوی احتمال ہے کہ دکن کے بیشتر خانوادہ مشائخ میں چونکہ ملفوظ نویسی کا ایک رواج چل پڑا تھا تو بہت ممکن ہے کہ کئی خانوادوں میں آج بھی کئی ملفوظات مخطوطہ کی شکل میں موجود ہونگے۔ اہل خانوادہ اپنے اجداد کے علمی آثار کو بھی دیگر تبرکات کی طرح احترام و عقیدت کے ساتھ انکی حفاظت کرتے رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسے عام کرنا نہیں چاہتے۔ لیکن اگر وہ یہ حقیقت جان لیں کہ یہ بیش بہا علمی آثار بندگان خدا کی رہبری و رہنمائی، انکی رشد و ہدایت، تعلیم و اصلاح کے لیے انکے اجداد کی طرف سے چھوڑی گئی ایک امانت ہے اور اسے مخلوق خدا تک پہنچانا انکی ذمہ داری ہے تو یقیناً یہ گرانقدر علمی سرمایہ منظر عام پر آ کر بندگان خدا کے لیے مورد استفادہ اور صاحب ملفوظات کے لیے موجب اطمینان

ہونگے۔

کئی ملفوظات ایسے بھی ہیں جواب تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئے ہیں لیکن اردو اور دیگر زبانوں میں انکے ترجمہ ہو چکے ہیں۔ یہ بھی ایک تشویش ناک امر ہے چونکہ اس عہد میں فارسی زبان ہی مستعمل تھی لہذا بیشتر ملفوظات فارسی زبان ہی میں لکھے گئے تھے ان کے دیگر زبانوں میں تراجم ہونا ایک اچھی بات ہے تاکہ قارئین کا حلقہ وسیع سے وسیع تر ہو لیکن ضروری یہ ہے کہ جو بھی ترجمہ شائع ہو فارسی متن کے ساتھ شائع ہو۔ کیونکہ صرف ترجمہ کا شائع کر دینا اصل متن کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی۔

تصوف کا ذوق رکھنے والے محققین کے لیے ملفوظات ایک اہم موضوع تحقیق ہوسکتا ہے۔ ہندوستان بھر میں آج بھی ایسے سینکڑوں ملفوظات ہونگے جو مخطوطہ ہی کی شکل میں موجود ہیں۔ ان تک رسائی ان کا حصول اوران کی تصحیح وتدوین اور طباعت واشاعت ایک اہم اور مفید تحقیق ثابت ہوسکتی ہے۔ یہ تحقیق نہ صرف اہل ذوق تصوف کے لیے ارمغان ثابت ہوگی بلکہ اہل تاریخ ، نقد شناسی ، اہل ادب وثقافت کیلئے بھی مورد استفادہ ثابت ہوگی۔ لہذا اس جانب بھی پیشرفت ہونی چاہئے ۔اس سے تحقیق کی کئی راہیں ہموار ہوسکتیں ہیں۔

کتابیات:

۱۔گلستان خلدآباد، الحاج محمد عبدالحسینی، ۲۰۰۱ اورنگ آباد۔

۲۔روضۃ الاولیاء، آزاد بلگرامی، مترجم نثار احمد فاروقی ۱۹۹۶ رامپور

۳۔تبصرۃ الخوارقات، سید من اللہ بن سید علی اللہ محمد الحسینی، مرتبہ سید مبارز الدین رفعت

۴۔جوامع الکلم، مرتبہ سید محمد اکبر حسینی: ترجمہ پروفیسر معین الدین دردائی، دہلی

۵۔بزم صوفیہ، سید صباح الدین عبدالرحمٰن، ۱۹۵۰، اعظم گڑھ

۶۔نقد ملفوظات، پروفیسر نثار احمد فاروق، ۱۹۸۹، نئی دہلی

۷۔تاریخ مشائخ چشت، خلیق احمد نظامی، ۱۹۸۰، دہلی

۸۔نفائس الانفاس، مرتبہ خواجہ رکن الدین عماد کاشانی، مرتبہ ومقدمہ شبیب انوا کاکوری ۲۰۱۳ لکھنو

۹۔ہدایت القلوب، خواجہ میر حسن مؤلف دہلوی، ترجمہ وتلخیص پروفیسر نثا احمد فاروقی ۲۰۱۳ اورنگ آباد

۱۰۔زادالموحدین، بمعہ اردو ترجمہ شان مقربین دوجلد از صوفی اعظم علی صوفی ۶-۲۰۰۴

۱۱۔گلزار ادب، ڈاکٹر اسماء بیگم، ۲۰۰۹ حیدرآباد

۱۲۔تعلیم اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ میں صوفیائے دکن کی خدمات، سید محمد عزیز الدین حسین ہمدانی، ۲۰۲۴ حیدرآباد

☆☆☆

ڈاکٹر سید تصور مہدی

''فتوح السلاطین'' ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم ماخذ

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ہندوستان اور ایران کا تاریخی، سیاسی، ثقافتی اور لسانی ہر اعتبار سے گہرا تعلق رہا ہے۔ بعض محققین اس کی قدامت ۶۰۰ سال قبل مسیح بیان کرتے ہیں۔ اسناد و مدارک اس حقیقت کو بیان کرتے ہیں کہ ساسانیوں کے عہد میں ہند و ایران کا یہ ارتباط اور بھی گہرا ہو گیا تھا۔ اسلام آنے کے بعد یہ تعلق اتنا عمیق ہوا کہ دونوں ممالک ایک ہی چنے کی دو دال شمار کئے جانے لگے۔ ۱۰۰۱ء میں جب محمود غزنوی نے ہندوستان پر حملہ کیا تو یہ فرق بھی مٹا دیا اور یکے بعد دیگرے ایسی حکومتوں کی تشکیل عمل میں آتی رہی جس نے تقریباً ۸۰۰ سال تک فارسی زبان و ادب کو ہندوستان میں خوب پروان چڑھایا۔ اگر چہ فارسی زبان کو کمزور اور اسے ترک کرنے کی بہت کوششیں کی گئیں، خاص طور پر اُس زمانے میں جب انگریزوں کا اس سرزمین پر غلبہ تھا، اس کے باوجود فارسی زبان کے ذرائع سے فائدہ اٹھائے بغیر ہندوستان کی ثقافت اور تہذیب کا مطالعہ نامکمل اور ناممکن ہے۔

جب فارسی زبان ہندوستان میں غزنوی اور غوری لشکر کے ہمراہ اور بعد میں بابری فوج کے ساتھ پروان چڑھی تو نتیجتاً گیارھویں صدی سے انیسویں صدی تک بتدریج تبدیلی اور ارتقاء کے دور سے گزرتی رہی۔ یہ میٹھی زبان جو شروع میں اجنبی بن کر رہی لیکن عرصہ نہ گزرنے پایا کہ فارسی نے ہندوستان میں اپنا مسکن بنالیا اور آٹھ صدیوں تک دنیا کے مختلف مقامات سے علماء، شعراء اور صوفیاء یہاں آتے رہے جس کے نتیجے میں فارسی کا پودہ ایک تناور درخت میں تبدیل ہو گیا اور اس میں بہترین ثمر بھی آنے لگے۔ لغت کے میدان میں ایک خاص ہندوستانی لہجۂ تکلم وجود میں آیا جسے ''ہندوستانی فارسی'' کہا جانے لگا اور شاعری کی دنیا میں ایک خاص مکتبۂ فکر قائم ہوا جسے ''سبک ہندی'' کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔ جب مغل شہنشاہ ظہیر الدین محمد بابر نے کابل سے دہلی کا ارادہ کیا تو اس کے ہمرکاب بے شمار شعراء و ادباء ہندوستان تشریف لائے، یہاں تک کہ جب جلال الدین محمد اکبر کا زمانہ آیا، اسکی حکومت کا ستارہ اپنے اوج پر پہنچا اور قوت و جاہ و جلال کے ساتھ عطا و بخشش کا سلسلہ شروع ہوا تو ایران سے سخنوروں کا ایک سیلاب آگرہ کا احرام باندھ کر عازم ہندوستان ہوا، جن کی آمد سے فارسی کا مستقبل روشن نظر آنے لگا۔ اکبر نے بھی اس مہم میں مختلف انداز میں اپنا نام درج کرایا۔ اسے خود بھی فارسی شعر کا شوق تھا جس کے نتیجہ میں اس نے اشعار کہنے شروع کئے، اس شعر کی نسبت اکبر کی جانب دی جاتی ہے:

عمر ہمہ در فراق و ہجر بگذشت، با درد و الم
این عمر گرانمایہ چہ ارزان بگذشت، در رنج و ستم

FUTUHUS SALATEEN: HINDUSTANI TAREEKH KA EK AHEM MAAKHAZ (Pg.No. 117 TO 122)
DR. SYED TASAWWUR MEHDI, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ORIENTAL COLLEGE, PATNA, BIHAR

عمری کہ بشد صرف سمرقند و هری، با عیش و طرب

افسوس کہ در آگرہ ویران بگذشت، با غصه و غم ۱؎

ترجمہ: فراق وہجر کے باعث تمام عمر درد والم میں گذر گئی، یہ قیمتی عمر کتنی ہی ستی رنج وغم میں گذر گئی، جو زندگی عیش وعشرت کے ساتھ سمرقند اور ہرات میں گذری تھی، افسوس کہ وہی زندگی آگرہ آنے کے بعد غم واندوہ کے سبب ویران ہوگئی۔

تاریخ اور تذکرہ نویسوں نے بادشاہوں، شہزادوں اور شہزادیوں کی بدیہہ گوئی کی مختلف داستانیں بیان کی ہیں۔ مغلوں کے ہم پلہ جنوب ہند کے بادشاہوں خواہ وہ بہمنی ہوں، عادل شاہی ہوں، نظام شاہی ہوں یا قطب شاہی سبھی نے فارسی زبان وادب کے ارتقاء میں مکمل حصہ لیا۔ چودھویں صدی کے وسط یعنی تقریباً ۱۳۴۷عیسوی سے دکن میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہوئی جن میں سب سے نمایاں بہمنی، نظام شاہی اور عادل شاہی خاندان تھے۔ ان سلسلوں کے اکثر حکمراں فارسی ادب وشاعری کے دلدادہ تھے اور فارسی شعراء کی حوصلہ افزائی کیا کرتے تھے۔ یہ بات بہت مشہور ہے کہ محمود شاہ دکنی نے خواجہ حافظ شیرازی کو دکن آنے کی دعوت دی تھی۔ آج بھی وہاں کی مساجد، محلات اور عمارتوں کے کھنڈروں میں ان بادشاہوں کی بہت سی فارسی تحریریں باقی ہیں۔ ۲؎

دکن میں جو پہلی حکومت وجود میں آئی وہ بہمنی حکومت تھی، اس سلسلے کا بانی علاء الدین حسن شاہ تھا جو کہ غیاث الدین تغلق کے دربار کے نجومی گنگو برہمنی کا ملازم تھا۔ علاء الدین کی دیانتداری نے گنگو اور غیاث الدین دونوں ہی کو بہت متاثر کیا تھا۔ تاریخ فرشتہ کے مصنف اس کی دیانتداری کے سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں:

"حسن کارمند برهمن که اهل دهلی بود، روزی تشتی پر از طلا از
ارباب خود می یابد ولی با دیانت تمام تشت را پیش آقای خود می برد،
آقا هم از وفای حسن خوشحال شده او را پیش ولی عهد سلطنت محمد
بن تغلق می آورد ولی عهد سلطنت هم از حسن خوشحال شده از غیاث
الدین برایش سفارش می کند"۔ ۳؎

ترجمہ: حسن، برہمن کا ملازم جو کہ دہلی کا رہنے والا تھا، اسے ایک دن اپنے مالک کے گھر سونے سے بھرا ہوا تشت ملا، لیکن پوری دیانتداری کے ساتھ اس نے وہ تشت اپنے آقا کے پاس لے گیا۔ مالک اپنے غلام کی اس وفاداری پر بہت خوش ہوا اور اسے ولی عہد سلطنت محمد بن تغلق کے پاس لے گیا، واقعہ سن کر وہ بھی بہت خوش ہوا اور غیاث الدین تغلق سے حسن کی سفارش کی۔

کہا جاتا ہے کہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ نے حسن گنگوی کی اہمیت کے بارے میں پہلے ہی آگاہ کر دیا تھا، ایک دن غیاث الدین تغلق کا بیٹا محمد بن تغلق نظام الدین اولیاءؒ کے حضور سے رخصت ہو رہا تھا اسی وقت حسن گنگوی حضور کی زیارت کو پہنچے۔ شیخ نے فرمایا: "سلطانی آمد و سلطانی رفت" یعنی ایک سلطان آیا اور ایک سلطان چلا گیا۔ شیخ کے دسترخوان پر بھی حسن کی خوب پذیرائی ہوا کرتی تھی۔ غالباً اسی نشست میں شیخ کی جانب سے اطلاع دی گئی تھی کہ وہ ایک دن دکن کا سلطان بنے گا۔ ۴؎ یہ بات سچ ثابت ہوئی حسن تدبیر، شیخ نظام الدین اولیاءؒ کے نیک فال اور خود حسن گنگوی کی خوش نصیبی کے

سبب ۴ ربیع الثانی ۷۴۸ھ بروز جمعہ قطب الدین مسجد میں دکن کی سلطنت کا تاج سر پر رکھا گیا۔ ۵

فارسی زبان وادب کا ابلاغ اور فروغ علاء الدین حسن گنگوی کے دور حکومت سے ہی ہونے لگا کیونکہ اس نے فارسی جاننے والوں کو ہندوستان کے جنوب میں آباد ہونے کی دعوت دی تھی۔حسن بہمنی کے فرمان کے بعد دہلی اور بعض دیگر ہندوستانی شہروں کے ساتھ ساتھ ایران اور دیگر سرزمینوں سے ہندوستان کے جنوب میں عالموں، عارفوں، شاعروں، سائنسدانوں، فنکاروں اور تاجروں کی ہجرت شروع ہوئی اور دن بدن بڑھتی گئی۔انہیں مہاجرین میں ایک نام صاحب فتوح السلاطین **عبدالملک عصامی** کا بھی ہے۔ان سب کے باوجود جنوبی ہند وایران کے تعلقات کو مستحکم بنانے میں مذہب تشیع کے کردار کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔

عصامی کا زندگی نامہ: دکن کی جانب ہجرت کرنے والوں کی ایک لمبی فہرست ہے لیکن جن شعراء وادباء کو بے پناہ شہرت ملی ان میں ایک نمایاں اور عظیم نام فتوح السلاطین کے شاعر عبدالملک عصامی کا ہے، جس منظومہ کو ہم **شاہنامۂ دکن** کے نام سے بھی جانتے ہیں۔عصامی کی ولادت ۷۱۱ھ کے لگ بھگ دہلی میں ہوئی۔اس کا خاندان سمرقند کے رئیسوں میں سے ایک تھا لیکن اس کی نشو ونما ہندوستان میں ہوئی تھی جبکہ شہرت دکن سے حاصل ہوئی۔فتوح السلاطین کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے آباء واجداد کا تعلق عصام سے تھا اسی نسبت کی بنا پر انہوں نے اپنا لقب عصامی رکھا تھا یہاں تک اس نے اپنا تخلص بھی یہی اختیار کیا۔وہ خود اس بارے میں کہتا ہے:

یکی بود روشن دل و نیک نام چراغی از دودهٔ بو عصام
هم از فخر ملك عصامی به هند بزاده بدان گوهر دلپسند ۶

عصامی کہ آباء واجداد میں سے پہلا شخص جو ہندوستان آیا وہ فخر الملک عصامی تھا۔خود عصامی کہ مطابق وہ بنی عباس کے خلفاء میں ایک خلیفہ کے دربار میں وزارت کے عہدے پر فائز تھے لیکن کسی سبب خلیفہ سے ناراض ہوگئے اور وزارت سے استعفیٰ دے کر اپنے رشتہ داروں کے ساتھ ہندوستان چلے آئے۔جب وہ ملتان پہنچے تو ان کے چند رشتہ دار وہیں رک گئے اور ملتان میں آباد ہو گئے جبکہ فخر الملک بقیہ رشتہ داروں کو لے کر دہلی آ گئے۔ان دنوں ہندوستان کا حکمران شمس الدین التمش تھا، جب سلطان نے سنا کہ بغداد کا وزیر آیا ہے تو اس کے استقبال کے لئے چند فرسخ خود گیا اور انہیں اپنا وزیر مقرر کیا۔ ۷

عصامی جو کہ دہلی میں پیدا ہوا تھا اس نے اپنی زندگی کے آغاز سے سولہ (۱۶) سال کی عمر تک اپنے دادا عزالدین عصامی کے سایہ میں دہلی میں ہی گزاری۔ ۷۲۶ھ میں جب محمد بن تغلق نے دولت آباد کو دارالحکومت بنایا تو اس نے تمام سرکاری اور غیر سرکاری ملازمین کو دہلی چھوڑ کر دولت آباد منتقل ہونے کا حکم دیا۔مجبوراً نوّے (۹۰) سال کی عمر میں عصامی کے دادا عزالدین کو بھی اپنے پوتے کے ساتھ نقل مکانی کرنا پڑی۔باوجود اس کے کہ وہ کافی ضعیف اور بوڑھے ہو چکے تھے، سفر کرنا ان کے لئے ممکن نہ تھا، انہوں نے دولت آباد جانے کا ارادہ کیا کیونکہ ان کے پاس کوئی اور چارہ نہ تھا۔لیکن وہ سفر کی سختیوں کی تاب نہ لا سکے اور درمیان راہ ہی اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔عصامی نے سفر کی ان سختیوں اور پریشانیوں کو یوں بیان کیا ہے:

چون آن پیر فرخ عصامی نژاد به حد نود سالگی سر نهاد

ابــا خــلــق دهـلـی در آن روزگــار   بــرون کــرد از دهــلیــش شهـریـار

چـون خـدامــش از شهـر بیـرونـش کشید   نشستـه بـه مهـدی بـه تـلپت رسید ۸ـ

ڈاکٹر ابوالقاسم رادفر کی تحریر کے مطابق عصامی نے اپنی زندگی سولہ (۱۶) سال کی عمر سے چالیس (۴۰) سال کی عمر تک دولت آباد میں گزاری۔ اس دوران وہ سلطان محمد بن تغلق کے بہت سے جبر، بغاوت اور مظالم کا گواہ رہا۔ اس صورت حال نے اسے بہت غمگین اور پریشان کر رکھا تھا جس کی وجہ سے اس نے ہندوستان ترک کر کے ۷۵۰ھ ہجری میں حرمین شریفین جانے کا ارادہ کیا۔ لیکن ہندوستان سے ہجرت کرنے سے پہلے وہ اپنی ایک یادگار چھوڑنا چاہتا تھا، اسی مناسبت سے اس نے ایک ایسے موضوع کا انتخاب کیا جو شاعری اور تاریخ کا امتزاج تھا، اپنی اس خواہش کی تکمیل کے لئے اس نے قاضی بہاء الدین جو کہ سلطان علاء الدین حسن بہمنی کے دربار سے منسلک تھا اس کی حمایت اور خود سلطان علاء الدین حسن بہمنی کی اجازت سے مثنوی نظم کرنا شروع کی۔ سب سے پہلے اس نے حمد، نعت، منقبت اور سلطان کی مدح میں اشعار نظم کئے اور اسے سلطان حسن کی خدمت میں پیش کیا، ان اشعار کو ملاحظہ کرنے کے بعد بادشاہ بہت خوش ہوا اور اس نے عصامی کو ہندوستان کی تاریخ نظم کرنے کی اجازت دے دی۔ کتاب مکمل کرنے کے بعد عصامی نے اس کا نام ''فتوح السلاطین'' رکھا۔ یہ عصامی کا آخری ادبی اثر تھا جو زمانے کی آفات سے محفوظ رہا کیونکہ اس کے دو دیوان ضائع ہو چکے ہیں جن کا کوئی پتہ نہیں ہے۔ فتوح السلاطین کی تکمیل کے وقت اس کی عمر ۴۰ سال تھی، مثنوی تمام کرنے کے بعد اس نے حرمین شریفین کی جانب ہجرت کی۔ کہا جاتا ہے کہ عصامی نے اسی پاک سرزمین پر وفات پائی اور وہاں سے واپس نہ آیا۔ ۹

فتوح السلاطین: فتوح السلاطین ہندوستان کے بادشاہوں کی منظوم تاریخ ہے۔ اس منظوم نامہ کا آغاز محمود غزنوی کے تذکرے سے ہوتا ہے، محمد بن تغلق کے واقعات کو تفصیل سے بیان کرتا ہے اور سلطان علاء الدین بہمن شاہ کے تذکرے پر ختم ہو جاتا ہے۔ دکن کی یہ منظوم تاریخ بہمنی خاندان کے بانی کے حالات کو تفصیل سے بیان کرتی ہے۔ عصامی بھی درباری شاعروں کی مانند اپنے ولی کی مبالغہ آرائی کی حد تک تعریف کرتا ہے اور اسے عظیم بادشاہوں میں شمار کرتا ہے۔

ایک نقطۂ نظر سے فتوح السلاطین، فردوسی کے شاہنامہ کا جواب ہے اور دوسرے نقطۂ نظر سے یہ شاہنامے کا ایک ضمیمہ اور تکملہ ہے کیونکہ شاہنامے میں فردوسی نے حضرت آدمؑ سے لے کر محمود غزنوی تک ایرانی بادشاہوں کے قصے سنائے ہیں اور عصامی نے سلطان محمود غزنوی سے لے کر اپنے زمانے تک کے بادشاہوں کے تمام واقعات اور فتوحات کو شاہنامے کی بحر متقارب مثمن محذوف (فعولن فعولن فعولن فعل) میں سال بہ سال اور ماہ بہ ماہ تفصیل سے ترتیب دیا ہے۔ ۱۰ تاہم عصامی کی فتوح السلاطین کا ایک قابل ذکر امتیاز یہ ہے کہ یہ رزمیہ مثنوی حیرت انگیز اور ناقابل یقین افسانوں سے پاک ہے۔ فتوح السلاطین کے پہلوان و سورما فردوسی کے شاہنامے کے سورما کی طرح طاقت اور حوصلے میں کبھی بھی انسانی حدود سے خارج نہیں ہوتے۔ جس طرح فردوسی نے شاہنامہ کی ابتدا خدا کی حمد اور توحید سے کی ہے:

بنام خداوند جان وخرد   کزین برتر اندیشه برنگزرد

عصامی بھی فتوح السلاطین کا آغاز حمد و توحید سے کرتا ہے:

بـــــام خـدا ونـد هـــر دو جهـــان کـنـد ابـتـدا نـــامــه کـــار آگهـــان

هـــر آن نـــامـــه کـــآغـــازز آن نـام شـد درانـجـام کـــاوش سـرانجام شد ۱۱؎

خود عصامی کے مطابق انہوں نے اپنی مثنوی میں فردوسی اور نظامی کی تقلید کی ہے لیکن فتوح السلاطین کی مخصوص خصوصیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ یہ پیروی فقط ظاہری یعنی ہیئت اور اسلوب کی ہے بقیہ چیزوں میں ان دونوں رزمیہ مثنویوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔عصامی نے بھی اس کا تبصرہ کرتے ہوئے فردوسی کے شاہنامے کو مور، خمسۂ نظامی کو بلبل اور اپنے منظومہ کو طوطے سے تشبیہ دی ہے اور ہر ایک کی خصوصیت کو الگ الگ بیان کیا ہے۔۱۲؎

دوشـاعـر دریـن فـن چـون کـارآگهان ربـودنـد گـویـی کـمـال از جهـــان

یـــکـــی جـلـــوه داد طـــاؤس را چـــو فـــردوس آر اســـت طـــوس را

دوم بـــلـبـــل آورد انـــدر نـــوا شـــرف داد مـــر گـلـشـن گـنـجـه را

بـکـــردم مـــن آن هـــر دو را پیـــروی شـــدم پیـــرو هـــر دو در مثـــنـوی

ز طـــاؤس و بـلـبـل بـــه هـنـدوستـان یـکـی طـوطـی زاد شـکـر فشـان

فتوح السلاطین تاریخ اور شاعری کا دلکش امتزاج ہے، اس نظم میں عصامی نے ادب کو تاریخ کی بنیاد پر استوار کیا ہے اور اپنی شاعری کو دم مسیح کے ساتھ تازہ زندگی بخشی ہے تاہم اس میں شاعرانہ تخیل کا بھی بھرپور استعمال کیا ہے۔اس نے تاریخی واقعات کو نہایت ہی دیانت اور سچائی سے بیان کیا ہے، تاریخ گوئی میں ذرہ برابر بھی حق گوئی کا دامن نہیں چھوڑا ہے۔عصامی نے دستاویزی اور مستند لیکن شاعرانہ تاریخ پیش کی ہے۔اس نے دانشمندوں اور قدیم تاریخی کتب کا سہارا لیتے ہوئے ایک صحیح تاریخ ہمارے حوالے کی ہے۔وہ خود اس بارے میں کہتا ہے:

حـدیثـــی کـــه بشـنیـدم از بـاستـان کشیـدم بـــه نـظـمـش دریـن داستـان

دگـــر آنـچـــه انـدر کـتـب یـافـتـم ســـر از درج آن نیـــز کـــم تـــافـتـم

حـکـــایـــات شـاهـــان هـنـدوستـان طـلـــب کـــردم از بـــاخـــرد دوستـــان

هـمـــه بـــا تـــواریـخ کـــردم رجـــوع چـــو دیـدم مـــوافـق اصـول و فـروع ۱۳؎

ہم سبھی جانتے ہیں کہ فردوسی نے شاہنامہ کو ترتیب دینے کے لئے بہت محنت کی اور اس کام میں اسے مکمل تیس (۳۰) سال لگے، جس کا ذکر خود اس نے اپنے ایک شعر کے ذریعہ کیا ہے:۔

بسی رنج بردم درین سال سی عجم زنده کردم بدین پارسی

فردوسی کی طرح عصامی نے بھی فتوح السلاطین کو نظم کرنے میں بہت محنت کی ہے اور اس نے اپنی کوششوں کا اظہار اس طرح کیا ہے:

به تحقیق افسانه ای کهن ببردم بسی رنج در هر سخن

عصامی نے رزم اور بزم دونوں میدان میں اپنی قابلیت دکھائی ہے۔اس نے حقیقت کے ساتھ، بادشاہوں کے

خوف کے بغیر اس تاریخ کو نظم کیا ہے۔اس کے علاوہ اسے بادشاہوں سے کسی قسم کا کوئی لالچ نہ تھا،اسی لئے اس نے غیر جانبداری سے ہر سچ کو عین مطابق لکھا ہے،حتیٰ کہ سیاسی معاملات میں بھی اپنی رائے کا اظہار پوری آزادی کے ساتھ کیا ہے۔

نتیجہ: خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کے قیام کے بعد تاریخ،ثقافت اور معاشرت میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوئیں جن میں سرفہرست یہ تبدیلی آئی کہ فارسی زبان کو اس ملک کی سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کیا جانے لگا اور ایران سے ادیبوں اور شاعروں کی ہجرت ہونے لگی،جس کے نتیجے میں ہندوستان میں شاعری،نثر نگاری اور اسلامی تاریخ نویسی کے بہت سے آثار وجود میں آئے۔اسی زمانے میں امیر خسرو دہلوی اور عصامی جیسے شاعروں نے تاریخی مثنوی کی شکل میں کئی منظوم آثار یادگار چھوڑے ہیں جس کی بنا پر ہندوستانی فارسی شاعری قابل افتخار بن گئی۔جس طرح فردوسی کے شاہنامے اور نظامی کے خمسہ کا فارسی ادب میں بڑا مقام ہے اسی طرح عصامی کی فتوح السلاطین کو بھی اپنی صوری اور معنوی خوبیوں کے لحاظ سے ان دوشاہکاروں سے کم نہیں سمجھا جانا چاہئے۔بہت افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ بہمنی دور کے بیشتر ادبی سرمایے ختم ہو چکے ہیں اس کے باوجود یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ جب تک فتوح السلاطین موجود ہے کافی ہے اور کوئی بھی تاریخی تحقیق فتوح السلاطین سے مراجعہ کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتی۔

منابع:

۱۔حکمت،علی اصغر،سرزمین ھند،ص ۹۸۔چاپخانہ دنشگاہ طہران ۱۳۳۷ش

۲۔حکمت،علی اصغر،نقش پارسی براحجار ھند،ص ۸۲۔کلکتہ ۱۳۳۶ش

۳۔فرشتہ،محمد قاسم،تاریخ فرشتہ،ج ۲،ص ۹۳۵۔مترجم خواجہ عبدالحی۔المیز ان،لاہور

۴۔شعیب،شعیب اعظمی،فارسی ادب بہ عہد سلاطین تغلق،ص ۸۱۔انڈو پرشین سوسائٹی،نئی دہلی ۱۹۸۴

۵۔فرشتہ،محمد قاسم،تاریخ فرشتہ،ج ۲،ص ۵۴۴۔مترجم خواجہ عبدالحی۔المیز ان،لاہور

۶۔عصامی،عبدالملک،فتوح السلاطین،ص ۱۴۸۔مصحح،اے۔ایس۔یوشع،مدراس یونیورسیٹی ۱۹۸۴

۷۔ایضاً،ص ۲

۸۔ایضاً،ص ۴۴۸

۹۔مجلّہ زبان وادبیات فارسی،ص ۶۰۔(بررسی جنبہ ھای ادبی فتوح السلاطین عصامی)ش۔۲،بہار ۱۳۸۵

۱۰۔عصامی،عبدالملک،فتوح السلاطین،ص ۶۰۹۔بیت ۱۵ تا ۱۹۔مصحح،اے۔ایس۔یوشع،مدراس یونیورسیٹی ۱۹۸۴

۱۱۔ ایضاً،ص ۱

۱۲۔عصامی،عبدالملک،فتوح السلاطین،ص ۶۰۹۔بیت ۷ تا ۱۲۔مصحح،اے۔ایس۔یوشع،مدراس یونیورسیٹی ۱۹۸۴

۱۳۔ایضاً،ص ۶۱۴

☆☆☆

جاوید اختر اثری

دکن کے عادل شاہی عہد حکومت میں فارسی نثری تصانیف پر ایک نظر

عادل شاہی خاندان جس نے تقریباً دوسو سال (1490ء سے 1686ء تک) خطہ دکن پر حکمرانی کی وہ نہ صرف سیاسی لحاظ سے دکن کی تاریخ میں ممتاز مقام کا حامل ہے بلکہ ہنر پروری اور علم دوستی کے حوالے سے بھی ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔اہل علم وفن اور بالخصوص شاعروں اور ادیبوں کی قدر دانی، سرپرستی،علم وادب کے فروغ کے لیے انکی سخاوت وفیاضی اور انعام واکرام کے نتیجے میں ایران اور دیگر ممالک کے بہت سے فنکار اور ادیب ان کے دربار میں جمع ہو گئے جسکے سبب انکا پایہ تخت بیجاپور اپنے عہد کی علمی اور ثقافتی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا اور علمی وادبی ارتقا کی بلندیوں پر پہنچ گیا۔

اگرچہ اس خاندان کے بادشاہوں کو فارسی شاعری سے خاص دلچسپی تھی اور ان میں سے بعض خود بھی شعر گوئی سے شغف رکھتے تھے اور شعرا کو خوب نوازتے تھے۔اسی وجہ سے ان کے دربار میں فارسی شاعروں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔تاہم وہ فارسی نثر اور نثری تصانیف کی طرف سے غافل نہیں تھے۔یہی وجہ ہے کہ اس دور میں اور اس خاندان کے بادشاہوں کی سرپرستی میں فارسی نثر میں کئی اہم کام ہوئے۔اس مقالے میں ہم ان میں سے کچھ انتہائی اہم تصانیف کا مختصر جائزہ لینے کی کوشش کرینگے۔

مختلف مراجع ومصادر کے مطالعہ اور تحقیق کے بعد یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس دور کی زیادہ تر نثری تصانیف تاریخی نوعیت کی ہیں،لیکن ادبی تصانیف کے لحاظ سے بھی یہ دور بے بہرہ نہیں ہے، بلکہ چند مشہور اور اہم ادبی تصانیف اس عہد کی یادگار ہیں،جن کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے:

سہ نثر ظہوری: درحقیقت یہ کوئی مستقل تصنیف نہیں ہے بلکہ تین دیباچوں کا مجموعہ ہے جسے ابراہیم عادل شاہ ثانی کے ملک الشعرا ملا ظہوری ترشیزی نے تین مختلف تصانیف پر تحریر کیا تھا، یعنی دیباچہ نورس (ابراہیم عادل شاہ ثانی کی موسیقی پر مبنی کتاب)، دیباچہ گلزار ابراہیم (ابراہیم عادل شاہ کی مدح میں ظہوری اور ملک قمی کی منظوم تصنیف) اور دیباچہ خوان خلیل (ابراہیم عادل شاہ کی مدح میں ظہوری اور ملک قمی کی دوسری شعری تصنیف)۔اپنے حسن بیان اور طرز تحریر کی وجہ سے یہ تینوں دیباچے اتنے مشہور ومقبول ہوئے کہ برصغیر پاک وہند میں ایک زمانے تک مصنفین اور منشیوں کے لیے نمونہ تحریر بنے رہے۔اور فارسی ادب میں انہوں نے ایسا مقام حاصل کیا کہ وہ مدارس کے نصاب کا حصہ بن گئے اور فارسی ادب کے دیگر شاہکاروں مثلا گلستان وبوستان، شاہنامہ اور چہار مقالہ کے ساتھ پڑھائے جانے لگے۔ڈاکٹر نذیر احمد نے اپنے ڈاکٹریٹ کے مقالے میں سہ نثر کے بارے میں یوں تبصرہ کیا ہے:

DECCAN KY ADIL SHAHI AHED E HUKUMAT MEIN FARSI NASRI............ (Pg.No. 123 TO 128)

JAWED AKHTAR ASARI, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, POONA COLLEGE, PUNE, MAHARASHTRA

"سه نثر یکی از بهترین نمونه ای نثر مسجع است و اکثر قسمت های
متون آن با وزن فارسی شناخته شده مطابقت دارد، ظهوری گهگاهی از
نثر مسجع با بیش از دو کلمه، نظم عالی هم وزن خلق کرده است که
هماهنگی در همه قسمت های آن به چشم می خورد"۔

مینا بازار: اس دور کی ایک اور نثری تصنیف "مینا بازار" ہے۔ اگر چہ اسے بھی ظہوری سے منسوب کیا گیا ہے لیکن اس سلسلے میں اختلاف ہے، اور بعض محققین نے دعویٰ کیا ہے کہ اسکے مصنف کا نام ارادت خان ہے۔ بہر حال یہ ایک اہم نثری تصنیف ہے اور اس کی وجہ تسمیہ کے تعلق سے کہا جاتا ہے کہ یہ تصنیف ابراہیم عادل شاہ کے "مینا بازار" کو دیکھنے کے ارادے کے موقع پر لکھی گئی۔ اس کتاب کی نثر بہت حسین اور دلکش ہے، اور اس میں بہت سارے ہندوستانی الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ ظہوری نے اس کتاب میں ایہام تناسب کی صنعت کا بہترین استعمال کیا ہے۔ اور ایک عمدہ اور منفرد تحریر یادگار چھوڑی ہے۔

بحیرہ: عہد عادل شاہی کی ایک اہم ادبی و تاریخی تصنیف "بحیرہ" ہے جو میر محمد ہاشم بیگ فزونی استر آبادی کی تحریر کردہ ہے۔ ایران سے شائع شدہ اسکے جدید ایڈیشن میں اس کتاب کا پورا نام "بحیره؛ در حکایت نویسی و عجایب نگاری " مرقوم ہے۔ اس کتاب کے مصنف سفر کے شوقین تھے اور انہوں نے اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ ہندوستان، ایران اور عرب ممالک میں سفر کرتے ہوئے گزارا اور اپنے حیرت انگیز تجربات اور اپنے حاصل مطالعہ کو اس کتاب میں جمع کیا۔ فزونی کا طرزِ تحریر عام طور پر سادہ اور رواں ہے اور مشکل پسندی اور مترادفات کے بیجا استعمال سے پاک ہے۔ کتاب کا مخصوص موضوع اور بڑی تعداد میں بنیادی مآخذ کے حوالے، جن میں سے کچھ ناپید ہیں یا کم از کم غیر مطبوعہ ہیں، اسکے علاوہ مصنف کے نئے اور انوکھے مشاہدات کتاب کی خوبیوں میں سے ہیں۔

عادل شاہی خاندان کے بادشاہوں نے جہاں دیگر علوم وفنون کی ترویج وترقی میں اہم کردار ادا کیا وہیں تاریخ نویسی پر خصوصی توجہ دی جس کے نتیجے میں ان کے دور حکومت میں متعدد اہم تاریخی کتابیں تخلیق ہوئیں۔ اس دور کی تاریخی تصانیف مختلف خصوصیات کی حامل ہیں، مثلاً ان میں سے بعض ہندوستان کی عمومی تاریخ ہیں اور بعض عادل شاہیوں کی تاریخ کے علاوہ دکن کے دوسرے حکمراں خاندانوں کی تاریخ پر بھی روشنی ڈالتی ہیں، اور بعض صرف عادل شاہی خاندان کی تاریخ پر مبنی ہیں۔ نیز ان میں سے کچھ تاریخی اہمیت کے علاوہ ادبی قدر و قیمت بھی رکھتی ہیں۔ درج ذیل سطور میں عہد عادل شاہی کی تاریخی تصانیف کا مختصر تعارف پیش کیا جارہا ہے۔

تاریخ فرشتہ: عادل شاہی دور کی سب سے مشہور تاریخ ابراہیم عادل شاہ ثانی کے دور میں محمد قاسم ہندوشاہ استر آبادی نے لکھی، جو فرشتہ کے لقب سے معروف ہیں۔ پہلے مصنف نے اس کتاب کا نام ''گلشن ابراہیمی'' رکھا اور پھر ''نورسنامہ'' جو بعد میں ''تاریخ فرشتہ'' کے نام سے مشہور ہوئی۔ اس کتاب کو لکھنے کا سبب ابراہیم عادل شاہ ثانی کی خواہش اور حکم تھا کہ ہندوستان کی ایک عمومی تاریخ لکھی جائے۔ بادشاہ کے حکم کے مطابق فرشتہ نے یہ کتاب لکھنے کا ارادہ کیا اور آخر کار 1015 ہجری میں اس نے یہ قیمتی کتاب تالیف کی۔

لیکن چونکہ اس کتاب میں بعد کے واقعات بھی نظر آتے ہیں (مثلاً دوسری جلد میں آخری فاروقی سلطان کی وفات 1033 ہجری کی طرف اشارہ کیا گیا ہے) اس لیے یہ کہا جاسکتا ہے کہ مصنف نے 1015 ہجری تک کے واقعات لکھنے کے بعد اس کتاب کو ''گلشن ابراہیمی'' کے نام سے پیش کیا اور پھر بعد میں اس کے اندر کچھ اور مواد شامل کیا اور اگلے سالوں کے واقعات کا تذکرہ کیا اور اسے ''نورسنامہ'' نام دیا۔

یہ کتاب ایک مقدمہ، بارہ مقالوں (ابواب) اور ایک نتیجہ پر مشتمل ہے، یہ ہندوستان کی عمومی تاریخ ہے، خاص طور پر اس سرزمین پر مسلمانوں کی حکومت کے آغاز سے گیارہویں صدی ہجری کے آغاز تک۔

تذکرۃ الملوک: عادل شاہی دور کی ایک اور کتاب جو تاریخ فرشتہ کے بعد بہت مشہور ہے، میر رفیع الدین ابراہیم شیرازی کی تصنیف "تذکرۃ الملوک" ہے۔ یہ کتاب بھی ابراہیم عادل شاہ ثانی کے عہد میں لکھی گئی ہے۔ "تذکرۃ الملوک" دکن کی تاریخ، بالخصوص عادل شاہیوں کی تاریخ اور دکنی ریاستوں کے آپسی تعلقات کا ایک اہم ماخذ ہے۔ بدقسمتی سے، کتاب کے پہلے باب کے علاوہ، جو حیدرآباد دکن کے مجلّہ تاریخ میں شائع ہوا تھا، اگلے ابواب ابھی تک شائع نہیں ہوئے۔

اس کتاب کے مندرجات میں عادل شاہی اور دیگر خاندانوں کی تاریخ شامل ہے۔ اس معاملے میں بہمنی حکومت، خاص طور پر اس خاندان کے آٹھویں حکمران تاج الدین فیروز شاہ (حک: 800-825ھ) کے بارے میں معلومات اہم ہیں۔ اس کے علاوہ عہد بہمنی کے مشہور وزیر محمود گاوان کے بارے میں اہم معلومات اور اس دور کی اقتصادی اور تجارتی صورت حال کا ذکر ہے۔ اگلے ابواب میں ابراہیم عادل شاہ ثانی تک عادل شاہیوں کی تاریخ ہے اور ساتھ ہی قطب شاہیوں اور نظام شاہیوں سے ان کے تعلقات اور شہر حیدرآباد اور اس کے محلات کے بارے میں اہم معلومات دی گئی ہیں۔ کتاب کے دوسرے حصوں میں گجرات کی تاریخ، سلطنت مغلیہ کی تاریخ بابر سے اکبر تک، اور صفویوں کی تاریخ بھی مذکور ہے۔

فتوحات عادل شاہی: یہ عادل شاہی دور کی اہم تاریخی تصنیف ہے، جسے ایرانی مورخ میر محمد ہاشم بیگ فزونی استرآبادی نے لکھا ہے۔ فزونی نے اپنی کتاب 1042ھ/ 1641ء میں مکمل کی۔ مذکورہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے، یہ عادل شاہی حکومت کی ابتدا سے لے کر محمد عادل شاہ کے دور تک کی ایک خصوصی تاریخ ہے۔ کتاب کے پہلے چار ابواب اس خاندان کے پہلے چھ بادشاہوں کے دور کے واقعات پر مشتمل ہیں اور آخری دو ابواب ابراہیم عادل شاہ ثانی اور محمد عادل شاہ کے دور کے واقعات کے بارے میں ہیں۔

فزونی نے یہ کتاب محمد عادل شاہ کے لیے تصنیف کی ہے اور اس میں ابراہیم عادل شاہ ثانی اور محمد عادل شاہ کی تاریخ پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔ اس کتاب کو لکھتے ہوئے انھوں نے "تذکرۃ الملوک" سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے۔ اور اسکے کچھ عنوانات بھی اپنی کتاب کا حصہ بنائے ہیں۔

فتوحات عادل شاہی کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس کتاب میں عادل شاہیوں کے خارجی تعلقات کے بارے میں قیمتی معلومات موجود ہیں اور عادل شاہیوں، مغلوں، نظام شاہیوں، قطب شاہیوں اور وجے نگر کے درمیان پیش آنے والے واقعات کو اچھی طرح بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا مخطوطہ برٹش میوزیم میں موجود ہے۔

محمد نامہ: یہ ملاظہور بن ظہوری کی تصنیف ہے جو سلطان محمد عادل شاہ کے دور میں لکھی گئی۔ یہ کتاب، جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے، محمد عادل شاہ (حک: 1037-1067ھ) کے دور کے واقعات پر مشتمل ہے۔لیکن ابراہیم عادل شاہ ثانی کی حکومت کے اواخر کے حالات جس کا "تذکرۃ الملوک" میں ذکر نہیں ہے، اس کتاب میں انکو بیان کیا گیا ہے۔لہٰذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ "محمد نامہ" "تذکرۃ الملوک" کا تکملہ بھی ہے۔

محمد نامہ کی خاص بات یہ ہے کہ اس کتاب میں بعض سماجی محافل، شادی بیاہ کی تقریبات، اولیا کے عرسوں اور بعض شاہی محلات کی تعمیر کا ذکر ہے۔اس طرح یہ کتاب بیجاپور کی سماجی تاریخ کو اچھی طرح بیان کرتی ہے۔ یہ کتاب دس ابواب پر مشتمل ہے اور 1654ء میں مکمل ہوئی۔

راقم الحروف کو کوشش کے باوجود کتاب کے مصنف ظہور بن ظہوری کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملی سوائے اس کے کہ صاحب بساتین کی فراہم کردہ معلومات کے مطابق وہ عادل شاہی دربار کے علما اور شاعروں میں سے تھے جنھیں محمد عادل شاہ نے تاریخ نویسی کے لیے منتخب کیا تھا۔

راقم کی معلومات کی حد تک محمد نامہ ابھی شائع نہیں ہوئی ہے۔لیکن میں نے حال ہی میں بیجاپور میوزیم میں اس کا مخطوطہ دیکھا ہے۔اس کتاب کے دو اور نسخوں کا بھی ذکر ملتا ہے۔ایک سالار جنگ لائبریری میں اور دوسرا کپورتھلہ لائبریری میں۔

تاریخ علی عادل شاہیہ: "تاریخ علی عادل شاہیہ" جسے "انشاء علی عادل شاہیہ" بھی کہا جاتا ہے، قاضی سید نوراللہ بن سید علی محمد کی تصنیف ہے۔اسے علی عادل شاہ ثانی کے دور میں مرتب کیا گیا۔ یہ کتاب اپنے نام کے مطابق علی عادل شاہ ثانی کے دور کے واقعات پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں ایک تمہید اور دس ابواب ہیں اور اس میں علی عادل شاہ ثانی کی ولادت سے لے کر وفات تک کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔تاریخی معلومات کے علاوہ یہ کتاب ادبی خصائص سے بھی معمور ہے۔ابراہیم زبیری کے بقول:

> "بعد ازان درعهد علی عادلشاه ثانی سیادت مآب کمالت نصاب
> سید نور الله ولد قاضی سید علی محمد نَوَّرَ اللهُ مضجعها وقایع و سوانح
> آن زمان در عبارت رنگین و فقرات برجسته و نمکین نوکریز خامه
> سحر پرداز خودش ساخته اند که بانشاء علی عادل شاهیه مشهور است"

یہ کتاب 1991 میں عثمانیہ یونیورسٹی کی سابق پروفیسر شریف النساء انصاری نے ایڈٹ کر کے شائع کی تھی۔

مذکورہ تصانیف کے علاوہ صاحب بساتین السلاطین ابراہیم زبیری نے دو اور مؤلفات کا ذکر کیا ہے جو راقم کو دستیاب نہ ہو سکے اور نہ ان کے بارے میں کوئی معلومات ہے۔خود زبیری نے بھی ان تصانیف کا نام نہیں بتایا ہے، بلکہ صرف مؤلف شیخ ابوالحسن "اور نبشتہ "ابراہیم اسد خانی" کے عنوان سے ذکر کیا ہے۔جیسا کہ وہ م مؤلف شیخ ابوالحسن کے بارے میں لکھتے ہیں:

" بعد ازان فضیلت مآب شیخ ابوالحسن ولد قاضی عبدالعزیز در سدد ضبط و شرح سوانح و حالات علی عادلشاه و بیان فترات زمان اسکندر خان که ختم طبقه عادل شاهیه است، در آمده مدتها درآن تحقیق سعی ها بکاربرده در اواخر مایة حادی عشرتالیفی مشتمل برجمیع سوانح و حالات و فتوحات عادل شاهیان پرداخته است اما روشن باد که این هر دو نسخه یعنی محمد نامه ملا ظهور و مؤلّف شیخ ابوالحسن کمیاب بلکه نایاب اند باوجود تلاش هنوز به نظر نرسیده“

اورابراہیم اسدخانی کی کتاب کے بارے میں لکھتے ہیں:

"و برخی نبشته ابراهیم اسد خانی و غیر آن متفرقه منتشره غیر مربوط نزد این فقیر جمع آمده بودند"

خلاصہ یہ کہ جو کچھ ذکر کیا گیا اس کی بنیاد پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ عادل شاہیوں کا عہد فارسی نثر اور خاص طور پر تاریخی تصانیف کے لحاظ سے بہت اہم ہے۔اس دور کی ادبی تصانیف مثلاً ظہوری کی نثر کو فارسی ادب میں ایک خاص مقام حاصل ہے اور اس دور میں لکھے گئے تاریخی دستاویزات میں نہ صرف بیجاپور اور عادل شاہی حکومت کی تاریخ سے متعلق معلومات موجود ہیں بلکہ انکی ہمسایہ حکومتوں جیسے قطب شاہی اور نظام شاہی اور ہندوستان کی شمالی حکومتوں مثلاً دہلی سلطنت اور مغلوں کے بارے میں مفید معلومات درج ہیں۔اس خاندان کے بادشاہوں کی حوصلہ افزائی سے تخلیق ہونے والی یہ قیمتی تصانیف فارسی زبان وادب اور تاریخ کے فن سے انکی دلچسپی اوران کے نزدیک تاریخ نویسی کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہیں نیز عادل شاہی حکمرانوں کی علم دوستی اور ہنر پروری کی دلیل بھی ہیں۔

مراجع ومصادر

(1) زبیری، ابراہیم: تاریخ بیجاپور مسمیٰ بہ بساتین السلاطین، حیدرآباد، بی تا۔

(2) سید، نوراللہ: تاریخ علی عادل شاہی با تصحیح وتحشیہ متن از پروفیسور شریف النساء انصاری، آندھراپردیش گورنمنٹ اورینٹل مینوسکرپٹس لائبریری اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ، حیدرآباد ۱۹۹۱م

(3) صدیقی، عبدالمجید: مقدمہ تاریخ دکن، ادارہ ادبیات اردو، حیدرآباد ۱۹۴۰م

(4) فرشتہ، محمد قاسم، تاریخ فرشتہ از آغاز تا بابر، با تصحیح محمد رضا نصیری، مرکز تحقیقات رایانہ ای قائمیہ اصفہان، ۱۳۸۷

(5) صالحی، علی رضا، ویژگیھای بلاغی وسبکی تاریخ بجیرہ، دانش فصلنامہ علمی پژوھشی، شمارہ ۱۳۴-۱۳۵ بھار وتابستان، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، ۱۳۹۸

(6) محمد عباسی، پژوھشی پیرامون کتاب تذکرۃ الملوک۔۔۔، پژوھشنامہ تاریخ تمدن اسلامی، سال پنجاھم، شمارہ یکم، ۱۳۹۶، ص ۹۴-۹۶

(7) خدایی، محمد زمان: مورخان ایرانی دکن، تاریخ درآیینہ پژوھش ۱۳۸۸، شمارہ ۲۲، ص۔ ۳۷ تا ۸۸

(8) باباسالار، علی اصغر و دیگران، سہ نثر ظھوری ترشیزی و جایگاہ آن در ادبیات فارسی، متن پژوھی ادبی، سال 23، شمارہ 79، 1398 ش)

(9) دریاباری، سیدہ پرنیان و دیگر، نقش نظام شاھیان و عادل شاھیان در خلق آثار تعلیمی ظھوری ترشیزی، فصلنامہ تحقیقات تعلیمی و غنایی زبان و ادب فارسی۔ دانشگاہ آزاد اسلامی، بوشھر، شمارہ 12، 1391 (ص-29-44)

(10) Literaturelib.com/books/5247/ بجیرہ در حکایت نویسی و عجایب نگاری

(11) fa.wikifeqh.ir/تاریخ_فرشتہ

☆☆☆

ڈاکٹر محمد احتشام الدین

مشائخ چشتیہ کا ایک اہم تذکرہ ’اقتباس الانوار‘-ایک تعارف

مغلوں کا عہد ہندوستان میں فارسی زبان وادب کی ترویج وترقی اور ایرانی تہذیب وتمدن کی گسترش کے لحاظ سے ایک زرین عہد رہا ہے۔اس عہد میں شعرونثر،لغت نویسی ،تاریخ نویسی اور ترجمہ کے علاوہ تذکرہ نویسی کو بھی کافی فروغ حاصل ہوااورخزینۃ الاصفیا،اخبارالاخیار،اخبارالاصفیا،سیر العارفین،سیرالاقطاب،مرآۃ الاسرار،سفینۃ الاولیا،وغیرہ جیسے تذکرے جوصوفیائے کرام کے تراجم احوال اور ان کے اقوال وافکار پر مشتمل ہیں لکھے گئے۔’’اقتباس الانوار‘‘ بھی اسی قبیل کے تذکروں میں سے ایک ہے۔

تذکرہ ’اقتباس الانوار‘ شیخ محمد اکرم بن محمد علی براسوی کی تالیف ہے۔محمد اکرم براسوی ایک جید عالم اور عالی مشرب صوفی تھے۔وہ بمقام براس[1] پیدا ہوئے۔مذہبا حنفی اور مسلکا چشتی قدوسی تھے،چنانچہ اس تذکرہ کے مقدمہ میں صراحتا لکھتے ہیں:

”محمّد اکرم ابن محمد علی البراسوی موطنا و مسکنا، الحنفی مذھبا و نسبا، القدّوسی طریقا و مسلکا“ ۲

اقتباس الانوار کی اطلاعات کے مطابق جد مولف شیخ الہ بخش نے براس میں آکر سکونت اختیار کی۔لیکن یہ واضح نہیں ہے کہ وہ کب اور کہاں سے ہندوستان آئے۔ان کی ہندوستان میں آمد کے تعلق سے مختلف روایات ملتی ہیں لیکن خود مولف کے مطابق انہوں نے شاہ ابوالاعلی چشتی اور اپنے پیرومرشد شاہ میر لاہوری کے باطنی اشارہ پر اپنے آباواجداد کے مسکن کو ترک کرکے براس میں اقامت اختیار کی،وہ لکھتے ہیں:

”(شیخ الہ بخش) چون در قریۂ براس ... تشریف آورد به زیارت روضۂ ولایت آن مقام شاه ابوالاعلی چشتی برفت،روحانیت وی مجسّم شده از قبر برآمده اورا به شرف ملاقات خویش تشریف بخشید و فرمود آن قریه که در نواحی قصبۂ کرنال شاه میر لاهوری به ماندن شما معین ساخته است همین قریۂ براس است و خوشنودی من نیز درین است که شما هم درین مکان بمانید بنابر آن جد این فقیر در موضع براس طرح

MASHAIKH CHISHTIYA KA EK AHEM TAZKIRA IQTIBAS-UL-ANWAR...... (Pg.No. 129 TO 140)
DR. EHTESHAMUDDIN, ASSISTANT DIRECTOR
INSTITUTE OF PERSIAN RESEARCH, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

اقامت انداخت"[3]

شیخ الہ بخش کا شمار اپنے عہد کے مشہور مشائخ میں ہوتا تھا۔انہیں اپنے والد شیخ اسمعیل ثانی اور پیرو مرشد، معروف صوفی شاہ میر لاہوری دونوں سے خرقۂ خلافت حاصل تھا۔مولف کے والد شیخ محمد علی بھی اپنے عہد کے معروف مشائخ میں سے تھے۔انہیں شیخ سوندھا سفیدونی سے خرقۂ خلافت حاصل تھا۔مولف کے مطابق وہ مادرزاد ولی اور قطب وقت تھے، جیسا کہ لکھتے ہیں:

"پدر بزرگوار این فقیر را اکثر مردمان موضع براس و نواحی وی ولی مادرزاد بلکه قطب وقت خویش می دانستند و به دعا و دیدار وی تبرّک می جستند"[4]

شیخ محمد علی نے علوم دینی کی تعلیم اس زمانے کے اساتذہ سے حاصل کی، اس کے بعد ان کی والدہ نے شیخ محمد اسحٰق جو ابوایوب انصاری کی اولاد میں سے تھے، ان کی دختر نیک اختر بی بی جان سے شیخ محمد علی کا نکاح کر دیا۔شیخ محمد علی کے دو بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔ بیٹوں میں ایک خود مولف اور دوسرے کا نام عبداللہ تھا جو مولف سے عمر میں چھوٹے تھے۔

شیخ محمد اکرم براسوی کی ابتدائی زندگی کے متعلق بہت زیادہ معلومات دستیاب نہیں ہے لیکن ان کی مختلف تصانیف کی رو سے ان کے احوال زندگی کا جو خاکہ ابھر کر سامنے آتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ اپنے زمانہ کے متداول و مروجہ علوم میں کامل مہارت رکھتے تھے اور اپنے عہد کے معروف عالم اور صوفی کامل تھے۔ان کی ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے والد کے زیر نگرانی ہوئی اور پھر وہ شیخ سوندھا سفیدونی کے زیر تربیت آ گئے اور ان کے مقربین اور مریدین خاص میں شامل ہو گئے۔

بعض قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ شیخ محمد اکرم نے دہلی میں بھی کچھ دن اقامت کی تھی۔ پروفیسر نبی ہادی نے انہیں دہلی سے نسبت دی ہے[5]۔اس کے علاوہ خود مولف نے اس تذکرہ کے تاریخ اتمام کے ضمن میں لکھا ہے کہ اس نے اسے دارالخلافہ دہلی میں پایۂ تکمیل کو پہونچایا:

"تالیف این مختصر را ...... در دار الخلافۂ حضرت دهلی پس پشت قدم رسول شروع کرده .... همانجا به اتمام رسید"[6]

محمد اکرم براسوی کی آثار و تالیفات درج ذیل ہیں:

۱۔اقتباس الانوار، ۲۔جواہر ستہ، ۳۔شرح اللہ لی، (شرح جواہر ستہ)، ۴۔حدایقۃ المجالس (ملفوظ) ۵۔بوارق الانوار، ۶۔بحر الاسرار، ۷۔اسرار عشقیہ، ۸۔دو شرح الف و بی، ۹۔مکتوبات۔

شیخ محمد اکرم کے بیشتر آثار تصوف و عرفان کے موضوع پر ہیں اور طالب حق کے لئے بہت مفید ہیں۔

جیسا کہ فوق میں ذکر ہوا، مولف کا تعلق ایک عارف مشرب اور صوفی خصلت خانوادے سے تھا جو سلسلۂ چشتیہ سے ارادت رکھتا تھا۔خود مولف شیخ سوندھا سفیدونی کے مرید تھے اور بچپن سے ہی صوفیا کے احوال و افکار سے انہیں رغبت تھی۔ مرور زمان اور عرفا سے وابستگی نے انہیں صوفیا کے احوال اور خصوصا چشتیہ سلسلہ کے صوفیا کے احوال و افکار کی جمع آوری اور

ایک مفصل اور مبسوط تذکرہ کو ترتیب دینے پر آمادہ کیا۔ لہذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس تذکرہ کی تالیف کا اولین سبب مولف کی تصوف وعرفان سے ذاتی دلچسپی تھی۔ اس کے علاوہ اور بھی اسباب تھے جن کا ذکر مولف نے خود مقدمہ میں کیا ہے۔ مثلا یہ کہ انہوں نے اپنے چند احباب جیسے حافظ فتح محمد سرہندی، میر محمد جعفر، شیخ یار محمد اور حافظ امان اللہ دہلوی کی فرمائش پر اور بتقاضاے اشارۂ غیبی اس تذکرہ کو تحریر کیا:

"ایـن کـاتـب حروف که به استدعای بعضی مقبولان اینجانب که مسمّی بـه حـافـظ فتـح مـحـمّد سهرندی و میر محمّد جعفر و شیخ یار محمّد و حافظ امان الله دهلوی است و به مقتضای اشارت غیبی از عالم معانی به صـحـرای صـور و حـروف جلـوه نـموده و از تقریر به تحریر پیوسته و از خلوتخانۂ کُنتُ کنزاً مَخفِیّا در صحن ظهور پا نهاده" ۷

مقدمہ میں ہی سبب تالیف بیان کرتے ہوئے یہ بھی لکھتے ہیں کہ:

" و چـون ثـابـت شد که صراط مستقیم اتّباع اقوال و افعال و احوال پیران خـود اسـت ایـن سبـب دیـگـر آمـد مـر جمع و تالیف این مختصر و بیان شمایل سنیّه و خصایل مرضیّۂ پیران چشتیه ...." ۸

اس کتاب کی وجہ تسمیہ کے تعلق سے مولف لکھتے ہیں کہ چونکہ اس کتاب میں اولیائے متقدمین ومتاخرین کی معتبر کتابوں کے اقتباس نقل کئے گئے ہیں اس لئے اس کا نام 'اقتباس الانوار' رکھا گیا:

" و چـون ایـن کتـاب مـقتبـس بـود از کتـب مـعتبر و متداولۂ متقدمان و متـاخـران بـه قـوت انـوار فـکر و فراست باطن وی را ' اقتباس الانوار' نام نهاده شد " ۹

شیخ محمد اکرم نے اس تذکرہ کی تالیف میں درجۂ اول کے منابع سے استفادہ کیا ہے۔ انہوں نے کتاب کے مقدمہ میں ان کتابوں اور رسالوں کی ایک طولانی فہرست فراہم کی ہے جن سے انہوں نے استفادہ کیا ہے، مثلا:

مرآۃ الاسرار، سیر الاقطاب، سیر الاولیا، بحر المعانی، شواہد النبوۃ، روضۃ الشہداء، روضۃ الصفا، روضۃ الاحباب، لطایف اشرفی ومکتوبات شاہ اشرف جہانگیر، نفحات، تحفۃ الراغبین، تحفۃ القادریہ، تکملۂ غوث الصمدانی، کتاب عروۃ الوثقی وچہل مجلس شیخ علاء الدّولہ سمنانی، سبع سنابل، کشف المحجوب، سیر العارفین، اخبار الاخیار، رونق المجالس، ترجمہ حکایات الصّالحین، اسرار السّالکین، طبقات حسامیہ، جامع السّلاسل وملفوظ حوض شمسی، جوامع الکلم ملفوظ سید محمد گیسو دراز، فتوحات مکّی، شرح فارسی فصوص الحکم، تذکرۃ الاولیا، انوار العیون ومکتوبات حضرت قطب العالم شیخ عبد القدوس گنگوہی حنفی، لطایف قدوسی، وغیرہ۔

اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اسے رسول مقبول سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے شرف قبولیت بخشا ہے۔ مولف اقتباس اس مورد میں لکھتے ہیں کہ جب یہ کتاب اختتام کے قریب تھی تو ایک شب اس فقیر نے خواب میں

دیکھا کہ باغہائے بہشت میں سے ایک باغ ہے جس کے اندر ایک قبہ ہے اور اس قبہ کے اندر رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مع چار یار اور اولیائے متقدمین ومتاخرین تشریف فرما ہیں۔ حضرت غوث الثقلین محی الدین عبدالقادر جیلانی، حضرت خواجہ غریب نواز، فریدالدین گنج شکر، نظام الدین اولیا، شیخ عبدالقدوس گنگوہی اور شیخ محمد صادق گنگوہی بھی وہاں موجود ہیں۔ حضرت شیخ محمد صادق گنگوہی نے اس کتاب کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ آنحضرت نے کتاب اپنے ہاتھ میں لے کر مجھ فقیر سے فرمایا کہ:

"... بسیار نیکو کتاب نوشته ای و خیلی احوال و اسرار غریبه در وی درج ساخته ای. ای ما ترا و کتاب ترا مقبول حضرت خویش گردانیدیم" ۱۰

اقتباس الانوار کو بعض منابع میں "سواطع الانوار" کے نام سے بھی ذکر کیا گیا ہے۔ مولف نے اس تذکرہ کو ۱۱۳۲ھ میں بہ مقام دہلی تحریر کرنا شروع کیا اور پھر چار ماہ کی مدت میں دہلی میں ہی اسے پایۂ تکمیل کو پہونچایا۔ ۱۱

یہ تذکرہ حضرت خاتم النبیین، ائمہ معصومین، خلفائے راشدین، پیشوایان دین، اولیائے متقدمین ومتاخرین اور خصوصا مشائخ چشتیہ کے احوال کے بیان میں ہے اور ایک مقدمہ اور چار اقتباس پر مشتمل ہے اور ہر اقتباس تین انوار مثلا نور اول، نور دوم اور نور سویم کا حامل ہے۔

مقدمہ خلافت الہیہ، چار مشائخ، چار اصل سلاسل طریقت، اور دیگر فروعی سلاسل کے بیان اور رجال اللہ جیسے غوث وقطب کے حالات اور مشرب صوفیۂ اہل صفا ومرتبۂ ولایت مقید ومطلق کے بیان پر مشتمل ہے۔

اقتباس اوّل:

اقتباس اوّل حضرت رسالت پناہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلّم، خلفائے راشدین اور ائمہ معصومین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے احوال پر مشتمل ہے۔ اسی اقتباس کے نور سوم میں حضرت غوث الثقلین سید محی الدین ابومحمد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا ذکر بھی مجملا درج ہے۔

اقتباس دوم:

اقتباس دوم میں حضرت خواجہ امام حسن بصری، حضرت عبدالواحد بن زید، حضرت فضیل بن عیاض، حضرت سلطان ابراہیم ادہم، حضرت حذیفہ مرعشی، حضرت ہبیرہ بصری، حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری، حضرت خواجہ ابواسحاق چشتی، حضرت خواجہ ابواحمد ابدال چشتی، حضرت خواجہ ابومحمد چشتی، حضرت خواجہ ناصرالدین ابویوسف چشتی، حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی، حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی اور حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس اللہ اسرارہم کے احوال درج ہیں۔

اقتباس سیوم:

اقتباس سوم میں حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری، حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی، حضرت شیخ فریدالدّین گنج شکر مسعود اجودھنی، حضرت شیخ علاء الدین سلطان علی احمد صابر کلیری، حضرت شاہ شمس الدین ترک پانی پتی، حضرت شیخ جلال الحق والدین پانی پتی، حضرت شیخ احمد عبدالحق ردولوی، شیخ عارف بن شیخ احمد عبدالحق اور شیخ محمد بن شیخ عارف احمد عبدالحق

کے احوال درج ہیں۔

اقتباس چہارم:

اقتباس چہارم میں حضرت قطب العالم بندگی شیخ عبدالقدوس گنگوہی، حضرت جلال الدین تھانیسری، حضرت شیخ نظام الحق والدین تھانیسری، شیخ ابوسعید گنگوہی، شیخ محمد صادق گنگوہی بن شیخ فتح اللہ وشیخ داؤد بن شیخ محمد صادق گنگوہی، حضرت شیخ سوندھا ابن شیخ عبدالمؤمن سفیدونی قدس اللہ اسرارہم، جد مولف شیخ الٰہ بخش براسوی اور والد بزرگوار بندگی شیخ محمد علی کے احوال درج ہیں۔

اس طرح یہ تذکرہ عہد رسالت مآب سے شروع ہو کر مولف کے عہد یعنی ۱۱۳۲ ہجری پر ختم ہوتا ہے۔ مولف نے اس تذکرہ میں سلسلۂ چشتیہ کے ۳۰ سے زائد بزرگوں اور عارفوں کے تراجم احوال کو بہ ترتیب شجرہ بیان کیا ہے۔ انہوں نے تذکرہ کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، خلفائے راشدین اور ائمۂ معصومین کے احوال سے شروع کیا ہے اور پھر اس کے بعد چشتیہ سلسلہ کے بزرگوں کے احوال درج کئے ہیں۔

یہاں یہ ذکر کردینا ضروری ہے کہ اس تذکرہ کا اصل موضوع چشتیہ سلسلہ کے عرفا وصوفیا کے احوال وآثار اور اقوال و افکار کا بیان ہے اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں، اس سلسلہ شریف کے بانی ممشاد علو دینوری کے خلیفہ ابواسحٰق شامی چشتی تھے جنہوں نے تیسری صدی ہجری میں بمقام چشت اس سلسلہ کی بنیاد رکھی۔ خود مولّف نے اس بارے میں لکھا ہے:

> "وی (ابو اسحق شامی) به موجب امر الهی به نیّت ارادت از ملك شام در بغداد به خدمت حضرت خواجه علو دینوری قدّس سرّہ رسید و مرید شد. خواجه پرسید چه نام داری؟ گفت ابواسحق شامی. خواجه فرمود، از امروز ترا ابو اسحق چشتی خوانند که خلایق چشت و دیار آن از تو هدایت یابند و هر که به تو پیوند نماید او را نیز تا قیام قیامت چشتی خوانند. پس بعد از تربیت ابو اسحق چشتی را خرقۂ خلافت پوشانیده به چشت فرستاد از آن روز باز خواجگان چشت پیدا شدند"۱۲

لیکن چوں کہ شیخ ابواسحٰق شامی کے ذریعہ اس سلسلہ کی بنیاگزاری سے قبل، سلسلۂ چشتیہ کے منبع وسرچشمہ ان سے پہلے کے عرفا اور صوفیا جیسے خواجہ ممشاد علو دینوری، خواجہ ہبیرہ بصری، سلطان ابراہیم ادہم، وغیرہ رہے ہیں، اس بنا پر مولف نے یہ اہتمام کیا ہے کہ اس تذکرہ میں ان کے اسمائے گرامی بھی شامل رہیں۔

بلاتردید ہندوستان میں سلسلۂ چشتیہ کے پیشوا خواجہ معین الدین چشتی ہیں اور دیگر سلاسل کی مانند سلسلہ چشتیہ کا ریشہ بھی علی کرم اللہ وجہہ سے جا کر ملتا ہے اس ترتیب سے:

حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ

حضرت خواجہ امام حسن بصری

حضرت عبدالواحد بن زید

حضرت فضیل ابن عیاض

حضرت سلطان ابراہیم ادہم

حضرت حذیفہ المرعشی

حضرت خواجہ ہبیرہ البصری

حضرت خواجہ علودینوری

حضرت خواجہ ابواسحاق چشتی

حضرت خواجہ ابواحمد ابدال چشتی

حضرت خواجہ ابومحمد چشتی

حضرت خواجہ ناصرالدین ابویوسف چشتی

حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی

حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی

حضرت خواجہ عثمان ہارونی

حضرت خواجہ معین الدّین چشتی

سلسلۂ چشتیہ کے اولین بزرگ جنہوں نے ہندوستان میں اقامت اختیار کی اور اس سلسلہ کو فروغ دیا خواجہ معین الدین چشتی تھے کہ جن کی برکت سے یہ سلسلہ خوب پھلا پھولا اور ان کے خلفا جیسے شیخ قطب الدین بختیار کاکی، شیخ نظام الدین اولیا وغیرہ کی کوششوں سے اس سلسلہ نے رشد و تکامل حاصل کیا۔ سلسلہ چشتیہ کے تعلق سے بہت سی گرانمایہ کتابیں مکتوبات، ملفوظات اور تذکرہ کی صورت میں لکھی گئی ہیں۔ اقتباس الانوار بھی انہی میں سے ایک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مولف نے اس تذکرہ میں حضرت علی سے لے کر شیخ محمد علی (مولف کے والد) تک چشتیہ صوفیا کے احوال بیان کئے ہیں۔

جیسا کہ فوق میں ذکر ہوا، مولف نے اس تذکرہ میں چشتیہ سلسلہ کے عارفوں کے احوال بیان کئے ہیں، لیکن صوفیائے کرام کے تراجم احوال سے پہلے انہوں نے ایک مختصر مقدمہ لکھا ہے جس میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ کمال انسانی کا انحصار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم، خلفائے راشدین، ائمۂ معصومین اور اولیائے متقدمین و متاخرین کی اتباع میں ہے اور فرقۂ صوفیہ کی متابعت صورتاً و معناً حضرت رسالت پناہ کی عین متابعت ہے۔ لہذا طالب سلوک پر لازم ہے کہ وہ صوفیائے کرام کے احوال، اقوال اور عقاید کو کما حقہ جانے اور ان کے قدم بہ قدم صراط مستقیم پر گامزن رہے:

"بـایـد دانسـت کـه کـمال انسانی منحصر در اتّباع حبیب خدا حضرت محمّد مـصطفی صلّی اللّه علیه و آله وسلّم و خلفاء الرّاشدین و ائمّهٔ معصومین و اولیای متـقـدّمیـن و متـاخـریـن اسـت .....و متـابـعت فرقهٔ صوفیه صورتاً و معنیاً عین

متابعت حضرت رسالت پناه است، صلّی اللّه علیه وسلّم. پس بر طالب سلوك
لازم است كه احوال و اقوال و عقاید صوفیه كما حقّه بداند و قدم به قدم ایشان
به راه صراط المستقیم سلوك نماید" ۱۳

خرقۂ خلافت کی حقیقت و ماہیت کے تعلق سے لکھتے ہیں:

" رسول صلّی اللّه علیه وسلّم در شب معراج خرقه از حضرت رب
العزّت یافته بود. چون از معراج باز گشت آن خرقه را به موجب فرمان
الهی به حضرت علی كرّم اللّٰه وجهه عطا فرمود و آن خرقه گلیم سیاه
بود و از حضرت علی مرتضی منتقل شده واسطه به واسطه به پیران
چشت رسید، قدّس اللّٰه اسرارهم، اینجا خرقۂ چشت نام یافت" ۱۴

مولف نے مختلف سلاسل کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ تمام سلاسل کے منبع و مرجع خواجہ حسن بصری ہیں۔ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فیض نظر سے مقتدائے مشائخ ہوئے اور اکثر سلاسل آپ کے وسیلہ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک پہونچتے ہیں:

و خواجه حسن بصری به سبب نظر قبول اسداللّه الغالب مقتدای مشایخ
گردید كه اكثر سلاسل از وسیلۂ او به حضرت مرتضی علی كرّم اللّٰه
وجهه می پیوندند": ۱۵

اس طرح مولف نے ۱۴ سلاسل اصلی جو کہ زیدیان، عیاضیان، ادہمیان، ہبیریان، چشتیان، عجمیان، طیفوریان، کرخیان و...... سے عبارت ہے کا ذکر کیا ہے اور دیگر فروعی سلاسل جن کی تعداد ۴۰ ہے اور اسی ۱۴ سے نکلے ہیں ان میں سے صرف ۱۳ کا ذکر کیا ہے جو زیادہ مشہور ہیں مثلاً قادریہ غوثیہ، یسویہ، نقشبندیہ، نوریہ، خضرویہ، شطّاریہ عشقیہ، وغیرہ، وہ لکھتے ہیں:

"دیگر چهل خانوادۂ فرع ازین چهارده استخراج شده اند..... از آن
جمله احوال سیزده خانواده كه مشهور و معمول اند مجملاً درین
مختصر مندرج می سازد." ۱۶

اس کے بعد مولف نے رجال اللہ اور اس کی اقسام مثلاً، اقطاب، غوث،، اوتاد، ابدال، اخیار، ابرار، نقباء، نجباء، وغیرہ، ماہیت افراد، مرتبۂ ولایت مطلقہ و مقیدہ وغیرہ کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

جیسا کہ ذکر ہوا اقتباس اول سے لے کر چہارم تک مولف نے عرفا اور صوفیائے کامل کے احوال کا ذکر کیا ہے لیکن اقتباس سوم اور چہارم کو سلسلۂ چشتیۂ ہند کے عرفا اور مشائخ کے تراجم احوال کے لئے مختص کر دیا ہے، جس کے ضمن میں مولف نے سلسلۂ چشتیہ، اس کے آداب و رسوم اور عقائد کے متعلق اہم اطلاعات ہم تک پہونچائی ہیں۔ مثلاً خواجہ بزرگ خواجہ معین

الدین چشتی کے تعلق سے لکھتے ہیں:

" و این چهار دانگ هندوستان که در هر جا مشرکان دعوی انا ولاغیری می کردند و مقیّدپرستی را شعار خود ساخته بودند همه را از مقیّد به مطلق هدایت بخشید. از آنست که وی را وارث نبی بلکه نبی الهند خوانند ..."۱۷

اس تذکرہ میں صوفیا و مشائخ کے احوال و اقوال کے بیان کے علاوہ ایسی مستقل فصلیں موجود ہیں جن میں صوفیائے کرام کے عقائد و آرا اور نظریات بیان ہوئے ہیں۔اس حصہ کو اس تذکرہ کا اہم حصہ قرار دیا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ تراجم احوال کے ضمن میں بھی ان چیزوں کا ذکر آیا ہے۔اس طرح یہ کتاب عقاید صوفیہ کی شناخت کے لحاظ سے ایک اہم ماخذ ہے۔مولف نے اس ضمن میں مسئلۂ رویت، وجود حقیقی، وجود اصلی وظلّی، فرق درمیان وجود اصلی وظلّی، سماع، حالات وجد وسماع، حلّت وحرمت غنا، بیعت، پیر بیعت، حب شیخ، حب رسول وحب خدا وغیرہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔

سماع:

تصوف کی تاریخ میں سماع ہمیشہ سے مختلف فیہ موضوع رہا ہے۔نہ تنہا اہل ظاہر نے اس کی مخالفت کی ہے بلکہ مشائخ صوفیہ کے درمیان بھی اس کی حلت وحرمت کے تعلق سے اختلاف پایا جاتا ہے۔بعض مشائخ صوفیہ نے سماع کے لئے کچھ شرائط مقرر کی ہیں اور کچھ نے اسے بعض گروہ کے لئے جائز اور بعض کے لئے ناجائز قرار دیا ہے۔اسی تذکرہ میں بہت سی ایسی داستانیں ملتی ہیں جہاں ہم دیکھتے ہیں کہ سماع کے دوران جسم سے روح پرواز کر جاتی ہے اور اسی تذکرہ کی اطلاعات کے مطابق علو دینوری، خواجہ معین الدّین چشتی، قطب الدّین مودود چشتی، نظام الدین اولیا وغیرہ وہ مشائخ ہیں جنھوں نے سماع کو مستحسن جانا ہے۔یہاں ہم اسی تذکرہ سے چند مثال پیش کرتے ہیں جن سے سماع کے تعلق سے سلسلۂ چشت کے صوفیا کے عقاید و آرا واضح اور روشن تر ہو جائیں:

"(علو ممشاد دینوری) صاحب سماع بود و سماع اکثر شنیدی و مجلس ترتیب می داد و در آغاز مجلس قرآن مجید می خواند و ختم به قرآن می کرد از آنکه روزی پیغمبر علیه الصّلوة والسّلام را در واقعه دید، پرسید که یا رسول اللّٰه تو از سماع به چیزی منکری؟ رسول خدا علیه السّلام فرمود ما انکره بشیٔ یعنی ما منکر نیم از وی به چیزی و لیکن بگو مر اهل سماع را که آغاز کنند مجلس را به قرآن. پس از آن باز همچنان می کرد"۱۸

" و وی قدس سره (شیخ داؤد گنگوهی) شیفتهٔ سماع بود. چون در سماع در آمدی بر هر که نظر مبارکش افتادی در حال از خطرهٔ ماسوی

فارغ گشتی و گاهی آنحضرت در عین حالت وجد از حلقۂ سماع
غایب گشتی"۱۹

بزرگان دین کا عرس اور سماع:

بزرگان دین کے عرس منانے اور اس میں سماع کی محفل منعقد کرنے کے اثبات میں علوممشاد دینوری سے دلیل و برہان پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"آنحضرت (علوممشاد دینوری) اعراس پیران خود می کرد و روز عرس البتّه سماع می شنید و خلایق را در مجلس عرس اجتماع می داد و طعام پیش همه یکسان می کشید. به خدمت وی پرسیدند که سماع شنیدن باز مخصوص در روز عرس از کجا آمده است؟ گفت پیغمبر ما علیه السّلام و علی مرتضی رضی اللّه عنه و جمیع پیران ما سماع شنیده اند امّا خصوصیت روز عرس شریفش آنست که ایشان را در آن روز وصال دوست میسّر شده است **الموت جسر لوصول الحبیب الی الحبیب** پس من بر شادی روز وصال پیران خود سماع می شنوم تا از توجّه شان ما نیز به مقام وصال برسیم"۲۰

صوفیۂ اہل صفا کا مذہب و مشرب:

"... از صریح عبارت کتاب مستطاب آنحضرت که غنیة الطّالبین است چنان معلوم می شود که آنحضرت (شیخ عبد القادر جیلانی) در مذهب امام حنبل بوده...... و تحقیق مرام درین مقام آنست که به حکم **الصّوفی لامذهب له** این طایفه برگزیده از همه مشارب و مذاهب معرّا است......"۲۱

اسی طرح اذکار و اشغال کے ضمن میں سلطان ذکر، ذکر جہر و خفی، شغل سہ پایہ، شغل بھونکم، مراقبہ اور اس کی اقسام جیسے مراقبۂ صفا و مراقبۂ فنا، مراقبۂ توحید الٰہی و مراقبۂ ہوا وغیرہ کو اس کی حقیقت و ماہیت اور ان اذکار و اشغال کے طریقے کے ساتھ بیان کیا ہے، مثلاً:

سلطان ذکر:

"سلطان ذکر واردیست غیبی و حالتیست مخصوصه و آن خاصه مشرب حضرت قطب العالم است. چندین سالکان ذاکر آن بوده اند، معلوم نیست که هیچ کس خبر این حالت داده باشد مگر صاحب رساله

مـکّیـه... الـغـرض سـلـطان الذّکر را صولتی عظیم و هیبتی فخیم است.
کسـافـت وجـود کونی را بر می دارد و حملهٔ عظیم پیش می آرد و نمونهٔ
اذا زلـزلـت الارض زلزالها و اخرجت الارض اثقالها و قال الانسان مالها
روی می نماید"۲۲

توحیدوجودوشہود:

توحیدوجودوشہودکی تشریح وتوضیح میں لکھتے ہیں کہ:

"چـون بر سالك نور قلب و روح متجلّی شود حقیقت وصل بالتّلبیس نقد
وقـت وی گـردد. وصـل بـالتّـلبیس عبارت است از شهود انوار جمالیه و
جـلالیـه و وجـوبیـه در عیـن نـظـر به سوی اشیای کونیه حدوثیه به غلبهٔ
محبّت و این را توحید وجودی می نامند، یا شهود انوار مذکوره در خیال
بدون نظر به سوی اشیاء بود این را توحید شهودی می نامند"۲۳

اس کے علاوہ اس تذکرہ میں مولف نے کئی دیگر اہم موضوعات کوزیر بحث قرار دیا ہے، مثلاً ذکر خفی وجلی، ذکر جہر کا طریقہ، بیعت واجب ہے یا سنت یا مستحب، اولیا کی اقسام-مستورین وظاہرین، خلافت اوراس کی اقسام وغیرہ۔مولف کے مطابق خلافت مشائخ جواس وقت رائج ہے اس کی سات قسمیں ہیں:

..'خلافت اوّل اصالتا، دویم اجازتا، سیوم اجماعا، چهارم وراثتا، پنجم
حُکما، ششم تکلیفا ، هفتم اویسیا..."۲٤

اس کے علاوہ مشائخ کے ایک گروہ نے خلافت کودواورقسموں میں تقسیم کیا ہے-خلافت صغریٰ اور خلافت کبریٰ۔ مولف اقتباس اس تعلق سے لکھتے ہیں:

"(خـلافـت) صـغـری آنسـت کـه مـجاهده و ریاضت مرید را دیده بنابر
حسـن ظـن بـه وی بـه خلافت مشرفش سازد و کبری آنکه بر دل پیر به
کرّات و مرّات الهام حق به اعطای خلافت مر یکی را ظهور یابد"۲۵

اس تذکرہ کی ایک اوراہمیت ان اشتباہات کا ازالہ ہے جن سے پہلے کے تذکرہ نگار دچار ہوئے ہیں، مثلاً صاحب سیرالاقطاب نے ناصرالدین غازی کوحضرت گنج شکر کے خلفا میں شمار کیا ہے، لیکن اقتباس کے مولف کے مطابق یہ ضعف سے خالی نہیں ہے۔وہ اپنے قول کے اثبات میں لکھتے ہیں کہ سلطان ناصرالدین نے غازی وقت قطب الاقطاب کا زمانہ نہیں پایا تو وہ ان کے خلیفہ کیسے ہوسکتے ہیں اور پھر اسے حضرت کے خلیفہ ہونے کی لیاقت کہاں سے آگئی، مولف کے بقول:

"وی مـردی صالح و پارسا بود و همین سعادت وی را بس است که ارادت به سلسلهٔ
چشتیه می داشت"۲٦

اسی طرح شیخ شمس الدین ترک کے تعلق سے لکھتے ہیں کہ:

سیر الاقطاب کے مصنف کا شیخ شمس الدین ترک قدس سرہ کو حضرت گنج شکر کے خلفا میں شمار کرنا ضعف سے خالی نہیں، کیوں کہ سبھی پر یہ ظاہر ہے کہ انہوں نے حضرت گنج شکر کا زمانہ نہیں پایا:

"شمردن مصنّف سیرالاقطاب شیخ شمس الدّین ترك قدّس سرّه را در خلفای حضرت گنج شکر خالی از ضعف و غرایب نیست چرا که بر همگنان متحقّق و معلوم است که وی حضرت گنج شکر را در نیافته .....۲۷"

مختصر یہ کہ تذکرہ اقتباس الانوار اپنے مطالب ومحتوی کے لحاظ سے سلسلۂ چشتیہ کے عرفا اور صوفیا کے احوال واقوال، کرامات اور آثار وافکار سے آشنائی کے لئے ایک اہم ماخذ کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ تذکرہ راقم الحروف کی سعی وکوشش سے دو جلدوں میں ۲۰۱۶ و ۲۰۱۸ میں مرکز تحقیقات فارسی، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی سے شائع ہو چکا ہے۔

منابع وحواشی:

۱- براس-(Baras) صوبہ ہریانہ میں ایک قصبہ ہے جو کرنال سے ۲۱ کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔

۲- اقتباس الانوار، ج ۱، محمد اکرم براسوی، بہ تصحیح محمد احتشام الدین، مرکز تحقیقات فارسی، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی، ۲۰۱۶، ص ۱

۳- اقتباس الانوار، ج ۲، محمد اکرم براسوی، بہ تصحیح محمد احتشام الدین، مرکز تحقیقات فارسی، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی، ۲۰۱۸، ص ۶۶۱-۶۲

۴- ایضا، ص ۶۷۰

۵- History of Indo–Persian Literature, Nabi Hadi, Iran culture House, New Delhi,2001, P537

۶- اقتباس الانوار، ج ۱، ص ۱۸

۷- ایضا، ص ۱

۸- ایضا، ص ۱۷

۹- ایضا، ص ۶

۱۰- ایضا، ص ۲

۱۱- ایضا، ج ۱، ص ۱۸

۱۲- ایضا، ص ۲۷۹-۲۸۰

۱۳- ایضا، ص ۷-۸

۱۴- ایضا، ص ۱۹-۲۰

۱۵-ایضاً،ص۲۰

۱۶-ایضاً،ص۳۱

۱۷-اقتباس الانوار،ج۲،ص۲

۱۸-اقتباس الانوار،ج۱،ص۲۷۶-۲۷۷

۱۹-اقتباس الانوار،ج۲،ص۵۴۹

۲۰-اقتباس الانوار،ج۱،ص۲۷۸

۲۱-ایضاً،ص۲۰۰

۲۲-اقتباس الانوار،ج۲،ص۳۵۱-۳۵۲

۲۳-ایضاً،ص۳۹۷

۲۴-ایضاً،ص۴۹۱

۲۵-ایضاً،ص۴۹۳

۲۶-ایضاً،ص۱۰۳

۲۷-ایضاً،ص۱۹۳

☆☆☆

سیدانوارصفی

تصفیہ شرح تسویہ کا تجزیاتی مطالعہ

فن تصوف کی جن کتابوں نے ذہنوں میں انقلاب برپا کیا، اورجن کے مالہ وماعلیہ کی وجہ سے ابن عربیؒ کے مسلک کی گرم بازاری رہی ان شاہکار تصانیف میں شاہ محبّ اللہ الہ آبادی کی تصنیف ''تسویہ'' بھی ہے، رموز تصوف، معارف سلوک، لطائف احسان وعرفان اور نکات شریعت وطریقت پر مشتمل یہ کتاب اپنی نظیر آپ ہے، سالکین تصوف نے اس کی تعریف کی تو علمائے ظاہر نے اس پر تنقید کی، جس وقت یہ کتاب منظر عام پر آئی اس وقت سے لے کر اب تک اس کے مباحث ومشمولات زیر بحث رہے، شاہ صاحب نے تصوف اور وحدۃ الوجود کے موضوع پر متعدد کتب ورسائل لکھے، جن میں سے اکثر ناپید ہیں، مگر ''تسویہ'' آپ کا سب سے مشہور ومعروف رسالہ ہے، اس میں فن تصوف سے متعلق حقائق ومعارف کے ایسے بیانات درج ہیں۔ کہ بقول صاحب ''تصفیہ شرح تسویہ''

"واقعی مزلۃالاقدام عرفا است وازاین جا ست کہ بسیارے درپے انکار آں رفتہ وازبدعت بر شیخ تہمتہا بستہ"(۱)

ترجمہ: اس کتاب کو لے کر بہت سارے عرفا کے قدم پھسل گئے، جس کی وجہ سے اس کا انکار کر بیٹھے اور شیخ پر بدعت کی تہمت لگا ڈالی۔

اگر چہ تسویہ کی تصنیف کے بعد ہی سے اس کے محتویات پر اہل ظاہر کی پیشانی پر بل پڑنے شروع ہو گئے تھے مگر اس کی مخالفت نے عہد عالم گیری میں زور پکڑا اور بادشاہ نے اس رسالے پر پابندی لگا دی۔

صاحب مآثر الکرام نے لکھا ہے کہ جب رسالہ تسویہ کے خلاف علمائے ظاہر نے شورش برپا کی اور عالمگیر سے جا کر کہا کہ اس میں خلاف شریعت باتیں درج ہیں تو بادشاہ نے شیخ کے تمام معتقدوں اور حامیوں کو بلا بھیجا اور عام اعلان کر دیا کہ اگر کسی کے پاس آج کے بعد وہ رسالہ دستیاب ہوگیا تو اسے سزا ملے گی، شیخ محمد افضل الہ آبادی(1038ھ 1668-1124ھ 1713ء) کے پاس بھی اس کی ایک نقل تھی چوں کہ رسالہ کے خلاف ایک عام شورش وفتنہ برپا ہو چکا تھا اس لئے انہوں نے بے ادبی کے خیال سے اپنے ہاتھ سے جلانے یا ضائع کر دینے یا دفن کر دینے کے بجائے بادل ناخواستہ پانی سے بھرے برتن میں ڈال دیا کہ رات بھر میں خود ہی گل جائے گا اور حروف مٹ جائیں گے۔ لیکن صبح کو جب دیکھا تو ایک ورق وسطر نہ مٹی تھی(تمام شب در آب بودورقے وسطرے محو نہ شد)۔(۲)

جب یہ رسالہ مشہور ہوا اورنگ زیب عالمگیر کی نظر سے گزرا تو وہ بہت غصہ ہوا اور حکم دیا کہ شیخ کو حاضر کرو، لوگوں

TASFIYAH SHARAH TASWIYAH KA TAJZIYATI MUTALEA (Pg.No. 141 TO 148)
SAYYAD ANWAR SAFI, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT OF PERSIAN, LUCKNOW UNIVERSITY, LUCKNOW (U.P.)

نے کہا کہ ان کی وفات ہوگئی ہے البتہ ان کے مریدوں میں دو آدمی باقی ہیں۔ایک شاہ محمدی، دوسرے ملا محمد قنوجی، حکم دیا کہ اگر ان میں سے کوئی اس رسالے کے مضامین کی مطابقت شرع کردے تو خیر ورنہ رسالہ جلا دیا جائے اور جس قدر ان کے مرید ہوں بیعت توڑ دیں، کیوں کہ اس کے مطالب نہایت دشوار ہیں، ملا محمد قنوجی منصب دار شاہی نے تو بیعت توڑ دی مگر شاہ محمد نے جواب میں لکھا کہ بیعت الاسلام سے ارتداد ممکن نہیں اور شیخ نے جس مقام سے گفتگو کی میری ابھی وہاں رسائی نہیں اور اگر اس رسالہ کے جلا دینے کا مصمم ارادہ ہے تو جس قدر اس کی نقلیں ملیں جلا دیں، شاہی باورچی خانہ میں فقرائے متوکلین کے یہاں سے زیادہ آگ ہے، بادشاہ عالمگیر خاموش ہو رہا۔(۳)

شاہ محبّ اللہ الہ آبادی کے رسالہ تسویہ نے اس وقت کی ذہنی فضا مکدر اور مذہبی زندگی میں ہلچل مچا دی۔اس رسالہ میں انہوں نے آنحضرت پر نزول وحی کے بارے میں ایسی بحث کی تھی جو درباری علما کی سمجھ سے بالاتر تھی۔اس رسالہ کے خلاف باقاعدہ کارروائی تو ان کی وفات کے بعد اورنگزیب عالمگیر کے عہد میں ہوئی لیکن معاصر مآخذ معارج الولایت کے ایک اندراج سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے حین حیات بھی ان کے نظریات کے خلاف شورش برپا ہوئی تھی اور وہ اس قدر شدید تھی کہ عوام ان کے قتل کے درپے ہوگئے تھے جب شیخ محمد رشید جونپوری کو معلوم ہوا تو وہ برق رفتاری سے جونپور سے آئے اور انہیں عوام کے نرغے سے بچایا اور ان کے کلام کی توجیہ کر کے عوام کے جذبات فرو کیے۔حضرت خواجہ باقی باللہ کے صاحبزادے حضرت خواجہ خورد نے اس رسالہ کی تردیدی شرح عہد عالمگیری میں ہی لکھی۔شاہ محبّ اللہ الہ آبادی اپنے مکتوبات میں اس رسالہ کو عام کرنے سے اپنے خلفاء کو منع کرتے رہے کہ اسے اپنے تک محدود رکھیں اور اغیار کو نہ دکھائیں لیکن اس دور کی فضا ہی کچھ ایسی تھی کہ اس قسم کے لٹریچر کا تقاضا کیا جانے لگا تھا۔اس لیے ان کے مرید اس کے پابند نہ رہ سکے۔

عالم اسلام میں جس بزرگ ہستی کی تعلیمات اور تصنیفات نے تصوف اور فکر اسلامی کو ایک نیا رخ عطا کیا وہ انقلاب آفریں شخصیت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی طائی اندلسی (17 رمضان 560ھ/2 جولائی 1165ء شب دوشنبہ۔22 ربیع الثانی 638ھ/10 نومبر 1240ء شب جمعہ) کی ہے، جن کے حقائق ومعارف سے لبریز حیرت انگیز بیانات اور بہ بانگ دہل دعوے ان کے معاصرین اور متاخرین کے لیے بھی تعجب خیز اور چیستاں بنے رہے۔شیخ کی فکر اسرار و رموز کے کشف میں انقلابی موڑ کی حیثیت رکھتی ہے، ان کے نثری اور منظوم کلام کی بہت سے صوفیہ نے علمی تشریح وتعبیر کی۔ان میں جلال الدین رومی (۱۲۰۷۔۱۲۷۳عیسوی) شیخ صدرالدین قونوی (۱۲۰۷۔۱۲۷۴عیسوی) شیخ فخرالدین عراقی (۱۲۱۳۔۱۲۸۹ عیسوی) شیخ عبد الرزاق کاشانی (۱۲۵۶۔۱۳۵۳عیسوی) شیخ داؤد قیصری (۱۲۶۰۔۱۳۵۰ عیسوی) شیخ محمود شبستری (۱۲۸۷۔۱۳۲۰ عیسوی) شیخ عبد الکریم جیلی (۱۳۶۵۔۱۴۲۴ عیسوی) نورالدین عبد الرحمٰن جامی (۱۴۱۴۔۱۴۹۲ عیسوی) شیخ عبدالوہاب شعرانی (۱۴۹۱۔۱۵۶۵عیسوی) جیسے بکثرت حضرات ہیں۔

ہندوستان میں اس سلسلے کی سب سے اہم شخصیت حضرت شیخ محبّ اللہ الہ آبادی قدس سرہ کی ہے جن کی فکر پر شیخ اکبر کا بہت گہرا اثر ہے اور وہ شیخ کی تعلیمات وفکر کی تفہیم اور تعبیر وتشریح نیز اشاعت کی بنا پر بلاشبہ شیخ کبیر کہے جاتے ہیں۔

حضرت شاہ محبّ اللہ قدس سرہ 2/صفر روز دوشنبہ 996ھ یکم جنوری 1587ء کو صدرپور ضلع خیرآباد میں بعہد

جلاالدین محمد اکبر بادشاہ پیدا ہوئے سلسلہ نسب حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر تک اس طرح پہنچتا ہے۔

شیخ محب الله بن شیخ مبارز بن شیخ پیر بن شیخ بڑیین شیخ مٹھی بن شیخ رضی الدین ملك العلمائبن شیخ اوحد الدین بن شیخ مجد الدین بن شیخ جمیل الدین بن قاضی رفیع الدین بن شیخ محب الله فیاض بن حاجی رستم الله بن حسیب الله بن شیخ ابراهیم بن علاء الدین بن قاسم بن عبد الرزاق بن عبدالقادر بن ابولفتح بن عبد السلام بن جعفر بن شهاب الدین بن حضرت فرید الدین عمری۔(۴)

آپ کا وطن اصلی ''صدر پور'' تھا-علوم ظاہریہ کی تکمیل کے بعد جب علوم حقیقت کے مشتاق ہوئے تو دہلی حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مزار پر حاضر ہوکر مراقب ہوئے، حضرت نے ارشاد فرمایا کہ سلسلہ صابریہ میں آج کل شیخ ابوسعید گنگوہی کے یہاں بازار تکمیل گرم ہے وہاں جاؤاس بنا پر گنگوہ حاضر ہوئے اور بیعت ہوئے۔شاہ محبؔ اللہ الہ آبادی نے اپنی تعلیمات کی بنیاد شیخ محی الدین ابن عربی کے افکار پر رکھی۔وہ شیخ محی الدین ابن عربی کے نظریہ وحدت الوجود کے اس قدر حامی و مبلغ تھے کہ وہ اس میں اجتہاد کے درجہ کو پہنچ گئے تھے۔انہوں نے وحدت الوجود کے افکار کو ہندوستانی مزاج کے مطابق اس طرح بیان کیا کہ وحدت ادیان کی مثالوں کے متلاشی افراد کو ان میں بہت سا مواد مل گیا۔

آپ نے بہت ساری نایاب کتابیں یادگار چھوڑیں، عربی میں فصوص الحکم کی شرح لکھی اور 1041ھ/ 1631ء میں فارسی زبان میں اس کی دوسری شرح لکھی اور عبدالرحیم خیر آبادی، جو ان کے مکتوب الیہ بھی تھے، کی وساطت سے اس کا ایک نسخہ دارا شکوہ کو بھیجا۔اس کے علاوہ انہوں نے ہفت احکام اور مناظر اخص الخواص 1050ھ/ 1640ء میں مرتب کی اور 1053ھ/ 1643ء میں عبادت الخواص، تفسیر القرآن، المغالطۃ العامہ، عقائد الخواص اور تسویہ وغیرہ قابل ذکر رسائل لکھے۔

گزشتہ صفحات سے علم ہوا ہوگا کہ ہندوستان میں اس اہم رسالہ کی متعدد شرحیں وتراجم فارسی اور اردو میں کئے گئے چونکہ ''تسویہ'' اور اس قبیل کے جیسے بہت سے رسائل کی تفہیم عوام تو عوام بلکہ بعض خواص کے لئے بھی مشکل امر تھا۔اس لئے ان حضرات نے ایسے رسائل کی تشریح وترجمہ کا جو اہم کام انجام دیا ہے وہ نہ صرف لائق تعریف بلکہ باعث تقلید بھی ہے۔

''تسویہ'' کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر ارباب تصوف اور محققین طریقت وسلوک نے اسے اپنے مطالعہ میں رکھا۔اس کے مطالب دشوار تھے اس لئے تسہیل کے لئے بہت سارے لوگوں نے اس کی شرحیں لکھیں ہندوستان میں اس کی درج ذیل شرحیں لکھی گئیں:

1۔شرح تسویہ : مصنفہ محمدی فیاض زبینی ہرگامی شاگرد محبؔ اللہ آبادی۔

2۔شرح تسویہ :مصنفہ شیخ امان اللہ بنارسی 1133ھ 1721ء

3۔شرح تسویہ :مولفہ شیخ عبداللہ بن الباقی نقشبندی دہلوی

4۔شرح تسویہ :شیخ محمد افضل بن عبدالرحمٰن عباسی الہ آبادی 1224ھ 1712ء

5۔شرح تسویہ :بزبان عربی۔مولانا عبدالحکیم فرنگی محلی بن مولانا امین اللہ انصاری

بزرگوار مولانا عبدالحی فرنگی محلی 1284ھ 1867ء

6۔شرح تسویہ :سید علی اکبر دہلوی فیض آبادی۔

7۔تصفیہ شرح تسویہ: شرح فارسی، مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کاکوروی (1906ء)

مؤخرالذکر شرح تصفیہ ہی زیر مطالعہ ہے، یہ شرح کئی لحاظ سے دیگر شرحوں سے ممتاز ہے،اس میں زبان و بیان کی چاشنی بھی ہے،اور حقائق و معارف کی شیرینی بھی، نحوی،صرفی، بلاغی تشریحات بھی ہیں،اور سیر و سلوک سے متعلق دقیق نکات بھی۔تصفیہ فارسی زبان میں لکھی گئی تسویہ کی نہایت معیاری شرح ہے۔

